اس مین شک نہین ہے کہ اس کمی کی وجہ سے نمبرداران اور تحصیل اور مال کے چہوٹے چہوٹے اہلکاران ناخوش ہونگے جو ملبہ کو ابتک اپنا ذاتی حق سمجہتے رہے ہین لیکن مالگذارونکو اس کمی سے بہت کچہہ سہارا مل جاویگا۔

تفصیل	روپاس	اوجین	بیانہ	باور
مطالبہ	۹۵۴۲	۱۴۲۳۹	۱۱۵۶۴	۲۱۸۹۶
وصولی	۴۵۶	۷۷۲۳	۷۶۰۵	۱۹۰۵۴
بقایا	۹۰۰۶	۶۶۱۳	۳۹۵۹	۹۸۴۸۲

مطالبہ راج کے علاوہ ملبہ یعنی اخراجات دیہی کا بھی حساب ہونا چاہیئے یہ رقم مطالبہ آراضی پر بلحاظ جمع یا دیگر امورات تحصیلوار مختلف ہے نقشہ ذیل مین تحصیلوار شرح اور کل مطالبات موجودہ ظاہر کئے گئے ہین۔

تحصیل	شرح	مطالبہ	اوسط فیصدی بمطالبہ اراضی	کیفیت
روپاس	۴روپیہ سے ۱۲روپیہ ۹ر تک	۷۴۶۲	روپیہ آنہ پائی ۷-۸-۰	
اوجین	۲روپیہ سے ۱۰روپیہ	۷۲۱۸	۴-۴-۰	
بیانہ	۲ سے ۱۶-۰-۰	۱۵۶۲۷	۰-۹-۰	
باور	۵ سے ۱۵-۰-۰	۱۶۲۹۷	۲-۱۳-۰	
بلب گڑھ	۶ سے ۱۰-۰-۰	۲۰۴۴	-۶-۰-	

ملبہ کی یہ شرح جو پہلے وصول ہوتی تہی اُس شرح سے زیادہ ہے جو اخراجات دیہی کے لئے ضروری ہین اوران اخراجات کے متعلق بہت سی خرابیان ہوتی رہین جنکے انتظام کرنے کا سوال درپیش ہے۔

دفعہ ۱۱۲ ملبہ کی شرح وتعداد کا مقرر کرنا۔ مندرجہ ذیل شرح دیگر تحصیلات مین مقرر کیگئی ہے اوران تحصیلات مین بھی ان پر عملدرآمد ہوسکتا ہے۔

دیہات جنکی جمع ۵۰۰ روپیہ تک ہو ۔ ۔ ۔ ۱۲ فیصدی یا ۲ر فی روپیہ۔

اس کا بحال رکھنا مبنی بر انصاف نہین ہے اسلئے یہہ رقم شامل جمع کی جائیگی۔ رقم نمبر ۵ جو تحصیل بیانہ کے چند خاص دیہات مین ایک گاؤن سے جو ریاست جے پور مین انکی ملکیت ہے مویشی لانے کی عوض مین وصول کیجاتی ہے اب مسدود ہونی چاہیئے کیونکہ ایسے درآمد پر محصول سائر علیحدہ لیا جاتا ہے رقم نمبر ۶ تعدادی ۳۰ روپیہ جو تحصیل بیانہ مین بابت کہار لیجاتی ہے اب عائد نہ ہونی چاہیئے۔ رقم نمبر ۷ دراصل رقم متعلقہ مالگذاری ہے کیونکہ یہہ روندکناور کی جمع ہے جو بعد بندوبست سابق موضع کناورکو ۱۴۴ روپیہ جمع پر دی گئی تہی پس اب یہہ رقم متعلق جمع الاضی سمجھنا چاہیئے رقم نمبر ۸ قصبہ لبساور کی حق مقدمی کی بابت ہے جو قبل از سرسری بندوبست ضبط ہوئی تہی بعد تحقیقات یہہ رقم واگذار کیجائیگی پس آیندہ عام متفرق ابواب مسدود ہونگی اور مطالبہ مین حسب ذیل رقوم شامل ہونگی۔

(۱) جمع مالگذاری۔

(۲) لوکل ریٹ بحساب $\frac{1}{11}$ ۸ فیصدی۔

(۳) دامی بحساب ۲ پیسے فیصدی۔

(۴) بعض دیہات مین اقساط بابت بقایا بعد بندوبست گذشتہ۔

سرکاری بندات یا نہرون سے آبپاشی کے محصول پر علیحدہ فیصلہ ہوگا۔

دفعہ ۱۱۱۔ دیگر رقومات مطالبہ (۱) طلبانہ

علاوہ اُن مقررہ متفرق ابواب کے جنکا ذکر ہوچکا ہے ایک غیر مستقل مطالبہ طلبانہ اُن دیہات سے جو جمع وقت پر ادا نہین کرتے رہے بابت خرچ اجرائی دستک ہائے جو بمنجانب راج جاری ہوتی رہین اب تک بہت سخت شرح سے لیا جاتا رہا ہے بندوبست سابق سے لیکر اوسکا مطالبہ وصولی و باقیات نقشہ ذیل مین درج کیجاتی ہین۔

مندرشل دیگر تحصیلات شامل جمع کیا جائیگا۔ اور راج سے اس امکا انتظام ہو جائیگا کہ یہ رقم مترانا سے دیجایا کرین متفرق ابواب تحصیلوا حسب ذیل ہین۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	بابگڈہ
(۱) محصول چوتھی بر لب سڑک . . .	۴۸	۰	۱۰۰	۱۴۰	۰
(۲) ملبہ خام محالات	۴۲	۲۱۲	۰	۲۱۲	۰
(۳) سانول داس تقیر	۹	۰	۲۲	۰	۰
(۴) نذر یا بیٹ	۰	۰	۳۰	۸	۰
(۵) جیب جو محالات راج کی بور پر مویشی لانے کی بابت دکر ہینا	۰	۰	۱۶	۰	۰
(۶) کمار	۰	۰	۳۰	۰	۰
(۷) روندکتاور	۰	۰	۱۴۱	۰	۰
(۸) حق مقدمی منضبطہ بابت قصبہ لبساور . . .	۰	۰	۰	۶۲	۰
میزان	۱۰۲	۲۱۲	۳۳۹	۵۹۹	۰

منجملہ ان ابواب کے نمبر (ایک) بعض دیہات متصلہ سڑک بابت گلان سے جو اپنے مویشی سڑکون کے کنارہ پر چراتے یا گھاس کاٹتے تھے لیا جاتا رہا ہے لیکن یہ محصول اب بحکم کونسل راج مورخہ ۳۱۔ اگست ۱۸۹۹ء مسدود ہوگیا ہے۔ رقم نمبر ۲ سے اُن دیہات کا ملبہ مراد ہے جو زیر انتظام خام ہین۔ یہ رقم براہ راست راج مین بطور مارحتی مالک اراضی داخل ہوتی رہی ہے لیکن چونکہ اب ان تمام دیہات مین حقوق ملکیت کا فیصلہ ہوگیا ہے اس لئے یہہ ملبہ کی رقم اب آیندہ مالکان کو ملیگی۔ رقم نمبر ۳۔ از قسم چندہ ہے اور اسکا فیصلہ بھی اسی طرح پر ہوگا۔ رقم نمبر ۴ یعنی نذرانہ کی اصلیت کا پختہ پتہ نہین ہے جو بعض دیہات سے راج کو ملتا ہے اور چونکہ

جمع کو بلکہ مختلف ابواب کو جو عائد ہین حساب مین لانا چاہیے۔ نقشہ ذیل مین ۹۹-۱۸۹۸ء کی جمع اور کل مطالبہ کی تفصیل معلوم ہوتی ہے۔

تفصیل	روپباس	اوجین	بیانہ	بساور	بلب گڈھ	کیفیت
خالصہ مطالبہ	۱۰۵۷۷	۱۷۱۷۱۷	۲۰۴۹۶۵	۲۳۵۲۱۰(ا)	۳۴۶۱۱	(ا) موضع جہالاٹا لاالاستمراری کے
معافی منضبطہ	۷۸	۹۸۸	۱۰۰۷	۱۲۷۰	۳۲	۱۱۳۵ روپیہ اور کل مطالبہ تعدادی ۲۸۰۱
میزان کل مطالبہ	۱۰۵۸۵۵	۱۷۲۷۰۵	۲۰۵۹۷۲	۲۳۶۴۸۰	۳۴۶۴۳	روپیہ موضع جہانپور شامل ہین جس ہین
لوکل ریٹ بحساب ۸ ۱/۳ فیصدی	۹۶۷۴	۸۰۹۴	۹۶۵۳	۱۰۷۱۷	۱۵۰۵	سے ۱۵۰۰ روپیہ معافی اور باقی خالصہ ہے
وامی بحساب ۳ فیصدی	۳۲۹۶	۵۳۹۶	۶۴۳۵	۷۵۴۳	۱۰۹۱	لیکن ۱۳۳ روپیہ بابت اراضی بارہا
اقساط بابت سابقہ بقایا	۲۶۹۰	۱۶۵۸	۱۷۲۳	۲۹۳۱	۳۷۱	مقبوضہ معافیداران شامل نہین ہین
چندہ مندر	۱۲۷۴	۱۱۸۱	۱۸۳۷	۱۷۱۹	۲۰۷	لیکن ۷۰ روپیہ شامل ہین جو تحصیل
متفرق	۱۰۲	۲۸۳	۳۳۹	۵۹۹	۰	ڈہودی کو بابت چاہ موضع سمرایا کے
میزان ابواب	۱۲۳۲۹	۱۶۶۱۲	۱۹۹۸۷	۲۳۵۰۹	۳۱۷۴	ادا کیے جاتے ہین۔
فیصدی جمع	۱۲	۱۰	۱۰	۱۰	۹	(ب) اوسط دو سال ۹۸-۱۸۹۷ء
کل میزان	۱۱۸۱۸۴	۱۸۹۳۱۷	۲۲۵۹۵۹	۲۵۹۹۸۹	۳۷۸۱۷	و ۹۹-۱۸۹۸ء۔
آبیانہ غیر مستقل	۵۳۳	۷۱۲۷	۶۴۴	۵۱۹۰(ب)	-	

پس مطالبہ ابواب تحصیل بساور مین ۹ فیصدی سے لیکر تحصیل روپباس مین ۱۲ فیصدی تک ہے اب آیندہ آئین سے لوکل ریٹ اور وامی کل بحساب ۱۲½ فیصدی یا ۱/۸ رقم روپیہ قایم رہین گے

دفعہ ۱۱ مختلف ابواب کی تشریح اور انکی مسدود کرنیکی تجاویز

اقساط بقایا سے وہ ادائیگی مراد ہے جو ارباب کمیٹی نے بابت بقایا قبل بندوبست گذشتہ کی جمع پر ایک روپیہ سے دس روپیہ فیصدی کے حساب سے مقرر کی تھی چونکہ اب تمام بقایا بحکم راج معاف ہوگئی اور ایسی رقوم کی وصولی مسدود ہوگئی ہے پس یہہ رقم اب خارج ہوگئی ہین چندہ

یہ واضح ہوتا ہے کہ تمام تحصیلات میں اور خصوصاً تحصیل لباورین اسوقت کے بہت سے رقبہ پٹہ جدید پر ایک کثیر جمع تجویز کیگئی تہی اور اب کاشت میں جو بیشی ہوئی ہے وہ زیادہ تر ایسے رقبہ میں ہوئی ہے جو اسوقت پٹہ جدید درج کیا گیا تہا۔ اس بات سے کہ اس رقبہ پر پہلے سے ۱۰ سے زائد ۱۲ فی بیگہ نک جمع تجویز ہوچکی ہے پایا جاتا ہے کہ جو جمع اب تجویز ہوسکتی ہے کہ ہوگی تحصیل روپباس اور اوچین میں بنجر اراضیات پر فی تحصیل چار دیہات میں جمع تجویز ہوئی تہی اور زمیع کی رقوم علی الترتیب ۷، ۷ اور ۶ ۹ روپیہ خفیف تہیں اور تحصیلات بیانہ اور لباورین رقبہ جات بنجر زمیع مشخصہ کی تعداد بہت زیادہ تہی۔

دفعہ ۱۰۸۔ پرانے پرتون سے حال کی رقبہ پر جمع پہیلانا اگر ہم پرانے پرتون سے رتحصیلات روپباس، اوچین کے بنجر کا پتہ چہوڑکر حال کے رقبہ پر جمع پہیلا دین تو نتیجہ حسب ذیل ہوگا۔

روپباس	اوچین	بیانہ	لباور	بلب گڈھ
۱۳۶۴۷۲ روپیہ	۲۳۳۴۹ روپیہ	۲۰۱۸۳ روپیہ	۲۴۱۲۷۵ روپیہ	۳۱۴۰۹ روپیہ

اس سے تحصیلات روپباس اور اوچین کے جمع حال میں بہت زیادہ اور تحصیل لباورین کچہ بیشی اور بیانہ اور بلب گڈہ میں تہوڑی سی کمی ہوئی ہے اس حساب کی بنا پر کوئی بیشی مبنی بر انصاف نہین ہے کیونکہ (۱) بندوبست سابق کے پرتے بہت سخت تہے اور کبہی جمع پوری ادا نہین ہوئی۔ (۲) اگر بندوبست سابق کے بعد رقبہ نو توڑ ہوکر پرتون میں معقول کمی نہ ہو جاتی تو بقایا کی تعداد بہت زیادہ ہوتی۔

دفعہ ۱۰۹۔ انکل مطالبہ موجودہ معہ ابواب مطالبہ موجودہ کی غایت حد معلوم کرنیکے لئے نہ صرف

نام تحصیل	تفصیل	چاہی	سیرابی	بارانی	ٹپرت	بنجر	میزان
روپباس	رقبہ بندوبست سابق	۱۵۳۱۴	۱۳۱۲۴	۲۳۱۰۷	۲۴۵۸۵	۳۹۶۲	۸۰۰۶۲
	جمع مجوزہ	۴۸۵۴۷	۲۳۸۱۱	۲۶۲۰۹	۶۵۲۲	۶۷۶	۱۰۵۷۶۵
	پڑتہ فی بیگہ	پائی آنہ روپیہ ۳-۲-۸	پائی آنہ روپیہ ۱-۱۳-۰	پائی آنہ روپیہ ۱-۲-۲	پائی آنہ روپیہ ۰-۴-۳	پائی آنہ روپیہ ۰-۲-۹	۰
اوچین	رقبہ بندوبست سابق	۳۵۷۹۱	۱۸۳۵۰	۳۴۸۷۷	۳۰۷۹۱	۲۲۳۱	۱۲۲۰۴۰
	جمع مجوزہ	۹۵۰۱۵	۳۲۲۵۹	۲۵۲۶۳	۱۶۰۷۲	۱۸۶	۱۶۸۷۹۵
	پڑتہ فی بیگہ	پائی آنہ روپیہ ۲-۱۰-۶	پائی آنہ روپیہ ۱-۱۲-۱	پائی آنہ روپیہ ۰-۱۱-۷	پائی آنہ روپیہ ۰-۸-۴	پائی آنہ روپیہ ۰-۱-۴	۰
بیانہ	رقبہ بندوبست سابق	۵۰۵۹۰	۱۶۵۲۵	۶۴۱۷۴	۳۹۷۵۵	۳۱۲۰۰	۲۰۲۲۴۴
	جمع مجوزہ	۱۲۸۰۶۱	۲۶۶۹۷	۳۸۹۶۶	۶۳۳۶	۱۷۰۷	۲۰۱۷۶۷
	پڑتہ فی بیگہ	پائی آنہ روپیہ ۲-۸-۶	پائی آنہ روپیہ ۱-۹-۱۰	پائی آنہ روپیہ ۰-۹-۸	پائی آنہ روپیہ ۰-۲-۷	پائی آنہ روپیہ ۰-۱-۰	۰
بساور	رقبہ بندوبست سابق	۶۱۲۰۹	۵۸۲۶	۷۵۵۸۰	۶۸۶۲۹	۱۳۸۰۴	۲۲۴۹۴۸
	جمع مجوزہ	۱۴۸۸۶۶	۱۰۰۵۸	۵۵۳۸۲	۲۱۴۴۳	۱۴۲۸	۲۳۷۱۷۸
	پڑتہ فی بیگہ	پائی آنہ روپیہ ۲-۷-۰	پائی آنہ روپیہ ۱-۱۱-۷	پائی آنہ روپیہ ۰-۱۱-۹	پائی آنہ روپیہ ۰-۵-۰	پائی آنہ روپیہ ۰-۱-۸	۰
بلب گڈہ	رقبہ بندوبست سابق	۹۰۹۴	۲۷۳	۷۷۳۲	۳۸۳۳	۴۷۸	۲۱۴۱۰
	جمع مجوزہ	۲۲۸۷۵	۵۱۴	۵۱۰۳	۱۰۹۷	۵۰	۲۹۶۳۹
	پڑتہ فی بیگہ	پائی آنہ روپیہ ۲-۸-۲	پائی آنہ روپیہ ۱-۱۴-۰	پائی آنہ روپیہ ۰-۱۰-۶	پائی آنہ روپیہ ۰-۴-۷	پائی آنہ روپیہ ۰-۱-۸	۰

سوائے تحصیل روپباس کے اور کسی جگہہ رقبہ اور جمع کے کوائف مکمل نہین ہین کیونکہ اسوقت
کے خام دیہات کے اعداد دستیاب نہین ہو سکے جہانتک کہ کوائف دستیاب ہو سکے ہین اونسے
بندوبست سابق کی بڑی بڑی قسم اراضی اور جمع مجوزہ معلوم ہو سکتی ہے اور اس مصالح سے جیسا کہ
نقشہ مین ظاہر کیا گیا ہے پرتے نکالے گئے ہین۔

باب ہشتم

پرتہ ہاے بندوبست سابق و رقومات جو مثل حال مین شامل کیگئین

دفعہ ۱۔ پرتہ ہاے بندوبست سابق

جس طریقہ سے بندوبست سابق مین جمع قایم ہوئی تھی اسکا ذکر باب دوم مین ہو چکا ہے۔ اور واقعی اس پرچہ پہ اطمینان نہین ہو سکتا چونکہ یہ امر قابل ذکر ہے کہ کن پرتون سے موجودہ مطالبہ کا حساب کیا گیا تھا اور ان پرتون کو موجودہ رقبہ پہ پھیلانے ست کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ اس لئے ہم نے دستیاب شدہ معالجے سے بندوبست سابق کی قسموار اراضی کے پرتے اسی طرح نکالے ہین جیسا کہ رپورٹ گذشتہ کے فقرہ ۱۰۱ مین بیان ہو چکا ہے نتیجہ نقشہ مشمولہ مین حسب ذیل درج کیا جاتا ہے۔

بہت ہے جب کوئی کسی پڑت اراضی کو نوتوڑ کرتا ہے تو اسکی بابت عموماً نرم جمع یا لگان ادا کرتا ہے تحصیل لبساور مین ۳۵۹۰ بیگہہ اراضی پر ۲۰۳۴ روپیہ یا ازانداز ۹ر لگان لیا جاتا ہے اور جیساکہ فقرہ ۸۳ مین بیان ہو چکا ہے چراگاہ کا خصوصاً جس مین پالا اور لولا پیدا ہوتا ہے ۲ر سے ۸ر فی بیگہہ تک ٹھیکہ دیا جاتا ہے ان امورات پر غور کرکے و نیز اس بات کا خیال کرکے کہ بندوبست سابق مین کل پڑت اراضیات اور بعض محالات مین بنجر اراضیات پر جمع تجویز کیگئی تھی۔ ہماری تجویز ہے کہ مندرجہ ذیل شرح مقرر کیجاوے۔

پڑت جدید . . . . ۴ر فی بیگہہ جملہ تحصیلات مین

بنجر . . . . ۱ر فی بیگہہ تحصیل روپباس و اوچین مین

اور ۲ پائی تحصیل بیانہ مین جہان کہ یہہ قسم ناقص ہے تحصیل لبساور مین رقبہ ممکن الزراعت کے علیحدہ ٹھیکہ عطا ہو چکے ہین اور چونکہ رقبہ پڑت جدید بہت ہے اس سے لئے ہم نے بنجر پر کوئی شرح قایم نہین کی۔ اس صیغہ سے حسب ذیل آمدنی ہوگی۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	بلب گڈھ
پڑت جدید	۱۴۲۵	۱۶۸۰	۲۸۸۰.	۵۶۲۰	۱۸۰
بنجر	۳۰۰۰	۱۲۵۰	۲۲۰۰	۰	۰
میزان	۴۴۲۵	۲۹۳۰	۵۰۸۰	۵۶۲۰	۰

یا گول اعداد مین یون کہا جا سکتا ہے کہ تحصیل روپباس مین ۴۵۰۰۔ اوچین مین ۳۰۰۰۔ بیانہ مین ۵۰۰۰۔ اور لبساور مین ۵۵۰۰ کی آمدنی ہوگی۔

حصہ راج لیا جاوے تو نتیجہ حسب ذیل ہوگا۔

نام تحصیل	خالص زرنکاسی	حصہ راج بحساب دو تہائی	موجودہ جمع
روپیاس	۱۴۶۰۰۳	۹۷۳۲۵	۱۰۵۸۳۵
اوچیین	۲۴۰۳۱۱	۱۶۰۲۰۷	۱۷۲۷۰۵
بیانہ	۲۷۶۹۷۸	۱۸۴۶۵۲	۲۰۵۹۷۲

اس طریقہ سے بہی جو جمع حاصل ہوئی ہے وہ اس جمع سے تو بہت زائد ہے جو کہتونی کی رو سے برآمد ہوئی ہے لیکن موجودہ جمع سے کم اور اس جمع سے بہت ہی کم ہے جو بروے لگان جنسی برآمد ہوئی۔ گو اس کا تخمینہ مناسب طور پر با احتیاط سے کیا گیا تہا۔

تحصیل بسادر مین ڈپٹی کلکٹر کے رخصت پر چلے جانے کی وجہ سے کوئی خاص تحقیقات بطریق بالا نہین ہوئی اور نہ وہان ایسا کرنے سے کوئی اصلی فائدہ تہا کیونکہ تحصیل کی جمع بہت سخت ہے اور بمقابلہ جمع کے لگان نرم ہین اور اس علاقہ کے زمیندار ان بمقابلہ کسی اور حصہ راج کے زیادہ شکستہ حال ہین پس ہمکو یہہ نتیجہ نکالنا پڑتا ہے کہ بروے لگان ظاہر شدہ بیشی جمع مبنی بر انصاف نہین ہے کیونکہ کچہہ وجہ تو یہ ہے کہ یہان کے لگان بعض صورتون مین عارضی طور پر بہت کم ہین اور پورے پورے مقابلہ کے لگان نہین ہین اور کچہہ وجہ یہہ ہے کہ ظاہر شدہ لگان صحیح نہین ہین۔

دفعہ ۱۶۱۔ بنجر اور ریت اراضیات کی وجہ سے جمع مین بیشی

یہہ امر ذہن نشین رکہنا چاہیے کہ مندرجہ بالا حساب سے جو جمع برآمد ہوئی ہے اس مین ممکن الزراعت (بنجر اور ریت) اور غیر ممکن الزراعت کی بابت کچہہ بہی شامل نہین ہے اور ان رقبہ جات کی آمدنی ان تحصیلات مین

حساب کیا گیا تہا اور ہر قسم اراضی کی تحصیلوار جو اوسطین حاصل ہوئین انکی تعداد ذیل مین درج کی جاتی ہے۔

نام زمین	روپیاس					اوچلین					بیانہ				
	رقبہ	لگان	شرح			رقبہ	لگان	شرح			رقبہ	لگان	شرح		
			روپیہ	آنہ	پائی			روپیہ	آنہ	پائی			روپیہ	آنہ	پائی
چاہی حال مستقل	۶۰۷	۲۳۵۱	۳	۱۴	۰	۱۵۷۷	۴۷۶۶	۳	۰	۴	۳۲۰۰	۱۲۵۳۱	۳	۱۴	۸
غیر مستقل	۱۰۳	۲۹۶	۲	۱۴	۰	۵۴	۱۱۶	۲	۲	۴	۷۳	۲۹۵	۴	۰	۸
چاہی سیرابہ	۸۱	۲۵۰	۳	۱۰	۴	۷۷	۲۶۱	۳	۶	۳	۲۹۰	۸۲۲	۲	۱۳	۴
چاہی سابق	۳۴۴	۸۹۶	۲	۹	۱۱	۳۰۸	۵۸۰	۱	۱۴	۰	۴۸۹	۱۵۶۳	۳	۳	۲
چاہی سیرابہ حال	۱۰	۱۸	۱	۱۲	۱۰	۳۸	۷۸	۲	۰	۱۰	۰	۰	۰	۰	۰
سیرابہ حال	۹۸۲	۲۱۰۷	۲	۲	۴	۸۰۵	۱۸۵۳	۲	۴	۱۰	۱۶۴۴	۳۱۵۲	۱	۱۴	۰
سیرابہ سابق	۶۰۰	۱۲۶۳	۲	۱	۸	۴۳۹	۶۸۷	۱	۹	۰	۶۶۳	۱۷۲۹	۲	۲	۹
سیرابہ بارشی	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	۱	۰	۰	۷۴	۱۳۱	۱	۱۲	۴
کہاتلی	۰	۰	۰	۰	۰	۵۶	۱۴۰	۲	۸	۰	۱۵۴	۶۶۹	۴	۵	۶
بارانی	۳۲۴۲	۳۷۶۳	۱	۲	۷	۴۴۱۳	۴۳۰۶	۱	۳	۰	۵۹۱۰	۵۳۲۲	۰	۱۴	۵
بہوڑ	۱۱۰۹	۱۶۹۴	۱	۸	۵	۲۳۳	۱۷۰	۰	۱۱	۸	۱۴۹۸	۷۳۹	۰	۷	۱۱
میزان	۷۰۷۸	۱۲۶۳۸	۱	۱۲	۷	۸۰۰۱	۱۴۰۸۸	۱	۱۲	۲	۱۳۹۹۵	۲۶۹۵۳	۱	۱۴	۱۰

جس رقبہ پر ان نتایج کی بنا قرار دی گئی تہی وہ دیگر لگان نقدی کے کل رقبہ کے ۱/۴ سے ۱/۵ تک ہے اور چونکہ جو دیہات منتخب کئے گئے ہین وہ کل دیہات کا نمونہ ہین اور ان مین کسی قسم کے ایسے کہاتہ نہین ہین جو عمدہ یا ناقص ہون پس ہماری رائے مین یہ نتایج اچہی طرح سے قابل پذیرائی ہین اگر ان لگانون سے کل رقبہ مزروعہ سے پہیلاوٹ کیجاوے اور بحساب دو تہائی

مزروعہ پر پھیلاوٹ کرین تو کل لگان یا خالص زر نکاسی اور حصہ راج بحساب ⅔ حسب ذیل ہونگے جمع موجودہ بھی بغرض مقابلہ نقشہ ذیل مین دکھائی گئی ہے۔

تحصیل	خالص زر نکاسی بحساب دیگر لگان نقدی	حصہ راج بحساب دو تہائی	جمع موجودہ
روپیاس	۱۱۹۲۵۸	۷۹۱۳۹	۱۰۵۸۵۵
اوچہین	۲۰۶۰۰۱	۱۳۷۳۳۴	۱۷۲۷۰۵
بیسانہ	۲۲۵۳۴۹	۱۵۰۲۶۳	۲۰۵۹۷۲
لبساور	۲۵۶۷۸۴	۱۷۱۱۸۹	۲۳۶۴۸۰
بلبپ گڈھ	۳۷۶۶۹	۲۵۱۲۶	۳۴۶۴۳

پس اگر ہم اوس لگان نقدی کو جو بوقت تصدیق بیان ہوکر درج کہتونی ہوا بلا تمیز منظور کرلین تو حاصل شدہ زر نکاسی جمع موجودہ سے صرف ۱۰ سے ۲۰ فیصدی تک زائد ہوگی اور حصہ راج بحساب دو تہائی جملہ تحصیلات اور بالخصوص تحصیلات روپیاس اور لبساور مین موجودہ مطالبہ سے بہت ہی کم ہوگا۔

دفعہ ۱۰۔ وجوہات کمی لگان کمی لگان اور اسکی وجوہات کا ذکر سابقہ رپورٹون مین ہوچکا ہے اور ان تحصیلات مین بھی کمی لگان کے وہی سبب ہین بمقابلہ جمع کے لگان کا کم ہونا خصوصاً تحصیل لبساور مین کسی حد تک واقعی درست بات ہے اور اسکے وجوہات یہہ ہین (۱) تشخیص کا بہت سنگین ہونا (۲) ۱۸۷۷-۷۸ء کے قحط کے بعد کاشتکاران کی شکستہ حالی اور گذشتہ پانچ سالون مین اسکا پھر عود کرنا (۳) مفروری مالکان و مزارعان جسکے باعث بہت سے رقبہ جات افتادہ یا خام ہوگئے جسکو اب مالکان یا راج بہت سے آسان

باب ہفتم

لگان نقدی اور اونکی روسے مطالبہ راج

دفعہ ۱۰۲ رقبہ و شرح لگان نقدی مزارعان نقدی دہندگان (۱) بشرح ڈہالباچہ (۲) بشرح دیگر کا کل رقبہ فقرہ ۶۳ مین دکہادیا گیاہے اور اب دونون اقسام لگان کی قسم وار اراضی نقشہ ذیل مین درج کی جاتی ہے۔

قسم زمین	شرح لگان	روپباس			اوچین			بیانہ			بساور			بلب گڈھ		
		رقبہ	لگان	شرح فی ایکڑ	رقبہ	لگان	شرح فی ایکڑ	رقبہ	لگان	شرح فی ایکڑ	رقبہ	لگان	شرح فی ایکڑ	رقبہ	لگان	شرح فی ایکڑ
چاہی مستعمل حال	بشرح مالکان	۱۱۰۱	۳۴۰۶	پا آنہ ریہ ۳-۱-۶	۴۲۱۹	۱۳۲۰۲	پا آنہ ریہ ۳-۰-۱۱	۶۶۸۵	۲۱۹۱۲	پا آنہ ریہ ۳-۳-۹	۴۸۷۶	۱۵۳۱۲	پا آنہ ریہ ۳-۲-۲	۸۶	۳۷۲	پا آنہ ریہ ۴-۵-۳
	بشرح دیگر	۱۷۴۳	۴۸۸۸	۲-۱۲-۱۰	۵۶۹۷	۱۴۴۱۰	۲-۹-۵	۱۰۳۳۱	۳۳۳۹	۳-۳-۲	۱۶۲۴۷	۴۷۹۷۱	۲-۱۲-۶	۵۰۳۳	۱۷۴۳۰	۳-۷-۶
چاہی غیر مستعمل حال	بشرح مالکان	۰	۰	۰	۱۶	۲۶	۱-۱۰-۰	۳	۶	۲-۰-۰	۰	۰	۰	۰	۰	-
	بشرح دیگر	۴۲۰	۹۱۸	۲-۲-۱۱	۱۱۲	۱۹۲	۱-۱۱-۵	۵۴۰	۱۴۱۴	۲-۹-۱۱	۳۳۷	۶۶۳	۱-۱۵-۶	۱۱۷	۲۶۴	۲-۴-۰
چاہی [illegible]	بشرح مالکان	۲۹	۸۷	۳-۰-۰	۲۰۹۹	۳۲۹۲	۱-۹-۰	۳۶۶	۸۶۵	۲-۵-۱۰	۲۶۸	۷۶۸	۲-۱۴-۰	۰	۰	۰
	بشرح دیگر	۲۷۰	۶۳۴	۲-۵-۶	۵۹۷	۱۴۰۱	۲-۵-۶	۱۱۸۶	۲۸۵۱	۲-۵-۱	۹۹۶	۲۳۹۲	۲-۸-۰	۱۰۸	۴۱۴	۳-۱۳-۳
چاہی [illegible]	بشرح مالکان	۹۸۷	۰	۰	۸۴۶	۱۴۲۷	۱-۱۱-۰	۱۹۵	۳۹۷	۲-۱-۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	بشرح دیگر	۹۸۷	۱۹۹۸	۲-۰-۴	۱۸۲۱	۳۰۹۸	۱-۱۱-۳	۲۱۷۱	۴۶۲۴	۲-۱-۹	۵۴۸۷	۱۰۰۵۳	۱-۱۳-۶	۹۵۷	۲۰۷۲	۲-۲-۹
چاہی [illegible]	بشرح مالکان	۰	۰	۰	۷۲۸	۱۲۹۵	۱-۱۲-۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	بشرح دیگر	۵۴	۱۴۲	۲-۱۰-۱	۱۰۴	۲۱۳	۲-۰-۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

قسم زمین	روپیاس	اوچین	بیاسہ	پیاور	بلب گڈھ
	روپیہ آنہ پائی	روپیہ آنہ پائی	روپیہ آنہ پائی	روپیہ آنہ پائی	روپیہ آنہ پائی
چاہی مستقل حال	۳—۰—۰	۲—۱۱—۹	۳—۰—۹	۰	۰
چاہی غیر مستقل	۳—۰—۹	۳—۲—۰	۲—۱۳—۹	۲—۱۲—۳	۲—۱۵—۹
چاہی سیرابی حال	۲—۱۵—۹	۲—۱۵—۳	۳—۰—۳	۲—۱۱—۳	۳—۹—۰
چاہی سیرابی سابق	۱—۷—۰	۱—۳—۶	۱—۴—۰	۱—۳—۰	۱—۱—۰
سیرابی حال	۱—۱۲—۶	۱—۱۱—۳	۱—۱۱—۹	۱—۱—۶	۰
سیرابی سابق	۱—۲—۰	۱—۱—۰	۱—۲—۹	۰—۱۵—۳	—۱۱—۰
بارشی	۱—۴—۰	۰—۱۵—۳	۱—۱—۶	۰—۱۵—۶	۰—۱۲—۹
کماتلی	۱—۱۲—۶	۱—۱۱—۹	۲—۱۰—۰	۱—۱۰—۳	۰
بارانی	۰—۱۵—۶	۰—۱۳—۳	۰—۱۱—۶	۰—۱۵—۳	—۱۲—۰
بھوڑ	۰—۱۳—۰	۰—۱۰—۳	—۷—۶	۰—۸—۶	—۷—۶
اوسط بر مزروعہ	—۴—۰	۱—۷—۱۱	۱—۷—۶	۱—۶—۰	۱—۸—۳

البتہ یہ ریٹ صرف قیاسی ہین جو (۱) مسلمہ اوسط پیداوار (۲) اوسط نرخ ہائے پر مبنی ہین اسلئے ان پر اوسوقت تک اعتبار نہین ہوسکتا جب تک کہ اسکی اصلی مصالح سے مقابلہ کرکے آزمایش نکرلیجاوے۔ اسلئے اب اس غرض سے نقدی کے لگانون کا جو واقعی وصول ہوئی ذکر کیا جائیگا۔

جنکو کسی طرح سے ہی کل کے لئے بنیاد قرار نہین دیا جا سکتا۔

دفعہ ا۔ مالک کا حصہ پیداوار اور اس کی قیمت نقد۔

پہلی رپورٹون مین یہہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اکبر کے عہد مین راج کا ۱/۳ حصہ مقرر رہتا اور اس علاقہ کی دست سلطنت سے نکل جانے کے کچھ عرصہ بعد تک اس روایت پر عملدرآمد ہوتا رہا۔ پرانے امثلہ سے پایا جاتا ہے کہ سرسری بندوبست تک چاہی اراضیات مین بھان کہ اجناس کاشت زیادہ ہین ۱/۴ حصہ بدستور لیا جاتا رہا لیکن دیگر اراضیات مین یہہ حصہ ۲/۵ حصہ تک بڑہا دیا گیا تھا اور یہہ امر صحت فرض کیا جا سکتا ہے کہ ان تناسب ہائے سے وہ حصص مراد ہین جو مالکان مزارعان سے بصورت لگان جنسی وصول کرتے پس اگر ہم چاہی اجناس کی ایک تہائی اور دیگر اجناس کی ۲/۵ قیمت کو جیسا کہ پہلے تصدیق ہو چکا ہے لیوین تو رقم حاصل شدہ حصہ مالک ہوگی اور اس رقم کی دو تہائی حصہ راج ہوگی جس کی نسبت پہلے سے یہہ طے ہو چکا ہے کہ زر نکاسی کا ۲/۳ ہے نتیجہ نقشہ ذیل مین درج کیا جاتا ہے۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	تفصیل	
			[illegible]	[illegible]
روپباس	١٦١٠٨٣	١٠٧٣٨٨	٢٣٣٢١	٨٤٠٦٧
اوجین	٢٧٧٢٩٤	١٨٤٨٩٣	٦١٧٤١	١٢٣١٢٢
بیانہ	٣١٢٧٦٩	٢٠٨٤٤٦	١٠١٧٧٩	١٠٦٦٦٧
بساور	٣٤٥٥٥٢	٢٣٠٧٠١	١٠٩٢٧٠	١٢١٤٣١
بلب گڈہ	٤٧٤٩٨	٣١٦٦٦	٠	٠

اس تخمینہ سے جو مطالبہ آتا ہے وہ خالص پیداوار کی ایک چوتھائی کے تخمینہ سے تحصیل روپباس مین کسی قدر زیادہ۔ اوجین مین تقریباً بالکل برابر اور بیانہ اور بساور مین کم ہے جہانکہ چاہی

باب ششم

مالکان اور راج کے حصص کی مالیت بروی لگان جنسی

دفعہ ۹۹۔ رقبہ و شرح لگان جنسی جنسی لگان ادا کرنے والے مزارعان کا رقبہ بہت کم ہے (دیکھو فقرہ ۶۳)

نام تحصیل	رقبہ بشرح ½ حصہ		رقبہ بشرح ⅓ حصہ		رقبہ بشرح ¼ حصہ	
	بیگھے	بیگھے پختہ	بیگھے	بیگھے پختہ	بیگھے	بیگھے پختہ
بیانہ	۱۲۶	۲۴	۳	۰	۰	۱
لباور	۱	۶۴	۱۴	۲۴	۱۷۲	۲۴۸

تحصیلات روپباس اور لباور میں جنسی لگان کا کوئی رقبہ نہیں ہے اور تحصیلات بیانہ اور لباور میں اسقدر کم ہے کہ اسکو اوسط نتائج نہیں سمجھا جا سکتا تحصیل بیانہ کی دیہات جاگیر بجاولی اور اگاولی میں جاگیرداران ⅖ حصہ جنس وصول کرتے ہیں اور سب جگہہ جاگیرداران نقدی لیتے ہیں تحصیل لباور میں چہارم حصہ پیداوار ادا کرنے والا رقبہ صرف چند ایک شکستہ حال دیہات میں ہے

(۳) منہائی بابت حق کمینان۔ اس تحصیل مین مثل دیگر تحصیلات کے حق کمینان ۲ سیر فی من یا کل جنس کا ۵ فیصدی ہے۔

دفعہ ۹۸۔ پیداوار کی خالص قیمت اور حصہ راج بحساب ایک چوتھائی

اگر حال کی شرح باے پیداوار غرض حصہ فقرہ ۹۵) یا بعض اجناس کی شرح نقدی فی بیگہ (فقرہ ۹۳) کو ۹۹-۱۱۹۱ء کی بلحاظ رقبہ ایک اوسط درجہ کا سال ہے رقبہ اجناس مین ضرب دیکر شرح باے نرخ (مجوزہ فقرہ ۸۱) سے دام ہیپائے جاوین اور حسب فقرہ ۹۷) چارہ وغیرہ اور حق الخدمت کمینان کی منہائی دیجاے تو ایک اوسط درجہ کے سال کی کل اجناس کی خالص زر قیمت معلوم ہوجاتی ہے اس کا ضمیمہ (ج) مین مفصل عمل کیا گیا ہے اور نتیجہ تحت مین دکھایا گیا ہے۔

تحصیل	خریف	ربیع	سیزان	چاہی	دیگر	حصہ راج بحساب ایک چوتھائی
روپباس	۲۷۰۳۴۱	۱۳۹۱۲۹	۴۲۰۲۱۰	۱۰۴۹۵۶	۳۱۵۲۵۴	۱۰۵۰۶۲
اوچین	۳۱۵۱۴۰	۴۲۲۴۱۰	۷۳۹۵۵۰	۲۷۷۸۴۳	۴۶۱۷۰۶	۱۸۴۸۸۷
بیانہ	۴۵۲۴۶۶	۴۰۵۵۴۹	۸۵۸۰۰۴	۴۵۷۹۸۷	۴۰۰۰۱۴	۲۱۲۵۰۱
بساور	۴۹۹۵۰۴	۴۴۷۵۶۶	۹۴۷۰۸۱	۹۴۱۰۴۱	۴۵۵۲۰۰	۲۳۶۷۷۰
بلبگڈھ	۷۷۰۲۳	۵۶۶۶۶	۱۳۳۷۰۹	۰	۰	۳۳۳۲۷

یہ نقشہ قیمتی ہے کیونکہ اس سے صرف کل خالص زر قیمت پیداوار ہی معلوم نہین ہوتی بلکہ خریف اور ربیع اور چاہی اور غیر چاہی کی قیمت بھی معلوم ہوتی ہے آخری خانہ مین ہم نے ظاہر کر دیا ہے کہ مطالبہ راج بحساب ایک چوتھائی خالص پیداوار بلکہ قیمت غلہ کے کسقدر ہوتا ہے کیونکہ بھوسہ کی قیمت پر کوئی لحاظ نہین کیا گیا۔

جس شخص نے ہماری طرح دیکھہ لیا ہے کہ ان آخری تین سالونمین فصلون پر خشک سالی طغیانی گہرنڈی۔ تیز وخشک آندہی وغیرہ سے کیا کیا آفت نازل ہوئی وہ اس منہائی کو کچہہ زیادہ خیال نہین کریگا۔ منہائی خرابہ صرف معمولی حوادث زراعت کاری کے پورا کرنے کی غرض سے ہے اور اس سے یہہ ہرگز مراد نہین ہے کہ بصورت نازل ہونے کسی سخت مصیبت کے جیسا کہ ۷۸-۱۸۷۷ء کا قحط تہا یا جیسا کہ گذشتہ دو سالون کی خشک سالی تہی راج کو التوا معافی مالگذاری کے فرض سے سبکدوش کیا گیا ہے۔

(۲) منہائی بابتہ چارہ مویشیون کے چارہ کے لئے قریب قریب وہی منہائی تجویز کیگئی ہے جو وسطی تحصیلات مین تجویز کیگئی تہی یہہ منہائی حسب ذیل ہے۔

تحصیل	گوارچری	مسینہ	گاجر	جو	سرسون	رقبہ اجناس کا کل فیصدی
روپباس	کل	۲۵ فیصدی	کل	۵ فیصدی	۵ فیصدی	۶
اوجین	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً	۷
بیانہ	ایضاً	۱۵	ایضاً	ایضاً	ایضاً	۸
لبساور	ایضاً	۲۵	ایضاً	ایضاً	ایضاً	۴

پس کل رقبہ کی فیصدی بلحاظ حالات تحصیل لباور مین ۴ فیصدی سے لیکر تحصیل بیانہ مین ۸ فیصدی تک ہے یہہ منہائی اگرچہ تنگ دلی سے نہین دیگئی لیکن کسی حالت مین بہی یہ اوس حد تک نہین پہونچتی جہانتک کہ خشک سالی کے ایام مین مویشیون کو اجناس کاٹ کر چرائے جاتے ہین۔ خریف گذشتہ مین کم از کم ایک تہائی خریف کی اجناس مویشیون کی خاطر کاٹی گئین یا انکو چرائی گئین اور فصل ربیع مین ۱/۵ حصہ اس کام مین صرف ہوا۔

سال گذشتہ کی رپورٹ مین ہم نے وسطی تحصیلات کی شرح بابت کا قسمت آگرہ اور ضلع مین پوری
سے مقابلہ کیا تھا اور ظاہر کیا تھا کہ بہ نسبت اضلاع انگریزی کے شرح بابت باجرہ کی کہین
زیادہ ہے ہمین یہ احتمال ہے کہ اضلاع انگریزی مین چونکہ تمام اجناس کی پیداوار کا تخمینہ
اس وجہ سے کم کیا جاتا ہے کہ اوسکے کثیر التعداد اخراجات کی منہائی ہو جاتی ہے۔

شمالی اور وسطی تحصیلات کے مقابلہ مین ان تحصیلات کی بابت اجناس خریف جو دی ہے اسمین
فرق ہے کیونکہ بارش ان مین زیادہ ہوتی ہے۔ اسمین زیادہ وجہ ہے جسکو خشک سالی
مین بہت جلد صدمہ نہین ہوتا۔ باجرہ کی پیداوار بھی زیادہ ہے کیونکہ چاہات عموماً شیرین
ہین اور کاشت باحتیاط کیجاتی ہے لیکن یہان سیرابی اراضیات و خصوصاً چنون کی پیداوار
کم ہے کیونکہ شمالی حصہ اراضی کی نسبت سیرابی ناقص ہے وہ موسم سرما کی بارش پر بھروسہ

دفعہ ۹۶ - رقبہ اجناس سے منہائی جیسا کہ ہم اس سے قبل رپورٹون مین بیان کر چکے ہین
یہ ضروری ہے کہ کل رقبہ اجناس مین منجملہ بابت (۱) اجناس جو غلات کی قسمون کو
چارہ مین دیئے جاتے ہین (۲) اجناس ناقصہ یعنی جو بوجہ خشک سالی طغیانی کہر وغیرہ کے تلف ہوگئین
(۳) اجناس جو کسان ذری یعنی کہ ماتی اور لوہار کو بطور حق خدمت دیجاتی ہین جنکی خدمات کے
لیئے علاقہ مین جہانکہ کاشت چاہی زیادہ ہے بہت ضرورت ہوتی ہے ان مین سے نمبر (۱)
اور (۳) دراصل پیداوار کا جزو ہین اور نمبر ۲ صرف بلحاظ عدم پیداوار ہے۔

(۱) بابت خرابہ اجناس خرابہ کی بابت حسب ذیل منہائی ہونی چاہیئے۔

تفصیل	ربیع چاہی	باقی دیگر اجناس	فی صدی کل رقبہ اجناس
بساور	۴	۸	۶
دیگر تحصیلات	۴	۱۰	۹

چاہی اور چاہی سیرابہ کی پیداوار مین بہت کم فرق ہے لیکن یہہ تحصیل بیانہ اور لسباور مین دیگر دو تحصیلات کی نسبت خصوصاً بلحاظ اجناس ربیع کسیقدر اچھا ہے اور کنگوت مین اسکی شرح پیداوار زیادہ نکلی ہے سیرابہ حال کی پیداوار مین سوائے جوار کے جو تحصیل لسباور مین اور تحصیلونکی نسبت اچھی ہے کوئی فرق نہین ہے اسی طرح کہاتلی اراضیات مین سوائے تحصیل لسباور کے جہان کہ ندی گمبہیر کے تہ کی کہاتلی اراضی مین اعلیٰ درجہ کا پیداوار ہوتا ہے یکسان پیداوار ہے - دیگر تحصیلات کی نسبت تحصیل بیانہ کی سیرابی سابق کی پیداوار اچھی ہے اسکا لحاظ کیا گیا ہے تحصیل روپباس او چین مین ہوڑ کی پیداوار صاف طور پر بیانہ اور لسباور سے اچھی ہے -

دفعہ ۹۶ - شرح ہاے پیداوار کا دیگر علاقہ جات سے مقابلہ

شرح ہائے پیداوار مفروضہ کا فی ایکڑ منون مین تبدیل کر کے تحصیلات شمالی و وسطی قسمت آگرہ ضلع گوڑگاؤن کی مشہور اجناس کی شرح پیداوار سے مقابلہ کیا جاتا ہے -

نام جنس	قسم زمین	اوسط پیداوار بحساب من								
		روپباس	اوچین	نگر	کمہیر	تحصیلات شمالی	تحصیلات وسطی	تحصیل گوڑگانوں ضلع	قسمت آگرہ	راج الور
جوار	بارانی	۶،۲ تا ۱۰	۵،۷ تا ۱۰	۵،۷ تا ۱۰	۵،۷	۶،۲ تا ۱۰	۶،۲ تا ۵،۷	۷،۷	۸	۰
باجرہ	ایضاً	۶،۲ تا ۱۰	۶،۸ تا ۱۰	۵ تا ۱۰	۶،۲	۶،۲ تا ۵،۷	۶،۲	۵،۵	۷	۰
مسینہ	ایضاً	۵ تا ۶،۲	۶،۲	۶،۵ تا ۶،۲	۶،۲	۳،۷ تا ۶،۲	۵ تا ۶،۲	۴	۸	۰
چنے	ایضاً	۵،۷	۵،۷	۵،۷	۵،۷	۱۰ تا ۱۲،۵	۵،۷	۵،۷	۵	۰
گیہون	چاہی	۱۸،۷	۱۸،۷	۱۸،۷	۱۸،۷	۱۷،۵ تا ۲۰	۱۵ تا ۱۸،۸	۱۲	۱۵	۰
جو	۰	۲۰	۲۱	۲۱	۲۲،۵	۱۷،۵ تا ۲۲،۵	۱۷،۵ تا ۲۲،۵	۱۵	۱۶	۰

نام	[illegible]	خریف						ربیع							
		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	روپیاس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۴½	۵	۰	۰	۰	۲	۲	
	اوجین	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۴½	۵	۰	۵	۰	۵	۲	
	بیانہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۴	۴	۵	۰	۰	۴	۳	
	بسار	جیسا کہ سیراب میں ہے													
[illegible]	روپیاس	۲	۳	۳	۳	۲½	۲	۳½	۴	۲	۲	۴	۰	۲	
	اوجین	۲	۲	۳	۲	۲½	۲	۰	۴	۲½	۳	۰	۰	۲	
	بیانہ	۲½	۳½	۳	۲	۲½	۲	۲½	۴	۲½	۲	۳	۰	۲	
	بسار	۲	۲½	۳	۲½	۰	۲	۳	۴	۲	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	روپیاس	۰	۲½	۳	۳	۰	۲	۳½	۴	۳	۲	۰	۰	۲	
	اوجین	۲	۳	۳	۳	۲½	۲	۳½	۴	۲½	۰	۰	۲	۲	
	بیانہ	۲	۲	۳	۲	۲½	۲	۴	۴½	۲½	۲	۰	۰	۲	
	بسار	جیسا کہ سیراب پسابق میں ہے													
[illegible]	روپیاس	۲	۲½	۲½	۲½	۲	۲	۳	۴	۳	۲	۳	۲	۱½	
	اوجین	۲	۲⅔	۳	۳	۲½	۲	۰	۴	۳	۲	۳	۰	۱½	
	بیانہ	۲	۲	۳	۳	۲¼	۲	۲	۴	۳	۲	۲	۲	۱½	
	بسار	۲	۲½	۳	۲½	۰	۲	۰	۴	۳	۲	۰	۰	۰	
[illegible]	روپیاس	۱½	۲	۲½	۲½	۱½	۲	۲	۳	۲	۲	۰	۰	۱	
	اوجین	۱½	۲	۲½	۲½	۱½	۲	۲	۰	۲	۰	۰	۰	۰	
	بیانہ	۱½	۱½	۲½	۲½	۱½	۲	۱½	۰	۲	۱½	۱½	۰	۱	
	بسار	۱½	۲	۲	۱½	۰	۱½	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

دریافت کرنی اور ڈپٹی کلکٹر سے بحث کرنے سے جو جو نتائج حاصل ہوئے اون پر و نیز ملحقہ تحصیلات بھرتپور الور اور اگرہ سے مقابلہ کرکے پورے پورے غور کرنیکے بعد ہم نے مندرجہ شرح ہای پیداوار فی بیگھہ بلحاظ مختلف اقسام اراضی یا بلحاظ مختلف اقسام اجناس مقرر کی ہین کیونکہ پیداوار عموماً قسم زمین پر منحصر نہین ہے۔ بلکہ اس حالت پر منحصر ہے جس ہین کہ جنس واقعی پیدا ہوئی ہوئی ہو یعنی قدرتی یا مصنوعی وسائل آب پاشی کی موجودگی یا عدم موجودگی پر منحصر ہے۔

اقسام	نام تحصیل	خریف						ربیع							کیفیت
		[illegible]	باجرہ	جوار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	گیہون	جو	بیجر	بیجہڑ	گوچنی	گوجرہ	سرسون	
چاہی پختہ چال	روپباس	۲½	۵	۴	۴	۲½	۲½	۷½	۸	۷	۸½	۷½	۸	۲	
	اوچین	۲½	۵	۴	۴	۲½	۲½	۷½	۸½	۷	۸½	۷½	۸	۲	
	بیانہ	۳½	۵	۴	۶	۲½	۲½	۷½	۸½	۷	۸½	۸	۸	۲	
	لبساور	۲½	۵	۴	۰	۲½	۲½	۷½	۹	۷	۸	۷½	۸	۲	
چاہی پختہ ساقی	روپباس	۲½	۴	۴	۴	۲½	۲	۴½	۴½	۳	۳	۳	۳	۱	
	اوچین	۲	۴	۴	۴	۲½	۲	۴½	۴½	۳	۳	۰	۳	۱	
	بیانہ	۲	۴	۴	۴	۲½	۲	۴½	۴½	۳	۳	۳	۳	۱	
	باور	۲	۴	۴	۰	۲½	۲	۴½	۴½	۳	۰	۰	۰	۱	
چاہی کیاری	روپباس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۸	۹	۷	۸½	۸	۹	۲	
	اوچین	۳½	۵	۴	۴	۲½	۲½	۸½	۹½	۷	۸½	۸	۹	۲	
	بیانہ	۳½	۵	۰	۶	۲½	۰	۹½	۱۱	۷½	۹	۸½	۸½	۲	
	لبساور	۳½	۵	۴	۰	۲½	۲½	۸	۹	۷	۸½	۸	۹	۲	
سرکاری چاہی ساقی	روپباس	۲½	۴	۳	۳	۲½	۲½	۴½	۵	۵	۵	۵	۵	۲	
	اوچین	۲½	۴	۳	۳	۲½	۲½	۴½	۵	۵	۵	۵	۵	۲	
	بیانہ	۲½	۴	۳	۳	۲½	۲½	۴½	۵	۵	۵	۵	۵	۲	
	لبساور	۲½	۴	۴	۰	۲½	۲½	۴½	۵	۵	۵	۵	۵	۲	

دفعہ ۹۳ متفرق اجناس خریف و ربیع۔ نقشہ ذیل مین ربیع اور خریف کی اجناس کی تفصیل بحساب بیگھہ دکھائی جاتی ہے۔

نام تحصیل	خریف					ربیع								میزان
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روپباس	۱۶۲	۲۵	۱۰۶	۲	۴۷۹	۸۵	۰	۸۸	۹۱	۵۳	۱۰۸۹	۲۱۶۸	۴۲۵۸	
اوچین	۴۱	۱۶۰	۲۵۹	۱۹	۵۸۷	۲۵۰	۰	۳۳۱	۷۶	۶۷۵	۲۱۶	۱۷۳۰	۳۴۴۴	
بیانہ	۵۳	۱۰۸	۳۰۳	۱۹	۹۳۶	۲۱۴	۲۹	۴۱۸	۱۸۵	۴۹۲	۲۸۰	۳۰۲۲	۷۱۲۰	
بسادر	۶۵	۵	۲۳۵	۵۸۲	۹۷۲	۵۲۹	۳۸	۲۶۳	۴۱۶	۰	۱۰۸۲	۳۷۵۷	۸۰۳۷	
بلبگڈہ	۲	-	۲۱	۵	۲۱۳	۵۳	۱۳۷	۴۸	۱۶۴	۰	۰	۸۲۹	۱۴۷۲	

ان مین سے تمباکو۔ ایکھہ و پوست سب سے قیمتی ہین۔ پیداوار کی مالیت کا اندازہ کرنے کی غرض سے ہم نے بعد تحقیقات مندرجہ قیمت بحساب فی بیگھہ مقرر کی ہے۔

تمباکو . . . . ۱۳۰ روپیہ

ایکھہ . . . . ۲۰ روپیہ تحصیل بیانہ مین ۳۰ روپیہ

پوست . . . . ۲۰ روپیہ

زیرہ . . . . ۱۵ روپیہ تحصیل روپباس مین ۱۲ روپیہ

سبزترکاری . . . . ۱۲ روپیہ

دیگر . . . . ۱۰ روپیہ

یہہ نرخ عموماً وہی ہین جو تحصیلات وسطی مین تجویز کیے گئے تھے۔

دفعہ ۹۴۔ امتحان پیداوار کنکوت۔ باقی اجناس کی اوسط پیداوار دریافت کرنیکی غرض سے

ہے جو کے رقبہ مین مثل گیہون کے کہاد ڈالا جاتا ہے لا یہہ چاہی یا سیرابی اراضیات مین بویا جاتا ہے

چنا۔ پہلے چنے ربیع کی عام خوردنی بارانی جنس تہی اور بندوبست سابق مین اس کا رقبہ جملہ تحصیلات مین کل رقبہ زیر جنس کا ۱۲ سے ۲۲ فیصدی تک تہا۔ ۱۸۹۵ء سے لیکر اسکی کاشت بہت کم ہوگئی ہے جسکی وجہ یہہ ہے کہ موسم خزان و سرما مین بارشین نہین ہوئین اور ۱۹۰۹ء مین صرف ۱ سے ۴ فیصدی تک چنا کاشت ہوا۔ چنا اعلیٰ درجہ کی بارانی اراضیات اور سیرابی اراضیات مین بویا جاتا ہے اور ان سالون مین بتات کے نہ بہرنے کی وجہ سے بہی چنے کی کاشت کم ہوئی۔

بیجر۔ گوچنی۔ گوجرہ۔ اوپر کے بیان سے پایا جاتا ہے کہ آبپاش اور غیر آبپاش اجناس کی ربیع مین بہت کمی ہوئی۔ اگر ہم گیہون۔ جو۔ اور چنے کی مخلوط اجناس بیجر۔ گوچنی اور گوجرہ پر خیال کرین تو اور بہی زیادہ کمی ہے۔ بندوبست سابق مین یہہ اجناس تحصیل روپیاس مین کل اجناس کا ۱۹ فیصدی اوچین مین ۱۱ فیصدی بیانہ مین ۹ فیصدی اور تحصیل لسا ور مین ۳ فیصدی تہین اور اب کم ہوکر تحصیل روپیاس ۲۔ اوچین ۱۰ (جہان کہ آبپاشی مین ترقی ہونیکی وجہ سے رقبہ مین بیشی ہوگئی ہے) بیانہ مین ۲۔ اور لساور مین ۱ فیصدی رہ گئی ہین ان اجناس مین سے بیجر یعنی جو اور چنا بارانی۔ سیرابی۔ کہاتلی اراضیات مین بویا جاتا ہے اور گوچنی (گیہون اور چنے) اور گوجرہ (گیہون۔ جو) صرف چاہی اعلیٰ درجہ کی سیرابی اراضیات مین بوئی جاتی ہین۔

سرسون۔ سرسون اور تارہ میرہ کی ربیع اجناس کا رقبہ اگرچہ بہت کم ہے لیکن جملہ تحصیلات مین بہت بڑہ گیا ہے مگر اسکی کل رقبہ سے نسبت کہین بہی ۵ فیصدی سے زائد نہین ہے۔

دیگر اجناس ربیع کا رقبہ تحصیل اوچین مین ۳ فیصدی اور باقی تحصیلات مین ۴ فیصدی ہے ان مین سے سب سے زیادہ مشہور زیرہ ہے جو کہ جملہ تحصیلات مین کل رقبہ کا ۲ فیصدی تک ہے اور باقی متفرق اجناس ۱ سے ۲ فیصدی تک ہین۔

خریف کی دیگر اجناس - خریف کی دیگر اجناس مثلاً سن۔ نیشکر۔ تمباکو۔ سوائے تحصیل بیاس کے باقی جملہ تحصیلات مین بڑہ گئی ہین۔ لیکن رقبہ کسی حالت مین بہی زائداز ایک فیصدی نہین ہے نیشکر تہوڑا تہوڑا جملہ تحصیلات مین بویا جاتا ہے۔ رود اول مین ایکھہ کا رقبہ بہت تہا لیکن چونکہ اس خشک سالی سے چاہات کو صدمہ پہونچا ہے اس لئے ایکھہ کی کاشت کم ہوگئی ہے بارٹیہ بند کی آبپاشی سے ان دیہات مین ایکھہ کی کاشت مین ترقی ہوگی جنکو نہرون سے پانی ملتا ہے۔

دفعہ ۹۲ - ربیعہ کی مشہور اجناس ان وجوہات سے جو پہلے بیان ہو چکی ہے فصل ربیع کے رقبہ مین ۳۰ سے ۵۰ فیصدی تک کمی ہوگئی ہے اور فرداً فرداً جنس کی کمی کے بہی وہی وجوہات ہین۔

گیہون - گیہون کے رقبہ مین بمقابلہ دس سال گذشتہ کے ۱۷ سے ۲۵ فیصدی تک کمی ہوگئی ہے جسکی وجہ یہ ہے کہ چاہات کی طاقت آبپاشی کم ہوگئی ہے گیہون کا رقبہ تحصیل روپیاس مین کل رقبہ کی ۴ فیصدی سے لیکر تحصیل اوچین مین ۸ فیصدی تک ہے گیہونکو۔ بہ نسبت جو کے زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے اور اسکی نسبت یہ دیر سے بھی پکتا ہے اور اسواسطے اسکو تیز آندہی لگنی و کنگیاری و دیمک کے نقصان کا زیادہ اندیشہ ہے پیداوار بہی جو کی نسبت کم ہوتی ہے اور چونکہ جو موسم گرمی کی عام جنس خوردنی ہے اس لئے اس کی کاشت زیادہ تر ہے۔

جو - جو کے رقبہ مین سوائے تحصیل بساور کے جہان کہ وہ کسی قدر کم ہوگیا ہے اور کسی جگہ کوئی کمی و بیشی نہین ہوئی لیکن اسکے کل رقبہ سے نسبت سب جگہہ کم ہوگئی ہے اور اب روپباس مین ۶ فیصدی سے کراوچین مین دس فیصدی تک

۰ فیصدی سے لیکر گیرلیب میں ۹۰ فیصدی تک ہے اس جنس کو شاذ و نادر ہی آبپاشی کیا جاتا ہوگا۔ اس جنس کی پیداوار کم ہے کیونکہ اس کو خشک سالی یا تیز آندھی محسوس ہوتی ہے اور سخت بارشوں سے نقصان پہونچتا ہے لیکن اگر ان میں دانہ بھی پڑے تو اسکا چارہ بہت قیمتی ہوتا ہے۔

گوارچری یا خریف کی مشہور اجناس چارہ۔ گوارچری ہے اس رقبہ کی سوائے تحصیل روہیاس کے دیگر سب تحصیلات میں بہت کمی ہے جسکی وجہ کچھ تو یہ ہے کہ چند سال سابق میں سینہ اس میں شامل کیا جاتا تھا اور کچھ یہ ہے کہ لوگ اب ایسے اجناس بونا کم پسند کرنے لگے ہیں جس سے غلہ اور چارہ دونوں پیدا ہوں خشک سالی میں اُڑی کے مہینوں میں بہت سی چری چارات بوئی جاتی ہے تاکہ اگر بارشات کے مویشیوں کیلئے بارش ہونے تک چارہ مل سکے۔

تل تل کے رقبہ کی تعداد تحصیلات میں بہت مختلف ہے لیکن سب سے زیادہ تحصیل روہیاس اور جیند میں ہے جسکی ایک وجہ یہ ہے کہ ندی بان گنگ کے ساتھ ساتھ ریتلی زمین جو ذرا سے مشرق کی جانب واقع ہے تل کی کاشت کے لئے خاص کر مناسب ہے پہلے یہ زمین المیان کے ساتھ نہیں بوئی جا سکتی تھی کیونکہ پلنیاری کا دھوکا تھا اور اب کوئی خطرہ نہیں ہے اس علاقہ میں ہم نے ایسے ایسے تل کے کھیت دیکھے ہیں جو آجتک کبھی ہمارے دیکھنے میں نہیں آئے اسکو اوسط درجہ کی بارش درکار ہے پھر بھی یہ ایک خوب قیمتی جنس ہے اسی وجہ سے ہر سال اسکی کاشت زیادہ ہوتی جاتی ہے اس کے کل رقبہ سے نسبت تحصیل لباورین میں ۲ فیصدی سے لیکر تحصیل روہیاس میں ۱۱ فیصدی تک ہے۔

۲۸ فیصدی سے لیکر ۳۴ فیصدی تک ہے تھوڑے سے رقبہ مین باجرہ چاہی بویا جاتا ہی اور اگر بارش کم ہو تو چند مرتبہ پانی دیا جاتا ہے باجرہ جوار کی نسبت زیادہ خشک سالی کی برداشت کرسکتا ہے اور جلدی پختہ ہو جاتا ہے اور اکثر اسکی زمین ربیعہ کی دوسری فصل کے لئے خالی ہو جاتی ہے۔

جوار۔ جوار کی کاشت تحصیل ا...ین مین دوچند اور روپباس مین زائد از دوچند ہو گئی ہے اور تحصیل بیانہ مین بہت بڑہ گئی ہے لیکن تحصیل لسا ...ین بدستور ہے اسکا ناسب جاگیر طلب گڈہ مین جسکی بہت نرم زمین اسکی کاشت کے لئے موزون ہے ۳ فیصدی سے تحصیل لساور مین جہان کہ بیہ ویہ اور آنر ہوئے ندی بان گنگا کے دیہات مین بکثرت بوئی جاتی ہے۔ ۱۶ فیصدی تک ہے یہہ روپباس کے علاقہ وال اوچین کے علاقہ ڈمپی اور تحصیل بیانہ کے علاقہ کاٹھیر کے وسطی حصہ مین جہان کہ زمین سخت ہے اچھی طرح سے کاشت ہوتی ہے بمقابلہ باجرہ کے یہ جنس زیادہ تر محض بارانی ہے اور چاہی اراضیات مین شاذونادر بوئی جاتی ہے۔

مسینہ۔ مونگ موٹھ۔ چاول کی اور انکی اور باجرہ وغیرہ کی مخلوطہ اجناس کے رقبہ جات کے جو۔ ہر دو صورتون مین مسینہ کہلاتے ہین۔) کاغذات مین بہت بیشی ہو گئی ہے۔ اس بیشی کا کچھہ حصہ صرف برائے نام ہے کیونکہ بندوبست گذشتہ مین جب ان اجناس کو کپاس یا جوار۔ باجرہ کے ساتھہ مخلوط بویا جاتا تہا تو انکو انہین اجناس کے تحت دکہایا جاتا تہا یا گوارجری مین شامل کردیا جاتا تہا اور مسینہ کا صرف وہ رقبہ ہی دکہلایا جاتا تہا جو علیحدہ کاشت ہو بیشک رقبہ مین واقعی بیشی ہوئی ہے جسکا سبب یہ ہے کہ کاشت اراضیات بارانی مین توسیع ہو گئی ہے اور خصوصاً نرم اراضیات مین جن کو جب کہ نو توڑ کیا جاتا ہے تو ان مین عموماً مسینہ کاشت کیا جاتا ہے اس کی کل رقبہ سے نسبت تحصیل روپباس مین

تحصیل اوجین کے اور کسی تحصیل مین سالگذشتہ کی خشک سالی سے بہی کچہ کمی نہین ہوئی
کیونکہ ۱۹۹ سنہ ۱۹ء مین تخم ریزی کے لئے خاطرخواہ بارش تہی گو فصلون کو پختگی پر لانے کیلئے
غیر مکتفی تہی (۲) رقبہ دوفصلی مین بہت کمی ہوئی کیونکہ بارانی رقبہ مین مزروعہ کی بیشی ہوئی اور
یہہ رقبہ شاذونادر دوفصلی ہوتا ہے اور چاہات مین پانی کم ہوگیا (۳) ربیع مین بمقابلہ خریف
کے بہت کمی ہوئی اور خریف مین بیشی ہوئی اسکا سبب یہ ہے کہ موسم خزان مین بارشین
نہین ہوئین جو ربیعہ کی تخم ریزی کے لئے بہت درکار ہوتی ہین اور چاہات مین پانی کم ہوگیا
لیکن چونکہ یہہ سبب محض عارضی ہین پس نتیجہ بہی ویساہی خیال کرنا چاہئے اور فرد افرداً اجناس
کی تغیرات کو نوٹ کرنے مین یہ بات جن کا اب ذکر کیا جائیگا ذہن نشین رکہنی چاہئے

دفعہ ۹۱ - مشہور اجناس خریف تحصیل دیپالپور مین کپاس کے رقبہ مین بیشی ہوگئی ہے
لیکن تحصیلات اوجین وبیانہ مین کوئی کمی بیشی نہین ہوئی اور تحصیل لپادرمین بہت کمی ہوگئی ہے کپاس کا بہت سا
رقبہ بارانی ہے جسکا ماہ مئی اور جون کی بارشون پر زیادہ تر انحصار ہے اور ان سالون مین کوئی اچہی
بارش نہین ہوئی اور مزید بران خوردنی اجناس کی گرانی کی وجہ سے کپاس کی کاشت بہت کم ہوگئی
ہے لیکن گذشتہ سال مین کپاس کی قیمت بہت بڑہ گئی اور اگر یہ قیمت قایم رہی تو کپاس کی کاشت
بہت بڑہ جائیگی - کپاس کے کُل رقبہ سے نسبت تحصیل اوجین مین ۴ فیصدی سے لیکر
جاگیر بلب گڈہ مین ۱۲ فیصدی تک ہے یہ جنس خریف مین بہت مالگذاری ادا کرنیوالی ہے
جیساکہ باہر جانیوالی اشیاء مندرجہ فقرہ - ۹۵ سے واضح ہوتا ہے -

باجرہ - بخلاف اسکے باجرہ خریف کی عام خوردنی جنس ہے ان سالون مین اسکی کاشت
مین بہت ترقی ہوگئی ہے اور اب اس کا رقبہ بہ نسبت بندوبست سابق کی دوچند ہے
جو مختلف تحصیلات مین جنکی صاف نرم اراضی اسکی پیداوار کے لئے بہت اچہی ہے کل رقبہ کا

نام تحصیل	سنہ	مجموعہ	رقبہ اجناس: کل	[illegible]	[illegible]	ب	فیصدی مختلف اجناس: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
بسائی	سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹	[illegible]	۱۵۹۹۶۷	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲
	سنہ ۱۸۹۱-۹۲	[illegible]	۱۶۸۷۹۹	۱۱۹۹۵۱	۴۶۸۴۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
			فیصدی	۶۳	۳۷	۹	۱۱	۱۴	۲	۲۴	۱	۰	۸	۱۲	۱۲	۲	۱	۰	۰	۲	۷
	سنہ ۱۸۹۰-۹۱ تا ۹۲-۹۳	[illegible]	۱۷۸۶۴	۱۲۰۲۳۲	۵۷۶۳۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
			فیصدی	۶۸	۳۲	۸	۱۴	۱۹	۳	۲۰	۱	۱	۷	۱۲	۸	۱	۰	۰	۰	۴	۹
	سنہ ۱۸۹۸-۹۹	[illegible]	۱۶۹۵۹۶	۱۲۲۱۷۷	۴۷۴۱۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
			فیصدی	۷۴	۲۶	۵	۲۷	۱۴	۱۸	۵	۲	۱	۵	۱۱	۵	۰	۱	۰	۰	۴	۵
	سنہ ۱۸۹۹-۱۹۰۰	[illegible]	۱۸۰۹۷	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۵
بلب گڈھ	سنہ ۱۸۹۱-۹۲	[illegible]	۲۱۶۲۲	۱۵۴۹۹	۶۱۲۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
			فیصدی	۷۲	۲۸	۱۷	۱۱	۳	۱	۴۰	۰	۰	۹	۱۱	۵	۰	۰	۰	۳	۰	۹
	سنہ ۹۸-۱۸۹۲-۹۳	[illegible]	۲۲۱۶۳	۱۵۹۹۵	۶۱۶۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
			فیصدی	۷۲	۲۸	۱۵	۱۸	۴	۴	۳۱	۱	۰	۷	۱۱	۴	۰	۰	۰	۶	۰	۱۳
	سنہ ۱۸۹۸-۹۹	[illegible]	۲۳۱۹۵	۱۸۲۹۲	۴۹۰۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
			فیصدی	۷۹	۲۱	۱۳	۲۸	۳	۲۹	۵	۱	۱	۵	۱۰	۰	۰	۰	۰	۶	۰	۱۱
	سنہ ۱۸۹۹-۱۹۰۰		۲۱۱۲۵	۲۲۹۷۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۹

ان اعداد سے بڑے بڑے نتائج نکلتے ہیں کہ (۱) رقبہ مزروعہ میں بہت بیشی ہوئی ہے۔ اور سوا سے

باب پنجم

اجناس و پیداوار

دفعہ ۹۰۔ کوائف اجناس جو بندوبست سابق مین اور اسکے بعد کاشت ہوئین

فقرہ ۔۵۰ مین بعد سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء کے سالوار تغیرات کاشت دکھائے گئے ہین اور اجناس سالانہ کی تفصیل نقشہ نمبر ۲ مین کی گئی ہے نقشہ ذیل سے جو نقشہ نمبر ۲ سے اخذ کیا گیا ہے واضح ہوتا ہے کہ (۱) بندوبست سابق (۲) سنہ ۹۳-۱۸۹۲ء سے لیکر ۹۸-۱۸۹۷ء کے ۶ سالہ اوسط (۳) سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء جسکے نتائج پر بندوبست حال مبنی ہے (۴) سال مختتمہ حال یعنی سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹ء مین کسقدر رقبہ اور اجناس کاشت ہوئین اور مشہور اجناس کے کل رقبہ زیر اجناس سے کیا نسبت تھی۔

یہہ واضح ہوتا ہے کہ تحصیلات او جین اور روپباس مین جو بھرت پور اجینیرہ۔ اور آگرہ کی منڈیون سے بذریعہ عمدہ سڑکون کے ملی ہوئی ہین نرخونکی وہی شرح ہے جو تحصیلات وسطی مین ہے اوربعض بعض خوردنی اجناس بنسبت تحصیلات لباور اور بیانہ کی جو بڑی منڈیون سے اسقدر قریب نہین ہین کسیقدر گران ہین۔ اگر گذشتہ چند سالون کے فصلی نرخون سے مقابلہ کیا جاوے تو بادی النظر مین پایا جاتا ہے کہ غیر واجبی طور پر زمینداران کے لئے فائدہ بخش ہین لیکن اس زمانہ مین فصلین کم ہوئی ہین اور نرخ سخت رہے ہین اس لئے ضروری ہے کہ ان تغیرات کو پورا کرنیکی غرض سے کافی منافع چھوڑا جاوے جیسا کہ ہم تحریر کرتے ہین کہ خوردنی غلہ بھرت پور مین دس سیر گیہون سے لیکر ½ ١٢ سیر دیگر ہلکی قسم کی خوردنی غلہ تک مختلف ہے اس سے یہہ بحث نہین چل سکتی کہ قحط کے گران نرخ زمینداران کے لئے مفید ہین جن مین سے بہت سے لوگون کو ایسی خشک سالی کے زمانہ مین جیسا کہ یہہ سال ہے زیادہ تر غلہ فروشان سے قرض لے کر گذارہ کرنا پڑتا ہے جن سے زمیندار سخت شرح پر قرض لیتے ہین اور انکو ارزان فصلی نرخون پر ادا کرتے ہین۔

دفعہ ٨٩ بندوبست سابق سے لیکر نرخون مین کچھ بیشی نہین ہوئی

اگر بندوبست سابق سے پہلے زمانہ کی نرخونکی اوسط کا بندوبست حال کے پہلے زمانہ کی اوسط سے مقابلہ کیا جاوے تو معلوم ہوتا ہے کہ واقعی طور پر کوئی بیشی نہین ہے اور اسی طرح اگر ہم سالہاے حال کے اصلی نرخون کا ان نرخون سے مقابلہ کرین جو آیندہ بیس سالون مین یعنی تا میعاد بندوبست مروج رہین گی ہم اطمینان نہین کر سکتے کہ کوئی بیشی ہو البتہ اغلب یہہ ہے کہ عمدہ موسم آئینگے اور آیندہ نرخ چند گذشتہ سالونکی اوسط سے کم ہو جائین گے پس ہم یہہ خیال نہین کر سکتے کہ نرخونکی بیشی مطالبہ ازدیاد کرنیکی کوئی وجہ ہو سکتی ہے۔

باب چہارم

نرخ

دفعہ ۸۸ – نرخون کی تحقیقات اور نرخ ہائے مفروضہ

ان تحصیلات مین بہی بازاری اور فصلی نرخون کے دریافت کرنیکے وہی طریق عمل مین لائے گئے ہین جو شمالی اور وسطی تحصیلات کی رپورٹ مین مندرج ہین ضمیمہ سے ہر ایک تحصیل کی مشہور تجارتگاہون کے (۱) بازاری اور (۲) فصلی نرخ بابت (۱) دش سال از ۸۱-۱۸۸۰ء تا ۹۰-۱۸۸۹ء قبل بندوبست سابق (ب) نو سال از ۹۱-۱۸۹۰ء تا ۹۹-۱۸۹۸ء بعد بندوبست سابق معلوم ہوتے ہین۔ ان مصالحون کا باقی تحصیلات کے نتائج سے مقابلہ کر کے ہم نے مندرجہ ذیل نرخنامہ کی شرح مقرر کی ہے

نام تحصیل	جو	باجرہ	جوار	[illegible]	[illegible]	سرسون	جو	[illegible]	سرسون	کپاس	[illegible]
روپباس	۱۱	۲۶	۳۰	۲۵	۱۱	۲۱	۳۰	۳۰	۱۴	۳۰	۲۶
اوچین	۱۱	۲۶	۳۰	۲۵	۱۱	۲۱	۳۰	۳۰	۱۴	۳۰	۲۶
بیانہ	۱۱	۲۷	۳۰	۲۶	۱۱	۲۱	۳۱	۳۰	۱۴	۳۰	۲۶
بساور	۱۱	۲۷	۳۰	۲۵	۱۱	۲۱	۳۰	۳۰	۱۴	۳۰	۲۶
تحصیلات وسطی	۱۱	۲۶	۳۰	۲۵	۱۱	۲۱	۲۹	۳۰	۱۴	۳۰	-

شکم پُری کرتے ہین۔مویشیونکی کثرت کی وجہ سے دودھ کی افراط ہے لیکن گوشت سواے گوجرون راجپوتون اور مسلمانون کے اور کوئی نہین کہاتا اور گھی اگرچہ بکثرت ہوتا ہے مگر مثل آئرلینڈ اور نارمنڈی کے کسانون کہ یہ لوگ اس کو گھر کے خرچ مین نہین لاتے بلکہ ادواے مالگذاری یالگان کا ذریعہ سمجھتے ہین۔

اشخاص زراعت پیشہ مین سے جو لوگ ملازمت راج یا سرکار انگلشیہ مین ہین انکی تعداد جیسا کہ نقشہ ذیل سے ظاہر ہوتا ہے کچھ بڑی نہین ہے۔

تحصیل	تفصیل ملازمت	تعداد اشخاص	آمدنی ماہواری	آمدنی سالانہ
روپباس	راج	۱۲۲	۹۷۹	۱۸۶۰۰
	سرکار انگریزی	۲۳	۵۷۱	
اوچین	راج	۱۶۲	۱۳۴۹	۲۴۰۸۴
	سرکار انگریزی	۵۷	۶۵۸	
بیانہ	راج	۲۱۳	۱۵۷۶	۳۰۷۰۸
	سرکار انگریزی	۸۳	۹۸۳	

ان اعداد مین پرسر تحصیل اوچین کے سید شامل نہین ہین جن مین سے بہت سے آدمی اضلاع انگریزی مین اچھے اچھے عہدون پر ملازم ہین اور بیان کیا جاتا ہے کہ انکی آمدنی زائد از ۱۲ ہزار روپیہ ماہوار ہے ان مین سب سے زیادہ معزز خان بہادر میر اولاد حسین صاحب سی آئی ای سابق مہتمم بندوبست صوبجات وسطی ہین۔

عملدرآمد ہوجائیگا۔

تحصیل لسباور مین دو شفاخانے ہین یعنی لسباور اور ویرین اور باقی ۳ تحصیلات کے صدر مقامات پر ایک ایک شفاخانہ ہے چونکہ اب عہدہ ایجنسی سرجن پھر قایم ہوگیا ہے۔ اس لئے یقین کیا جاسکتا ہے کہ سررشتہ میڈیکل اور صفائی مین جو ابتک پست اور ناقص حالت مین تھی اصلاح ہوجائیگی۔

ریاست کی جانب سے ہر ایک تحصیل کے صدر مقام اور چار پانچ بڑے بڑے دیہات مین سکول قایم ہین لیکن تعلیم کی طرف بہت کم توجہی ہے اور ریاست نے ۹۸-۱۸۹۷ء مین قریب ۷ لاکھ یا اپنی آمدنی کی ایک چوتھائی کے قریب فوج پر خرچ کیا۔ لیکن سررشتہ تعلیم کا بجٹ صرف ۲۶ ہزار روپیہ یا قریب ایک فیصدی آمدنی کے رکھا۔

ریاست نے انگریزی ڈاکخانہ جات کھول کر انتظام ڈاک کو مستحکم کردیا ہے اور ان جملہ تحصیلات مین اب اچھی طرح سے کارروائی ہوتی ہے۔

دفعہ ۸۷ لوگون کا چال چلن و درجہ آسایش وغیرہ

ان تحصیلات کے لوگ صلح کل۔ کفایت شعار اور محنتی ہین اور شمالی تحصیلات کے میوؤن کی نسبت زیادہ سادے سچے اور کم مقدمہ باز ہین پس ان تحصیلات مین تیاری امثلہ حقیت کا کام آسان تھا اگر رسوم معمولی رہین اور جمع مناسب ہو تو ان تحصیلات کو جن مین زمین عمدہ ہموار اور بہت سا رقبہ جو شیرین چاہات سے آبپاش ہوتا ہے یا سیرابی سے مستفید ہوتا ہے ریاست بھر مین سب سے مرفہ الحال ہونا چاہیئے لیکن گذشتہ ۱۸ سالون مین شمالی تحصیلات مناسب جمع کی وجہ سے بہت مرفہ الحال ہوگئی ہین اور یہ تباہ ہوگئی ہین۔ ان تحصیلات مین آسایش کا درجہ اب اس سے کم ہوگیا ہے جو ۲۵ سال پہلے تھا لوگونکی گھر ٹوٹے پھوٹے اور انکی کپڑے غریبون کی سے ہین اور اگر پیٹ بھر کر کھانا ملتا ہے تو ادنیٰ قسم کے غلہ سے

سرسون گھی۔ زیرہ۔ پان۔ جانذار مویشی اور دیسی کپڑا زیادہ مشہور ہین۔ زیادہ تر کھانڈ۔ بورا۔ چاول
اور ولایتی کپڑا باہر سے آتا ہے اس کل علاقہ مین محصول سائر کی سالانہ اوسط ۹۰ ہزار روپیہ سے
زائد ہے اگرچہ یہہ محصول ریاست کے لئے ایک معقول ذریعہ آمدنی ہو مگر اس سے تجارت کو سخت
رکاوٹ ہے اور لوگون کو بہت تکلیف ہے جب راج کی مالی حالت درست ہوجاوے تو
اسوقت فوراً محصولات آمد و رآمد کے مسدود کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے جیسا کہ ملحقہ راج
الور مین کیا گیا ہے اور اس سے وہان عمدہ نتائج پیدا ہوئے ہین۔

دفعہ ۸۶۔ قصبات مدارس اور شفاخانہ جات صرف قصبہ جات ذیل جو مقامی تجارت کا مرکز ہین کسیقدر مشہور ہین۔

	آبادی
روپباس	۱۹۸۲
اوچین	۱۹۲۱
بیانہ	۸۰۸۵
بساور	۲۴۱۹
ویر	۶۸۲۴
بلب گڈہ	۱۵۹۴

لالہ جوالاسہائے کی تاریخ بھرت پور مین انکا مفصل ذکر ہے۔ روپباس۔ بیانہ۔ اور ویر تاریخی
اور قدیمی مقامات ہین۔ حال مین ایک تجویز ہوئی ہے کہ تحصیل اوچین کو توڑکر اسکے دیہات
شامل تحصیلات روپباس۔ بیانہ۔ و اوچین کئے جاوین اور اوچین مین ایک حصہ تحصیل قایم
کیجاوے اور نیز تحصیل بساور کا صدر مقام ویر مین جو عمدہ موقع پر واقع ہے۔ تبدیل کیا جاوے
اور بساور مین حصہ تحصیل قایم کی جاوے۔ چونکہ ان تجاویز کی منظوری ہوچکی ہے اغلباً امسال

نام تحصیل	تفصیل	غلہ جات و دالین وغیرہ	روئی	سرسون	[illegible]	پان	[illegible]	[illegible]	السی	اشیاء متفرقی	کل قیمت	محصول [illegible]
روپباس	آمد بحساب من	۵۴۴۱	۰	۲	۳۱	۰	۰	۰	۰	۳۷۸	۰	۰
	برآمد بحساب من	۵۷۲۷	۲۵۹	۵۲۵۴	۰	۰	۰	۰	۳۳۸	۱۰۲۰	۰	۱۱۱۲۰
	قیمت برآمد بحساب روپیہ	۹۱۶۳	۱۷۹۸	۲۱۰۱۶	۲۱۰۶	۰	-	۴۶۰۴	۶۷۶۰	۶۲۰۷	۵۴۵۷۳	۰
اوچین	آمد بحساب من	۲۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	-	۹۰	۰	۰
	برآمد بحساب من	۱۰۹۷۸	۴۲۹۵	۳۱۴۹	۲۵	۰	۰	۰	۱۱۱	۱۲۵۶	۰	۹۹۲۵
	قیمت برآمد بحساب روپیہ	۱۷۵۶۵	۴۱۳۴۲	۱۲۵۹۶	۳۶۶	۰	۰	۸۱۱۵۸	۲۲۲۰	۵۲۴۸	۸۸۶۲۶	۰
بیانہ	آمد بحساب من	۳۷۶۰	۱	۰	۱۳	۰	۰	۰	-	۲۹	۰	۰
	برآمد بحساب من	۵۵۳۹	۶۷۲۱	۵۶۲	۱۹۳	-	۰	-	۳۱۶	۵۳۰۴	۰	۱۲۵۴۹
	قیمت بحساب آمد روپیہ	۸۸۶۲	۶۶۶۴۶	۲۲۴۸	۵۲۴۷	۰	-	۹۴۵۳۷	۶۳۲۰	۱۳۳۴۵	۱۱۴۱۰۲	۰
بساور	آمد بحساب من	۳۰۱۵	۳	۲۰	۶۲	۰	-	۰	۴	۲۳۲	۰	۰
	برآمد بحساب من	۲۰۷۵۱	۷۳۸۵	۱۵۲۷	۵۳۳	۳۵۱۳۰	۲۹۱۷	۰	۱۷۶۲	۳۶۰۹	۰	۲۸۵۵۹
	قیمت برآمد بحساب روپیہ	۳۳۲۲۲	۷۱۳۴۲	۶۱۰۸	۱۶۲۱۳	۲۵۱۳۰	۱۱۵۸۵	۱۸۸۸۰۲	۳۵۲۴۰	۱۷۲۷۷	۲۴۱۳۱۹	۰

تفصیل اسقدر زیادہ ہے کہ پورے طور پر نہین دکھائی جا سکتی مگر یہ اعداد صحیح ہین تحصیلات روپباس
اوچین۔ بیانہ کے اعداد سے اوسط چار سال از سنہ ۱۸۹۶ء لغایت سنہ ۱۸۹۹ء ظاہر ہے جنمین
۳ سال خشک سالی کے شامل ہین اور ان سالون مین لوگون کے پاس باہر بھیجنے کے لئے کچھہ زائد
اشیاء نہ تہین اور اسی وجہ سے تجارت بہت کم تہی تحصیل بساور مین سنہ ۱۸۹۱ء سے لیکر سنہ ۱۸۹۹ء
تک کی اوسط نکالی گئی تہی اور ان سالون مین عمدہ اور ناقص سب سال شامل ہین اور باہر جانیوالے
تجارتی اشیاء کی اوسط ۲½ لاکھہ روپیہ ہے جو باقی ۳ سالونکی میزان کے قریب قریب برابر ہے
ان چار تحصیلات مین ۵ لاکھہ روپیہ کی اشیاء باہر جاتی ہین اور قیمت کے لحاظ سے کپاس۔ غلہ۔

دفعہ ۹۴۔ آمدنی فروخت دودھ گھی۔ اون وغیرہ

متفرق آمدنی ہین سے ۰۰۰ اور گھی کی تحصیل بیاہ مین اون کی فروخت کی آمدنی سب سے زیادہ ہے اس بارہ مین صحیح صحیح معلوم ہونا ناممکن ہے لیکن اسکا تخمینہ حسب ذیل ہے۔

روپاس ۔۔۔۔ ۴ اوپین ۔۔۔۔ ۳ بیاہ ۔۔۔۔ ۵ بسارہ ۔۔۔۔ ۵۔ انمیں ان مین سے نصف سے تمام ملک اکلان اجنی کے گھر ہوتے ہین اگر اتفاقاً ممکن از دیادت اراضیات پر محصول قرار دیا جاوے تو اس آمدنی پر کافی محصول عائد ہوتا ہے بعد تحصیلات مین گاڑیان بکثرت ہین اور کان کو آتے روپاس اور بیاہ کے کان ہاے نمک سے آگرہ اسپرٹ بوکی ریلوے تک پتھر اسکی معمولی آمدنی ہے ایسی گاڑیون کی تعداد اور اوسط آمدنی حسب ذیل ہے۔

تحصیل	تعداد گاڑیان	آمدنی	
روپاس	۸۰	۵۰۰۰ روپیہ	
اوپین	٦١	۴۰۰۰ روپیہ	
بیاہ	۵۰	۳۰۰۰ روپیہ	
میزان	۱۹۱	۱۲۰۰۰ روپیہ	

مواضعات پہاڑپور رنمل پور چورہ مین زمینداران کرتیہ دلی گاڑیون کی بابت جو کان سے روانہ ہون بحساب ارفی گاڑی ملتا ہے اور چونکہ گاڑیون کی اوسط سالانہ ۵۰۰۰ ہے اس لیے یہ آمدنی اندازاً ۳۰۰۰ روپیہ ہے۔

دفعہ ۹۵۔ آمد برآمد۔ نقشہ ذیل سے تفصیل آمد برآمد کی اوسط اور محصول سائر جہانتک محکمہ سائر سے تحقیق ہو سکتا ہے واضح ہوتے ہین۔

اُسوقت ظاہر کرینگے جب کہ ہم آیندہ موسم سرما مین علاقہ وانگ کا پورا پورا معائنہ کرین گے۔

دفعہ ۲۸ چرائی اور خودرو پیداوار کی آمدنی

جن دیہات مین چراگاہ زیادہ ہے ان مین باہر والون سے کچھہ محصول چرائی اور فروخت گھاس کی آمدنی ہے پچھلے موسم سرما مین تمام بیکانیر اور جودہ پور کے مفروران ندی بان گنگا کے ملحقہ علاقہ مین سی گذرے اور انکے مویشی اور بھیڑ بکریون کے ریوڑون نے چراگاہون سے بہت سی گھاس چرلی۔ جن پر کہ زمیندارن کا اپنے مویشیون کی چرائی کے لئے دار ومدار تھا۔

پالا میٹھی صاف ٹیارارا ضیات مین بکثرت پیدا ہوتا ہے اور مثل اور جگہہ کے یہان بھی شیروار مویشی کے لئے خاصکر عمدہ چارہ ہے ندی بان گنگا اور گھمیر کے ساتھہ ساتھہ بھوڑ اراضیات مین پولہ بکثرت پایا جاتا ہے اور اسکی ہر وقت مانگ رہتی ہے کیونکہ سب قسم کے مکانات پر اسکے چھپر ڈالے جاتے ہین اور اکثر غریبون کی جھونپڑیان اسی سے بنتی ہین پالہ پولہ کی فروخت اور محصولات چرائی اور سنگھاڑہ کی آمدنی کا تخمینہ جو دیہاتی جوہڑون مین پائے جاتے ہین حسب ذیل ہے۔

نام شی	روپیاس	اوچین	بیانہ	باور
پالا	۱۴۰	۵۰۸	۳۸۲	۱۹۹۳
پولا	۱۵۷	۱۵۱۴	۱۱۲۶	۱۸۲۶
محصول چرائی	۴۶۷	۱۰۲۰	۳۰۳	۸۴۶
فروخت گھاس	۳۲	۳۳۴۳	۱۴۳۲	
سنگھاڑہ	۱۴۰	۲۸	۱۳۷	۱۸۰
میزان	۹۳۶	۳۵۰۳	۳۳۸۰	۴۸۴۵

چرائی کے لئے دیا جاتا ہے سوائے تحصیل روپباس کے جہان کہ بڑی رونڈ روپباس تعدادی ۱۰۰ بیگہ جن میں قصبہ روپباس اور گرد کے دیہات کے مولیشی چرتے ہیں بہت کم ہے تحصیل بیانہ کی رونڈ ہائے تعدادی ۵۴۴ بیگہ میں سے صرف ۱۰۰ بیگہ رانکی ذریعہ کے لئے چارہ فراہم کرنے کی غرض سے رکھ لی جاتی ہیں اور باقی رقبہ بغرض کاشت پٹہ پر اوٹھا دیا جاتا ہے تحصیل بیانہ میں صرف دو چھوٹی سی رونڈیں ہیں جن کا رقبہ ۹۰ بیگہ ہے تحصیل اوچین میں ایک رونڈ کوکا ہے اسکا رقبہ ۵۴ بیگہ ہے اور غالباً یہ رقبہ بھی بغرض کاشت اوٹھا دیا جائیگا۔

دفعہ ۹۲ (۱) پہاڑ و کاشت درختان

مثل کل ریاست کے تمام تحصیلات میں پہاڑیاں و ڈھلوانات کی حدود میں شامل ہیں اور زمینداران کی ملکیت تصور کیجاتی ہے اگر ریاست پہاڑیوں کا بہت سا حصہ اپنے قبضہ میں کیکر مثل جنگلات محفوظہ کے انتظام کرتے تو خیالی طور پر یہ انتظام بہت مناسب تھا لیکن ریاست اوس میں اس قدر دیر ہوگئی ہے ہم نے جو جو زبانیات دیکھی ہیں اور لوگون کو جو جو شکایات پیش آئی ہیں اُن کو مدنظر کیکر ہم بہت پس و پیش میں ایسا طریقہ جاری کرنے میں تامل کرتے ہیں اور علاوہ بران یہ مناسب اور مبنی بر انصاف نہیں ہے کہ لوگون کو اُن حقوق سے محروم کر دیا جاوے جو انکو مدت سے حاصل ہیں سرسبزی وغیرہ کے نہ ہونیکی خراب نتائج کو دور کرنیکی خاطر ہماری رائے میں ریاست کو مناسب ہے کہ چند ماہ کے لئے ایک مہتمم جنگلات کی خدمات حاصل کرے جو مختلف پہاڑون کا ملاحظہ کرکے۔ اسباب عدم سرسبزی اور مناسب پہاڑیون اور درختون کی پیداوار کی ترقی کے بارہ میں قواعد وضع کرکے رپورٹ کرے ملکیت راج کی ابھی تک ایک یادگار باقی ہے یعنی ریاست اونٹون اور بکریون کی چرائی محصول پونچھی وصول کرتی ہے اس محصول کے بحال رکھنے کے بارہ میں ہم سے استصواب ہوا ہے لیکن ہم اپنی رائے

سابق سے پایا جاتا ہے کیونکہ اس مین شک نہین ہے کہ بندوبست سابق کے کوائف نا مکمل تھے ہلونکی بیشی غالباً واقعی معلوم ہوتی ہے اور البتہ اسکی وجہ یہہ ہے کہ رقبہ مزروعہ مین توسیع ہوگئی ہے بمقابلہ ۱۹۸۹۹ مین تعداد مویشی اگر ٹھیک طور پر منقسم ہوتی تو یہہ لوگون کے ضروریات کاشت ہل دودھ گھی وغیرہ سے زائد تھی مگر فقرہ ۶۶ مین یہہ بات ظاہر کردی گئی ہے کہ بہت سے کاشت کار ایسے ہین جنکے پاس اپنے مویشی نہین ہین تحصیل بیانہ مین اور تحصیل لسباور ور وپباس کی پہاڑی علاقہ مین جن مین نیم گڈریئے گوجر عام طور پر پالک ہین بہت بنجر رقبہ مویشی بھیڑ بکری کے ریوڑ چرانے کے لئے انکے کام آتا ہے تاہم ہمین اندیشہ ہے کہ دو سال ہائے گذشتہ کی خشک سالی سے جو یہان اگرچہ اسقدر سخت نہین تھی جسقدر کہ دیگر ریاست ہای راجپوتانہ مین صرف زائد مویشی مین ہی کمی نہین ہوئی بلکہ ہل اور چاہ کے بیلون مین بھی کمی ہوگئی ہے اس کمی کی حد صرف تازہ مویشی شماری سے معلوم ہوسکتی ہے جسکی نسبت ہماری تجویز ہے کہ اس موسم خزان مین کی جاوے۔ راج کو ایسے حالات مین اپنی اور لوگون کی مفاد کی خاطر بذریعہ تقاوی کاشت کے لئے مویشی وغیرہ خریدنے کی غرض سے مدد دینا چاہیئے۔

اوسط رقبہ مزروعہ فی ہل تحصیل روپباس مین ۲۹ بیگھہ اوچین مین ۳۲ بیگھہ اور بیانہ مین ۳۰ بیگھہ اور لسباور مین ۳۵ بیگھہ یا ۱۲ سے ۱۴ ایکڑ تک ہے۔ یہہ رقبہ کچھہ زیادہ نہین ہے اور عموماً اس قدر ہے جسقدر کہ کل پنجاب مین ہے مال شماری کے بعد ہلون مین اراضیات بنجر و افتادہ کے پٹہ جات ہونیکی وجہ سے اور بھی بیشی ہوگئی ہے۔

دفعہ ۸۲ - رقبہ چراگاہ و رونڈہای سرکاری

رقبہ ممکن اور غیر ممکن الزراعت کا جو چرائی کے کارآمد ہے فقرہ ۷۲ مین دکھا دیا گیا ہے اور یہہ رقبہ جملہ تحصیلات مین کافی یا زائد از ضرورت ہے۔ رقبہ رونڈ سرکاری جو سرکاری ضروریات کے لئے گھاس فراہم کرنیکے بعد

دفعہ ۸۰ - آم و دیگر درختان میوہ دار تحصیل بساور مین جسطرح درختان آم کی کاشت ہوتی ہے اور جو آمدنی اُنسے ہوتی ہے اسکا ذکر فقرہ ۸۰ امین ہو چکا ہے اسی طرحکا ایک رواج قصبہ بیانہ مین ہے - کہ جب ایک آدمی کسی دوسرے شخص کی زمین مین آم کا درخت لگا دیوے تو وہ اُس سے نصف میوہ کا مستحق ہے اور دیگر نصف کا مستحق مالک اراضی ہے تحصیل بیانہ مین پہلے راج کا میوہ مین کچہہ حصہ تہا لیکن اب سنہ ۱۸۹۰ع مین یہ حق نقدی مین بحساب عہ فی ہزار آم تبدیل ہوگیا ہے اور اس سے صرف ۳۰ روپیہ کی آمدنی بمقابلہ تحصیل بساور کے ۱۹۰۳ کے ہوئی - سنہ ۱۸۹۶ع مین یہہ محصول معاف کردیا گیا اضیات خالصہ مین تحصیلوار تعداد درختان آم اور آمدنی فروختنی میوہ جو سرسری طور پر بیان ہوئی حسب ذیل ہین -

نام تحصیل	تعداد درختان	آمدنی مالک	سابق اوسط آمدنی راج	کیفیت
روپباس	۳۵۸	۲۹ (۱)	ندارد	(۱) یہہ آمدنی صرف ۵۹ درختان سے ہوئی ہے جو ایک گانوں مین واقع ہین -
اوچین	۱۳۷۹	۷۹۸	۰	
بیانہ (۱) قصبہ	۹۴۷	۸۰۰	۳۰	
" (۲) علاقہ	۱۶۱	۲۶۱	۰	
بساور	۹۳۲۹	۶۱۱۴	۱۹۰۳	
میزان	۱۲۱۷۴	۸۰۰۲	۰	

جو آمدنی زمینداران نے بیان کی اُسکا مقابلہ ملکیت درختان راج سے کیا گیا ہے پس تحصیل بیانہ مین ۱۴۱۷ درختان ملکیت راج کی اوسط آمدنی ۱۴۱ روپیہ یا ۱عہ فی درخت ہے -

جیساکہ فقرہ ۱۵۰ مین بیان کیا گیا ہے ہماری تجویز ہے کہ دیہات کی تشخیص مین ان وسائل

پس اوسط آمدنی سالانہ یافتنی راج اس ۱۰ بیگہ اراضی نہری پان سے ۵۵۴۳ روپیہ یعنی ۱۳ روپیہ
فی بیگہ بابت مالگذاری وابواب ولاگ بہوتڈ کے ہے اور علاوہ اسکے ۲۲۴۵ روپیہ بطور محصول
سائر راج مین داخل ہوتے ہین یعنی کل مطالبہ کی میزان ۹۹۱ ۸ روپیہ ہے مالکان اراضی کو
لاگ بہوتڈ کے نصف حصہ کی آمدنی ۲۰۵ روپیہ ہے اور علاوہ اسکے انکو پانی کے استعمال کا
معاوضہ بھی ملتا ہے اور یہ لوگ جن اراضی پر حق قدمی بھی پاتے ہین اور جب تک کہ زمین
زیر کاشت پان رہے اسکی بابت کچھ مالگذاری ادا نہین کرتے۔ اصل کاشتکار ان پان کو
راج کی جانب سے چند ایک رعایتین بھی ہین (۱) ہر بیگہ مین ۵ پالی محصول سے بری ہین
(۲) انکو خفیف رقوم بطور نذر کی جو دینی ہوتی ہین (۳) انکو ۳ فی پالی بابت ابتدائی اور ۱
فی پالی بابت حق مقدمی یعنی بطور فیس مقدمی کے ملتے ہین۔

اگرچہ اس جنس کا رقبہ محدود ہے مگر اس سے ریاست کو بہت آمدنی ہے اور اس
رقبہ کی توسیع کرنیکے لئے لوگون کو ترغیب وتحریص دلانا چاہیئے۔ اسکا بہترین طریق یہ ہے
کہ لاگ بہوتڈ جیسا کہ پیشتر تجویز ہو چکا ہے معاف کیا جائے اور بجائے چند خفیف ابواب کے
جو اسوقت عائد ہین معمولی لاگ ۱ پیسہ فی روپیہ والی اور تین پیسہ فی روپیہ لوکل ریٹ قائم کیا جاوین
یہ ابواب مالگذاری پر صرف بحساب ۶ فیصدی ہونگی اور موجودہ ابواب کی تعداد ۲۰ روپیہ
فیصدی سے بھی زائد ہے۔ موجودہ لاگ ایسے کہ کاشتکارون کو سخت معلوم ہوتے ہین لیکن انکا
بہت کم نام و باقی رہتا ہے۔ یہ لاگ ایسے ہی مختلف دیہات مین مختلف شرح سے وصول
کیجاتی ہین اور محصول اور حساب کے طریق بالضرورت پیچیدہ ہین اگر یہ لاگ معاف ہو جاوین
تو زر مالگذاری اور محصول سائر شرح موجودہ سے بدستور بحال رہیگا۔ اور علیحدہ ازحق قدمی بھی مثل
سابق جاری رہیگی۔

(۴) پانی . . . . عہ؍

(۵) لاگ پہوٹہ . . . . . . ۱۵؍ { نصف راج سال اول . . . . ۷؍ ، نصف زمیندار سال دوم . . . . ۸؍ }

(۶) لگان راج . . . . . . ۱؍عہ { سال اول . . . . . . ۱۱؍ ، سال دوم . . . . ۱۵؍ ، میزان کل . . . . للعہ۱؍ }

جو کل راج مین جاتا ہے . . . . . .

یا ۵۱۳ روپیہ فی بیگہہ ہے اس مین تہہرون کی بیرونی دیوار کی لاگت اور مزدورون کی مزدوری شامل نہین ہے ان اخراجات مین سے خرچ نمبر ۴ یعنی کوئین سے حوض کو بہرنے کا خرچ مالک کو ملتا ہی جسکو نصف لاگ پہوٹا ہی بتاتا ہے اسکی نسبت یہہ بیان کیا جاتا ہی کہ یہ لاگ لکڑیونکی مفت دینی کی صلہ مین ادا کیا جاتا ہے اور چونکہ اب پان کے کاشتکاران لکڑی خود خریدتے ہین یہہ لاگ جسکے بحال رکہنے یا نہ رکہنے کے بارہ مین دربار نے ہمسے ۱۸۹۷ء مین استمزاج کیا تہا اب معاف کردینا چاہیئے۔ ان دیہات کا پان مشہور ہے اور جے پور۔ آگرہ۔ اور دہلی وغیرہ کو جاتا ہے۔ پتے تین ماہ تک تازہ رہتے ہین اگر انکو چونے۔ کتھے اور الایچی اور بڑہیا کی سپاری کے ساتہ ملاکر کہایا جائے تو خاصہ لذیذ ہوتا ہے جسے سب ہندوستانی پسند کرتے ہین۔

نقشہ ذیل مین کل رقبہ بریجہ اور رقبہ زیر پان اور لگان یا قیمتی راج و زمینداران درج کی جاتی ہین۔

نام موضع	رقبہ بریجہ		رقبہ جو سنہ ۱۸۹۸-۹۹ء مین زیر پان ہے		اوسط ۹ سالہ		اوسط آمدنی راج از اراضی				محصول [illegible]
	بیگہہ	[illegible]	بیگہہ	[illegible]	بیگہہ	[illegible]	مال	سوائی	[illegible]	میزان	
کہریرہ	۶۵	۱۳۰	۲۸	۴۹	۳۲	۸۵۸	۱۱۸۱	۲۴۵	۲۱۵	۱۶۴۱	۴۲۵۲
باگریت	۴۰	۸۰	۱۹	۳۲	۱۷	۴۵۳	۴۸۲	۱۱۱	۵۷	۶۵۰	
کہنگرا	۳۰	۴۱	۱۱	۲۷	۱۱	۳۳۱	۲۶۱	۶۵	۴۰	۳۶۶	
امرنڈ	۶۷	۱۱۲	۱۹	۳۰	۱۸	-	۴۶۱	۱۲۰	۱۹۸	۷۷۹	۱۱۷۰
بہاگورا	۸	۱۷	۱	۲	۲	-	۱۷	۴	۱۲	۳۳	
میزان	۲۱۰	۳۸۰	۷۸	۱۴۰	۸۰	-	۲۴۰۲	۵۴۵	۵۲۲	۳۴۶۹	۵۴۲۲

ایک فٹ بلند ہوجاتی ہے اور پھر اسکو اکھاڑ کر کسی اور جگہہ لگایا جاتا ہے اور پانی دیا جاتا ہے
اور آیندہ آٹھہ سالون مین ایک اور فٹ بڑہ جاتی ہے یہہ پودا ۴۰ سے ۵۰ سال تک رہتا ہی
ہے اگر اسے اچھی طرح سے کترا جائے کہات ڈالا جائے اور پانی دیا جائے تو ایک سال مین
اسکی دو پتون کی فصلین ہوتی ہین مہندی کے پتون کو اگر پانی مین بہاگو کر ہاتھون اور چہرہ پر لگایا
جاوے تو ایک خاص قسم کا حنائی رنگ نکلتا ہے جو ہندوونکی شادی کے موقعون عام ہے
استعمال ہوتا ہے مہندی دوائی کے کام مین بہی آتی ہے پیداوار فی بگیہہ ایک سے
دو من تک ہے۔

پان کی کاشت راج کے لئے ایک بڑی مالگذاری کا ذریعہ ہے۔ اسکے لئے زمین عمدہ اور
پانی شیرین اور آندہی اور غایت گرمی یا سردی سے حفاظت درکار ہے۔ پس عموماً اسکی کاشت
پہاڑونکی اوٹ مین ہوتی ہے پان کے کاشتکاران تنبولی کے نام سے مشہور ہین یہ لوگ
مالکان اراضی نہین ہوتے لیکن انکو حق حاصل ہے کہ جو اراضی واسطے کاشت پان کے
پسند کرین اوس مین پان کاشت کرین بشرطیکہ مالکان آراضی اور راج کی مقررہ لگان وغیرہ
ادا کرتے رہین اور جو پان خواہ ریاست کے اندر یا باہر فروخت ہو اوس پر بحساب فی من محصول
ادا کرین۔

پان کی کاشت کرنے مین پہلا کام یہہ ہے۔ کہ شیرین کنوئین کے متصل مناسب جگہہ تجویز
کی جاوے اور ۸ سے ۱۰ فٹ بلند ۲۰۰ فٹ لمبا اور ۸۰ فٹ چوڑا مستطیل احاطہ بنا کر اسکے اوپر
سرکنڈون کا چھپر ڈالدیا جاوے۔ اسکو بریجہ بولتے ہین اُس مین بانس یا ڈہاک یا دیگر لکڑی کی لمبی
لمبی قطارین بنائی جاتی ہین جس پر پودہ آہستہ آہستہ بڑہتا ہے یہ قطارین متوازی ہوتی ہین ایک
دوسری کا فاصلہ ڈیڑہ فٹ ہوتا ہے دوسری قطار دنکو پالی بولتے ہین اور ہر بریجہ مین ۲۰ سے

ربیع کے کھیت کاٹے جا چکے تھے اور جا بجا کھیتوں میں بکو بالکل گھاس پات نظر نہیں
آیا اور تحصیلات جنوبی میں کم زرگر تمام جا بجا کی اراضیات میں ایسا گھاس پات کثرت سے پایا جاتا تھا
اس طرح گھاس کا نہ پایا جانا دو آبہ کے صاف زمین میں غیر بارانی کی ہی وجہ ہے۔ اور نیز
اس کے کاشت بارانی حد سے بڑھی ہے لیکن اب کما حقہ خصوصاً باجرہ اور کپاس میں زیادہ
ڈالا جاتا ہے ربیع بارانی اجناس چنا اور سرسوں کم بوئی جاتی ہیں کیونکہ موسم سرما کی بارشوں کا
کم ہونا سبب ہے اسی وجہ سے خریف کی اجناس زیادہ مخصوص تر کی جاتی ہیں۔ پہاڑوں کے
نکاس کے پانی کو پہاڑی دیہات میں ذریعہ بندات روک لیا جاتا ہے لیکن اس سے ابھی تک نہ
ہوا کہ کھیتوں کی مینڈوں پر مثل پہاڑی موضع شاہ بنواب کے چھوٹے چھوٹے بند باندھ کر بہتا
پانی کے راستے کو مسدود کر کے زرخیز کرنے والی مٹی کے روکنے میں مدد اس سے زمین کی سطح ہموار اور زمین کی طاقت پیدا اور
ترقی ہوتی ہے جو ابھی تک خراب ہوتی ہے کہ پانی کی تیزی سطح کو کتر کر بہا لیجاتی ہے۔

دفعہ ۷۹- خاص اجناس زیرہ مہندی اور پان

خاص اجناس میں سے جو بوئی جاتی ہیں (۱) زیرہ جو عموماً کپاس کے بعد جہاں کہ پانی شیریں ہوتا ہے اور نیز جو
بیاڑہ اور بسا اوقات رہن میں بویا جاتا ہے (۲) مہندی جو بیانہ کے متعلق چند دیہات میں ہوتی ہے اور
(۳) پان کو جو بہت کامیابی کے ساتھ پانچ دیہات امر وہ - باگھور تحصیل
بسا ور وکھر رہی باگرین و ... غیر از تحصیل بیانہ میں کاشت ہوتا ہے ذکر کیا جاتا ہے
اور چونکہ ریاست میں صرف یہی علاقہ ہے جہاں کہ مہندی اور پان کی کاشت ہوتی ہے اسلئے
طریقہ کاشت وغیرہ بیان درج کیا جاتا ہے۔

مہندی - مہندی کا تخم دس دن تک پانی میں بھگویا جاتا ہے پھر عموماً کسی اور فصل کے ساتھ
کشادہ طور پر بویا جاتا ہے اور کھات ڈالا جاتا ہے دو سال میں مہندی کی جھاڑی تیار

نتیجہ یہہ ہے کہ ۱۸۹۸-۹۹ء میں ۸۲ فیصدی اجناس کو تحصیل روپیاس میں اور ۵۳ فیصدی اوچین میں اور ۴۴ فیصدی بیانہ میں اور ۷۰ فیصدی کو لبسا ور میں چاہات۔ انہار یا طغیانی سے کوئی مدد نہیں ملی اور یہہ بالکل بارانی کاشت ہوئیں۔ البتہ یہ اعداد ایک معمولی سال کے خیال نہیں کئے جا سکتے کیونکہ بارانی رقبہ سے زائد بارانی اجناس کی بیشی اس وجہ سے ہے کہ چاہی اور سیرابی اراضیات میں بارانی اجناس بوئی گئیں اگر چاہات میں پانی بکثرت ہوتا اور بندات پر ہوجاتے تو ان میں چاہی یا سیرابی اجناس کاشت ہوتیں ان اعداد سے یہہ ایک معمہ صاف طور پر حل ہوتا ہے کہ جسقدر بارش کم ہوتی ہے اسی قدر اجناس کا اسکے اوپر انحصار زیادہ ہوتا ہے کیونکہ بوجہ کمی بارش کے دیگر وسایل آب پاشی میں بھی کمی ہوجاتی ہے۔

دفعہ ۷۷۔ رقبہ دو فصلی نقشہ کے آخری خانہ سے پایا جاتا ہے کہ رقبہ دو فصلی کسقدر ہے۔ ایک ایسے معمولی سال میں بھی رقبہ جنسوار رقبہ مزروعہ سے تحصیل روپباس ۷ فیصدی اور اوچین میں ۸ فیصدی اور بیانہ میں ۱۳ فیصدی اور بلب گڈھ میں ۱۱ فیصدی بڑھ گیا۔ اس صورت میں یہہ علاقہ شمالی اور وسطی تحصیلات کی نسبت عمدہ ہے اور اس دلیل کا یہہ ثبوت ہے کہ چاہات عمدہ ہیں جن میں سے زیادہ تر چاہات کا پانی شیریں ہے زیادہ تر باجرہ اور جوار کے بعد چاہی اراضیات میں تو جو اور گیہوں اور بارانی اراضیات میں چنا ہوتا ہے اور بن کے بعد زیرہ بویا جاتا ہے۔

دفعہ ۷۸۔ طریقہ کاشت طریقہ کاشت وہی ہے جو سال گذشتہ کی رپورٹ میں بیان ہوچکا ہے اس علاقہ میں بہت سے زمینداران چاہی کاشت زیادہ کرتے ہیں جن میں کھاد بہت ڈالا جاتا ہے اور نلائی کی جاتی ہے اور کاشت عموماً تحصیلات شمالی اور وسطی کی چاہی اراضیات سے اچھی ہے جب کہ ہم ماہ مارچ میں بیانہ کے چاروں طرف دورہ کررہے تھے اُس وقت

رقبہ کہاتائی صرف تحصیل لساورین علیحدہ دکہایا گیا ہے اور اب اس مین کسی قدر کمی ہوگئی ہے۔

بندوبست سابق مین سیرابی اراضیات کی کوئی تفصیل نہ تہی جیسا کہ اب (۱) سیرابی حال جس مین امسال پانی آیا ہو (۲) سیرابی سابق جو گذشتہ پانچ سالون مین آب پاشی ہوئی ہو اور (۳) سیرابی بارشی کی جس کو پہاڑی نالون سے فائدہ پہونچا ہو تمیز ہے لیکن اگر ہم کل رقبہ کو باستثنای سیرابی بارشی کے جو در اصل بارانی کے تحت ہے مقابلہ کرین تو معلوم ہوتا ہی کہ (۱) تحصیل روپباس مین رقبہ سیرابی مین بہت بیشی ہوگئی ہے گو وہان بہت سا سیرابی رقبہ بوجہ اسکے کہ بارشین غیر مکتفی تہین اور بندات کی مرمت کی طرف عدم توجہی رہی۔ اب سیرابی سابقہ ہے (۲) تحصیل وچین مین واقعی طور پر بہت ہی بیشی ہوئی۔ کیونکہ اس تحصیل کو بہ نسبت دیگر تحصیلات کے آبپاشی کی کامون مین توسیع ہو جانے سے بہت فائدہ پہونچا ہے (۳) تحصیل بیانہ مین کچہ کمی ہوئی ہے اسکا سبب یہ ہے کہ باریٹہ بند سے ابہی تک پوری طور سے آبپاشی نہین ہوسکتی ہے اور پرانی بندات کی بہی ابہی تک سنہ ۱۸۹۸-۹۹ء مین مرمت نہین ہوئی تہی (۴) تحصیل لساورین بہی معقول بیشی ہوئی جس کی وجہ یہہ ہے کہ آبپاشی کے کامون مین بذریعہ تعمیرات جدید توسیع کی گئی مثلاً نہر پنہ والال پور بند۔ ہم نے بندوبست سابق سے مقابلہ کرنے کی غرض سے چاہی سیرابی کو شامل نہین کیا کیونکہ اسوقت یہہ رقبہ شامل چاہی کیا گیا تہا لیکن یہ دیکہنے کے لئے کہ طغیانی یا آب پاشی کے کامون سے کسقدر رقبہ کو فائدہ پہونچا ہے اس رقبہ کو شامل سیرابی کرنا چاہیے کیونکہ اس طرح اسکو بہت فائدہ پہونچتا ہے۔

رقبہ بارانی جملہ تحصیلات مین بہت بڑہ گیا ہے جسکا باعث یہ ہے کہ کچہ تو چاہی کم ہوگئی اور اور کچہ کاشت بڑہ گئی ہے اب پہلی ہی مرتبہ ہے کہ بارانی اور بہوڑ مین تمیز کی گئی ہے بارانی کاشت کل رقبہ کا ۴۰ فیصدی تحصیل روپباس مین اور ۳۶ فیصدی تحصیل وچین مین ۴۵ فیصدی تحصیل بیانہ مین اور ۶۱

کیا جاتا ہے ایسے علیحدہ پٹہ دیئے جانیوالے چکوک کا رقبہ حسب ذیل ہے۔

تحصیل	تعداد دیہات	رقبہ	کیفیت
روپباس	۹	۷۷۹۰	
اوچین	۱۰	۸۷۴۷	اسمین وہ اراضی شامل ہی جو جرائم پیشہ اشخاص کو دی گئی۔
بیانہ	۲	۱۶۵۰	اسمین ۵۰۰ بیگہ رقبہ منجملہ رقبہای سرکاری کے دیا گیا ہے۔
بساور	۱۴	۱۱۵۴۳	
میزان	۳۵	۲۹۸۵۰	

عموماً جملہ دیہات مین انتظام مکمل ہوگیا ہے اور پٹہ دارون کو خریف روان سے دخل مل گیا ہے چونکہ آغاز اچھا ہے یعنی سال حال کی بارش عمدہ ہے اسلئے ہم امید کرتے ہین کہ اس انتظام سے کاشت مین جلد ترقی ہوگی اور اس سے ان دیہات کی زمین دارونکو بھی حوصلہ پیدا ہوگا۔ جنھون نے کسی باعث سے اب تک اراضی ممکن الزراعت سے فائدہ نہین اوٹھایا تحصیل بیانہ مین رقبہ ممکن الزراعت عموماً ناقص ہے اس لئے وہان تھوڑے چک تراشے گئے ہین۔

دفعہ ۷۵ مزروعہ سابق وحال بہ تفصیل اقسام

نقشہ ذیل سے رقبہ مزروعہ بندوبست سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء و حال سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء ظاہر ہوتا ہے۔

(نقشہ صفحہ ۱۴۴ پر درج ہے)

نام تحصیل	رقبہ	فیصدی
روپباس	۶۳۴۴۱	۶۷
اوچین	۹۰۳۲۲	۴۹
بیانہ	۸۰۰۱۶	۹۰
ولر	۵۱۶۰۰	۴۱
بلب گڈہ	۴۰۹۱	۲۳

اس مین سے فی الحال یہ توقع نہیں اس انتظام کے جو منظور ہوا ہے وہ وارث لیوات کے بارے مین
کیا گیا ہے جلد کاشت ہو جائیگا لیکن اسکو بھی شاید کر سکا ذرا بہت سے رقبہ کا چرائی کی غرض سے
کالی ڈالکر کے بھی بہت سے دیہات مین ابھی تک بہت سا فیصد رقبہ کم از ازالہ پڑا ہوا ہے
جس کا فائدہ کوئی خاص انتظام نہ ہو ممکن نہین کا اس سے کچھ فائدہ ہو سکے۔ ایسے حالات
مین ہمنے ان اصولون کی پیروی کی ہے جو تحصیل بہت پہلے کے انجنیر کو ضرورت کیے اور کیلئے
سال گذشتہ مین منظور ہوئی تھی اور چرائی خیر کیلئے کافی تعداد رقبہ کی چھوڑکر کل دیہات مین زائد
بنجر کے پاک کاشت ہونے مین یہہ پیک نرم شرح پر کاشت کے لئے دیئے ہین یہ شرحیں جات
تحصیل اولی تادہ حالات مختلف ہین لیکن بطور قاعدہ حسب ذیل ہین۔

سال اول ۰ فی بیگہ ‖ سال سوئم ۴ فی بیگہ
سال دوئم ۲ ‖ سال چہارم ۱۰ یا ۱۲ آنہ تا نصف بندوبست

جہان کہ زمینداران یہہ ثابت کر سکتے ہین کہ ہم ان شرح جات پر بنجر توڑ کر سکتے ہین انکو پٹہ دینے مین
ترجیح دیجاتی ہے جہان کہ وہ واسطے غریب یا کمزور یا کاہل ہین کہ یہہ ذمہ داری نہین اوٹھا سکتے۔
وہان اگر ملحقہ دیہات کے زمینداران ایسی ذمہ داری اوٹھا سکین تو انکو پٹہ جات دئے جاتے ہین
اور جہان کہ یہ لوگ بھی نہ مل سکین تو علاقہ انگریزی یا ریاست ملحقہ کے کاشتکاران کے ساتھ ایسا

روپیاس اور اوچین مین بکثرت اور تحصیل بیانہ مین متوسط اور تحصیل بساور مین قابل لحاظ ہے تشخیص کی اغراض کے لئے خالص بیشی دریافت کرنے کے واسطے ہم کو معافی منضبطہ کا رقبہ منہا کر دینا چاہیئے چنانچہ نقشہ ذیل مین ایسا کیا گیا ہے

تحصیل	کل رقبہ مزروعہ	منہائی بوجہ معافی منضبطہ	[illegible]	خالص بیشی	فیصدی
روپباس	۳۱۵۰۴	۱۲۰	۰	۳۱۳۹۴	۶۱
اوچین	۲۰۶۱۲	۲۴۹۱	۱۴۷۱	۱۹۵۹۲	۱۹
بیانہ	۷۴۹۹	۴۵۶	۰	۷۰۴۳	۵
بساور	۳۷۸۲	۸۸۵	۱۶۳	۳۱۲۰	۲
بلبگڈھ	۱۱۵۹	۳۶	۰	۱۱۲۳	۶

یہ رقبہ مزروعہ وہ ہے جو سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء مین دراصل کاشت ہوا تھا یہ کم از کم بلحاظ کاشت ربیعہ اوسط سے بجائے زیادہ ہونے کے کم ہے اور اسلئے اسکو بالا اندیشہ کسی مغالطہ کے بنای حساب قرار دیا جاسکتا ہے اگر ہم سال گذشتہ یعنی سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹ء کا رقبہ کاشت لیوین تو اوس سے بساور وبلبگڈھ مین تھوڑی سی بیشی پائی جاتی ہے اور تحصیل بیانہ مین بدستور ہے اور تحصیل روپباس مین کسی قدر قریب ایک ہزار کے کم ہوگیا ہے لیکن تحصیل اوچین مین بہت بڑھ گیا ہے یعنی قریب آٹھ ہزار بیگھہ لیکن یہہ غایت حد تک ہے اور اسپر لحاظ نہین ہونا چاہیئے۔

دفعہ ۴۲ - رقبہ ممکن الزراعت کا بغرض کاشت پٹے دیا جانا

نقشہ ذیل سے واضح ہوتا ہے کہ ہر ایک تحصیل مین رقبہ ممکن الزراعت یعنی بنجر وافتادہ بہت زیادہ ہے

مگر تشخیص جدید کے حساب مین ان امورات کا لحاظ ہے گا صحت پیمایش کی وجہ سے رقبہ کے
کم ہو جانے اور معافیات کی تغیرات کی وجہ سے خالصہ رقبہ مین کمی و بیشی بہت ہو رہی ہے۔
خالصہ کے اقسام حسب ذیل ہین۔ اول ملکیت لج جو بجز دو اقسام پر منقسم ہے۔ رونداے
سرکاری۔ دیگر یعنی سڑک باغات وغیرہ تحصیل ارجن و بیانہ مین روند کے رقبہ کے کچھ حصہ
کا پٹہ بغرض کاشت دیا گیا ہے (۱) ابھی تک حقوق ملکیت عطا نہین ہوئی اسلئے دو بہ ستہ
ملکیت راج دکہایا گیا ہے رقبہ غیر ممکن ورزاعت پہاڑون کے تحت دکہایا گیا ہے جسکا رقبہ
صحت آمد راج اقسام کی وجہ سے کسیقدر بڑھ گیا ہے اور دیگر غیر ممکن یعنی تالاب یا پتھریلی بنجر
ندی۔ نالہ۔ سڑک۔ تالاب وغیرہ کے تحت مین دکہایا گیا ہے تحصیلات اوجین و روپباس مین
رقبہ دیگر غیر ممکن کی کمی پائی جاتی ہے لیکن تحصیل بیانہ مین یہ رقبہ بہت زیادہ ہو گیا ہے جسکی وجہ یہ ہے
کہ بندوبست گذشتہ مین بہت سی آراضی کو جو اب بالکل ناقابل کاشت ہے قابل زراعت
درج کر دیا گیا تھا قابل زراعت یعنی بنجر جدید ہر ایک تحصیل مین سوائے تحصیل لساور کے تھوڑا یا
بہت بڑھ گیا ہے جسکا باعث یہ ہے کہ بہت سا رقبہ افتادہ و بنجر جدید بندوبست سابق جو بعد بندوبست
کاشت نہین ہوا رقبہ ممکن الزراعت مین شامل کر دیا گیا ہے موجودہ اقسام اراضی مین یہ امر
بہت حیرت انگیز ہے کہ رقبہ افتادہ جدید بہت کم ہو گیا ہے۔ یہ امر ظاہر ہے کہ جو اراضیات پہلے
خواہ کسی وقت سے زیر کاشت تہین لیکن بندوبست مین کاشت نہ ہوئین انکو بندوبست
گذشتہ مین تحت بنجر جدید دکہایا گیا۔ ایسی اراضیات مین سے بہت سی تو تحصیلات اوجین
و روپباس مین مزروعہ مین شامل ہوئی ہین اور کچھ بنجر قدیم مین شامل رہی ہین صرف اسقدر ہی افتادہ
جدید دکہائی گئی ہے جو دراصل گذشتہ تین سالون مین کاشت نہین ہوئین۔

دفعہ ۳۷ گہاس و خالصہ بیشی مزروعہ | اخیر مین ہم مزروعہ کا ذکر کرتے ہین اسکی بیشی تحصیلات

تحصیل	تفصیل	کل رقبہ	معافی یا انعام [illegible]	معافی یا انعام [illegible]	خالصہ	ملکیت راج [illegible]	ملکیت راج [illegible]	غیر ممکن [illegible]	غیر ممکن [illegible]	ممکن	[illegible]	[illegible]
روپباس	سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء	۱۸۳۵۸۲	۵۸۸۲	۰	۱۷۷۷۰۰	۷۰۱۱	۰	۱۲۸۶۱	۱۱۰۹۴	۵۵۸۸۹	۳۹۳۰	۵۱۵۴۵
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸	۱۸۲۳۴۱	۵۷۱۹	۲۵۴۳	۱۷۶۶۲۲	۷۰۰۱	۳۸۹	۱۳۷۶۹	۹۲۷۳	۵۷۴۴۰	۵۷۰۱	۸۳۰۴۹
اوچین	سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء	۲۳۳۸۷۹	۳۱۲۶۸	۰	۲۰۲۶۱۱	۱۳۷۹	۸۶۱	۵۰۰۱	۱۵۳۲۲	۲۷۷۷۳	۴۹۲۹۴	۱۰۲۹۳۱
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۲۳۲۹۹۹	۲۹۳۷۷	۱۹۹۰۷	۲۰۳۶۲۲	۱۶۲۲	۱۰۱۸	۶۸۲۴	۱۰۲۳۳	۵۳۶۰۹	۶۷۱۳	۱۲۲۵۹۳
بیاتہ	سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء	۵۰۲۵۷۲	۳۰۹۶۷	۰	۴۷۱۶۰۵	۳۵۰	۱۷۸۶	۱۴۸۰۴۵	۴۳۹۹۸	۸۰۷۳۲	۴۲۱۳۳	۱۳۴۵۶۱
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۵۰۱۱۳۳	۳۰۶۷۱	۱۹۶۰۶	۴۷۰۴۳۲	۲۹۰	۲۴۰۱	۱۵۲۳۹۶	۸۶۵۹۷	۷۵۱۸۴	۱۱۵۳۳	۱۴۲۰۶۰
بساور	سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء	۳۳۷۱۰۳	۲۱۳۹۸	۱۴۸۶۹	۳۱۵۷۰۵	۴۴۵۸	۲۶۵	۳۴۵۹		۲۵۸۲۳	۲۴۵۱۰۴	۱۶۶۵۹۶
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۳۳۵۹۴	۲۰۶۳۶	۱۵۲۴۱	۳۱۶۹۵۸	۴۴۵۸	۲۶۵	۳۸۸۷۰	۲۲۳۸۷	۴۸۱۱۸	۲۲۴۸۲	۱۷۰۳۶۸
بلب گڈھ	سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء	۳۷۸۱۶	۲۳۲۷	۱۰۲۵	۳۵۴۸۹	۰	۰	۸۱۷۹		۲۴۱۲	۵۱۵۸	۱۹۷۴۰
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۳۶۴۰۹	۲۰۱۰	۱۱۲۶	۳۴۳۹۹	۰	۰	۴۴۸۲	۴۲۲۶	۴۰۷۴	۷۱۷	۳۰۹۹

کل رقبہ مین سوائے جاگیر بلب گڈھ کے اور کہین بہی ا فیصدی تک تفاوت معلوم نہین ہوتا جیسا کہ رپورٹ ہاے سابقہ مین بیان ہو چکا ہے بندوبست سابق کے نقشہ جات کشتوار بدستور رکہے گئے ہین اور رقبونکی صحت کردی گئی۔ اور کہیوت ہاے وغیرہ کی تمام ترمیمات اب تک مکمل کردی گئی ہین۔ رقبہ معافی کی تمام تحصیلات مین قدرے کمی ہے لیکن جاگیر بلب گڈھ مین کمی بہت زیادہ ہے تحصیل اوچین مین بہی یہ کمی زیادہ پائی جاتی ہے مگر وہان بندوبست سابق مین ۱۹۲۵ بیگہہ اراضی غلطی سے خالصہ درج ہوگئی تہی جو اب شامل معافی کردی گئی ہے تحصیل لبساور مین موضع جہان پور جسکی جمع راج اور معافیداران کی باہم تقسیم ہوتی ہے سالم خالصہ دکہایا گیا ہے اور اسی طرح سے استمراری موضع جہالاتالا (دیکہو فقرہ - ۶۷) بہی شامل خالصہ رکہا گیا ہے

فائدہ تھا اور اُس مالک کو جو خود کاشت نہ کرتا ہو بجائے فائدہ کے اس سے نقصان تھا دفعہ ۳ زمیندار
اگرچہ غریب ہیں تاہم ایک دوسرے کو نقدی کی امداد دینے کی کوشش کرتے ہیں اور اکثر اس قابل
ہیں دفعہ ۴ یہاں اس امر کا بہت خیال ہے کہ کم از کم بذریعہ فروخت غیر اشخاص کے ہاتھ زمین منتقل
نہ ہو اور ریاست سے حال میں ایک حکم امتناعی جاری ہوا ہے کہ اراضیات کا انتقال غیر اشخاص
کے ہاتھ نہ ہو۔

دفعہ ۵ ضلع آگرہ کے ساتھ مقابلہ

جمع کی سنگینی اور انتظام مال کی سختی سے اگرچہ زمانہ سابق میں لوگوں کو سخت تکلیف پہونچی ہے لیکن ان سے لوگ
ساقط الملکیت ہونے جو منظور ہے ہیں ضلع آگرہ میں سابق بندوبست کے خاتمہ پر سنہ ۱۸۷۰ء میں
یہ معلوم ہوا تھا کہ ۴۱ فیصدی رقبہ ۲۰ فیصدی مہاجنی اور ۱۰ فیصدی مستقل طور پر ایسے اشخاص
کے سوا جنکے پاس بندوبست سابق میں آراضی تھی دیگر اشخاص کے نام منتقل ہو گیا تھا یعنی فی کروہ
یہ تھا چونکہ آیندہ جمع مناسب ہوگی اور انتظام مال اچھا ہوگا اسلئے بہتر ہوگا کہ زمیندار اپنے
ہمسایہ زمینداران ضلع آگرہ سے بھی اچھے رہینگے کیونکہ بحالت مجبوری وہ اپنی اراضیات پر زیادہ مستقلی
سے قابض رہے ہیں

دفعہ ۶ کمی بیشی رقبہ

نقشہ ذیل سے جو نقشہ نمبر ۱ سے اخذ کیا گیا ہے بندوبست
سابق و حال سنہ ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء کا کل رقبہ بتفصیل اقسام معافی غیر ممکن و ممکن الزراعت و مزروعہ واضح
ہوتا ہے۔

(نقشہ صفحہ ۱۴۹ پر درج ہے)

غیر کاشتکاران ہوا ہے کل زر رہن و ثمن کی تعداد ۶۳۰۰۰ روپیہ ہے اور اوسط فی بیگھہ مرہونہ ۴ روپیہ اور بیع شدہ ایک روپیہ ہے دس محالات مین بہ علت بقایا بحکم راج اور ۳۳ محالات مین بوجہ سنگینی جمع منجانب زمینداران کچھہ بسوات منتقل ہوئے اور ان انتقالات بالجبر مین اوسط زر ثمن وصول شدہ صرف ۱۲- فی بیگھہ تھا- یہ شرح بہت کم ہے- اس تحصیل مین رہن بہت کم ہے- وجہ یہہ ہے کہ جمع کی سنگینی اور زمینداران کی خستہ حالی اور لاوارث کھاتہ جات کے رقبہ کی کثیر التعداد ہونے سے زمین کے مالک بہت کم رہ گئے- جاگیر بلبگڈھ مین رقبہ مرہونہ صرف ۵ فیصدی ہے اور بیع دراصل کوئی نہین ہے-

دفعہ ۷- کل رقبہ منتقل شدہ - اس کل علاقہ مین اب تک بیع و رہن شدہ رقبہ حسب ذیل ہے

تفصیل	رہن		زر رہن	اوسط زر رہن فی بیگھہ	بیع		زر ثمن	اوسط زر ثمن فی بیگھہ
	کل رقبہ	رقبہ مزروعہ			کل رقبہ	رقبہ مزروعہ		
بدست زمینداران	۶۹۸۲۰	۴۵۰۳۹	روپیہ ۳۵۲۵۸۹	۸	۵۶۲۶۷	۳۱۷۸۶	۶۳۶۶۳	۲
بدست دیگر اشخاص	۱۵۵۲۹	۱۱۴۳۵	۹۴۴۴۹	۸	۹۹۴۹	۵۷۳۲	۱۳۰۷۴	۲
میزان	۸۵۳۴۹	۵۶۴۷۴	۴۴۷۰۳۸	۸	۶۰۲۱۶	۳۷۵۱۸	۷۶۷۳۷	۲

یا دیگر الفاظ مین یون کہا جا سکتا ہے کہ کلرقبہ کا ۷٫۵ فیصدی یا رقبہ مزروعہ کا ۱۰ فیصدی رہن ہوا اور اس مین سے قریب ۱/۴ غیر کاشتکاران کے ہاتھہ آیا اور کلرقبہ کا ۵٫۵ اور رقبہ مزروعہ کا ۷ فیصدی بیع ہوا جس مین سے قریب ۱/۲ غیر کاشتکاران نے خریدا- تعداد مجموعی رقبہ منتقل شدہ کے بمقابلہ کلرقبہ کے ۱/۲ ہے جس مین سے غیر کاشتکاران کے پاس صرف ۱/۵ اور ۱/۴ کے درمیان منتقل ہوا- رقبہ منتقل شدہ کے فیصدی نسبت تقریباً وہی ہے جو وسطی تحصیلات کی ہے لیکن غیر کاشتکاران نے ان تحصیلات مین بہت کم رقبہ لیا ہے اسکے کئی سبب ہین یعنی (۱) ان تحصیلات مین دولتمند ساہوکار بہت کم ہین (۲) اب تک لوگون کو زمین کی خواہش نہ تھی اور اسی مالکان خود کاشت کو بھی بہت کم

اس تفاوت کی وجہ یہ ہے کہ اراضیات کا بہ ناقص سالوں میں جمع کی سختی یا بقایا کی ادائیگی
کی وجہ سے عمل میں آیا اور مندرجہ ذیل دیہات میں کچھ حصص بحکم راج فروخت ہوئے۔
بانسی باگڑی نصف۔ بوکولی ۱/۲۔ ہنوان ۱/۲ الیوا ۱/۲ ننگہ گوجر ۳/۴ ملوا ۱/۴ ابراہیم پور ۱/۴ کمرپلودہ
۳/۴ کندن وارہ نصف۔ نیا گاؤن ۱/۴۔ لوہردہ ۱/۸۔

تحصیل ادبیپن میں کل رقبہ کا قریب ۱/۵ اور رقبہ مزروعہ کا ازماز ۱/۵ انتقال ہوا ہے یعنی ۱۰ فیصدی
بذریعہ رہن اور ۹ فیصدی بذریعہ بیع لیکن اس میں سے بدست اشخاص غیر حرفہ ۱/۴ حصہ انتقال
ہوا۔ کل زر رہن و ثمن کی تعداد قریب ۱۱۱۰۰۰ روپیہ یا ایک سال کی جمع کا ۱/۲ ہے اوسط شرح
فی بیگہ مرہونہ ۴ روپیہ اور بیع شدہ کم ہے بیع کی کم شرح ہونیکی وہی وجہ ہے جو کہ دیباس میں
ہے۔ اور مندرجہ ذیل دیہات میں کچھ حصص بحکم راج فروخت بھی ہوئے۔
کرائی ۱/۲ کنبیہ ۳/۴ گھلو ۱/۴ جبرا ۱/۸ ۔

تحصیل بیانہ میں رقبہ منتقل شدہ نسبتاً کم ہے یعنی کل رقبہ کا ۱/۴ اور رقبہ مزروعہ کا ۱/۸ اور اسکے
۱/۲ کا انتقال بدست غیر کاشتکاران ہوا ہے مزروعہ رقبہ مرہونہ کل رقبہ کا ۱۰ فیصدی اور بیع شدہ
۲.۵ فیصدی ہے کل زر رہن و ثمن کی تعداد ۲۱۰۰۰ روپیہ یا ایک سال کی جمع کے برابر ہے
اور چونکہ اس تحصیل کی زمین اعلیٰ درجہ کی ہے اسلئے شرح فی بیگہ مرہونہ بحساب کل رقبہ [illegible] ملے ر
اور بحساب رقبہ مزروعہ ۱۶ روپیہ آتی ہے لیکن شرح فی بیگہ بیع شدہ ۸ اراضیات کی بقایا یا لگذاری یا جمع
کی سختی کی وجہ سے صفر درجہ ہے۔ (دیکھو فقرہ ۴۵) اس تحصیل میں بحکم راج کوئی زیادہ
انتقالات نہیں ہوئے۔

تحصیل لباور میں دبا شمول جاگیر لیب گڈھ ۱۴ فیصدی یا کل رقبہ کا قریب ۱/۷ کے انتقال ہوا ہے
یعنی ۴ فیصدی بذریعہ رہن اور ۱۰ فیصدی بذریعہ بیع اور اسکی چوتھائی سے زائد کا انتقال بدست

اور نقشہ ذیل سے واضح ہوتا ہے کہ اب تک کل رقبہ و رقبہ مزروعہ منتقل شدہ کے قبضہ ہے اور اوسط شرح بذریعہ بیع و رہن فی بیگہ (۱) بدست زمینداران (۲) بدست غیر کاشتکاران کیا ہے۔

نام تحصیل	تفصیل	فیصدی مرہونہ			فیصدی بیع			کل بیع و رہن			کیفیت
		کل رقبہ	رقبہ مزروعہ	شرح فی بیگہ	کل رقبہ	رقبہ مزروعہ	شرح فی بیگہ	کل رقبہ	رقبہ مزروعہ	شرح فی بیگہ	
روپباس	بدست زمینداران	۱۴	۱۷	۳	۸	۹	۲	۲۲	۲۶		
	بدست دیگر	۲	۴	۸	۱	۱	۵	۳	۵		
	میزان	۱۶	۲۱	۴	۹	۱۰	۲	۲۵	۳۱		
اوچین	بدست زمینداران	۱۱	۱۲	۴	۸	۹	۱	۱۹	۲۱		
	بدست دیگر	۱	۱	۵	۰	۰	۰	۱	۱		
	میزان	۱۲	۱۳	۹	۸	۹	۲	۲۰	۲۲		
بیانہ	بدست زمینداران	۴	۸	۹	۱	۲	۲	۵	۱۰		
	بدست دیگر	۱	۲	۷	٫۵	٫۵	۱	۱٫۵	۲٫۵		
	میزان	۵	۱۰	۸	۱٫۵	۲٫۵	۳	۶٫۵	۱۲٫۵		
بساور	بدست زمینداران	۲	۳	۳	۸	۷	۱	۱۱۰	۱۰		
	بدست دیگر	۱	۱	۶	۲۰	۳	۱	۳	۴		
	میزان	۳	۴	۹	۱۰	۱۰	۲	۱۳	۱۴		
بلبگڑہ	بدست زمینداران	۱	۲	۷	۰	-	۰	۱	۲		
	بدست دیگر	۱	۲	۳	۰	-	-	۱	۲		
	میزان	۲	۴	۵	۰	۰	۰	۲	۴		

ان اعداد مین وہ محالات یا بسوات بھی شامل ہین جن کی سپردگی بحکم راج سال قحط مین یا اسکے بعد عمل مین آئی (دیکھو فقرہ ۵۴)

دفعہ ۶۹ - ان اعداد کی تفصیلوار شرح

منتقل شدہ رقبہ کی تعداد تحصیل روپباس مین سب سے زیادہ ہے جہان کہ کل رقبہ کا ۱/۴ اور رقبہ مزروعہ کا ۱/۳ انتقال ہوا یعنی ۲۱ فیصدی مزروعہ رقبہ رہن ہوا اور ۱۰ فیصدی بیع ہوا لیکن رقبہ مرہونہ کا صرف ۱/۵ اور رقبہ بیع شدہ کا ۱/۱۰ بدست غیر کاشتکاران انتقال ہوا۔ کل زر بیع و رہن کی تعداد ۴۷۰۰۰ روپیہ یا ڈیڑہ سال کی مال گذاری کے برابر ہے اور اوسط فی بیگہ مرہونہ ۴ روپیہ اور فی بیگہ بیع شدہ دو روپیہ

ہوتی کہ جیتنا خیال چارہ مویشی کا ہوتا ہے عموماً ان لوگون کے پاس نہ تو اپنے ہل ہوتے ہین اور نہ
ہلون کے بیل۔ اور مالکان سے ۱۲/ سے ایک روپیہ یومیہ تک کرایہ پر لیتے ہین جو لوگ ایسی غریب
ہین کہ یہ رقم ادا نہین کر سکتے وہ بیلچون سے زمین کی سطح کو تہوڑا تہوڑا کہود کر تخم اوسمین ڈالدیتے ہین
جس سے یہہ کہاوت بنی ہے کہ " زمین کو بیلچہ سے تہوڑا تہوڑا کہودو تو اس مین اچھی فصل ہوجاویگی "
شکم دریا کے کہاتی اراضیات سے کمینان دیہہ کے جنکے پاس کاشتکاری کے سامان نہین
ہوتے بہت سی غرض پوری ہوجاتی ہے ایسی اراضیات مین ہل چلانے کی کوئی ضرورت نہین
ہے لیکن اس مین بہت سا کہات اور پانی درکار ہے پس انکو صرف کہات لانیکے لئے ایک گدہے
اور گرٹہون سے جو ندی کی ریتیلی تہ مین کہودی جاتے ہین آب پاشی کرنیکے لئے گہڑے اور رسی کی ضرورت
ہوتی ہے کل مندرجہ بالا قسم کے مزارعان کا کاشت کردہ رقبہ حسب ذیل ہے۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	باور	بلب گڈہ
تعداد مزارعان	۷۳۱	۲۱۶۳	۲۸۳۵	۵۴۱۶	۶۲۲
رقبہ	۳۲۲۵	۸۳۳۵	۱۲۴۱۴	۲۷۲۰۱	۳۰۰۲

تحصیل باور مین جو اس قسم کے مزارعان کے پاس بہت سا رقبہ ہے اس سے صاف ظاہر
ہوتا ہے کہ زراعت خراب اور کمزور حالت مین ہے کیونکہ یہ مزارعان خشک سالی مین سب سے پہلے
کاشت ترک کرتے ہین۔

کاشت کی مستقلی کی آزمایش کرنیکا ایک طریق یہہ بہی ہے کہ دیکہا جاوے کہ کسقدر رقبہ بیرونی
کاشت کاران کے قبضہ مین ہے ایسی کاشت کو عموماً پاہی کاشت بولتے ہین اور یہ رقبہ حسب ذیل ہے

روپباس	اوچین	بیانہ	باور	بلب گڈہ
۱۰۷۳۵	۱۵۵۳	۲۰۱۴۸	۲۵۳۵۲	۳۲۸۲

تک ہے۔ سنہ ۹۸-۱۸۹۷ع مین اوسط رقبہ کاشت کردہ فی مالک پنجاب مین ۸- ایکڑ جمعی ۸- روپیہ تھا

دفعہ ۱۶۵ رقبہ کاشت کردہ منجانب مختلف اقسام مزارعان

رقبہ موروثیان تحصیل لبساور مین جہان کہ لوگ سنگینی جمع کے باعث دعوی موروثیت کرنے سے باز رہے ۲ فیصدی سے لے کر تحصیل بیانہ مین جہان کہ نہایت عمدہ چاہی اراضیات مین سے بہت سا رقبہ انکی کاشت مین ہے۔ ۱۰ فیصدی تک ہے۔ بندوبست حال سے پہلے حقوق مزارعان کے بارے مین کوئی تحقیقات نہین ہوئی۔ امثلہ جدید کی تیاری کے وقت رجسٹرہاے تنقیح حقوق مزارعان بنائی گئی تھے جن مین تمام ایسے دعوی درج کردئے گئے تھے اور اُن کا فیصلہ سرکل افسران نے بعد تحقیقات مکمل صادر کیا مقدمات منفصلہ تاحال کی تعداد تحصیل روپباس مین ۲۱۰ تحصیل اوچین ۴۴ ۸۲- بیانہ مین ۱۴۷ ولبساور مین ۷۰۰ ہے بہت سے مقدمات مین جہان کہ جمع سخت تھی یا مزارعان کم تھے مالکان اور لوگون کو اپنی ذمہ داری مین دل سے شامل کرنا چاہتے تھے وہان اونہون نے فوراً یہ حقوق تسلیم کرلئے لیکن جہان کہ زمین قیمتی تھی وہان مالکان نے سخت جھگڑے کئے۔ ایسے بہت سے مقدمات ہمارے علم مین آئے ہین جن مین بوقت تصدیق مالکان نے مزارعان کو ترغیب دی کہ وہ اپنے دعوی دائر کرنے یا انکی پیروی کرنے سے باز رہین اور انکی ساتھہ شرط یہ کی کہ انکی کاشت مین کسی طرح خلل انداز نہ کی جاوی گی اور لعدمین مزارعان نے کارروائی بیدخلی وغیرہ سے معلوم کرکے کہ یہ اونکو دھوکہ ہوا ہے درخواست دی ہے کہ ہمارے حقوق مقرر کردئے جاوین۔

رقبہ بلا لگان کی تعداد کسی تحصیل مین بھی ۳ فیصدی سے زیادہ نہین ہے۔ یہہ رقبہ عموماً دیہاتی خدمات کے صلہ مین برہمنون اور چوکیداران وغیرہ کو ملا ہوا ہے اور چونکہ اب مالکان کو یہہ بات معلوم ہوگئی ہے کہ انکو اختیار ہے کہ شامل جمع کرلین اسلئے اب اس رقبہ مین بہت کمی ہوجائیگی تحصیل لبساور مین پہرہ اور حفاظت کی خدمات کے صلہ مین ۱۴۱۵ بیگہہ رقبہ جمعی ۲۰۵۰ روپیہ ان چوکیداران کو ملا ہوا ہے

زیر کاشت شامل کر دی گئی ہے کیونکہ اس پر جمع تجویز ہوئی ہے لیکن تحصیل بیان مین موضع بارہ طہ جو جاگیر بلب گڈھ کا حصہ ہے معافی مین دکھایا گیا ہے۔

تفصیل	روپیاس رقبہ	روپیاس فیصدی	اوچین رقبہ	اوچین فیصدی	بیانہ رقبہ	بیانہ فیصدی	باور رقبہ	باور فیصدی	بلب گڈھ رقبہ	بلب گڈھ فیصدی
کل رقبہ مزروعہ	۸۳۰۴۹	۱۰۰	۱۲۲۵۹۳	۱۰۰	۱۴۲۰۶۰	۱۰۰	۱۶۰۳۴۸	۱۰۰	۲۰۸۹۹	۱۰۰
(۱) مالکان	۳۸۸۳۵	۴۷	۴۶۳۳۴	۳۸	۵۵۴۳۹	۳۹	۵۹۸۵۰	۳۷	۴۸۴۴	۲۳
(۲) مزارعان موروثی	۳۹۲۲	۵	۵۶۶۴	۴	۱۴۴۲۹	۱۰	۳۶۰۱	۲	۶۰۸	۳
(۳) مزارعان بلالگان	۱۷۰۵	۲	۲۲۹۶	۲	۴۸۹۴	۳	۵۴۴۹	۳	۲۷۸	۱
(۴) مزارعان شرح رعایتی	۱۵۹	-	۱۶۸۲	۱	۳۷۵	۰	۱۳	-	۰	۰
(۱) بشرح لگان جنسی	۰	۰	-	۰	۱۷۳	۰	۵۲۸	-	۰	۰
(۲) بشرح لگان ضبطی	۳	۰	۲۵۹۹	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰
(۳) بحساب لگان نقدی شرح دہا لباچہ	۱۲۷۱۶	۱۵	۲۶۷۲۸	۲۲	۱۲۷۷۱	۹	۱۵۳۲۰	۹	۱۲۸	۱
(۴) بشرح دیگر	۲۵۷۶۸	۳۱	۳۷۹۹۰	۳۱	۵۵۹۷۲	۳۹	۸۱۶۱۷	۴۹	۱۵۰۴۱	۷۲
کل لگان نقدی	۳۸۴۲۷	۴۶	۶۷۳۱۷	۵۵	۶۸۷۵۰	۴۸	۹۶۹۳۷	۵۸	۱۵۱۶۹	۷۳
تعداد مالکان جنمین غیر حاضران شامل نہین ہین	۳۲۲۹	۰	۴۵۳۳	-	۷۷۷۸	۰	۶۱۶۲	۰	۳۴۶۷	۰
تعداد کھاتہ ہای کھیوٹ مالکان	۶۷۲	-	۱۳۵۹	۰	۲۱۷۳	-	۲۴۲۲	۰	۱۵۲	۰

تفصیل	روپیاس رقبہ	روپیاس [illegible]	اوچین رقبہ	اوچین [illegible]	بیانہ رقبہ	بیانہ [illegible]	باور رقبہ	باور [illegible]	بلب گڈھ رقبہ	بلب گڈھ [illegible]
اوسط رقبہ مزروعہ										
(۱) بحساب فی کھاتہ	۱۲۴	۰	۸۲	۰	۶۱	۰	۷۰	۰	۱۳۷	۰
(۲) بحساب فی مالک	۲۶	۲۲	۲۷	۸۸	۱۸	۲۷	۲۸	۳۸	۴۵	۷۱
(۳) بحساب فی مزارعہ موروثی	۱۲	۰	۸	۰	۸	۰	۵	۰	۴	۰
(۴) بحساب فی مزارعہ غیر موروثی	۱۳	۰	۹	۰	۷	-	۶	-	۹	۰

کرتے ہیں سب سے بڑی بڑی محالات میں جو برائے نام مشترک میں تقسیم ہو جانے سے بہت خوش اسلوبی ہو جاویگی اور اس بارہ میں جہانتک کہ جلد ممکن ہے انتظام کیا جائیگا۔

دفعہ ۶۲ مقدار محالات اوسط موجودہ مطالبہ فی محال تحصیل روپاس میں ۱۴۲۵ روپیہ تحصیل اوچین میں ۱۹۴۰ روپیہ از تحصیل بیانہ میں ۱۳۱۳ اور بساور میں ۱۰۵۰ روپیہ ہے اور نئی جمع کی اوسط معلوم کرنے کی غرض سے اعداد کو جدید مطالبہ کے تناسب کے لحاظ سے تحصیلوار تبدیل کرنا چاہیئے چھوٹے اور بڑے محالات کی باہمی نسبت نقشہ ذیل سے واضح ہوگی۔

تفصیل	روپاس	اوچین	بیانہ	بساور	میزان
محالات جمعی ۵۰۰ یا کم	۱۱	۹	۳۸	۲۲	۸۰
ایضاً ایضاً ۵۰۰ تا ۱۰۰۰	۱۸	۱۴	۵۰	۲۱	۱۱۳
ایضاً ایضاً ۱۰۰۰ تا ۳۰۰۰	۲۸	۵۱	۵۴	۷۸	۲۱۱
ایضاً ایضاً ۳۰۰۰ تا ۵۰۰۰	۵	۱۰	۱۰	۱۸	۴۳
ایضاً ایضاً زائد کے	۱	۵	۵	۸	۱۹
میزان	۶۳	۸۹	۱۵۷	۱۴۷	۴۶۶

اس نقشہ سے واضح ہوتا ہے کہ اس علاقہ میں محالات اوسط مقدار کے ہیں کسی محال کی جمع ۱۰۰۰۰ یا زائد از دس ہزار نہیں ہے سب سے بڑی جمع کے محالات تحصیل روپاس میں خانوجمعی ۲۰۵۰ روپیہ اوچین میں کچھ چیتی ۵۹۹۵ روپیہ اور پنگور اجمعی ۶۰۰۰ روپیہ اور بیانہ میں قصبہ بیانہ جمعی ۴۸۱۲ اور سنگھارہ جمعی ۵۲۰۰ روپیہ اور تحصیل بساور میں قصبہ بساور جمعی ۹۵۰۰ اور سرسینہ جمعی ۷۴۰۰ روپیہ ہیں۔

دفعہ ۶۳ قبضہ کاشت نقشہ ذیل سے جو نقشہ نمبر ۵ سے اخذ کیا گیا ہے حال قبضہ کاشت فصل ۱۹۹۰-۹۹ معلوم ہوتا ہے اور اس میں اور نیز اگلے نقشہ میں جہاں کہ صراحتاً برخلاف بیان نہ کیا گیا ہو رقبہ معافی شامل نہیں ہے تحصیل بساور میں ہم نے تحصیل ملیب گڈھ کو الگ دکھایا ہے اور ملکیت راج

اور غیر آباد ہو گئے الیسی تفریق کو مناسب خیال کرنے کی غرض سے فرض کرنا پڑتا ہے کہ (۱) ابتدائے تقسیم اراضی حصص وار برابر اور مناسب تھی لیکن بہت سے پور ہین بالکل اس کے برخلاف ہے زبردست زمینداران نے عمدہ اراضیات اور چاہات پر تقسیم سے پہلے قبضہ کرلیا اور تقسیم ہونے پر انکو اپنے قبضہ مین رکہا۔ (۲) بعد تقسیم کہاتہ جات کے حیثیت ادائے مال گذاری مین کوئی بہاری تبدیلی واقع نہین ہوئی لیکن اس قطعہ مین جہان ندیونکی برو برامد زیادہ ہے اور چاہات پر انحصار ہے کئی سالون تک حالت یکسان نہین رہ سکتی ایک حصہ دار کا کنوان تلخ ہے یا وہ خشک ہو جاتا یا گرجاتا ہے اور وہ حصہ دار اس قابل نہین ہے کہ اسکی مرمت کرسکے یا ندی یا گنگا کی طغیانی کی وجہ سے اسکی زمین ریت مار ہوکر افتادہ ہو جاتی ہے اور پہر بہی انکو وہی جمع ادا کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے جو دوسرا حصہ دار دیتا ہے جسکو ایسے نقصانون مین سے کسی کا خطرہ نہین ہے کوئی تعجب نہین ہے کہ بہت سی مفروریان اس تاریک قاعدہ کی وجہ سے ہوئین کیونکہ بہت سے حصہ داران کو صریح نقصان اوٹہانا پڑتا ہے۔ اصل بات یہہ ہے کہ تشخیص ہائے سابق مین تفریق مال گذاری کی طرف راج کی کوئی توجہ مبذول نہین ہوئی۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ یہہ انتظام لوگون پر چہوڑ دیا گیا تہا جو عملی طور پر انکی طرف سے پٹواریان بہ امداد ایک یا دو سرکردہ نمبرداران کے کرتے تہے جنکو اپنی جیب بہرنے سے کام تہا۔ اب لوگون کو اس خراب پرانے طریقہ کی سمجہہ آگئی ہے اور لاوارث لبوات کے انتظام کے وقت پہلا سوال یہہ کیا جاتا ہے کہ آیا جدید جمع کی تفریق بہ طریق سابق حصص وار ہوگی (اس صورت مین کوئی شخص منظور نہین کرتا) یا بہ لحاظ حیثیت اراضی قسم وار تفریق ہوگی۔ جب کہ انکو اس امر کا یقین دلا دیا جاتا ہے تو وہ عموماً بخوشی ذمہ واری اختیار کر لیتے ہین۔ محالات مشترک مین بہی حصہ داران جداگانہ قبضہ کے لحاظ سے قسم وار جمع ادا کرنیکی خواہش مند ہین البتہ ایسی صورتون مین تقسیم محالات مناسب ہے لیکن وہ اب تک تقسیم کرانیسے بوجہ سختی رسوم زیر باری تقسیم کی سخت تکلیف اور توقف کے اجتناب

خام محالات کا جو اوپر دکھائے گئے ہین انتظام اسوقت تک نہین ہوا تھا جب کہ الف تیار ہوئی تھی۔ تحصیل بساور مین بہ ملکیت راج (۱) محالات بلب گڈہ جو دراصل جاگیردار کی ملکیت ہین (۲) قصبہ دیر کی سیر جس کا پٹہ کاشتکارون کو تا میعاد بندوبست دیا جائیگا (۳) موضع ننگلیان سنگھ جو کاشت کے لئے دیدیا گیا ہے اور (۴) روندجیو شامل ہین دو ثلث محالات کم از کم قیاسی طور پر حصص دار ہین ۱/۵ محالات واحد یا کئی مشترک مالکان کے قبضہ مین ہین صرف ۱/۵ حصہ محالات کے جداگانہ قبضہ دار مالکان کے پاس ہین۔ نوعیت مواضعات کے سوال کو اگر طریقہ تفریق مالگذاری کے ساتھ ملاکر سوچا جاوے تو عمدہ طور پر سمجھہ مین آجاویگا یعنی

نمبر	تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	میزان
۱	بروے حصص	۴۳	۴۴	۱۰۶	۱۰۱	۲۹۴
۲	بروی مجموع شخصہ بندوبستی اراضی	۴	۰	۱۳	۳	۲۰
۳	بروی سالانہ شرح اقسام اراضی	۱۶	۲۴	۲۹	۱۹	۹۷
۴	بروے پٹہ سرسری	۱۰	۹	۱	۱۰	۳۰
۵	ٹیکورہ یعنی رقم بالمقطع	۰	۰	۲	۵	۷
۶	معافی یا انعام ملکیت راج	۵	۹	۱۷	۱۲	۴۳
۷	میزان	۷۹	۹۶	۱۶۹	۱۴۹	۴۹۱

پس صرف ۲۰ محالات مین کھاتہ وار مقررہ کمیوٹ ہے اور ۲/۳ محالات مین جمع بروے حصص ادا ہوتی ہے اور ۱/۶ مین بروے اقسام آراضی جو بہ لحاظ کاشت سالوار یا فصل وار مختلف ہوتی ہین اور باقی دیہات مین بروے رقوم بالمقطع یا بسرسری پٹہ کاشت ادا ہوتی ہے۔

دفعہ ۶۱ حصص وار تفریق کا یکساں نہ ہونا۔

ہمان کہ حقوق ملکیت حصص کی بنا پر ہین وہان حصص وار تفریق مال گذاری کا عام طریق اگرچہ بادی النظر مین مناسب معلوم ہوتا ہے مگر بالکل غیر محفوظ ہے اور اسکی وجہ سے بہت سے حصہ دار تباہ اور کھاتہ جات متروک۔

دفعہ ۱۰۔ نوعیت محالات اور طریق تفریق مالگذاری نقشہ ذیل سے تحصیلوار اقسام محالات بلحاظ نوعیت واضح ہوتے ہین۔

نام تحصیل	تفصیل	زمینداری		پٹی داری		بھیاچارہ		[illegible]	[illegible]	میزان	کیفیت
		خالص	بالاجمال	مکمل	غیر مکمل	مکمل	غیر مکمل				
روپباس	خالصہ	۳	۲۳½	۱	۳۴	۰	۱۰½	۱	½	۷۳½	
	معافی	۰	۲	۱	۱	۰	½	۰	۰	۴½	
	میزان	۳	۲۵½	۲	۳۵	۰	۱۱	۱	½	۷۸	
اوچین	خالصہ	۱	۱۶	۱۵	۴۳	۰	۸	۲	۴	۸۹	
	معافی	۰	۲	۰	۴	۰	۱	۰	۰	۷	
	میزان	۱	۱۸	۱۵	۴۷	۰	۹	۲	۴	۹۶	
بیانہ	خالصہ	۰	۳۰	۱۲	۸۲	۳	۲۳	۱	۱	۱۵۲	
	معافی	۰	۲	۲	۹	۰	۳	۰	۰	۱۶	
	میزان	۰	۳۲	۱۴	۹۱	۳	۲۶	۱	۱	۱۶۸	
بساور	خالصہ	۱	۲۰	۷	۱۰۲	۱	۵	۴	۰	۱۴۰	
	معافی	۰	۰	۰	۶	۰	۳	۰	۰	۹	
	میزان	۱	۲۰	۷	۱۰۸	۱	۸	۴	۰	۱۴۹	
	میزان کل	۵	۹۵½	۳۸	۲۸۱	۴	۵۴	۸	۵½	۴۹۱	

تب تحصیلوار آخری ترتیب حسب ذیل ہوگا						
نام تحصیل	روپباس	اوجین	بیانہ	بسامر	بلب گڑھ	میزان
کل بقایا از سنہ ۱۹۶۔۹۵ء تا سنہ ۱۹۰۔۱۹۹۵ء	۱۶۰۹۹	۱۶۲۱۹۹	۵۵۲۵	۲۱۴۴۵	۱۰۱۲۳	۹۲۲۱۳۹
قابل معافی	۱۳۰۹۹	۳۴۶۹۹	۵۰۲۵	۱۰۲۴۵	۶۶۲۳	۵۵۰۳۹
قابل وصول	۳۰۰۰۰	۲۴۵۰۰	۱۰۵۰۰	۴۰۰۰۰	۳۵۰۰	۱۱۹۵۰۰

کل تعداد جو قابل وصول تجویز کی گئی ہے بلحاظ گزشتہ تاریخ و موجودہ حالات و آئندہ تیع کے جو تجویز کی جاویگی بہت کافی ہے۔

باقی تحصیلات کے بارہ میں بقایا سنہ ۱۹۹۹۔۹۰ء کا سوال بذریعہ کتابت صاحب پولیٹکل ایجنٹ و کونسل طے کیا جاویگا۔

وصول ہوئی ۱۷۶۳۳۴۴۲ روپیہ یا ۷۸ فیصدی تہی اور ۲۱ فیصدی باقی رہی جس مین سے ۱۶٫۵ فیصدی یعنی ۳۷۰۲۱۱ روپیہ منجملہ رقم التوا شدہ کے تہی اور ۴٫۵ فیصدی یعنی ۱۰۰۴۱۶ اصل مطالبہ مین سے باقی رہ گئی۔

ان چار جنوبی تحصیلات مین ۱۲٫۵ فیصدی مطالبہ زیر التوا رکہا گیا۔ باقی ۸۷٫۵ فیصدی قابل وصول تہا اور مطالبہ وصول شدہ کی تعداد ۸۴٫۵ تہی باقی مطالبہ ۱۵٫۵ فیصدی بقایا رہا یعنی منجملہ فیصدی التوا کی جس مین سے کچھہ وصول کیا جانا ممکن اور قرین خواہش تہا۔ ۱۰٫۵ فیصدی اور منجملہ اصل مطالبہ کے ۵ فیصدی۔ اگر ان باقیات کا فیصلہ کر دیا جاوے تو اس سے بندوبست کی کارروائی مین بہت سہولیت ہو کر آیندہ کی تکلیف رفعہ ہو جائیگی اور حساب مین گڑبڑ نہ ہوگی۔ فقرہ۔ ۵۲ مین جو تجاویز کی گئی ہین اونکے ضمیمہ کے طور پر سنہ ۱۸۹۸-۹۹ء تک کی بقایا کی تصفیہ کی غرض سے اب ہماری تجویز ہے کہ سنہ ۱۸۹۹-۱۹۰۰ء کی بقایا کا ان تحصیلات مین اس طور پر فیصلہ کیا جاوے۔

نام تحصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	باور	بلب گڈھ	میزان
کل مطالبہ	۳۵۴۳۷	۲۳۳۹۲	۸۸۷۵	۵۷۲۹۱	۲۵۸۲	۱۲۷۵۷۷
قابل معافی	۲۵۴۳۷	۱۵۸۹۲	۶۳۷۵	۴۴۷۹۱	۱۵۸۲	۹۴۰۷۷
قابل وصول	۱۰۰۰۰	۷۵۰۰	۲۵۰۰	۱۲۵۰۰	۱۰۰۰	۳۳۵۰۰

پرگنہ	مطالبہ سال حال سرکاری	معافی	بقایا: کل	بقایا: مطالبہ ازمنہ سابقہ	بقایا: مطالبہ سال حال	وصول شدہ	بقایا: ازمنہ سابقہ	بقایا: سال حال	بقایا: میزان
روپباس	۱۱۹۲۷۲	۰	۱۱۹۲۷۲	۹۳۲۹	۱۰۹۹۴۳	۸۰۸۳۵	۹۲۲۸	۲۶۱۰۸	۳۵۳۳۷
اوجین	۱۹۳۸۴	۰	۱۹۳۹۴	۲۱۴۰۹	۱۴۸۷۷۵	۱۶۶۹۹۲	۲۱۶۹	۱۰۸۳	۳۳۲۹۲
سیانہ	۲۲۹۹۱۴	۰	۲۲۹۹۱۴	۱۳۰	۲۲۹۰۵۲	۲۲۱۱۰۹	۱۳۰	۸۶۴۵	۸۸۰۵
باور	۲۶۰۷۰۱	۰	۲۶۰۷۰۱	۶۶۶۷۵	۱۹۴۲۶	۲۰۳۴۰	۵۴۱۶۸	۳۱۱۳	۵۷۲۹۱
ملہب گڑھ	۳۳۹۳۲		۳۳۹۳۲	۵۴۱۳	۲۸۳۱۹	۳۱۳۵۰	۲۵۸۲	۰	۲۵۸۲
میزان جملہ تحصیلات	۸۳۱۲۶۳		۸۳۱۲۶۳	۱۰۳۳۵۰	۷۲۶۹۱۹	۷۰۳۶۹۹	۸۷۸۲۸	۳۹۷۴۹	۱۲۷۵۷۷
فیصدی	۱۰	۰	۱۰۰	۱۲/۵	۸۷/۵	۸۴/۵	۱۰/۵	۵	۱۵/۵
کہمیر	۱۶۶۹۶۵		۱۶۶۹۶۵	۴۸۳۵۳	۱۲۱۶۱۳	۱۲۹۱۴۳	۴۴۴۶۹	۱۰۴۴	۴۷۷۲۳
انکوگڑھ	۱۵۴۵۲۵	۰	۱۵۴۵۲۵	۲۷۱۲	۱۲۷۴۰۵	۱۲۱۸۴۸	۲۰۷۷	۲۹۰۷	۳۳۷۷۷
بھرت پور	۱۶۵۵۳۲	۰	۱۶۵۵۳۲	۲۷۵۹۲	۱۳۷۹۴۰	۱۴۷۰۲	۲۶۳۸۶	۱۸۴۳	۲۸۱۳
گگر	۳۱۶۴۱۵	۱۴۴۵۹	۳۰۱۹۵۶	۵۰۹۵۰	۲۴۹۰۰۶	۲۳۰۸۶۲	۵۰۲۹	۱۱۴۵۶	۴۲۹۵
بیارسی	۲۵۴۷۸۰	۲۹۰۹	۲۵۱۹۷۱	۶۹۵۸۴	۱۹۲۳۹۷	۲۰۵۴۳	۳۴۸۵۰	۱۲۰۴۱	۴۶۸۹۸
کانٹھ	۱۶۶۷۱۳	۴۴۴۰	۱۶۲۲۷۵	۴۵۳۹۷	۱۲۶۸۶۹	۱۰۶۱۶۲	۴۳۹۵۵	۲۲۱۴۹	۶۶۱۳
ڈیگ	۱۶۳۹۱۷	۱۲۳۴	۱۶۱۶۸۳	۵۹۲۷	۱۱۲۴۷۶	۱۰۳۲۴۸	۵۹۳۰۷	۹۲۲۸	۶۸۴۳۵
میزان باقی تحصیلات	۱۴۲۰۰۴۷	۲۳۹۴۸	۱۴۰۰۹۷	۳۲۶۲۱	۱۰۵۵۹۸	۱۵۹۰۴۸	۲۸۲۳۱۳	۲۶۴۴۷	۳۲۲۵
میزان کل ریاست	۲۲۵۹۰۱۹	۲۴۹۹۸	۲۲۳۴۰۲۱	۴۳۵۷۶	۱۸۳۵۴	۱۳۳۴۸	۳۷۲۱۱	۱۰۴۱۶	۴۷۶۲۷
فیصدی	۱۰۰	۱	۹۹	۱۹	۸۰	۷۸	۱۶/۵	۴/۵	۲۱

پس کل مطالبہ راج ۲۲۵۹۰۱۹ روپیہ ہے جس میں سے ایک فیصدی ۲۴۹۹۸ روپیہ تین تحصیلات میں بوجہ شرائط زردگی معاف ہوا۔ ۱۹ فیصدی یعنی ۴۳۵۷۶۲ روپیہ زیر التوا رکھا گیا۔
باقی مطالبہ ۸۰ فیصدی یعنی ۱۸۰۳۵۰۴ روپیہ رہا جو وصول ہونا چاہیے تھا مگر کل رقم جو دراصل

وقتاً فوقتاً کچھہ بارش ہونیکے باعث لوگون کی کھیتی باڑی کی طرف راغب ہونیکی وجہ سے پھر کچھہ کمی ہوگئی۔ بدقسمتی سے موسمی ہواؤن کے آنے مین دیر ہونے کی وجہ سے سختی زیادہ ہوگئی ہے قحط شہر بھرت پور خاص مین اور اوسکے اردگرد اور تحصیلات شمالی اور وسطی مین بہت زیادہ ہے ان چار تحصیلات مین بارش سال گذشتہ مین کچھہ اچھی ہوگئی تھی اور فصل خریف کی پیداوار ۱۶؍ سے ۱۲؍ تک تھی اور شیرین چاہات پر جو کل تعداد کا ¾ ہین فصل ربیع اچھی تھی۔

دفعہ ۵۹۔ (۱) سال گذشتہ کی وصولی اور تجاویز دربارہ بقایا۔ چنانچہ ان تحصیلات مین وصولی مالگذاری دیگر تحصیلات کی نسبت جیساکہ اعداد ذیل سے جو حال مین موصول ہوئے ظاہر ہوتا ہے بہت اچھی رہی ہے۔

سرکاری مردم شماری سے واضح ہوتا ہے کہ (۱) ۱۸۶۷؁ء اور ۱۸۸۱؁ء کے مابین ان تحصیلات
مین ۵/ ۲۲ فیصدی اور کلراج مین ۱۳ فیصدی آبادی کم ہوگئی (۲) ۱۸۸۱؁ء و ۱۸۹۱؁ء کے
درمیان ان تحصیلات مین قریب ۲ فیصدی اور ریاست مین کم از ایک فیصدی آبادی مین
اور کمی ہوگئی در اصل ان تحصیلات مین خشک سالی قحط وغیرہ کی وجہ سے غیر آبادی اغلبًا اسقدر
تھی جسقدر کہ دیگر تحصیلات مین تھی لیکن یہہ امر اسلئے پوشیدہ رہا کہ کئی دیہات تحصیل بھرت پور
سے اوچین کو اور اکھے گڈہ سے بساور کو منتقل ہوگئے بالکل صحیح مقابلہ اس طرح پر ہوسکتا ہی
کہ ہر ایک تحصیل مین موجودہ دیہات کی مردم شماری کے اعداد کو جمع کیا جاوے لیکن اسکے
لیئے مصالح دستیاب نہین ہوتا جو مردم شماری دوران بندوبست ۱۸۹۹؁ء مین ہوئی
اس سے پایا جاتا ہے کہ ان تحصیلات مین بمقابلہ ۱۸۹۱؁ء زائد از ۳۳ ہزار یا ۱۴ فیصدی
کی کمی ہوئی- اس سے لوگون کے عام شبہ کو تقویت پہونچتی ہے کہ ۱۸۹۱؁ء کی مردم شماری
کے اعداد (ہم نرم الفاظ مین استعمال کرتے ہین) اس غرض سے درست کردی گئی تھی کہ ان سے
آبادی کی کمی ظاہر نہ ہو- جب ۱۸۶۷؁ء کی مردم شماری ہوئی تھی تو اسوقت عرصہ دراز کی نابالغی
کے زمانہ کے عمدہ انتظام کی وجہ سے ریاست واقعی اعلیٰ درجہ کی مرفہ الحال تھی اور اسوقت
سے بعد مالی تاریخ پر سخت سے سخت نکتہ چینی یہی کہ باایں ہمہ کہ کاشتکاران محنتی تھے
اور بنجر رقبہ بکثرت تھا پھر بھی ان تحصیلات کی آبادی بجاے بڑہنے کے زائد از ۱/۴ حصہ کم ہوگئی
قبل اسکے کہ ہم اس آبادی کے مضمون کو ختم کرین یہہ کہنا چاہتے ہین کہ مردون کی تعداد
بہ نسبت عورتون کے بہت زیادہ ہے اور ۱۸۸۱؁ء و ۱۸۹۱؁ء کی مردم شماری کی درمیان فرق
متواتر رہا-

ان تحصیلات مین ہندوون کی آبادی بہت زیادہ ہے- ہندو ۹۳ فیصدی مسلمان ۵/ ۶

ذمہ واری قبول کرلی ہے۔

تحصیل لبا ورمین اون وجوہات سے جنکا پہلے ذکر ہوچکا ہے مالکان کی مفروری یا ان کی ذمہ واری سے انکاری ہونیکے باعث لبسوات یا کہاتہ جات کا متروک ہونا اس غائت حد تک پہونچ گیا تہا کہ تا وقتیکہ کوئی خاص انتظام نہ کیا جاتا یہہ خوف تہا کہ مبا دا کل تحصیل کو صدمہ پہونچے۔ خام دیہات اور سنگنی جمع کے باعث کثیر التعداد رقبہ کے منتقل ہوجانیکے علاوہ ۴۹ دیہات مین متروکہ کہاتہ جات یا بسوات کی تعداد ۲۲۱ تہی جن کا رقبہ ۱۹۰۰۵ بیگہہ اور جمع ۱۵۹۲۶ روپیہ تہی۔ ان مین سے ۸۰ فیصدی سنہ ۱۸۹۰ء کے بعد عموماً خشک سالی سنہ ۱۸۹۵-۹۶ء مین متروک ہوئی ایسے کہاتہ جات کا انتظام منجانب تحصیل بتوسل ٹپواری ہوتا تہا جو انکا پٹہ زمینداران دیہہ یا دیگر اشخاص کو حسب اقتضائے رائے خود کردیتا تہا۔ زمینداران اراضی کی کاشت کے شائق نہ تہے کیونکہ ایسا کرنے سے انکو ادیگی کل مطالبہ کا متحمل ہونا پڑتا تہا جو عموماً سخت تہا اور زمین کو غیر آباد کردینے کی صورت مین انکو مویشی چرانے کا فائدہ تہا اور کچہہ مطالبہ دینا نہین پڑتا تہا اس طرح کاشت رفتہ رفتہ کم ہوتی گئی اور بقایا یہ حساب جمع فرضی بڑہتی چلی گئی اور پہر دو وجوہات کے باعث کوئی شخص ان کہاتہ جات متروکہ کو لینے کی جرأت نہ کرسکا۔ اس مشکل امر کا مستعدی سے انتظام کرنا تشخیص جدید مین ضروری ابتدائی کام تہا پہر مقدمہ کی کارروائی منشی ہیرا سنگہہ ڈپٹی کلکٹر نے کی اور بایام دورہ بماہ نومبر گذشتہ ہم نے زمینداران کو طلب کرکے بندوبست سابق سے لیکر بقایا قابل وصول کی تعداد مقرر کردی جو کل بقایا کی تہائی یا چوتہائی تہی اور پہر اسطرح لوگون کو یقین دلا کر کہ آئندہ مطالبہ کی تفریق بلحاظ اقسام اراضی ہوگی حصص کے لحاظ سے نہین ہوگی انکو قبضہ لینے کی جرأت دلائی اور پہر مثلہ مقدمات بغرض تکمیل انتظام حوالہ ڈپٹی کلکٹر کردی گئین جس نے یہ انتظام ایسی کامیابی سے کیا کہ بہت سے مالکان

رقبہ کی تعداد ۲۴۲۷ ۵ بیگہہ ہے جسکی جمع ۲۲۸ ۴ روپیہ ہے کل بقایا یا تعدادی ۴۷۷ ۸ مین سے مناسب رقم کی وصولی کا انتظام ہر محال مین بذریعہ آسان اقساط کیا گیا ہے۔

تحصیل بیانہ مین فرسو کا بڑا محال جسکا رقبہ ۷۰۰۰ بیگہہ ہے اور جس کو ندی بان گنگا کی طغیانی سے نقصان پہونچا مسلمان مالکان کی درخواست پر ۱۸۵ا۱ء سے خام ہی اب محال کی حالت اچھی ہے لیکن پرانے مالکان کل اراضی کا انتظام کرنیکے قابل نہین ہین اس لئے بہت سا بنجر ملحقہ دیہات کے زمیندار ونکو ادائے نذرانہ کے شرط پر دیا گیا ہے اور بعض موروثی مزارعان کو اپنے اپنے کہاتہ جات کا مالک تسلیم کیا گیا ہے اور باقی رقبہ پرانے مالکان کو واپس دیا گیا ہے۔

اس تحصیل مین ۶ اور محال نگلہ ہوا۔ بگوری سموگر۔ سرای کمبو۔ نگلہ ہتوتیا۔ دہریری ہین جو ندی کے بر و برآمد کی خرابی کی وجہ سے مطالبہ بندوبست ادا نہین کرسکتے تھے اور ریاست نے بجاے اسکے کہ اس رقبہ کے جو افتادہ یا کم حیثیت ہوگیا جمع معاف یا کم کیجاتی اپنی خام انتظام کے معمولی خواہش سے یہ تصفیہ کیا کہ وصولی جمع زیر انتظام خام کیجاوے یعنی اصلی رقبہ کاشت شدہ کی مقدار کے مطابق وصولی ہو ان محالات کی بندوبستی جمع ۶۰۴۸ روپیہ اور سال گذشتہ کی وصولی ۳۶۲ ۴ روپیہ اور فرضی جمع کی بقایا یا تعداد ۵۱۳۲ ا۔ روپیہ تھی ان تمام محالات نے مقررہ جمع منظور کرلی تھی جو موجودہ حالات کی بنا پر قایم کی گئی ہی اور آیندہ جو کچھہ تغیر و تبدل ہوگا اوسکا مطابق قواعد مرتبہ کے جو عنقریب منضبط کئے جاوینگے عمل کیا جاویگا۔

تحصیل لباوریں ۶ سالم محالات (۱) نگلہ بان سنگھہ (۲) کوٹڑی (۳) جاٹ ملای (۴) لال پورہ (۵) جیودھن سب کو ندی بان گنگا کی طغیانی سے نقصان پہونچا (۶) سیر سرکار

اور واقعہ یہ ہے کہ یہ رقم بھی پیشگی ادا ہوئی۔

پرانی تشخیص کی بہت سی خرابیوں میں سے ایک یہ ہے کہ جہان مال تمام یا اضافہ ہوئے وہاں فرضی تشخیص تجویز ہوگئی اور اسکا نتیجہ وصولی کے لئے کوئی کوشش نہ ہوئی نتیجہ یہ کہ بعض صورتوں میں بقایا کثرت سے جمع ہوگئی۔ اب ہر ایک تمام مال بکمال مقدار تاخیر کیا گیا ہے اور تشخیص جدید سے تمام ریاست کی مسرودی کا انتظام ہوگیا ہے جہانکہ پرانے مالکان قرض میں منظور کرکے اپنی قابلیت ظاہر کرسکتے ہیں یا اصلی جمع کی ضمانت دے سکتے ہیں جیسا کہ عام صورت ہے وہاں زمین کا بندوبست تھوڑا یا تمام انکے ساتھ کیا جاتا ہے اور جہانکہ وہ انکار کرتے ہیں یا منظور کرنیکے قابل نہیں ہیں وہاں دیگر کاشتکاران کے ساتھ انتظام کیا جاتا ہے۔

دفعہ ۵۶۔ تمام دیہات کا بجواب انتظام ہوا

تحصیل رودپاس میں تمام دیہات صرف ۲ محالات میں ہیں یعنی ایک میں نصف حصہ اور دوسری میں ایک تہائی اب ہر دو صورتوں میں پرانے مالکان کے ساتھ مستقل انتظام کیا گیا ہے

تحصیل اوچین میں مندرجہ ذیل دیہات بعد بندوبست سابق تمام ہوئے (۱) برکولی (سالم) (۲) بروٹی (سالم) (۳) تورو (سالم) (۴) رنگرا (۱ ½) (۵) گرو (½) (۶) بسی (½) (۷) لگراوہ (½) محالات نمبر ۵ و ۶ میں تمام رقبہ پرانے مالکان کو واپس دیا گیا ہے اور نمبر ۷ و ۳ میں انکو نصف رقبہ ملا ہے اور باقی نصف عارضی پٹہ داران یا دیگر کاشتکاران کو ملا ہوا ہے اور محال نمبر ۳ میں پرانے مالکان نے اپنے پاس ¾ حصہ رکھا ہے ¼ حصہ جو بچی تھی اپنے ایک رشتہ دار کو دیا ہے چونکہ محال نمبر ۷ کے پرانے مالکان قرض میں ہیں اسلئے انکا حصہ ایک قرب وجوار کے زمیندار کے ہاتھ منتقل کیا گیا ہے تحصیل ہذا میں اسطرح پر انتظام شدہ

اس طرح پر کئی سالم محالات یا اونکے بسوات جنکی جمع تحصیل روپیاس مین کل مطالبہ کا (۷) فیصدی اوچین مین (۵ و ۳) فیصدی بیانہ مین (۲) فیصدی اور لیبا ور مین (۵) فیصدی تھی بحکم راج فروخت ہوگئی یا یا لکان نے خود منتقل کر دیئے اور اس طریق پر یہ ایک افسوسناک نکتہ چینی ہے کہ کسی تحصیل مین بھی رقبہ منتقل شدہ کی قیمت ایک سال کی جمع کے برابر نہ تھی اگر ریاست بقایا کے نرم اقساط مقرر کر کے پرانے مالکان کو قابض اراضی رہنے کی جرأت دلاتی تو اس سے نہ صرف ریاست کی رحمدلی اور اولوالعزمی ہی ثابت ہوتی بلکہ اوسکی خود غرضانہ خواہش بھی ایک عمدہ طریقہ سے پوری ہوجاتی۔

دفعہ ۵۵ - محالات جو براہ راست زیر انتظام راج ہین۔

ترک اراضیات و انتقالات بالجبر یا برضامندی کے رقبہ جات اگرچہ بہت زیادہ تھے تاہم انکے علاوہ اور محالات بھی سنگینی جمع - بدانتظامی اور خراب فصلون کے سبب شکستہ حال ہوگئے سابق مین یہ تجویز پسند خاطر رہی ہے کہ ان محالات کو جنکے مالکان مصیبت زدہ ہو کر ادائگی مطالبہ راج کی ذمہ داری سے منکر ہو جاوین تو خام تحصیل کر کے اراضیات کو پرانے مالکان کو بطور معمولی مزارعان یا دیگر اشخاص کو ایسی شرح پر دیا جاوے جو مناسب خیال کی جاوے۔

اگر انتظام خاطر خواہ ہو تو یہہ کارروائی گو پسندیدہ نہین ہے تاہم عارضی طور پر کچھہ خراب نہین ہے لیکن ریاست بھرت پور مین جیسا کہ خام دیہات کا انتظام معرفت نائب تحصیلداران بتوسل قانونگوہی یا پٹواری کے ہوتا ہے جسکو عموماً راج کے مفاد کی نسبت ذاتی اغراض کا زیادہ لحاظ ہوتا ہے اس سے راج کو زیادہ نقصان اور دیہات کی حالت زیادہ خراب ہوتی ہے اس بارہ مین جو ناجائز کارروائیان ہوتی ہین ہم اسکی ایک مثال بیان کرتے ہین جو امسال تحصیل بیانہ مین ہماری علم مین آئی جہان کہ نائب تحصیلدار نے ۵۰ بیگھہ اراضی کا پٹہ بحساب ۸ر فی بیگھہ دیدیا تھا تحصیلدار کو ۱ہ۱ر فی بیگھہ وصول کرنے مین کوئی دقت پیش آئی

تحصیل روپباس مین مفروران کی تعداد باقی ماندہ مالکان کی تعداد کی تہائی ہے اور رقبہ متروکہ کل کا $\frac{1}{12}$ ہے تحصیل اوچین مین بہی مفروران کی تعداد پس ماندگان کی تہائی کے برابر ہے۔ لیکن مفروران کے حصص کا رقبہ کل رقبہ کا $\frac{1}{5}$ ہے تحصیل بیانہ مین مفروران کی تعداد موجودہ مالکان کے نصف کے برابر ہے اور رقبہ متروکہ کل کی چوتہائی سے زاید ہے تحصیل بساور مین مفروری اور بہی زیادہ ہوئی مفروران کی تعداد موجودہ مالکان کے نصف کے برابر تہی اور متروکہ اراضیات کی جمع کل جمع کا $\frac{2}{5}$ ہے۔ نصف یا نصف سے زاید فراریان ۷۸-۱۸۷۷ء یا اس سے پہلے عمل مین آئین اور اسکی اصلی وجہ اُسوقت کی سخت اور کوتاہ اندیش اصول انتظام مالیہ ہین اسکے بعد ۹۶-۱۸۹۵ء و ۹۷-۱۸۹۶ء مین خصوصًا تحصیل بساور مین لوگ زیادہ مفرور ہوئے جہان کہ تحصیلدار نے ناواجب سرگرمی سے لوگون کو خشک سالی اور قحط مین پورا پورا مطالبہ ادا کرنے پر مجبور کیا۔ دیگر تحصیلات مین مفروری نسبتًا کم ہے کیونکہ وصولی مالگذاری مین کم سختی ہوئی اور فاقہ کش لوگون کو محکمہ تعمیرات مین بندات کی مرمت اور انہار کی کہودائی وغیرہ کا کام ملگیا۔

سال گذشتہ مین اگرچہ ۷۸-۱۸۷۷ء کے بعد کے سب سالونسے زیادہ قحط تہا لیکن کوئی مفروری عمل مین نہین آئی کیونکہ راج نے فیاضانہ طور سے جمع کا کچہہ حصہ زیر التوا کردیا اور امدادی کام جاری کردیے۔ بلکہ بہت سے پورانے مفروران واپس آکر اپنے کہاتہ جات پر قابض ہوگئے

دفعہ ۵۴۔ سپردگی محالات بحکم راج یا منجانب مالکان بعلت بقایا

علاوہ ان بڑے رقبہ جات کے جونادار مالکان نے ازخود چہوڑ دیے جبکہ محالات مین جمع باقی رہگئی اور مالکان اسکی ادائگی کا انتظام نہ کرسکے تو راج نے دست اندازی کرکے حسب اقتضای رای خود سالم محالات یا بسوات کو دیگر اشخاص کے پاس منتقل کردیا یا مالکان نے مطالبہ راج سے مجبور ہوکر خود ہی ایسے انتقالات کردیے ۷۸-۱۸۷۷ء کے قحط سے ابتک حسب ذیل رقبہ کا انتقال ہوا ہے۔

روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	لبب گڈھ	میزان
۲۰۰۰۰ روپیہ	۲۰۰۰۰ روپیہ	۱۵۰۰۰ روپیہ	۲۷۵۰۰ روپیہ	۲۵۰۰ روپیہ	۸۵۰۰۰ روپیہ

اور باقی رقم (۱۱۶۵۲۴) روپیہ کو بقایا غیر ممکن الوصول سمجھکر خارج کردینا چاہیے۔

کھاتہ جات معافی کی جو بقایا بندوبست سابق سے لیکر ہے اسکی تجویز باب نہم حصہ دوم مین کیجائیگی۔ تمام دیگر باقیات ماقبل بندوبست سابق مثلاً تقاوی نمک چاہات وغیرہ پہلے سے معاف ہوچکی ہین جمع جدید کے اعلان مین وصول ہونیوالی بقایا کی تعداد کو مقرر کرکے حسب قاعدہ (۲۰) سال میعاد بندوبست پر تفریق کیا جائیگا اور اسکی وصولی باقاعدہ بطور جز و مالگذاری ہوگی۔ یہ طریقہ اُن تحصیلات مین جنکی تشخیص ہوگئی ہے مفید ثابت ہوا ہے یہ ممکن ہے کہ جب دیہہ وار بقایا مقرر کیجائیگی تو انکی کل میزان رقومات مندرجہ بالا سے کسی قدر کم بیش ہو لیکن ہم حتی الوسع کوشش کرینگے کہ یہ میزان انکی قریب قریب رہے۔

دفعہ سہ ۵۔ کھاتہ جات کا متروک ہونا

مندرجۂ ذیل نقشہ سے واضح ہوتا ہے کہ مفروری مالکان کی وجہ سے جو ابھی تک واپس نہین آئے کس قدر کھاتہ جات متروک ہوئے۔

(نقشہ صفحہ ۱۱۰ پر درج ہے)

وقت	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	بلب گڈھ	میزان
سنہ ۵۶-۱۸۵۵ء تا سنہ ۷۷-۱۸۷۶ء	۱۴۳۷۹	۵۲۹۹	۲۲۴۸۷	۷۹۶۰	۰	۵۰۱۲۵
سنہ ۷۸-۱۸۷۷ء تا سنہ ۸۲-۱۸۸۱ء	۱۸۸۷۵۰	۴۱۶۶۱	۳۷۶۴۱	۷۶۴۶۰	۱۸۲۳۴	۳۶۲۷۴۶
سنہ ۸۳-۱۸۸۲ء تا سنہ ۹۰-۱۸۸۹ء یا سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء روپباس مین	۲۷۲۸۰۸	۱۶۴۷۸۴	۴۷۷۵۳	۴۲۲۷۳	۱۶۵۹۹	۵۴۴۲۱۷
میزان تابندوبست سابق	۴۷۵۹۳۷	۲۱۱۷۴۴	۱۰۷۸۸۱	۱۲۶۶۹۳	۳۴۸۳۳	۹۵۷۰۸۸
جسمین سے ابتک وصول ہوا	۱۴۲۶۹	۲۳۰۵۶	۲۱۸۸۴	۳۰۲۸۸	۴۱۰۱	۹۳۵۹۸
جو ابتک باقی ہے	۴۶۱۶۶۸	۱۸۸۶۸۸	۸۵۹۹۷	۹۶۴۰۵	۳۰۷۳۲	۸۶۳۴۹۰
بقایا از بندوبست سابق	۱۳۰۶۲۳	۱۳۸۷۹۴	۶۶۶۵۰	۱۵۲۹۵۴	۷۵۴۱	۴۹۶۵۶۲
کل میزان بقایا تاحال	۵۹۲۲۹۱	۳۲۷۴۸۲	۱۵۲۶۴۷	۲۴۹۳۵۹	۳۸۲۷۳	۱۳۶۰۰۵۲

اس علاقہ کی کل ابقایا (۱۳۶۰۰۵۲) روپیہ ہے جو قریباً دو سال کی مالگذاری کے برابر ہے۔

دفعہ ۵۲۔ اس بقایا کی وصولی اور معافی کے بارے مین تجاویز

اس بڑی رقم مین سے (۸۶۳۴۹۰) روپیہ بابت بقایا قبل از بندوبست گذشتہ پچھلے سال مین مہاراجہ صاحب بہادر کے ہان فرزند ولی عہد پیدا ہونیکی یادگار مین معاف ہوچکی ہے۔ بندوبست سابق سے لیکر بابتہ سنہ ۱۸۹۹ء تک کی بقایا کا فیصلہ کرنا ہنوز باقی ہے۔ ہمنے ایام دورہ مین اپنے دہ وار معائنہ کے وقت اس بارے مین باحتیاط تحقیقات کی اور خام دیہات اور لاوارث بسوات کے انتظام مین ہمنے رقومات بقایا جو وصول کیجائینگی مقرر کردی ہین اور زمینداران نے انکو منظور کرلیا ہے۔

ان باقیات کے عام وجوہات یعنی سنگینی جمع۔ خراب طریقہ تفریق مالگذاری۔ جملہ تحصیلات مین طغیانی بان گنگا اور تحصیل اوچین مین صحرائی جانوران کے نقصان۔ تعمیرات آبپاشی کی جانب

دکہانیکی وجہ سے بہت بڑہ گئی یہ بقایا تحصیل روپباس مین تو کچہ نہین ہر لیکن تحصیل اوچین مین (۹۹۵۶) بیانہ مین (۱۹۱۵۸) اور بساور مین (۳۵۵۲۸) روپیہ ہے۔

جو رقوم سالہای مابعد مین وصول ہوئین انکو منہا کرکے موجودہ بقایا ۹ سالہ ۹۱-۱۸۹۰ء سے لیکر ۹۹-۱۸۹۸ء تک اور اوسکا فیصدی تناسب حسب ذیل ہے۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	بلب گڈہ	میزان
روپیہ	۱۳۰۶۲۳	۱۳۸۷۹۴	۶۶۶۵۰	۱۵۲۹۵۴	۷۵۴۱	۴۹۶۵۶۲
فیصدی	۱۲٫۵	۸	۳	۶٫۵	۲	۷

بخلاف اسکے مندرجہ ذیل رقوم بابت بقایا سابقہ اس زمانہ مین وصول ہوئین۔

روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	بلب گڈہ	میزان
۱۴۲۲۹ روپیہ	۲۳۰۵۶ روپیہ	۲۱۸۲۴ روپیہ	۳۰۲۸۸ روپیہ	۴۱۰۱ روپیہ	۹۳۵۳۸ روپیہ

دفعہ ۱۵۔ کل بقایا مالگذاری والبواب تا حال

نقشہ ذیل مین ۵۶-۱۸۵۵ء سے لیکر ۹۹-۱۸۹۸ء تک کی موجودہ بقایا دکہائی گئی ہے اگرچہ یہ نقشہ تحصیلات کے معائنون سے مکمل تحقیقات کے بعد تیار ہوا ہے تاہم ہم اسکے بالکل صحیح ہونیکے ذمہ دار نہین ہوسکتے۔

نقشہ صفحہ ۱۰۷ پر درج ہے

غیر مین پناہ گزین ہوئے جس سے تحصیل کی مرفع الحالی پر اس قدر سخت صدمہ پہونچا کہ ابھی تک وہ اصلی حالت پر نہین آئی تحصیل رو پباس کے علاقہ اور تحصیل اوچین کے علاقہ جات رداول و چھٹمی اور تحصیل بیانہ کے علاقہ جات ناہرہ وڈانگ کو بھی سخت صدمہ پہونچا ان دو سالونکی بقایا باقی سات سالون کی بقایا کے برابر تھی ۔

۹۸-۱۸۹۷ء کی عمدہ بارشون سے لوگون کو پھر امید ہوگئی اور مزروعہ رقبہ مین بہت بیشی ہوئی اور تحصیلات اوچین و بیانہ مین دو عمدہ فصلونکی وجہ سے لوگ اس قابل ہوگئے کہ اپنے ذمگی مطالبات ادا کر سکین جہان کہ سابق بقایا ادا شدہ کی تعداد جدید بقایا سے بڑہ گئی تحصیل بساورین یہ ہر دو رقوم ایک دوسرے کے برابر رہین لیکن تحصیل روپباس مین بقایا کی تعداد زاید از ۲۰ فیصدی تھی ۔

۹۹-۱۸۹۸ء مین اوسط درجہ کی بارش ہوئی لیکن تحصیل روپباس مین پھر بھی کم ہوئی اور سال مختتمہ حال مین بارش کم نہین تھی لیکن جیسا کہ پہلے بیان ہوچکا ہے تمام بارشین ہر دو سال مین بماہ جون جولائی و اگست ہوئین اور کہیں مین بالکل بارش نہین ہوئی اور موسم سرما مین بھی دراصل مطلق بارش نہوئی ۔ پس ۹۹-۱۸۹۸ء مین خریف اور ربیعہ کی ہر دو فصلین اوسط سے بہت کم تھین اور سال گذشتہ کی فصلین سوای شیبرین چاہات و سیرابی اراضیات کے بالکل خراب ہوگئین پس معلوم ہوتا ہے کہ جو ترقی پہلے (۵) سالو نمین ہوئی وہ پچھلے (۵) سالون کے تباہ کرنیوالے اثر سے معدوم ہوگئی یہ بیان کرنا بھی مناسب ہے کہ ۱۸۹۰ء سے لیکر بقایا (۱) فیس طلبانہ شامل بقایا ہونیکی وجہ سے جسکی تعداد صرف تحصیل بساورین (۲۳۴۹۸) روپباس مین (۹۰۸۶) اوچین مین (۶۶۱۲۳) اور بیانہ مین (۴۳۹۵) روپیہ ہے اور (۲) خام محالات یالاوارث بسوات کے اوس فرق کو جو مطالبہ بندوبستی اور اصل رقم وصول شدہ مین ہے باقی ہین

منجملہ (۹) سالون کے پہلے (۵) سالون کے زمانہ مین بارش اچھی ہوئی اور کاشتکاری و رفاہ الحالی اوسط درجہ کی رہی رقبہ مزروعہ کی جملہ تحصیلات مین جلد بیشی ہوگئی کچھ سالقہ بقایا وصول ہوگئی اگرچہ تحصیلات اوچین۔ بساور اور روپباس مین جدید بقایا بابت رہگئی تھی لیکن اسکے زیادہ تر وجوہات یہ ہین کہ تفریق مالگذاری یکسان نہین تھی اور ندی بان گنگا کے متصلہ دیہات خراب ہوگئے تھے اور حکام مال کی جانب سے وصولی مالگذاری مین خصوصًا تحصیل روپباس مین سستی رہی۔

(۵) گذشتہ ۵ سالونکی مالی او زراعتی حالت

اس علاقہ مین ۱۸۹۵-۹۶ء و ۱۸۹۶-۹۷ء کے دو سال سخت خشک سالی کے تھے جو قحط کی حد تک پہونچتے تھے بارش حسب ذیل تھی۔

سال	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور
۱۸۹۵-۹۶ء	۱۸٫۸۳	۱۲٫۵۱	۱۸٫۳۶	۱۲٫۰۴
۱۸۹۶-۹۷ء	۱۰٫۳۵	۱۱٫۰۲	۸٫۳۱	۱۵٫۱۹

دونون سالونمین ہر دو فصل خراب ہوگئین اور بمقابلہ ۹۵-۱۸۹۴ء کے تحصیلات روپباس و اوچین مین رقبہ (۲۰) فیصدی اور بساور مین (۱۵) فیصدی اور بیانہ مین (۱۰) فیصدی کم کاشت ہوا۔ مویشی فاقہ سے مرگئے اور لوگ بھوکون مرگئے اور بہت سے قحط سالی کے کامونکی طرف چلے گئے اور راج نے مطالبہ مین تھام کے ذریعہ سے زمینداران کی کچھ دلجوئی نہ کی اور مالگذاری کی وصولی مین خصوصًا تحصیل بساور مین جہان کہ ہل اور جاہات کے مویشی بعض حالات مین اہالیان تحصیل نے فروخت کردیے تھے سختی ہونیکی وجہ سے بہت سے زمیندار مفرور ہوگئے صرف اس تحصیل مین (۲۵۳۷) کس یا آبادی کا (۴) فیصدی ان سالونمین مفرور ہوگئے جنمین سے (۱۵۹۴) علاقہ

سال	روپباس				اوجین				بیانہ				بساور				بلب گڈھ				کیفیت
	مطالبہ	بقایا: جو وصول ہوا	بقایا: جو باقی رہا	رقبہ مزروعہ	مطالبہ	بقایا: جو وصول ہوا	بقایا: جو باقی رہا	رقبہ مزروعہ	مطالبہ	بقایا: جو وصول ہوا	بقایا: جو باقی رہا	رقبہ مزروعہ	مطالبہ	بقایا: جو وصول ہوا	بقایا: جو باقی رہا	رقبہ مزروعہ	مطالبہ	بقایا: جو وصول ہوا	بقایا: جو باقی رہا	رقبہ مزروعہ	
۱۸۹۰-۹۱ء	۱۰۸۶۷۵	۱۴۵۵	۱۳۸۴۷	۴۷۴۷۹	۱۹۰۱۶۲	۳۰۳۲	۱۳۴۱۲	۹۲۰۸۲	۲۲۵۲۲۵	۱۰۷۲۴	۴۰۱۰	۱۲۷۴۳۸	۲۵۸۴۱۲	۲۱۵۷	۱۳۹۷۶	۱۵۱۸۳۲	۳۷۶۱۸	۲۷۲	۵۷۹	۱۹۳۵۸	
۱۸۹۱-۹۲ء	۱۱۲۸۳۶	۲۳۰۷	۱۴۶۵۶	۵۷۵۴۵	۱۹۲۵۹۱	۴۸۲۳	۷۷۷۸	۱۰۲۹۸۱	۲۲۴۰۱۳	۱۲۴۳۸	۱۶۸۳	۱۳۳۵۶۱	۳۶۶۱۲۴	۵۴۳۹	۱۳۷۹۰	۱۶۶۵۹۶	۳۸۰۰۱	۴۵۳	۱۱۰۹	۱۹۷۳۰	
۱۸۹۲-۹۳ء	۱۱۵۳۹۶	۲۰۴۲	۷۸۱۴	۵۰۸۱۹	۱۸۷۳۲۱	۵۴۷۸	۷۶۹۶	۹۹۱۷۲	۲۲۴۰۴۳	۱۲۷۴۹	۲۸۶۹	۱۳۱۶۲۵	۳۶۳۶۹۶	۶۳۰۱	۹۷۳۱	۱۵۵۷۵	۳۸۱۵۱	۸۴۲	۱۱۷۲	۱۹۹۸۰	
۱۸۹۳-۹۴ء	۱۱۵۴۳۲	۴۲۵۳	۶۷۰۸	۶۰۱۰۳	۱۸۶۷۳۹	۳۷۹۸	۵۴۰۱	۱۰۰۳۹۳	۲۲۴۳۴۷	۱۰۷۶۸	۳۵۴۶	۱۲۹۷۰۱	۲۶۱۵۶۷	۹۴۱۸	۷۷۱۸	۱۷۰۳۸۶	۳۸۲۲۲	۵۸۵	۶۱۷	۱۹۱۷۸	
۱۸۹۴-۹۵ء	۱۱۵۶۴۲	۳۱۷۴	۵۱۶۱	۶۷۲۵۷	۱۸۵۹۰۷	۲۸۴۵	۷۰۴۳	۱۰۵۹۱۱	۲۲۴۲۵۴	۹۳۹۲	۴۴۸۰	۱۳۱۹۲۵	۲۶۱۸۲۴	۶۰۵۰	۵۱۲۵	۱۷۳۶۷۹	۳۷۷۶۸	۱۱۰۴	۷۹۸	۱۹۳۴۳	
۱۸۹۵-۹۶ء یک فصل	۴۱۳۳۷	۹۰۳	۲۲۶۷	۵۶۷۵۶	۱۸۸۲۰۲	۳۶۲۳	۵۱۱۰۰	۸۴۴۱۲	۲۲۴۱۶۱	۳۰۵۵	۱۵۱۶۴	۱۱۸۰۵۱	۲۶۱۳۰۰	۲۲۵۱	۲۴۱۵۲	۱۴۷۱۶۹	۳۸۰۰۷	۴۰۸	۱۷۶۹	۱۹۳۶۴	
۱۸۹۶-۹۷ء	۱۱۵۰۲۱	۴۹۶۳	۴۲۲۵۳	۵۷۶۵۲	۱۸۸۸۹۰	۱۰۸۵۶	۵۳۰۰۸	۹۴۴۷۱	۲۲۴۳۷۴	۲۵۸۶۴	۳۵۱۶۶	۱۱۹۱۹۶	۲۶۰۵۷۱	۴۷۱۳	۷۳۶۹۳	۱۳۹۳۵۸	۳۸۱۲۳	۸۲۹	۲۲۲۵	۱۹۰۴۲	
۱۸۹۷-۹۸ء	۱۱۴۷۶۷	۴۳۳۸	۲۶۹۱۳	۷۸۶۰۶	۱۹۰۵۰۲	۱۸۳۴۶	۸۰۱۵	۱۱۴۴۷۰	۲۲۴۹۹۷	۱۸۴۲۸	۳۵۷۰	۱۳۵۴۴۵	۲۶۴۲۳۲	۱۹۴۲۰	۲۱۰۵۳	۱۶۰۵۶۵	۳۸۲۴۳	۱۱۹۵	۸۹۵	۲۰۳۰۳	
۱۸۹۸-۹۹ء	۱۱۵۶۱۴	۸۷۲۵	۷۶۴۶	۸۳۰۴۹	۱۸۹۷۰۸	۱۹۷۰۹	۱۲۷۳۵	۱۲۳۵۹۳	۲۲۳۸۲۵	۱۹۲۲۸	۲۶۴۰	۱۳۲۰۶۰	۲۶۵۱۶۴	۱۳۲۶۰	۲۲۴۳۷	۱۷۰۳۷۸	۳۷۵۴۸	۱۰۶۹	۱۰۲۳	۲۰۸۹۹	
یک فصل	۷۴۳۳۰	۱۹۶۷	۲۱۵۲۴	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	•	
میزان نوسالہ	۱۰۲۸۲۵۰	۳۴۱۲۷	۱۴۸۷۸۹	۵۴۷۲۶۵	۱۷۰۰۱۲۲	۷۲۵۱۰	۱۶۶۱۸۸	۹۱۷۴۸۵	۲۰۱۹۰۴۰	۱۲۲۶۴۶	۷۳۱۲۸	۱۱۷۰۰۲	۲۳۶۲۹۲۰	۶۹۰۰۹	۱۹۱۶۷۵	۱۴۵۵۲۹	۳۴۱۶۸۱	۶۷۵۷	۱۰۱۹۷	۱۷۷۴۰۷	
اوسط	۱۱۴۲۵۱	۳۷۹۲	۱۶۵۳۲	۶۰۸۰۷	۱۸۸۹۰۲	۸۰۵۷	۱۸۴۶۵	۱۰۱۹۴۳	۲۲۴۳۳۸	۱۳۶۲۷	۸۱۲۵	۱۳۰۰۰	۲۶۲۵۴۶	۷۶۶۸	۲۱۲۹۷	۱۶۱۸۳۷	۳۷۹۶۵	۷۵۱	۱۱۳۳	۱۹۷۱۲	
اوسط کل وصولی	۱۰۱۵۱۰		•	•	۱۷۸۰۹۷		•	•	۲۲۹۸۴۰		•	•	۲۲۸۶۱۳		•	•	۳۷۵۰۱۳		•	•	
فی بیگہ	پائی ۸ آنہ ۱۰ روپیہ ۱		•	•	پائی [illegible] آنہ ۱۲ روپیہ ۱		•	•	پائی ۴ آنہ ۱۲ روپیہ ۱		•	•	پائی ۹ آنہ ۸ روپیہ ۱		•	•	پائی ۶ آنہ ۱۴ روپیہ ۱		•	•	

بیوقوف یکلخت فعال تھا یا جہان کمیٹی نے اپنی رای سے کام کیا وہان بہت ہی نامساوی اور
عجیب وغریب نتائج نکلے۔ اس کوشش کا آخری نتیجہ یہ ہوا کہ تحصیل پرہاس کی جمع مین بہت کمی
تقریباً (۳۰) فیصدی ہوگئی اور تحصیل ہمیرپور مین کچھ بیشی ہوگئی جو اوسوقت بھی مبنی بر انصاف
نتھی۔ تحصیل مہابہ مین معقول بیشی ہوئی یہ بیشی ناواجب خیال نکیجاتی اگر ہر محال کے مسائل
کے لحاظ سے اسکی تفریق کیجاتی۔ تحصیل راٹھ مین معقول اور ناواجب بیشی ہوئی جسکی وجہ سے
خشک سالی کے ایک سال ہی بعد کل تحصیل عام طور پر شکستہ حال ہوگئی۔ چونکہ یہ دو بندوبست
جنکی ہم تصویر کرتے ہین اسلئے سال وار کارروائی کا معائنہ ہوسکتا ہے۔ مطالبہ اور بقایا
مین مال اور سوائی شامل ہے۔

آنیکے قابل ہوجاتین لیکن غیر آبادی بدانتظامی مال عدم خبرگیری مرمت بندات آبپاشی وغیرہ سے
رقبہ مزروعہ مین بجای اسکے کہ کافی بیشی ہوتی جملہ تحصیلات مین سوای تحصیل بیانہ کے بہت کمی ہوگئی

پندرہ سالہ بندوبست ۹۱-۱۸۸۹ء ووصولی ہای وقتاً یا مابعد

سوای تحصیلات شمالی کے جہان کہ دہ سالہ بندوبست
کے مطالبہ مین بہت کمی ہوگئی تہی باقی تحصیلات
کی حالت اب زیادہ نازک ہوگئی اور مہاراجہ صاحب بہادر نے ارادہ کیا کہ من ابتدای ۹۱-۱۸۹۰ء
پندرہ سالہ بندوبست کیا جاوے پہلی کارروائی یہ تہی کہ اخراجات بندوبست کی خاطر ہر گانوٴن سے
موجودہ مطالبہ کا دس فیصدی لیا جاوے جسکی آمدنی (۱۶۳۶۷۴) روپیہ ہوئی جسمین سے
(۶۳۶۰۰) روپیہ درحقیقت پیمایش وغیرہ پر خرچ آئے اور باقی رقم داخل راج ہوئی۔ دوسری
کارروائی یہ تہی کہ تشخیص جدید کی ایک کمیٹی مقرر کیگئی جسکا میر مجلس درباری حکیم رحیم بخش مقرر کیا
گیا۔ کمیٹی کے قطعی نالائق ہونے اور موقع کے حالات نہایت ہی خراب طریقہ مین بہی معلوم
نہ کرسکنے کی وجہ سے ہمنے کوئی بات نہین دیکہی جو اس کمیٹی کی کارروائی کی حد تک پہونچتی ہو۔
کئی تخمینہ جات وحسابات تیار کئے گئے تہے جنکی مایوسی افزا پیچیدگیون مین سے کوئی بہی مفید
مطلب یا عام فہم بات معلوم کرنا قطعی ناممکن ہے۔ سوای اسکے کہ تحصیلدار نے اپنی مقامی
واقفیت کے ساتہہ کہین کہین ایک دو مختصر سطرون مین گانوٴنکی حالت لکہی ہے۔
اس بندوبست مین تیاری امثلہ حقیت کی بہی کوشش کیگئی تہی کہ جنکو اگر کوئی اہلکار کسی بات
کے دریافت کرنیکی غرض سے دیکہنا چاہے تو مایوس ہوجاتا ہے۔ صرف نقشہ کشتواری ایک
کارآمد کاغذ ہے جو باہر کے امینون نے تیار کیا تہا۔ اگر کمیٹی تشخیص کی بابت پوچہو تو اُسکا انحصار
عموماً تحصیلدار کی رای پر تہا جہان تحصیلدار لائق اور دیانتدار تہا (ایسے صفات کے آدمی ایسی
ریاستون مین بہت کم ہوتے ہین) وہان نتیجہ بہی خاصی طرح قابل اطمینان تہا جہان تحصیلدار

پس اس زمانہ میں تحصیل روپباس میں بقایا کی تعداد کل مطالبہ کی ۲۳ فیصدی ۔ تحصیلات اوچین و بساور میں (۱۱) فیصدی اور تحصیل بیانہ میں صرف (۳) فیصدی تھی اگر ہم بقایا وصول شدہ کو منہا کر دیوین تو خالص زر بقایا حسب ذیل تھی ۔

روپباس		اوچین		بیانہ		بساور		لبھ گڈہ	
روپیہ	فیصدی	روپیہ	فیصدی	روپیہ	فیصدی	روپیہ	فیصدی	روپیہ	فیصدی
۱۲۵۰۷۱	۲۳	۳۵۲۱۹	۹۱۵	۰	۰	۲۰۳۲۰	۱۰	۱۳۶۲۰	۵

تحصیل بیانہ میں سابقہ بقایا کی وصول بقایا جدید کی نسبت (۲۹۴۵) روپیہ زیادہ تھی پس اس زمانہ میں اس تحصیل کی وصول معمول کی نسبت زیادہ ہوگئی ۔ پچھلے زمانہ میں تحصیل روپباس کی بقایا سب سے زیادہ تھی اور اسمین کوئی شک نہین کہ تحصیل کا معاملہ بہت سخت تھا جیسا کہ مطالبہ اور وصولی کے پڑتہ اسے زبردست معاف ثابت ہوا ۔ تحصیل اوچین میں بہت سی بقایا کسی قدر بان گنگا کی طغیانیون اور صحرائی مویشیونکی وجہ سے تھی جنکے باعث بہت سی زمین غیر مزروعہ ہوگئی اور اس طرح جمع سنگین ہوگئی اوس کا پڑتہ مزروعہ فی بیگہ (عہ ۱۲) تھا تحصیل بساور میں صحرائی جانورون کا کوئی نقصان نہین تھا ۔ لیکن بعض دیہات میں بان گنگا کی طغیانیون سے نقصان پہونچا جسسے کہ چاہات پُر ہوگئے اور مزروعہ اراضیات خشک ۔ ریتیلہ بنجر ہوگئین مزید بران بہت سے دیہات کُلاً یا جزواً افتادہ ہوگئے یا انکا انتظام خام ہوگیا ۔ یہان بھی پڑتہ (عہ ۱۲) فی بیگہ سخت تھا ۔ صرف تحصیل بیانہ میں جلد اصل حالت پر آنیکے آثار پائے گئے ۔

سنہ ۱۸۸۳ء ۱۸۸۴ء کے سخت خشک سالی کے سوا یہ زمانہ عمدہ بارش اور اوسط درجہ کی مرفہ الحالی کا رہا اور اگر مطالبہ اوسط درجہ کا ہوتا تو تمام تحصیلات قحط سالی کے اثر سے نکلکر اصل حالت پر

تفصیل	روپاس کل	روپاس اوسط	اوچین کل	اوچین اوسط	بیانہ کل	بیانہ اوسط	بساور کل	بساور اوسط	بلب گڈھ کل	بلب گڈھ اوسط	میزان
مطالبہ مال وابواب	۱۱۵۷۳۹۳	۱۴۶۷۴۴	۱۵۴۵۵۰۵	۱۹۳۱۸۸	۱۶۷۰۳۹۹	۲۰۸۸۱۰	۲۰۱۸۳۴۸	۲۵۲۹۹۳	۳۰۴۶۸۲	۳۸۰۸۵	۶۶۹۶۳۲۷
وصولی مال وابواب	۸۸۴۵۸۵	۱۱۰۸۷۳	۱۳۸۰۷۲۱	۱۷۲۵۹۰	۱۶۲۲۶۴۳	۲۰۲۸۳۰	۱۷۹۷۳۳۹	۲۲۴۶۶۸	۲۸۶۳۱۱	۳۵۷۸۹	۵۹۷۱۵۹۹
بقایا سابق جو وصول ہوا	۷۷۸۷	۹۷۳	۱۹۱۶۷	۲۳۹۶	۷۳۱۹۶	۹۱۴۶	۱۶۸۸۹	۲۱۱۱	۳۷۲۳	۴۶۵	۱۲۰۷۳۵
بقایا جو حال بین رہا	۲۷۲۸۰۸	۳۴۱۰۱	۱۶۴۷۸۴	۲۰۵۹۸	۴۷۷۵۳	۵۹۶۹	۲۲۱۰۰۹	۲۷۶۲۸	۱۸۳۷۱	۲۲۹۶	۷۲۴۷۲۵
رقبہ فرزوعہ	۴۳۰۵۵۳	۵۳۸۱۹	۸۰۸۰۲۰	۱۰۱۰۰۳	۱۰۶۷۲۴۰	۱۳۳۴۰۵	۱۲۷۶۴۴۱	۱۵۹۵۵۵	۱۳۷۸۲۴	۱۹۶۸۹	۳۷۲۰۰۷۸
پڑتی فی بگیہ (ا) مطالبہ	۰	پائی آنہ روپیہ ۲—۱۱—۰	۰	پائی آنہ روپیہ ۱—۱۴—۷	۰	پائی آنہ روپیہ ۱—۹—۰	۰	پائی آنہ روپیہ ۱—۹—۶	۰	پائی آنہ روپیہ ۱—۱۵—۰	۰
پڑتی فی بگیہ (ب) وصولی	۰	۲—۱—۲	۰	۱—۱۱—۸	۰	۱—۹—۵	۰	۱—۶—۹	۰	۱—۱۳—۶	۰

ان اعداد سے پایا جاتا ہے کہ سخت قحط کا کچھ لحاظ نہ کر کے راج نے صرف سال بسال مطالبہ ہی قایم نہین کیا بلکہ ہر سال کی بقایا سالہای مابعد مین وصول کرنیکی بہی کوشش کی اس اثناء مین زمینداران کے وسائل رفتہ رفتہ کم ہوتے گئے اور نیز جبکہ خشک سالی کا زمانہ گذر گیا اور اچھے موسم آ گئے پہر بہی وہ اپنے ذمگی مطالبات ادا کرنیکے ناقابل رہے پس باستثنای علاقہ ببلب گڈہ اس کل علاقہ کی پنجسالہ اصلی بقایا اون رقومات کو خارج کر کے جو اس زمانہ مین وصول ہوئین اور انکے کل مطالبہ سے نسبت حسب ذیل تہی۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور	ہیران
کل بقایا بحساب روپیہ	١٨١٨٩٦	٢٠٣٣٥	١٤١٢٧	٧٦١٦٠	٢٩٣٠٨
کل مطالبہ کی فیصدی	٢٥	٢	١٫٥	٦٫٥	٠

اس سے پایا جاتا ہے کہ کل تحصیلات مین قحط کا اثر یکسان نہین تہا روپباس کو جسکی چکنوٹ اراضی سخت بارش کی محتاج ہے سب سے زیادہ نقصان پہونچا اور اس تحصیل مین مطالبہ کی ایک چوتہائی رقم باقی رہگئی۔ اس سے دوسرے درجہ پر تحصیل بساور تہی جسمین بقایا کی تعداد ١/١٥ تہی اور اوچین و بیانہ مین بقایا بہت زیادہ نہ تہی اور معقول رقم وصول ہو گئی صرف اس زمانہ کے اخیر تک (٢ و ١٫٥) فیصدی علی الترتیب باقی رہی اس زمانہ کے کوائف باران دستیاب نہین ہوئے اسمین شک نہین کہ اُنسے تحصیل روپباس کے سخت قحط کے بیان کرنے مین مدد ملتی تاہم سالانہ رپورٹون سے پایا جاتا ہے کہ ١٨٨٠-١٨٨١ء مین کل ریاست مین بارش بہت کم تہی اور اسی وجہ سے اس سال مین بہت سی رقم باقی رہگئی اور اس علاقہ کو ١٨٧٧-٧٨ء کے قحط کے اثر سے اصلی حالت پر آنے مین تاخیر ہوئی ١٨٨١-٨٢ء سے پہلے کی تعداد رقبہ

نام سال	روپباس			اوچین			بیانہ			بساور			بلب گڈھ		
	مطالبہ	بقایا		مطالبہ	بقایا		مطالبہ	بقایا		مطالبہ	بقایا		مطالبہ	بقایا	
		جو وصول ہوا	جو باقی رہا		جو وصول ہوا	جو باقی رہا		جو وصول ہوا	جو باقی رہا		جو وصول ہوا	جو باقی رہا		جو وصول ہوا	جو باقی رہا
سنہ ۱۸۷۷-۷۸ء	۱۳۳۳۳۸	۱۳۲۸	۴۶۸۵۷	۱۷۸۸۶۹	۸۷۳	۶۸۳	۱۹۵۵۵۳	۱۰۷۳	۱۸۳۳۳	۲۲۲۳۲۲	۳۳	۲۷۷۳۸	۰	۰	۰
سنہ ۱۸۷۸-۷۹ء	۱۳۳۶۱۵	۹۲۶	۳۱۵۴۱	۱۸۸۹۴۲	۲۹۴۸	۱۰۲۳	۱۹۵۷۵۰	۶۵۹۱	۳۳۹۰	۲۲۹۱۳۹	۱۹۳	۴۳۱۳	۰	۰	۰
سنہ ۱۸۷۹-۸۰ء	۱۵۰۱۵۲	۱۷۶۲	۳۰۶۲۳	۱۹۶۸۳۸	۸۳۶۴	۲۳۵۰	۱۹۸۳۳۰	۵۷۷۰	۲۷۰۳	۲۳۱۹۳۳	۱۳۶۱	۱۱۵۰۸	۳۳۹۳۵	۰	۲۶۵۱
سنہ ۱۸۸۰-۸۱ء	۱۵۱۶۲۸	۱۳۳۸	۳۹۳۹۲	۱۸۷۸۸۸	۲۵۹۱	۱۳۳۹۵	۱۹۹۲۸۰	۳۶۵۱	۱۳۵۷	۲۳۷۸۷۰	۶۸۳۸	۳۵۸۲۱	۳۳۸۱۵	۰	۲۹۶۵
سنہ ۱۸۸۱-۸۲ء	۱۵۰۷۶۶	۱۳۸۷	۲۰۱۹۷	۱۹۷۱۲۷	۲۵۲۰	۱۵۱۰۹	۱۹۹۹۵۰	۳۶۳۰	۲۷۶۹	۲۳۱۲۷۵	۷۰۳۳	۲۱۹۳۳	۳۵۹۳۹	۱۲۹۳	۱۹۸۰
میزان	۷۴۰۳۹۰	۶۸۵۳	۱۸۸۷۵۰	۹۳۹۶۶۳	۲۱۳۳۶	۳۱۲۷۱	۹۸۸۹۶۳	۲۲۸۱۳	۳۷۶۳۱	۱۱۴۳۶۳۱	۳۳۵۵۵	۱۱۰۹۱۵	۱۰۳۶۸۹	۱۲۹۳	۷۵۹۰
اوسط	۱۴۸۰۹۸	۱۳۷۱	۳۷۷۵۰	۱۸۷۹۳۹	۴۳۶۷	۸۳۳۳	۱۹۷۷۹۳	۴۵۳۳	۷۵۲۸	۲۳۳۵۲۸	۶۹۱۱	۲۲۱۸۳	۳۴۵۶۳	۴۳۱	۲۵۳۲

متروک اور غیر آباد ہونا (۳) دربار کا وقت پر واجب امداد کے دینے سے کوتاہی کرنا اور فاقہ کش و غریب لوگون سے بیوقت پورا مطالبہ وصول کرنیکی کوشش کرنا اور بقالان کو مقرر نرخ پر فروخت کرنے اور زمینداران کو تقاوی دینے کیلئے مجبور کرنا (۴) کاشت اراضی کیلئے سرمایہ اور محنت مین کمی کی وجہ سے مزروعہ رقبہ کا بہت کم ہونا اور زراعت کاری کا خراب ہونا (۵) مالگذاری راج باقی رکھنے کا طریق شروع ہونا جو تقریبًا متواتر ابتک رایج چلا آتا ہے (۶) محالات یا بسوات کا خواہ منجانب راج بقایا وغیرہ کی وجہ سے جبرًا منتقل کرنا یا زمینداران کا ادای مالگذاری کے بار سے بچنے کی غرض سے از خود کنارہ کش ہونا۔

دفعہ ۵۰۔ تاریخ وصولی مالگذاری وبقایا تاحال

ان امورات کا ذکر حسب موقع اس باب و اگلے باب مین کیا جاویگا جس امر کا تشخیص جدید سے براہ راست تعلق ہے وہ وصولی مالگذاری کے بارے مین ہے۔ جسکے بارے مین ہم اب بصراحت ذکر کرینگے۔

(۱) قبل قحط ۱۸۷۷-۷۸ء ۱۸۵۵-۵۶ء سے لیکر ۱۸۷۶-۷۷ء تک وصولی مالگذاری دیسی ریاست کے لحاظ سے اور سنگینی جمع کو مدنظر رکھکر بہت اچھی رہی ہے تحصیل لیساور مین کل بقایا ۱۸۱۷۷ تھی جسمین سے ۱۰۳۱۳ روپیہ بعد مین وصول ہو گئے اور اب صرف ۷۸۶۴ روپیہ دراصل باقی ہین۔ دیگر تحصیلات مین بہی بقایا بہت کم ہو گئی کیونکہ ۱۸۵۵ء سے لیکر ۱۸۷۷ء تک کی جو بقایا ابتک رہتی ہے اسکی تعداد تحصیل روپباس مین صرف ۱۴۳۷۹۔ روپیہ تحصیل اوچین مین ۱۵۲۹۹۔ اور لیساور مین ۲۲۴۸۹ روپیہ ہے۔

(۲) ۱۸۷۷-۷۸ء ۱۸۸۲-۸۳ء ۱۸۷۷-۷۸ء وچار سالہای مابعد کے مطالبات اور باقیات بشمول ابواب حسب ذیل تہے۔

تسلیم کیا کہ بندوبست سخت نہیں ہے بلکہ کچھ سالوں کے بعد اوبیشی کی گنجائش ہے مگر ہمکو یہ کہنے مین کچھ تامل نہیں ہے کہ اس قدر بیشی ہاے کے سلسلہ کے بعد جنمین سے آخری دس فیصدی کی گراں بیشی کو صرف (۳) سال کا عرصہ گذرا تہا یہ بندوبست از حد سخت تہا اور اگر ۷۸-۱۸۷۷ء کے قحط کی وجہ سے لوگ شکستہ حال نہ ہوجاتے تو بہی یہ قدرتی بات تہی کہ بندوبست کی اپنی بوجہ کی وجہ سے لوگ خستہ حال ہوجاتے چونکہ اصلی حقیت تیار کرنے اور مالگذاری کی مناسب تفریق کرنے کی طرف کوئی توجہ نہیں کیگئی تہی اسلئے اس سنگینی جرم میں اور سختی محسوس ہوئی یہ سچ ہے کہ کمیٹی نے ظاہر کیا کہ تشخیص کے سلسلہ اصولون کے مطابق مقسوم اور لگان کی شرح ہای قایم کیگئی مین اور منزلکاسی کا نصف زمینداران کیلئے چھوڑا گیا ہے لیکن یہ یقین دلانے والی حکمت عملی کا صرف ایک جزو تہا جس سے حکام مراج بہرت پور بیرونی علاقون کو زاید از بیس سال کامیابی سے دہوکہا دیتے رہے اصلی ما صرف یہ تہا کہ لوگون سے زیادہ روپیہ کہینچ لیا جاوے ریاست نے زمینداران کو اپنے وسائل مین ترقی کرنیکے لئے کچھ مدد نہین دی بلکہ آبپاشی کے کامون کی مرمت مین سستی ظاہر کی اور ندی بان گنگا کیلئے روک طغیانی کی وجہ سے سب سے زرخیز قطعات کو جنگل بنادیا اور اسپر ہزار ہا مویشی پہرنے دیئے۔ چند سالون تک عمدہ موسمون اور گذشتہ سالون کے پس ماندہ سرمایہ کی مدد سے زمینداران جدید مطالبہ ادا کرتے رہے اور لقایا کم رہا لیکن ۷۸-۱۸۷۷ء کے قحط اور اسکے اثر نے ایسا ردوبدل کیا کہ صدہا محالات بالکل نیست و نابود ہوگئے اور اُسوقت سے لیکر کوئی سودیہات ابتک بہی پورے اصلی حالت پر نہین آئے۔

دفعہ ۹۴ — ۷۸-۱۸۷۷ء کے قحط کے اثر۔

ان تحصیلات مین بہی قحط کے وہی اثر تہے جنکا ذکر شمالی تحصیلات کی رپورٹ کے فقرہ ہای (۵۹) لغایت (۶۷) مین ہوچکا ہے یعنی (۱) وفات اور مفروری کی وجہ سے آبادی کا کم ہونا (۲) نقصان مویشی و وسائل کاشت۔ بے اعتباری و عام تشویش و گبہراہٹ کی وجہ سے محالات کا

دفعہ ۷۴ ششش سالہ بندوبست کی عارضی ترمیم

اس وقت مہاراجہ صاحب بہادر کو اختیارات عطا ہو چکے تہے اور انکا پہلا کام یہ تہا کہ موجودہ مطالبہ مین ۷۲-۱۸۷۱ء سے لیکر دس فیصدی کی گول طور پر بیشی کیجاوے اس قسم کی بیشی سے بعض علاقہ جات اور بہت سے دیہات مین جمع یکسان نرہی ہو گی اور بہت بڑہ گئی ہو گی۔ لیکن مہاراجہ صاحب نے اپنے اس کام کو کپتان پولٹ صاحب پولیٹکل ایجنٹ کی راے کے حوالہ سے جو ۷۲-۱۸۷۱ء کی رپورٹ مین درج ہے مبنی بر انصاف ظاہر کیا۔

ہُم بالیقین کہہ سکتے ہین کہ بدون کسی تشدد یا ظلم کے جمع مین فی الفور دو لاکہہ روپیہ کی بیشی ہو سکتی ہے" تشخیص جدید دو سال تک یعنی ۷۲-۱۸۷۱ء و ۷۳-۱۸۷۲ء مین پوری پوری وصول ہوتی رہی کیونکہ ۱۶ سال کی نابالغی کے عہد مین زمینداران زیادہ مرفہ الحال ہو گئے تہے۔ زراعت مین بیشی ہونیکے لئے راج کے قرضہ کی مدد سے بہت سے جدید چاہات کہودے گئے اور پرانے چاہات کی مرمت ہو گئی تہی اور ایک قابل انجنیر نے آبپاشی کے کام مین بہت ترقی اور وسعت دی تہی۔

دفعہ ۴۸۔ مہاراجہ صاحب بہادر کا دہ سالہ بندوبست

اس اثنا مین تشخیص جدید کا کام مہاراجہ صاحب نے بذریعہ ایک کمیٹی کے جاری رکہا۔ انکی محنت کا نتیجہ جسکا کوئی اور کاغذ نہین ہے یہ ہوا کہ کل راج کا مطالبہ تعدادی (۱۶۹۰۲۰۲) روپیہ بڑھکر (۲۰۱۶۵۴۸) روپیہ ہو گیا یعنی ۲۰ فیصدی کی بیشی ہوئی۔ ان تحصیلات مین (۴۴۴۴۷۶) روپیہ یا قریب ۱۲ فیصدی کے بیشی ہوئی۔ اگر اس سے پندرہ سال پہلے کپتان نکسن صاحب کے سرسری بندوبست سے مقابلہ کیا جائے تو (۲۱۱۵۱۹) یا زاید از (۴۰) فیصدی کی بیشی ہوئی اگرچہ صاحب پولیٹکل ایجنٹ نے اس بیشی کو اپنی رپورٹ مین مناسب قرار دیا اور دہ بارے کے یقین دلانے پر

اس تشخیص جدید کی (کیونکہ پرس سنہ زیادہ تھی) کارروائی احمد حسین افسر مال کی معرفت بزیر نگرانی
صاحب پولیٹیکل ایجنٹ ہوتی رہی اور نتیجہ یہ ہوا کہ جمع میں ایک معقول اضافہ ہوگیا جسکی اوسط کل بابت
میں مطالبہ باج پر (۷) فیصدی تھی۔

دفعہ ۴۶۔ شش سالہ بندوبست

معلوم ہوتا ہے کہ اس تشخیص جدید پر اچھا یا عام چلتا رہا اور جہاں تک
کہ مناسب تھا مطالبہ پورا ہوا اور وقت پر ادا ہوتا رہا۔ بندوبست
کی میعاد بابت سنہ ۱۹۲۵ میں ختم ہوگئی۔ صاحب پولیٹیکل ایجنٹ نے ۱۲ ماہ ستمبر ۱۹۲۶ء کو تحریر کرکے
تجویز کیا کہ خریف سنہ ۱۹۲۶ء سے (۲۰) سال کی میعاد کیلئے جدید بندوبست ہونا چاہیئے جسکو کہ
کونسل اور مہاراجہ صاحب بہادر منظور فرماتے ہیں۔ انہوں نے اس رائے سے اتفاق نکیا کہ
بندوبست ایک انگریز افسر کی معرفت کیا جاوے کیونکہ کوئی ایک کمیابی بندوبست ہونے
کی وجہ سے یہاں کی حیثیت بخوبی معلوم ہوگئی تھی اور سابقہ بندوبست کی امثلہ و گذشتہ سالوں کے
کاغذات حالیہ جدید کی مدد بن سکتی تھی۔ پس انہوں نے تجویز کی کہ تجربہ کار افسران مال کی ایک
کمیٹی بنا کر مسٹر منڈل صاحب ڈپٹی کلکٹر کے ساتھ شامل کیا جاوے۔ جو سابقہ وصولی وغیرہ کے
کاغذات کی جانچ اور ہر موضع کا معاینہ کرکے تشخیص آئندہ کے بارے میں اپنی رائے دیوین۔
آخری فیصلہ مہاراجہ صاحب بہادر کی موجودگی میں صاحب پولیٹیکل ایجنٹ کی پیشگاہ سے
صادر ہوتا تھا۔

طریق مجوزہ اگرچہ بہت اچھا کام چلانے والا تھا تاہم اگر اسکی کارروائی مقامی واقف کار دیانت دار
افسران کی معرفت عمل میں آتی تو اغلب تھا کہ مناسب جمع تجویز ہو جاتی اس طریقہ پر کام جاری ہوا
لیکن سنہ ۱۸۶۸-۶۹ء کی خشک سالی و خرابی فصلوں کی وجہ سے بندوبست ملتوی ہوگیا اور شش سالہ
بندوبست کا مطالبہ سنہ ۱۸۷۰-۷۱ء کے خاتمہ تک جاری رہا۔

بلوغ کو پہنچے تو بجاے اسکے کہ بندوبست دہ سالہ جاری رہتا میعاد بندوبست ۳ سال تک محدود کیگئی تھی اور پرگنہ بساور کی جمع بجاے اسکے کہ (۹۸۲۹۰) سے (۹۰۷۸۰) روپیہ تک کم ہوجاتی (۱۱۰۷۲۵) روپیہ تک بڑہا دیگئی۔ اور اب (۴۰۷۰۸) روپیہ یا کپتان نکس صاحب کے مجوزہ مطالبہ سے (۶۵) فیصدی زاید ہے اگرچہ سرہنری لارنس و کپتان نکس صاحبان کی یہ رای تھی کہ سرسری بندوبست سے مطالبہ مین بہت کمی ہونی چاہیے مگر سوای تحصیل بیانہ کے دیگر سب تحصیلات مین اسی پیمانہ پر مطالبہ مین بیشی ہوئی (دیکھو فقرہ ۳۸) اور زمینداران کے منصب کے بارے مین کوئی فیصلہ نہوا۔ پس انتظام مال کو محفوظ بنا پر رکہنے کیلئے عمدہ موقع ہاتہہ سے جاتا رہا اگرچہ جیسا کہ دیکہا جاتا ہے ہر پولیٹکل ایجنٹ صاحب نے یکے بعد دیگرے تشخیص جدید کے سوال کو چہیڑا مگر بدین خیال سرسری طور سے اور بزدلی سے فیصلہ کیا کہ ایسا نہو کہ مہاراجہ صاحب بہادر کو با اختیار ہونے پر یہ کارروائی پسند خاطر نہو۔

سہ سالہ بندوبست کی میعاد ربیع ۱۸۶۲ء مین ختم ہوگئی اور پولیٹکل ایجنٹ لفٹنٹ والٹر صاحب نے ماہ نومبر ۱۸۶۱ء مین تحریر کرکے تجویز کیا کہ ایک جدید بندوبست زیادہ میعاد یعنی ۶ سال کے لئے ہونا چاہیے تاکہ اسکا خاتمہ ایسے وقت ہو جب کہ مہاراجہ صاحب بہادر ۱۸۶۸ء مین سن بلوغ کو پہنچینگے۔ یہ تجویز صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کے پیشگاہ سے منظور ہوگئی اور اونہون نے ارقام فرمایا کہ دو کپتان نکسن صاحب کی سرسری اور میجر بودری صاحب کی سہ سالہ بندوبستونکی کارروائی اطمینان بخش ہے اور اب ہر ایک گائون کے حالات ایسی عمدگی سے معلوم ہونے چاہئین کہ جنسے تشخیص جدید کے کام مین بہت آسانی ہو گو وہ زیادہ میعاد کیلئے ہی کیون نہو۔

اور ہم التماس کرتے ہین کہ آپ یہ بات یاد رکہکر کہ مطالبہ راج مین بیشی کرنیکی نسبت زمینداران کی ساتہہ انصاف کرنا زیادہ اچہا ہے ہر حال مین قبل تشخیص باحتیاط مکمل تحقیقات کرین تاکہ بندوبست کی کارروائی منصفانہ اور عام پسند ہو۔

نکسن صاحب کہتے ہیں۔

"مہاراجہ صاحب بہادر کے وقت کی پرانی تحصیل کی شرح یا روینیو ریٹ ہماری تجویز کردہ لگانی شرح سے بہت زیادہ سخت اور زمینداران (۳۰) فیصدی یا زاید منافع لگانی شرح پر حاصل کر سکتے ہیں مزید بران اس بندوبست کے مقررہ مطالبہ کی وجہ سے وہ دیگر اراضیات کو مزروعہ کر سکتے ہیں جنکی بابت فی الحال ریاست کو کوئی زائد مطالبہ نہیں کرنا پڑیگا۔

پرگنہ بساولی کیلئے جسمین پیشال نہیں ہے کپتان نکسن صاحب نے (۹۰۸۰۵) روپیہ تجویز کئے جو مروجہ بندوبست کی جمع تعدادی (۹۰۸۹۱) سے (۵۰۰) روپیہ کم تھے۔ یہ رقم گذشتہ دس سالونکی اوسط سے زیادہ دس فیصدی کم تھی جس سے کہ انکا اس رائے کی صداقت پائی جاتی ہے کہ زمینداران کیلئے معقول نصف نکاسی میں سے چھوڑا گیا ہے اونہون نے یہ بھی تجویز کیا کہ بندوبست کی میعاد اول مرتبہ دس سال ہونی چاہیئے تاکہ مہاراجہ صاحب بہادر بلوغ کو پہنچکر اگر مناسب خیال فرماوین تو میعاد بندوبست کو کچھ اور سالون تک بڑھا دیوین۔

اگرچہ تجاویز جیسا کہ مرہنری ارنس صاحب و کپتان نکسن صاحب کا ارادہ تھا منظور ہو جاتین اور انکا کل ریاست مین عملدرآمد ہوجاتا تو زمینداران اور ریاست کی مرفہ الحالی کی بنیاد مستحکم قایم ہو جاتی اور ریاست کی مالی تاریخ بالکل مختلف ہوتی۔ کپتان نکسن صاحب کی تجاویز پر جو کچھ احکام صادر ہوئے انکی بابت ہمدرت پورا اور آگرہ کے دفاتر سے کچھ پتہ نہیں لگتا ہے کہ اوس بارے مین کچھ تحقیق ہوا۔ لوگ جب ہنگامی جمع کی شکایت کرتے ہین تو یہ کہتے ہین کہ ہماری جمع اس طرح باندہی جاوے جیسے کہ بلنہ صاحب و مرہنری ارنس و پاوڈٹ صاحب (کپتان نکسن صاحب) نے (دس) سال کا عرصہ ہوا کہ باندہی تھی۔"

دفعہ دہم سہ سالہ بندوبست	یہ بات صاف ظاہر ہے کہ جب مہاراجہ صاحب بہادر

کے کل حقوق کو ہر طرح استعمال کیا لیکن اب آیندہ یہ حقوق اُس حد تک کالعدم سمجھے جاوینگے جہانتک کہ بندوبست مین ہمارے قانون کے مطابق یہ حقوق لبسوہ داران کو عطا ہوئے ہین —

اس تشریح کے بعد ہم التماس کرتے ہین کہ ہمکو اس بارے مین صاف ہدایت بخشی جاوے کہ آیا آپ ان لوگون کو حقوق ملکیت عطا کرنا چاہتے ہین کیونکہ اگر ایسا نہو تو جمع کے مقرر کر دینے کے بعد کارروائی بندوبست جاری نرہیگی اور اس طرح موجودہ صورت مین راجہ اور لبسوہ دار اور کاشتکار کے درمیانی حقوق کی صراحت نہو سکیگی بخلاف اسکے اگر آپ حقوق ملکیت لبسوہ داران کو عطا کردین گے تو ان حقوق کی تعریف وہی ہو سکتی تھی جو ہمارے صوبجات مین ہے "

درمیانی اشخاص یا مالکان کا جو مزارعان سے سالانہ لگان لیتے ہین گذارہ پیدا کرنیکے فوائد پر نکتہ چینی کرنیکے بعد کپتان نکس صاحب نے رای دی ہے کہ صوبجات انگریزی مین ہمنے ان لبسوہ داران کو جنکو پہلے سے صرف حقوق کاشت حاصل تھا حقوق ملکیت عطا کر کے اندہا دہند قانون بنا دیا ہے —

دفعہ ۴۴ تشخیص و شرح ہای تجویزہ کپتان نکس صاحب بابت تحصیلات لبساور و اکہیگڈہ

پھر کپتان نکس صاحب نے اپنی لگانی شرح ہای مفروضہ کی تشریح کی ہے اور کہا ہے کہ ہمنے یہ شرح ہاے کس طرح سے حاصل کین ہم یہان پرگنہ لبساور کی شرحون کو ایکڑون سے بیگھون مین تبدیل کر کے تحریر کرتے ہین —

قسم زمین	چک اول	چک دوم	چک سویم	چک چہارم
چاہی	عہصا ۱۲ر	عہصا ۶ر پائی	عہصا ۳ر	عہ ۷ر
سیرابی	عہصا ۸ر	عہ ۱۳ر	عہص ۱۰ر	عہص ۱ر
بارانی	عہ ۶ر	عہ ۳ر	عہ ۲ر	۱۱ر

دس سال نیچ کی اوسط کے بلا ستنا ایدتھی۔

کل ریاست میں بمقابلہ طالب سابق کمی ۱/۲ ۳ لاکھ روپیہ سنایا جتی ایران تحصیلات میں

النلبا ڈیڑھ لاکھ روپیہ تھی۔

دفعہ ۲۴۔ تیاری بندوبست قانونی۔

سرسری بندوبست سے یہ مطلب تھا کہ تاکمیل بندوبست قانونی پر عملدرآمد ہوتی رہے جسکے لئے بحکم سرجیمز ڈینس صاحب بہادر کپتان نکسن صاحب نے بامداد افسٹنٹ بالش صاحب آرامی متعلقہ تکرہ وریکی کشتوارپیمائش کرائی اور نقشہ جمعیت تیار کرائیں۔ قانونی بندوبست کی رپورٹ بابت دو اول پرگنات بسا اوقات گئے جیسا کہ نیچے بیان ہو چکاہے۔ اور ان پرگنات میں ۱۹۰۱ء منظوری ہوگئی تھی۔

دفعہ ۳۵۔ کپتان نکسن صاحب کی زمینداران کے حقوق پر بحث

کپتان نکسن صاحب نے اس رپورٹ میں زمینداران کے حقوق اور ان کا سی حصہ راج کے چند ضروری مواقع پر بحث کی ہے۔ چونکہ گذشتہ رپورٹوں کے وقت بکوئی کتابت دستیاب نہیں ہوئی تھی اسلئے ہم نیچے بڑے بڑے معاملات کا ذکر کرتے ہیں۔ کپتان نکسن صاحب رپورٹ کے نمبر (۲) میں تحریر کرتے ہیں۔

"مسٹر منری لارنس صاحب مرحوم کی رائے کے مطابق جیسے بسوہ دار بہرت پور کیلئے (۲) سے (۵) فیصدی تک منافع چھوڑ دیا ہے۔ مہاراجہ صاحب بیکانیر پاس کے مدین کو صرف دو سے پانچ فیصدی تک حق قدیمی ملتا تھا اور جیسے اپنے سرسری بندوبست میں یہ حق بازرکھا ریاست بہرتپور میں اب تک مالکان یا زمینداران کے اختیارات مہاراجگان سے استعمال کئے ہیں لیکن مالکان ایسی کے کل اختیارات انکو حاصل رہے ہیں انہوں نے سالم دیہات جاگیر میں دیدیے کچھ رقبہ کاشت کرا دیا ہے مواضعات کو عطا کیا درختوں کو کاٹ ڈالا اور غیر نسبتی یا الگ و صاف ہیں

حالت کو ظاہر نہین کر سکتے اور ہمکو یقین ہو گیا کہ دراصل یہ لوگ بھوکون مرتے ہین- اور اور موقعون
پر لوگون نے بیان کیا کہ ہم فاقہ کشی کرتے ہین اور عمال تحصیل نے ہمسے غلہ کے دونون ڈہیر (حصہ
راج وحصہ کاشتکار) لیلیئے ہین جنسے انکی مراد انکے الفاظ مین (کہ ہمسے دونون قرار لیلیئے
ہین) یہ تھی کہ خریف اور ربیع دونون فصل کا مطالبہ ایک ساتھ وصول کر لیا ہے اس امر کو
اہالیان تحصیل نے تسلیم کیا ان امورات کی بابت آپکو تکلیف دینے سے ہماری آپ پر صرف یہ روشن
کرنیکی منشاء ہے کہ لڑکا اور لڑکی کا فرق ہمیشہ وہی نہین جو ہم دختر کشی کا نتیجہ فرض کیا کرتے ہین
کیونکہ یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ عارضی گردش ایام مین لوگ اپنی لڑکیون کی شادی روپیہ لیکر
اُن لوگون سے کر دیتے ہین جنکو وہ اپنی نسبت کمتر خیال کرتے ہین ہمنے اپنی عام رپورٹ
(دستیاب نہین ہوئی) نمبری (۹۸) مورخہ ۳۱ مئی ۱۸۵۷ء مین جو اس علاقہ کے سرسری
بندوبست کے بارے مین بھیجی تھی مفصل طور پر تحریر کیا ہے کہ کن کن وجوہات سے ہمکو جمع مین
تخفیف کرنی پڑی- سرسری بندوبست کی کارروائی سر ہنری لارنس صاحب بہادر نے شروع
فرمائی تھی اور یہ لوگون کیلئے جنکو کہ ایسے سخت ظلم اور ناانصافی سے سبکدوش کیا نعمت غیر مترقبہ تھی

دفعہ ۱۴۱- سرسری بندوبست مین مطالبہ کی کمی

بدقسمتی سے سرسری بندوبست کی رپورٹ دستیاب نہ ہو سکی
لیکن سر ہنری لارنس صاحب بہادر کا حوالہ جو اس رپورٹ پر
ہے اس سے پایا جاتا ہے کہ کمی مطالبہ سابق پر (۱۵) فیصدی سے زیادہ ہوگی صاحب
موصوف تحریر فرماتے ہین-

"کپتان نکسن صاحب کی مجوزہ تخفیف جمع ہماری تخفیف سے بھی (جو ۷۵ء ۱۴ فیصدی تھی)
زیادہ تھی اور خاصکر تحصیل بساورین (جہان کہ صاحب پولیٹیکل ایجنٹ کو دہوکھا دیا گیا تھا کہ
رپورٹ ہاے خشک سالی غلط ہین اور تحصیلدار نے لکھی ہین) آخری جو کمی جمع مین کیگئی

سرسری بندوبست سے پہلے کے ایام میں سے کل رقم جو اوپر دکھائی گئی ہے سنہ ۱۹۰۱ء میں تحصیلات روپباس اور چین اور بیانہ میں معاف کیگئی تھی اور اس تاریخ تک کی عدم وصول شدہ رقم تعدادی ۷۱۸۹۶ تحصیل بساور میں معاف کیگئی تھی - پس جو تعداد لگان اب دکھائی گئی ہے وہ سرسری بندوبست سنہ ۱۹۰۰ء کے بعد کی ہے - ان مختلف بندوبست ہای کی شرح اور کارروائی کا حال رپورٹ تشخیص تحصیلات شمالی کے دیباچہ میں مفصل درج ہے -

دفعہ ۵۳ - ریاست کے طریقہ ہای تشخیص و وصولی -

سرسری بندوبست سے پہلے ریاست قیاسی طور پر پیداوار کی ایک تہائی جو اکبر کے طریقہ مالگذاری کی یادگار تھی یا تو بذریعہ بٹائی یا زیادہ تر بذریعہ کنکوٹ پیداوار نرخ رواں کے مطابق نقدی میں مبدل کر کے وصول کیتے تھے - ۔۔۔ میں جب یا ۔۔۔ ترقی ہوئی تو ٹھیکہ کا قاعدہ جاری ہوگیا جسکے ذریعہ زمیندار یا ٹھیکہ دار ایک سال یا چند سال تک خاص رقم قرار کر کے ٹھیکہ لیتا تھا تا آنکہ ریاست کے حصہ کا عام طور پر سب کچھ زمیندار ان سے لیتے رہے اور باقی راشی اور حریص اہلکار راج ہضم کر جاتے تھے -

دفعہ ۵۴ - لوگوں کی سرسری بندوبست کے وقت کی حالت

یہ ظاہر کرنیکے لئے کہ ایسی تذکرہ محض کسی خیالی تصویر پر مبنی نہیں ہے - ہم کپتان نکسن صاحب کے پرگنات بساور واکے گڈھ کی رپورٹ تشخیص جدید نمبری (۷۷) مورخہ ۲ - مارچ ۱۸۵۹ء اسمی صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر راجپوتانہ سے اقتباس کر کے تحریر کرتے ہیں -

" سرسری بندوبست کرنے پر ہم کو معلوم ہوا کہ ان ہر دو تحصیلات کے باشندگان نہایت ہی خستہ حال میں ہیں کئی دیہات کا ملاحظہ کیا باشندگان کی کل جائداد خانگی کو فراہم کر کے دیکھا کہ درحقیقت انکے پاس کسقدر مال ہے - ہم کسی طرح تحریر یا تقریر سے اونکی اسوقت کی غربت زدہ

نمبر	نام بندوبست	روپباس مطالبہ	روپباس بقایا	اوچین مطالبہ	اوچین بقایا	بیانہ مطالبہ	بیانہ بقایا	بساور مطالبہ	بساور بقایا	میزان مطالبہ	میزان بقایا	بلب گڑھ مطالبہ	بلب گڑھ بقایا
	سنہ ۵۵-۱۸۵۴ء	۰	۱۰۲۷۹۱ روپیہ	۰	۴۰۶۱۹ روپیہ	۱۵۱۴۱۲ روپیہ	۱۴۷۳۹۶ روپیہ	۰	۲۰۲۳۰۶ روپیہ	۰	۰	۰	۰
۱	سرسری بندوبست	۹۹۰۹۹		۱۱۰۹۸۴		۱۴۴۴۶۶	-	۱۵۰۸۵۱		۵۱۰۴۰۰	۰	۲۸۹۷۸	۰
۲	سہ سالہ	۱۱۶۲۰۰	۱۴۳۹۹	۱۲۰۴۹۰	۵۲۹۹	۱۴۳۳۶۳	۲۲۴۸۷	۱۶۱۳۵۹	۷۹۶۰	۵۵۱۳۱۲	۵۰۱۴۵	۰	۰
۳	شش سالہ	۱۱۸۲۹۹		۱۲۶۱۸۰		۱۶۲۵۹۲	۰	۱۸۰۶۴۵		۵۸۷۷۱۶	۰	۲۴۸۵۶	۰
۴	ایضاً ترمیم	۱۲۹۶۷۰		۱۳۵۶۳۹		۱۷۹۹۵۹		۲۰۰۲۰۷		۶۴۵۴۷۵	۰	۰	۰
۵	دس سالہ	۱۴۰۵۳۶		۱۶۹۹۰۹		۱۹۰۶۸۲		۲۲۰۷۹۲		۷۲۱۹۱۹	۸۳۲۷۵۸	۰	۰
	سنہ ۱۸۸۲ء	۱۸۲۸۷۹	۴۶۱۶۶۸	۱۷۴۴۰۳	۱۸۸۶۸۸	۱۸۷۵۴۹	۸۵۹۹۷	۰	۹۶۴۰۵	۰	۰	۳۲۱۵۸	۳۰۷۳۳
۶	پندرہ سالہ سنہ ۱۸۹۰ء	۱۰۰۵۱۳		۱۷۲۳۷۳		۲۰۶۹۴۷		۲۳۶۲۷۱		۷۱۶۱۰۴	۰	۳۴۷۶۷	۷۵۴۱
	سنہ ۱۸۹۲ء	۱۰۵۷۶۶	۱۳۰۶۲۳	۱۷۲۳۷۳	۱۳۸۷۹۴	۲۰۶۹۴۷	۶۶۶۵۰	۲۳۶۲۷۱	۱۵۲۹۵۴	۷۲۱۳۵۷	۴۸۹۰۲۱	۰	۳۸۲۷۳
۷	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۱۰۵۸۵۵		۱۷۲۷۰۵		۲۰۵۹۷۲		۲۳۶۴۸۰		۷۲۱۰۱۲	۰	۰	۰
میزان			۵۹۲۲۹۱		۳۲۷۴۸۲		۱۵۲۶۴۷		۲۴۹۳۵۹		۱۳۲۱۷۹۹	۰	۳۸۲۷۳

کہان تک ہو سکے سچ مین پیش کرکے مالی نتائج مین کاغذی عمل سے فائدہ دکھایا جاوے اور اس
امر کی کچھ پروا نہ تھی کہ تعداد وصول بمقابلہ مطالبہ کے کس قدر کم تھی —

دفعہ ۸۳ ۔ مختلف تشخیص ہاے جدیدین مطالبہ کی تدریجی بیشی

نقشہ ذیل مین تشخیص جدید کا تعلق اور مطالبہ و بقایا جہان تک کہ سلسلہ دستیاب ہو سکا معلوم
معلوم کیا گیا ہے اور چونکہ ریٹ لگا مرتب مرف سنہ ۱۸۹۰ ع سے ایک شامل ہوا ہے اسلئے اسکو
علیحدہ طور پر دکھایا گیا ہے

(نقشہ صفحہ ۸۵ پر درج ہے)

(سنہ ۷۸-۱۸۷۷ء) سے واقعات شمار کرتے ہین آخرالذکر قحط اور سنہ ۹۷-۱۸۹۶ء و سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹ء کی خشک سالیون کا جو قحط کی حد تک پہونچ گئی ہین مختلف تشخیص ہاے جمع کی تاریخ مین جنکا اب مفصل بیان ہوگا ذکر کیا جاویگا۔

دفعہ ۳۷ سابقہ تشخیص

جن حالات کے باعث پہلا سرسری بندوبست سنہ ۱۸۵۵ء مین سرہنری لارنس صاحب بہادر ایجنٹ گورنر جنرل نے تحصیلات شمالی اور انکے اسسٹنٹ کپتان نکس صاحب نے باقی ریاست مین کیا انکا ذکر سابقہ رپورٹون کے باب دوم مین ہوچکا ہے۔ ابتک مختلف تشخیص ہاے حسب ذیل عمل مین آئین۔

(۱) سرسری بندوبست سنہ ۵۷-۱۸۵۵ء۔

(۲) سہ سالہ بندوبست سنہ ۶۱-۱۸۵۸ء۔

(۳) شش سالہ بندوبست سنہ ۷۰-۱۸۶۲ء۔

(۴) بندوبست شش سالہ مین ۱۰ فیصدی کی بیشی سنہ ۷۳-۱۸۷۱ء۔

(۵) دہ سالہ بندوبست سنہ ۹۰-۱۸۷۴ء۔

(۶) پندرہ سالہ بندوبست سنہ ۱۸۹۱ء تا حال۔

دیگر تحصیلات مین اس بندوبست کی جمع سنگین معلوم ہوئی اور دس سال کے خاتمہ پر جمع ترمیم کردیگئی لیکن ان تحصیلات مین مطالبہ بحال رہا۔

ان بندوبستون یا تشخیصون مین سے (کیونکہ موجودہ بندوبست کے سواے کسی بندوبست مین کوئی مثلہ حقیت تیار نہین ہوئی تھین) پہلے دو بندوبست کپتان نکس صاحب نے بزیر ہدایت سرہنری لارنس صاحب بہادر فراخ اور منصفانہ اصول پر کئے اور باقی بندوبست ناواقف اور نالائق عمّال راج کی معرفت عمل مین آئے ان لوگون کا اصلی مطلب یہ تھا کہ

دیگر جاٹ۔ مینا۔ ڈہاکر۔ مالی۔ کاچہی۔

متوسط کاشتکار۔ سنسوارجاٹ۔ گوجر۔ برہمن۔

ناقص کاشتکار۔ راجپوت۔ لودہی۔ مسلمان وتمام دیگر اقوام۔

پس قریب ایک تہائی موالات اچہے۔ اور اعلی متوسط اور ۱/۲ ناقص کاشتکارون کے قبضہ مین ہین۔ الغرض یہ علاقہ اپنی کاشتکاری کی آبادی کے لحاظ سے اچہا ہے۔

دفعہ ۳۵۔ زمینداران کے حقوق اراضی۔

حقوق اراضی کی اصلیت اور اس طریقہ کی جسمین اب انکی تعریف کیگئی ہے۔ گذشتہ رپورٹون مین مفصل بحث ہوچکی ہے۔ ان تحصیلات مین عموماً ریاست بہرت پور مین یہ ایک مشہور صورت پیدا ہوئی کہ دیہات معافی وجاگیر کے زمینداران نے معافی داران وجاگیرداران کے حقوق ملکیت اراضی حاصل کرنیکی کوششون کی مخالفت کی آزادی غلامان کے قانون سے پہلے ایک روسی غلام نے اپنی آقا کو کہا ہم تمہارے ہین اور زمین ہماری ہے اسی طرح بہرت پور کے کسان اپنے مالک کو خواہ راج ہو یا جاگیردار یہ جواب دیتے ہین " کہ بیج تمہارا۔ دہرتی ہماری " یعنی آپ جمع کے مالک ہین اور ہم اراضی کے۔ اس بندوبست کی یہ ایک نہایت ہی اطمینان بخش کارروائی ہے کہ زمینداران کے حقوق ملکیت اب ہمیشہ کیلئے باضابطہ تسلیم ہوکر درج کاغذات کیے گئے ہین۔

دفعہ ۳۶۔ خشک سالی اور قحط۔

اس علاقہ مین بہی اونہین قحطون اور خشک سالیون کا اثر ہوا ہے جنکا ذکر سابقہ رپورٹون مین ہوچکا ہے۔ ہر ایک ملک مین دہقان لوگ قحط سالی کے سال و سمت کو مثل نشانات سنگہاے میل کے سمجھتے ہین۔ جیسا کہ آئرلینڈ کے کسان قحط ہاے سنہ ۱۸۴۶-۴۷ء و سنہ ۱۸۷۷-۷۸ء سے اندازہ لگایا کرتے ہین۔ اسی طرح انکے ہندوستانی بھائی سترہ یا چونتیس یعنی قحط سمت ۱۹۱۷ و سنہ ۱۸۶۰-۶۱ء و سمت ۱۹۳۴

حدود کے ساتھہ ساتھہ (۱۷) دیہات ہین۔

لودہون کے پاس تحصیلات روپباس واوچین مین دس محالات ہین لیکن یہان بہی یہ قوم مثل اور جگہہ کے کمزور وغیر مستعد ہے۔ مالی اور کاچی جو ایسے کاشتکار ہین جنکا پیشہ بغرض فروخت باغات لگانے یا نفیس قسم کی زراعت کرنیکا ہے قریب (۱۱) محالات کے اور دیگر ہندو (۹) محالات کے مالک ہین جنمین سے (۳) مہاجنون کی ملکیت ہین گذشتہ رپورٹ مین ہندوئون سے صرف ڈہاکرون کا ذکر نہین ہوا۔ یہ لوگ راجپوتی النسل کا دعوی کرتے ہین لیکن اغلباً ایک ایسی مخلوط النسل قوم ہے جو راجپوتون کی ادنیٰ اقوام غالباً جاٹون کے ساتھہ شادی ہونیسے پیدا ہوئے۔

تحصیلات اوچین بیانہ وبساور مین یہ لوگ ½ ۱۱ محالات کے مالک ہین اور اس علاقہ مین نہایت ہی محنتی اور مرفعہ الحال کاشتکار ہین۔

مسلمانون کے قبضہ مین (۲۹) محالات یا کل کا ۶ فیصدی ہے انمین سے سب سے زیادہ مشہور گدی ہین جنکے پاس ½ ۶ خصوصاً تحصیل بیانہ وقصبہ دیر کے اردگرد ہین۔ انکی اصلیت مشتبہ ہے۔ بعض کہتے ہین کہ یہ راجپوت تھے اور خاندان لودہی یا مغلیہ کے وقت مین بالجبر مسلمان کئے گئے تھے۔ لیکن وہ اپنی نسبت ایک روایت بیان کرتے ہین کہ ہم صوبہ پنجاب کے قصبہ گگیانہ کے چہترلون یا کہتریون کی اولاد ہین۔ فی الحقیقت راجپوتونکی نسبت انکی شکل پنجابیون سے زیادہ ملتی ہے یہ لوگ کم حیثیت کے کاشتکار ہین اور نوکری خصوصاً ریلوے مین مستعدی سے کرتے ہین۔

ان قومون کی کاشتکاری کی قابلیت کا ذکر پہلی رپورٹون مین ہوچکا ہے اور انکے اقسام حسب ذیل ہین۔

اچہے کاشتکار۔

نام قوم	روپباس			اوچین			بیانہ			لساور			میزان		
	تعداد مواضعات	رقبہ		تعداد مواضعات	رقبہ		تعداد مواضعات	رقبہ		تعداد مواضعات	رقبہ		تعداد مواضعات	رقبہ	
		کل	مزروعہ		کل	مزروعہ		کل	مزروعہ		کل	مزروعہ		کل	مزروعہ
جاٹ ستنسوار	۱ ۱/۲	۳۵۲۹	۱۹۲۱	۱۱ ۳/۴	۲۰۱۸۰	۱۴۷۷۰	۸	۲۰۳۶۹	۱۲۵۲۴	۱۲	۲۰۸۲۱	۱۳۹۳۹	۰	۰	۰
دیگر جاٹ	۱۹	۴۲۰۷۲	۱۹۳۹۸	۳۰ ۱/۴	۷۱۱۲۳	۴۸۷۵۲	۱۱ ۷/۸	۲۴۳۳۸	۱۲۹۷۴	۳	۱۳۲۶۶۱	۷۳۶۲۴	۰	۰	۰
کوہاکر	۰	۰	۰	۱/۲	۱۰۷۳	۹۷۳	۵	۱۰۶۱۰	۶۶۹۷	۶	۱۱۱۰۰	۷۹۱۲	۰	۰	۰
مینا	۰	۰	۰	۱/۲	۶۶۷	۵۳۵	۶	۱۰۰۲۷	۵۷۶۳	۱۱	۲۵۰۶۸	۱۶۷۰۳	۰	۰	۰
برہمن	۱۵ ۱/۲۵	۲۹۱۰۳	۱۲۵۴۴	۱۳ ۲/۵	۴۷۱۷۵	۲۶۶۱۲	۱۸	۳۴۲۳۹	۱۷۳۷۸	۱۹ ۱/۲	۴۶۶۵۰	۳۲۴۴۵	۰	۰	۰
لودہا	۶	۸۳۳۳	۵۶۱۳	۳ ۱/۲	۵۹۲۴	۴۳۸۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
گوجر	۸	۱۳۲۴۵	۷۱۰۵	۱۸ ۱/۲	۴۴۶۱۹	۲۴۴۱۴	۹۰	۳۰۲۶۵۶	۷۲۸۴۵	۲۸	۸۸۱۴۳	۳۳۴۳۵	۰	۰	۰
راجپوت	۱۴ ۱/۵	۵۷۳۹۵	۲۷۱۹۰	۶	۲۱۵۸۸	۱۳۵۱۵	۸	۵۶۷۶۷	۱۵۰۲۹	۲	۶۸۲۱	۳۶۰۴	۰	۰	۰
مالی اور کاچی	۳	۴۵۶۶	۲۴۶۲	۱ ۲/۵	۷۹۳	۴۱۵	۵	۹۵۹۶	۴۶۵۵	۲	۳۳۲۱	۲۵۷۰	۰	۰	۰
دیگر ہندو	۱	۲۱۷۵	۱۳۹۸	۲ ۳/۱۰	۳۰۱۹	۲۳۹۲	۲	۵۰۸۲	۲۷۲۳	۳ ۱/۲	۱۰۹۸۶	۸۱۲۳	۰	۰	۰
گدی	۱	۱۰۱۸	۴۹۵	۱/۲	۱۶۶۴	۶۴۷	۸	۱۲۰۱۶	۷۴۶۴	۷	۹۶۳۵	۵۶۴۳	۰	۰	۰
سید۔ شیخ	۵ ۱/۴	۱۱۸۷۵	۷۲۹۶	۱	۳۹۷۶	۲۱۲۴	۴	۵۳۰۱	۱۷۱۴	۲	۸۷۶۷	۶۶۰۹	۰	۰	۰
دیگر مسلمان	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
خام	۱/۲	۱۶۱۳	۱۰۳۰	۴	۵۶۵	۲۹۷۲	۱ ۱/۸	۷۳۰۱	۱۹۰۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ملکیت راج	۱	۷۴۱۷	۰	۲	۲۷۳۳	۰	۱	۲۷۳۱	۰	۳	۱۰۰۳۰	۳۰۲۷	۰	۰	۰
میزان	۷۸	۱۸۲۳۴۱	۸۶۵۹۲	۹۶	۲۲۳۹۹۹۱	۱۴۳۵۰۵	۱۶۸	۵۰۱۱۲۳	۱۶۱۶۶۶	۱۴۹	۳۷۴۰۰۳	۲۰۷۴۴۴	۰	۰	۰

بلونت سنگہ نے اس خرابی کو اس طرح سے دور کیا کہ سواران کو رسالون مین بہ ترتی کیا انکے انعام
ضبط کر کے بجاے اوسکے نقد تنخواہ مقرر کردی یہ انعام کئی پشتوان تک موروثی خیال کیے
جاتے رہے - مگر اب انمین سے بہتیرون کا نام نشان بہی باقی نہین رہا - رقبہ انعام کے کم کرنیکا
ایک اور طریقہ یہ تہا کہ جو لوگ ۵۸-۱۸۵۷ء مین مفرور ہوئے تہے یا متفرق ابواب یا نیتی ربع کی
ادائگی مین قاصر رہے انکے انعام ضبط کر لیے جاتے تہے -
ان تجاویز کا نتیجہ یہ ہے کہ ریاست بہرتپور مین جوتہر کے معالات کو خارج رکہکر رقبہ منضبطہ
کی تعداد کل رقبہ کی $\frac{1}{11}$ اور رقبہ مزروعہ کی $\frac{1}{9}$ کے برابر ہے غالبا راجپوتانہ کی کسی دوسری
ریاست مین اس قدر تعداد نہوگی - ناٹک کا قاعدہ اب مسدود ہوگیا ہے - اور جب تک
کہ ابتدائی معافیدار کی اولاد موجود ہے ضبطی عمل مین نہین آسکتی - پس اب جاگیر اور معافی
مین سواے انکے جو مین حیات یا عارضی ہین کسی زیادہ کمی کی امید نہین کیجا سکتی -

دفعہ ۳۴ سرکردہ اقوام کاشتکاران

کاشتکاران کی سرکردہ قومون کا ہر تحصیل کے بیان مین ذکر
ہوچکا ہے - لیکن نقشہ ذیل سے تعداد معالات کل رقبہ و رقبہ
مزروعہ کی پوری پوری تفصیل معلوم ہوتی ہے جو ہر قوم کے قبضہ مین ہین -

---

(نقشہ صفحہ ۷۹ پر درج ہے)

اولاد موضع ہلینہ کے کچھہ رقبہ مین بطور ادنی مالک قابض ہی۔

دفعہ ۳۳۔ جاٹون کا رفتہ رفتہ جاگیرون کا ضبط کرنا

یہ دونون واقعات اس طریقہ کے نمونے ہین جنسے مہاراجگان بھرتپور نے اپنے جاگیرداران کی اراضیات چہین کر اپنی ریاست کو وسعت دی۔ جس زمانہ مین کہ مہاراجگان بدن سنگہ اور سورج مل کے عہد مین ریاست ترقی پر تہی اور انکو اپنے جاٹ رشتہ داران کی خدمات جنگ کی ضرورت تہی تو اُنکو اونکی خدمات کے صلہ مین علاقہ جات مفتوحہ مین سے جاگیرات و معافیات عطا ہوئی تہین۔ اسی طرح مہاراجہ بدن سنگہ کے (۱۶) پسران کو جو (۱۶) کوٹھریون کے ٹھاکر کہلاتے ہین اور اُن خاندانون کے بانی ہین جو ابتک ریاست مین نہایت ہی معزز شمار کیے جاتے ہین بڑی بڑی جاگیر عطا ہوئین۔ جب ریاست کے حدود کا وسیع ہونا بند ہوگیا تو مہاراجہ جواہر سنگہ سے لیکر بعد کی نسل کے مہاراجگان کو یہ بڑی بڑی جاگیرات دیکہکر حسد پیدا ہوا اور انہون نے طرح طرح کے حیلے اور بہانہ سے جاگیرات کو ضبط یا کم کرنا شروع کیا۔ ۱۸۰۸ء مین دیر اور ہلینہ کے ضبط ہوجانیکے بعد بہی موجودہ تحصیل بساور مین (۴۳) محالات (علاقہ بلب گڈہ کو علیحدہ رکہکر) جاگیر یا معافی کے تہے جنکا رقبہ تہائی رقبہ تحصیل کے برابر تہا۔ ۱۸۵۵-۵۷ء کے بندوبست مین یہ تعداد گہٹ کر (۱۶) رہگئی اور بعد کی ضبطی ہای کی وجہ سے اب صرف (۷) محالات باقی رہگئے جنکا رقبہ صرف (۵) فیصدی ہے۔ عارضی منضبط جاگیر بلب گڈہ کا ذکر فقرہ (۱۸) مین ہوچکا ہے۔ قریبی برادران راج یعنی (۱۶) کوٹھریون کے ٹھاکرون کو بہی نقصان پہونچا ہے۔ جو اشخاص کہ لاولد مرگئے انکے حصص قاعدہ ناٹ کے مطابق ضبطی مین آگئے۔ سواران کو بہت سا رقبہ حسب ضرورت خدمات انجام دینے کی شرط پر انعام مین ملا ہوا تہا یہ سواران اپنے دستہ بناکر ضلع آگرہ و ریاستہای ملحقہ مین جاکر حملہ کرتے یا ڈاکے مارتے تہے۔ مہاراجہ صاحب

دس سال کے اوسط نرخ سے نقدی میں مبدل کیا جاوے تو ایک تہائی کے برابر تھا۔ اور اسکے
تخمینہ بات پیدا ہوا جیسا کہ رپورٹ اوپر میں بیان ہو چکا ہے۔

دفعہ ۴۴۔ اس علاقہ پر جاٹوں کی فتوحات

ما بین [illegible] و [illegible] کے جاٹوں نے اس حصہ میں جو جو فتوحات حاصل کیں انکا ذکر سابقہ رپورٹوں میں ہو چکا ہے۔ پرگنہ
دیہہ جو تحصیل بساور میں ہے راجہ بدن سنگھ کے پسر سورج مل کے بھائی پرتاب سنگھ کی جاگیر میں تھا۔ انہوں
نے وہاں ایک قلعہ اور محل بنایا۔ اور اس جگہ کو باغات اور عمارتوں سے خوبصورت کیا۔ اور اس کو
پہر منسوب تھا۔ مہاراجہ جواہر سنگھ صاحب کو شبہ ہوا کہ انکی فلوج سے سازش ہے لہذا اس
دیہہ کو ضبط ریاست کرلیا اور دیہہ کی نگہداشت میں مہاراجہ صاحب موصوف نے گوسنیرا و
جاگیر کو ضبط کرلیا۔ دیہہ پرتاب سنگھ کے گزارہ کیلئے صرف دو دیہات واگذار کئے انکی اولاد
کے قبضہ میں یہ دیہات چند پشتوں تک رہے اور انکا انتساب بھی رہا۔ مہاراجہ بلونت سنگھ
نے جاگیر کے صرف دو دیہات باجرہ و سایر ہو رہنے دئے۔ دیا و سنگھ کی وفات پر مہاراجہ
صاحب بہادر جیکنٹھ باشی نے ان دیہات کو بھی ضبط کرکے انکے خاندان کے موجودہ
بیٹے ادھمن سنگھ کا نقد گزارہ مقرر کردیا۔ یہ صاحب اس وقت میو کالج میں تعلیم پاتے ہیں
اسی طرح ٹھاکر تخت رام کو جو راجہ چوڑامن کے چھوٹے بھائی اور اپنے متبنی پسر رول سنگھ
کے توسل سے تخمینہ کے ۱۳ گاؤں کنبرکت سے موضع پلیہ اور اسکے اردگرد کے دس گاؤں
جاگیر میں ملے ہوئے تھے۔ انہوں نے پلیہ میں ایک قلعہ تعمیر کیا جو ابتک موجود ہے۔ جب
مہاراجہ جواہر سنگھ صاحب نے دیرپ [illegible] کی تو پلیہ کے سردار سوائی رام پر جو اس [illegible] کے کمان
افسر تھے یہ شبہ ہوا کہ انکی راجہ پرتاب سنگھ سے سازش ہے۔ انکی بڑی جاگیر فوراً ضبط ہوگئی اور
صرف تھوڑا حصہ بطور گزارہ کے واگذار رہا یہ بھی رفتہ رفتہ ضبط ہوتا گیا۔ اب ٹھاکر تخت رام کی

پرگنہ یا محال	مالگذاری بحساب روپیہ	نام تحصیل جسمین اب شامل ہے
بیانہ	۱۷۷۵۳	بیانہ
بساور	۱۳۷۶۳۶	بساور
خانوہ	۷۳۰۵۶	حصہ روپباس
کمہیر	۱۸۶۵۰	کمہیر
ہیلک	۶۹۷۱۷	ایضاً
پہاڑی	۳۰۷۲۵	پہاڑی
کامنہ	۱۳۶۱۳	کامنہ
نکیرا	۱۵۸۵۳	کامنہ
اول (حصہ)	۱۳۷۷۳۸	کمہیر وبہرت پور

بدقسمتی سے پُرانے نامونکو حال کے نامون سے پہچان کرنے مین مشکلات پیش آینگی وجہ سے مقابلہ مکمل طور پر نہین ہوسکتا - یہ امر ظاہر ہے کہ تین پرگنات - بیانہ - بساور - اور خانوہ کہ (جو اب چار جنوبی تحصیلات کے حصے ہین) کی جمع ۵۴۴۸۸۳ یا کل علاقہ موجودہ کی جمع کے نصف سے زاید تہی - ہم ریاست الور کے سال حال کی رپورٹ کے باب دویم مین بیان کرچکے ہین کہ اس وقت اجناس کی قیمت موجودہ نرخ کے ۱/۴ سے ۱/۲ تک تہی اور یہ بات اگر فرض کرلیجاوے کہ اُس وقت جمع موجودہ مطالبہ کا صرف نصف تہی تو بہی حصہ پیداوار یعنی شرح تشخیص جو اس وقت لیجاتی تہی بہ نسبت موجودہ شرح کے بہت زیادہ تہی - اس امر سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ اکبر کے زمانہ مین بجای تشخیص پیداوار تخمینی کا جسکو اگر بہ نرخ مروجہ سال حال

باب دوم

مالی نتائج

دفعہ ۲۹ تحصیل بیانہ کی ابتدائی تاریخ

ہماری پہلی رپورٹ ہاے کے باب دوم مین ریاست بھرتپور کے عروج کا ذکر ہو چکا ہے۔ اس علاقہ کی ابتدائی تاریخ کا مرکز بیانہ کے اردگرد ہے جسکو قدرت اور صنعت نے ملکر ہنود کی سلطنت کے زمانہ مین بھی ہندوستان کے مشہور ترین قلعون مین سے بنا دیا تھا۔ گیارہوین صدی مین محمود غزنوی کے حملہ کے وقت بجے پال ایک جادون خاندان کا راجپوت بیانہ مین حکمران تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اُسنے ایک مسلمان لڑکی کو بالجبر چھین لیا اور بدین وجہ سلطان محمود کے بھتیجے مسعود سالار نے ۱۰۳۱ء مین بیانہ پر حملہ کر کے اسکو فتح کر لیا۔ بجے پال لڑائی مین مقتول ہوا لیکن راجپوتون نے قلعہ جلد واپس لیلیا۔ ۱۰۴۴ء مین مشہور ابوبکر قندہاری نے اس قلعہ پر کامیابی کے ساتھ حملہ کیا۔ ابوبکر میدان کارزار مین مارا گیا اور اسکی قبر ابتک بیانہ کے متصل دیکھنے مین آتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اُسوقت سے لیکر بیانہ دہلی کے ہر ایک شاہی خاندان کے قبضہ مین رہا۔ پندرہوین صدی کے اخیر مین مقامی صوبہ دار نے سکندر لودہی کے برخلاف بغاوت کی جسنے بیانہ کو فتح کر کے جنوب کی طرف چند میل کے فاصلہ پر ایک نئے شہر سکندرہ کی بنا ڈالی۔ اس شہر کے کھنڈرات ابتک نظر آتے ہین۔ یہ شہر مثل بیانہ دامن کوہ مین واقع تھا اور اسمین مضبوط قلعہ یا قلعہ جات کے سلسلہ کا جو پہاڑونکی چوٹیون پر ہین اور جنکا محیط ابتک سات میل ہے دروازہ چھپا ہوا تھا۔ ہندو اور مسلمان فاتح جو یکے بعد دیگرے آتے رہے اونہون نے اس قدرتی عالیشان قلعہ کو مستحکم کرنے مین کوئی دقیقہ باقی نہین چھوڑا اور یہ اب ہندؤن اور مسلمانون کے زمانہ عروج کی عجیب یادگار ہے جسکے

اسٹیشن سے (۱۱) سے (۲۰) میل تک ہین اندرونی آمدرفت کیلئے سوائی تحصیل اوجین کے باقی سب تحصیلات کا انحصار انہی موسمی سڑکون پر ہے۔ اور ندی بامی بان گنگا و گمبھیر طغیانی کے آنی ہوئی تو بہت عرصہ تک آمدورفت بند ہوجاتی ہے۔ ندی بان گنگا کے شمالی جانب کے حصہ مین عموماً درخت نہین ہین۔ اور جنوبی جانب سبزی بکثرت ہے۔ تحصیلات بساور بیانہ کے میدانون مین میوہ دار درختان یعنی آم و مہوہ جسکے پھولون سے شراب نکالی جاتی ہے۔ اور جنگلی بیر کثرت مین ڈانگ کی پہاڑیون اور علاقہ ناہرو کے نالون کے ساتھ ساتھ کی کٹی ہوئی نشیب اراضیات مین جھاڑیان بہت ہین۔ اور انہین بھیڑون اور بکریون کو چرنے کیلئے بکثرت ملسکتا ہے۔ تحصیلات بساور بیانہ کے بعض بعض دیہات مین پان کی کاشت کامیابی سے کیجاتی ہے۔ آب و ہوا شمالی و وسطی تحصیلات کی نسبت عموماً بہت اچھی ہے۔ کیونکہ پانی زمین کے نرم ہونے کی وجہ سے کم جمع رہتا ہے۔ اور پینے کا پانی عموماً عمدہ ہے۔ تحصیل اوجین کے بعض مشرقی دیہات مین جنگلی دیا بر برآمد کی نشیبی اراضی ہے اور ہر سال آبپاشی ہوتی ہے۔ موسمی بخار اکثر پھیلتا ہے۔

سرگرمی سے چلا رہے ہین جسکے نتائج راج اور رعیت دونون کیلئے فائدہ بخش ہین۔ بہت سے ظاہری نتائج مین سے ہم صرف ایک مثال کا حوالہ دیتے ہین جو ندی بان گنگا کی طغیانیون کو روکنے کے بارے مین ہے (دیکھو فقرہ ۔۷) یہ ندی جوان تحصیلات مین ایک زحمت تھی۔ اب زراعت کاری کی مرفہ الحالی کیلئے رحمت مین مبدل ہو گئی ہے۔ اور دیگر فوائد مین سے ہم صرف یہ امر بیان کرتے ہین کہ ۹۷-۱۸۹۶ء کی خشک سالی اور موجودہ قحط کے زمانہ مین ریاست نے قحط سالی کی مزدوری کا انتظام بالکل محکمہ تعمیرات کے اعتبار پر چھوڑ دیا۔ جسنے کہ قحط زدگان کو زیادہ تر آبپاشی کے بندات کی تعمیر یا مرمت پر سودمندی سے لگا رکھا۔ ان تحصیلات کی بڑی بڑی تعمیرات کی فہرست علیحدہ شائع کیجائیگی۔ جب وہ عمارات جو ابھی زیر تعمیر ہین مکمل ہو جائینگی تو اس علاقہ کی زراعت مین بہت ترقی ہوگی۔

دفعہ ۲۷۔ بارش اور کاشت بارانی

بارش کے بڑے بڑے امورات کا ذکر ہر ایک تحصیل مین ہو چکا ہے اور تفصیلوار اعداد ضمیمہ الف مین درج کئے گئے ہین۔ اس علاقہ مین سال بھر کی اوسط بارش (۲۵) انچ سمجھنی چاہیے۔ جو اگر مناسب اوقات پر ہو تو ہر دو فصلون کے محفوظ رکھنے کیلئے کافی ہے۔ بدقسمتی سے ۹۶-۱۸۹۵ء سے لیکر ہم ایسے سالون کا ایسا چکر آرہا ہے جسمین بارش بہت کم یعنے ۵ سالونمین اوسط صرف (۱۹) انچ ہی نہین ہے بلکہ اوسکا نزول بہت ہی ناموزون اوقات پر ہے۔ منجملہ ان پانچ سالون کے ۳ سالونمین ماہ ستمبر اور موسم سرما کی بارشین دراصل نہین ہوئین۔ اور اس وجہ سے خریف کی پیداوار بہت کم ہوئی اور ربیع کے غیر آبپاش رقبہ مین عام خرابہ رہا۔

دفعہ ۲۸۔ آمد و رفت درختان آب و ہوا وغیرہ

یہ علاقہ جسمین اگرچہ ریل کا گذر نہین ہے مگر نہ تو فاصلہ پر ہے اور نہ علیحدہ ہے مختلف تحصیلات کے صدر مقامات ریلوے

ان تحصیلات میں ۱۹۰۸ء سے لیکر وسطی اور شمالی تحصیلات کی نسبت تقاوی بہت فیاضانہ
طور سے دیگئی ہے۔ ان پانچ تحصیلات میں تخم اور بیلوں کے خریدنیکے لئے ....۹ روپیہ سے زیادہ تقاوی
دیگئی ہے۔ اور تعمیر و درستی چاہات کی خاطر ...۵۴ روپیہ سے زیادہ دئے گئے۔ اس رقم سے ۱۰۱
جدید چاہات تعمیر ہوئے۔ ۵۰ درست ہوئے اور ۸ زیر تعمیر ہیں۔
سال گذشتہ کی رپورٹ کے فقرہ (۱۴۰) میں جیسے وجوہ بیان کئے گئے تھے چار پانچ برس تک تقاوی دینی
چاہیے۔ ان تحصیلات میں فیاضی کے ساتھ تقاوی تقسیم کرنیکی ضرورت ہے۔ لیکن نگرانی بھی ہونی
چاہیے۔ کیونکہ سوائی تحصیل روپباس کے باقی سب تحصیلات میں نصف یا نصف سے زیادہ
چاہات سے آبپاشی ہوتی ہے۔

دفعہ ۲۹۔ سیرابی کاشت اور بند

ندی ہائے بان گنگا او گمبھیر کی طغیانی کی قدرتی اور مصنوعی آبپاشی
اور آبپاشی کی بندات کے ذریعہ جات کا مختلف تحصیلات کے بیان میں ذکر آ چکا
ہے۔ مہاراجہ جسونت سنگھ صاحب بہادر کے عہد میں یعنی ۱۹۲۵ء سے ۱۸۵۳ء تک تقریباً
تمام موجودہ آبپاشی کے کام اس علاقہ و دیگر علاقہ جات ریاست میں جاری ہو گئے تھے۔ لیکن
مہاراجہ صاحب سابق کے دوران نابالغی میں گورنمنٹ ہوم صاحب رائل انجنیر نے انکو تکمیل کو
پہونچا دیا بلکہ انھوں نے آبپاشی کے کاموں میں بیشی بھی کی۔ مہاراجہ صاحب ممدوح کے
تخت نشین ہونے پر انتظام کی اس اہم ضروری شاخ پر توجہ نہ رہی۔ اور جو عمارات کہ زیر تعمیر تھیں۔
مثلاً ہاجلہ بند مسدود ہو گئیں نتیجہ یہ ہوا کہ بندات گر کر کھنڈر بن گئے۔ یا عدم مرمت حالت میں ہو گئے
پس اس عہد میں سیرابی کاشت اور زراعت کاری میں عموماً سخت نقصان ہوا۔ ۱۸۹۵ء
میں جب انتظام ریاست زیر اہتمام صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر آیا ترقی آبپاشی کا کام فوراً شروع
ہو گیا۔ اور اُس وقت سے لیکر مسٹر جی ای ڈیونش صاحب ایگزیکٹو انجنیر اسکو کمال مستعدی اور

نام تحصیل	تقاوی قبل سنہ ۱۸۹۰ع			تقاوی بعد سنہ ۱۸۹۰ع						چاہات		
				بغرض خرید بیل و تخم			بغرض تیاری چاہات					
	تعداد تقاوی	رقم وصول شدہ	باقی	تقاوی	رقم وصول شدہ	باقی	تقاوی	رقم وصول شدہ	باقی	تعداد چاہات پختہ تیار شدہ	تعداد چاہات مرمت شدہ	تعداد چاہات زیر تعمیر
روپباس	۴۴۲۲	۳۸۷۱	۵۵۱	۱۸۷۰۰	۱۷۱۸۵	۱۵۱۵	۷۷۰۹	۶۰۳۱	۱۶۷۸	۳۷	۷	۰
اوچین	۶۸۳۱	۴۸۲۷	۲۰۰۴	۳۵۴۵۸	۳۴۸۲۷	۶۳۱	۱۱۷۴۰	۱۱۰۱۹	۷۲۱	۲۹	۹	۰
بیانہ	۶۵۷۹۱	۵۵۰۲۵	۱۰۷۶۶	۲۵۶۰۲	۲۲۷۲۷	۲۸۷۵	۱۰۶۴۹	۸۳۱۵	۲۳۳۴	۳۳	۲۶	۳
بسناور	۶۹۶۷	۶۵۵۰	۴۱۷	۱۳۳۹۴	۱۳۱۱۵	۲۷۹	۱۵۲۴۵	۱۴۳۲۱	۹۲۴	۵۲	۲۳	۷
میزان	۸۴۰۱۱	۷۰۲۷۳	۱۳۷۳۸	۹۳۱۵۴	۸۷۸۵۴	۵۳۰۰	۴۵۳۴۳	۳۹۶۸۶	۵۶۵۷	۱۵۱	۶۵	۱۰

پختہ چاہات یعنی جن مین پختہ نال پہلے بنائی جاتی ہے اور اسپے مٹی ڈالی جاتی ہے - یا جو نیچے سے تعمیر کئے جاتے ہین گنگ کے میدانون یا نہری بانگر کا سیراب شدہ قطعون مین بکثرت ہین - اور طرح کے چاہات سے زیادہ لاگت دار ہوتے ہین لیکن دیرپا بہت ہین - اور عموماً انمین پانی بکثرت ہوتا ہے کیونکہ انکی سمت کے سطح مین سوراخ ہوتے ہین -

پتھروا چاہات جو عموماً تراشیدہ ڈھیلے پتھرون سے لاومسالہ یا گچ کے بنائے جاتے ہین اور کوہ کی تہ پانی مین نہین ہاسے جاتے ہین - یہ چاہات تحصیل وہاس کے ماتحت بہرپا کثرت ہین - اور تحصیل مانٹ کے موضع ۲۶ مین بہت سے ہین - انپر لاگت کم آتی ہے لیکن خشک سالی مین یا خشک ہو جاتے ہین کیونکہ اکثر انکے پانی کا ذخیرہ سطح کے نکاس کے نالون کے پانی سے بھرتے رہتا ہے - اور ان چاہات کے سطح سوت مین سوراخ نہین ہوتے - کچے کچے چاہات تحصیل مانٹ کے ماتحت نہر مین کثرت سے ہین جہان کہ سطح آب بہت عمیق ہے اور ان چاہات کو دیرپا بنانے کی غرض سے دہانہ مین ۱۰ سے ۲۰ فٹ تک پختہ عمارت بنائی جاتی ہے -

تحصیل مانٹ و مہابن مین نا پختہ چاہات بہت ہین - ایسے چاہات کیلئے انکی زمین عموماً سخت درکار ہوتی ہے سال ۱۹۰۰ع مین ان چاہات کی کمی اس وجہ سے ہے کہ پختہ چاہات مین پانی کی کمی کی وجہ سے زمیندارون و کاشتکارون نے نا پختہ چاہات کثرت سے کھود لئے -

دفعہ ۲۵ - تقاوی نقشہ ذیل سے ظاہر ہوتا ہے - کہ کس قدر تقاوی بغرض تیاری چاہات یا دیگر اغراض زراعت عطا ہوئی - اور کس قدر چاہات تعمیر ہوئے -

اوچین..................۴۲۵۴ بیگہ یا ۱۸ فیصدی۔

بیانہ..................۱۴۰۷۰ بیگہ یا ۳۶ فیصدی۔

بساور..................۱۰۱۵۷ بیگہ یا ۲۰ فیصدی۔

مختلف اقسام چاہات کا رقبہ آبپاش شدہ فی لاؤ حسب ذیل ہے۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور
پختہ چاہات	۱۱	۱۵	۱۵	۱۷
خام چاہات	۴½	۹	۹	۹

سوائے تحصیل روپباس کے جہاں کہ علاقہ وال کے چاہات میں پانی بہت کم ہے۔ باقی سب جگہ اوسط قریباً یکسان ہے۔ ایک ڈھینکلی کی اوسط آبپاشی ایک سے سوا بیگہ تک ہوتی ہے۔

دفعہ ۴۴۔ اقسام چاہات مستعملہ بلحاظ طریقہ تعمیر اقسام چاہات حسب ذیل ہے۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور
پختہ	۷۰۲	۱۲۴۱	۶۴۳	۰
پتھر وا یا ڈھیلے پتھر	۳۲۹	۱۹۹	۱۲۳۹	۰
کچا۔ پکا	۰	۰	۲۸۳	۰
کچا	۲۶۴	۱۰۶	۳۷۷	۰
میزان	۱۲۹۵	۱۵۴۶	۲۵۴۲	۰

اگراسکو فیصدی کے طور پر دکہایا جاوے تو نتیجہ حسب ذیل ہے۔

تفصیل	روپباس	اوچین	بیانہ	بساور
شیرین	۸۰	۵۵	۸۷	۸۶
تیلیہ	۱	۱	۳	۴
کہاری	۸	۱۹	۵	۹
تلخ	۱۱	۲۵	۵	۱۶

اس نقشہ سے پایا جاتا ہے۔کہ تحصیل اوچین مین قریبًا نصف چاہات کہاری۔تیلیہ یا تلخ ہین اور انکی آبپاشی سے تاوقتیکہ بارش سے مدد نہو زمین کو کچہ زیادہ عرصہ مین نقصان پہونچتا ہے۔ اور تحصیل بساور مین ایسے چاہات کی نسبت ۱/۶ روپباس مین ۱/۵ اور بیانہ مین ۱/۸ ہے۔ ہر ایک قسم کے چاہات کے محاذ جو چاہی سابق کا رقبہ دکہایا گیا ہے اسکے کئی ایک وجوہات ہین جنمین سے ظاہری اسباب یہ ہین (۱) چاہات مین پانی کی کمی (۲) تلخ چاہات پر آبپاشی شدہ فصل کے بعد زمین کو خراب نہ کرنیکی غرض سے بارانی فصل بونا (۳) چاہات کو پورے طور پر چلانیکے لئے کافی مویشی وغیرہ کی ضرورت ہے۔

دفعہ ۳۲-رقبہ دوفصلی و اوسط رقبہ آبپاشی شدہ فی لاؤ۔

دوفصلی رقبہ شیرین چاہات پر ہی ہوتا ہے۔جنپر بشرطیکہ پانی کافی ہو-خریف کی اجناس مکی- کپاس اور باجرہ کے بعد ربیع مین گیہون-جو-اور زیرہ بوئے جاتے ہین- سال تصدیق مین رقبہ دوفصلی حسب ذیل تہا-

روپباس .... ۲۸۸۷ بیگہ یا ۹ فیصدی-

قسم چاہات	تفصیل	روپباس				اوچین				بیانہ				بساور			
		چاہات		چاہی		چاہات		چاہی		چاہات		چاہی		چاہات		چاہی	
		جاری	غیرجاری	حال	سابق	جاری	غیرجاری	حال	سابق	جاری	غیرجاری	حال	سابق	جاری	غیرجاری	حال	سابق
کھاری	پختہ	۷۱	۷	۱۲۴۴	۶۱۲	۲۵۲	۴۵	۵۴۲۶	۱۴۳۹	۱۱۶	۲	۲۵۱۰	۲۳۲	۸۱	۱۵	۱۴۰۵	۳۴۲
	خام	۳	۰	۳	۰	۱۲	۰	۱۹۵	۰	۱۴	۰	۱۴۴	۲۵	۲	۰	۶	۰
	میزان	۷۴	۷	۱۲۴۷	۶۱۲	۲۶۴	۴۵	۵۶۲۱	۱۴۳۹	۱۳۰	۲	۲۶۵۴	۲۵۷	۸۳	۱۵	۱۴۱۱	۳۴۲
تلخ	پختہ	۷۵	۲۵	۸۱۷	۵۷۵	۳۱۴	۸۲	۷۴۰۸	۱۳۱۸	۱۰۳	۱۰	۱۸۹۷	۳۶۳	۲۲۳	۳۴	۵۰۸۰	۷۱۳
	خام	۲۷	-	۱۲۸	۰	۱۱	-	۱۶۸	۰	۱۴	۲	۱۹۰	۵۵	۳۱	۲	۲۴۴	۵۸
	میزان	۱۰۲	۲۵	۹۴۵	۵۷۵	۳۲۵	۸۲	۷۵۷۶	۱۳۱۸	۱۱۷	۱۲	۲۰۸۷	۴۱۸	۲۵۴	۳۶	۵۳۲۴	۷۷۱
میزان	پختہ	۶۴۱	۱۴۵	۸۴۵۳	۴۸۱۷	۱۱۷۴	۲۶۶	۲۳۰۹۱	۷۷۴۱	۱۷۷۷	۱۰۶	۳۳۶۶۰	۶۵۰۱	۱۹۴۵	۲۹۳	۴۵۵۴۷	۱۴۱۸۹
	خام	۲۳۷	۰	۱۲۸۹	۰	۹۲	۱۴	۸۳۷	۲۵۵	۶۱۳	۴۷	۵۳۴۱	۱۳۷۸	۵۳۷	۴۷	۴۶۹۵	۱۸۳۲
	ڈھینکلی	۲۷	۰	۲۷	۰	۵۴	۰	۵۲	۰	۴۸	۰	۵۰	۰	۲۹۰	۰	۳۶۵	۸
	میزان کل	۹۰۵	۱۴۵	۹۷۶۹	۴۸۱۷	۱۳۲۰	۲۸۰	۲۳۹۸۰	۸۰۲۶	۲۴۳۸	۱۵۳	۳۹۰۵۱	۷۸۷۹	۲۷۷۲	۳۴۱	۵۰۶۰۷	۱۶۰۲۹

بیان مقامات	تفصیل	روپباس				اوجین				بیانہ				بساور			
		چاہات		چاہی		چاہات		چاہی		چاہات		چاہی		چاہات		چاہی	
		جاری	غیرجاری	حال	سابق	جاری	غیرجاری	حال	سابق	جاری	غیرجاری	حال	سابق	جاری	غیرجاری	حال	سابق
ششیرنی	پختہ	۴۸۶	۱۱۳	۶۱۸۳	۳۶۱۸	۶۰۰	۱۳۷	۱۰۱۲۶	۴۹۵۴	۱۵۱۱	۹۰	۲۸۲۴۱	۵۶۳۵	۱۴۱۱	۲۲۰	۳۲۹۴۰	۱۱۸۱۳
	خام	۲۰۷	۰	۱۱۵۸	۰	۶۹	۱۴	۴۷۴	۲۵۵	۵۶۹	۴۴	۴۸۷۷	۱۲۶۸	۴۹۳	۴۵	۴۲۱۳	۱۴۳۶
	میزان	۶۹۳	۱۱۳	۷۳۴۱	۳۶۱۸	۶۶۹	۱۵۱	۱۰۶۰۰	۵۲۰۹	۲۰۸۰	۱۳۳	۳۳۱۱۸	۶۹۰۳	۱۹۰۴	۲۶۵	۳۷۱۵۳	۱۳۲۴۹
تیلیہ	پختہ	۹	۱	۲۰۹	۱۲	۸	۲	۱۳۱	۹۰	۴۷	۳	۱۰۱۲	۲۷۱	۱۰۲	۲۲	۲۲۵۳	۷۹۱
	خام	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲	۱	۱۳۰	۳۰	۵	۰	۷۹	۹
	میزان	۹	۱	۲۰۹	۱۲	۸	۲	۱۳۱	۹۰	۶۳	۵	۱۱۴۲	۳۰۱	۱۰۷	۲۲	۲۳۳۲	۸۰۰
سخت	پختہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲۸	۳	۲۵۶۹	۶۳۰
	خام	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۶	۰	۵۳	۲۹
	میزان	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱۳۴	۳	۲۶۲۲	۶۵۹

ان رقومات سے پایا جاتا ہے کہ (۱) ان تمام تحصیلات مین بندوبست سابق سے لیکر پختہ چاہات جاری کی تعداد بڑہگئی ہے - لیکن اُن چاہات کی تعداد کم ہوگئی جو دراصل ۹۹-۱۸۹۸ع مین جاری رہی لیکن خشک سالی کی وجہ سے ۱۹۰۰-۱۸۹۹ع مین یہ تعداد بہت بڑہگئی - اور یہی وجہ ہے کہ بندوبست سابق سے لیکر اتبک افتادہ چاہات بہت کم ہوگئے (۲) اس خشک سالی کے سبب سوائے تحصیل بیانہ کے باقی ان تحصیلات مین خام چاہات بہت بڑہگئے ہین اور (۳) ۱۹۰۰-۱۸۹۹ع مین غیر مستقل ڈہیر اور ڈہینکلیون کی تعداد مین بہت بیشی ہوگئی جو جہان کہین کہ ممکن تہا - کہاتلی اور سیرابہ فصلونکے بچانیکے لئے کہودی گئین (۴) بلحاظ تعداد چاہات تمام تحصیلات باستثنای تحصیل بیانہ کے اب بندوبست سابق کی نسبت اچہی حالت مین ہین - لیکن کمی پانی کی وجہ سے چاہات کی طاقت آبپاشی بہت کم ہوگئی (۵) کل رقبہ چاہی اور اس رقبہ مین جو دراصل سال ہر مین آبپاش ہوا ۹۹-۱۸۹۸ع مین بمقابلہ بندوبست سابق بہت کمی ہوگئی اور اگرچہ اس کمی کو پورا کرنے اور خشک سالی کے اثر سے بچنے کی غرض سے ۱۹۰۰-۱۸۹۹ع مین جاری چاہات کی تعداد مین معقول بیشی کردیگئی - تاہم سوائے تحصیل روپباس کے باقی تحصیلات مین رقبہ چاہی بندوبست سابق کی حد تک نہین پہونچا ہم بصحت یہ نتیجہ نکال سکتے ہین کہ باقاعدہ بارشون اور معمولی سالونمین چاہی آبپاشی بندوبست کے اعداد کی نسبت زیادہ ہوگی کم نہین ہوگی تحصیلات روپباس - اوچین اور بسیاور مین سال امسال حال مین خام چاہات کی بیشی اس وجہ سے ہے کہ یہ جہان کہین کہ ممکن ہوسکا پختہ چاہات کی آبپاشی کو بڑہانیکی خاطر کہودی گئی - وہ چاہات جو باری باری یعنی نوبت وار سالونمین چلتے ہین - یا افتادہ ہین عموماً کہاری یا تلخ ہین کہ جنکو اگر متواتر چلایا جاوے تو زمین کو نقصان پہونچتا ہے - یہ چاہات تحصیل اوچین مین نسبتاً بہت زیادہ ہین

دفعہ ۲۲ - اقسام چاہات بلحاظ صفت آب -

یہ امر نقشہ ذیل سے بخوبی سمجھہ مین آجائیگا جسمین بلحاظ صفت آب چاہات کے تفصیلوار اقسام ظاہر کئے گئے ہین -

اور اس نقشہ سے ہر قسم کے چاہات کا رقبہ بابت ۹۹-۱۸۹۸ع ظاہر ہوتا ہے -

نام تحصیل	تفصیل	پختہ چاہات: جو سال میں جاری رہے — چاہات	پختہ چاہات: جو سال میں جاری رہے — لاٹو	پختہ چاہات: جو باری سے چلتے ہیں — چاہات	پختہ چاہات: جو باری سے چلتے ہیں — لاٹو	کل چاہات جاری	افتادہ چاہات	خام چاہات: جو سال میں جاری رہے	خام چاہات: جو باری سے چلتے ہیں	ڈھیر-ڈھینکلی: مستقل	ڈھیر-ڈھینکلی: غیر مستقل	رقبہ چاہی: کل رقبہ	رقبہ چاہی: جو سال میں آبپاشی ہوا	رقبہ چاہی: جو ڈھینکلی سے آبپاشی ہوا
روپیاس	سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء	۶۶۷	۹۳۱	۰	۰	۷۰۲	۲۴۳	۷۱	۰	۱	۰	۱۵۳۱۳	۱۱۰۲۷	۰
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۷۰۱	۸۱۳	۱۳۵	۲۲۰	۸۰۹	۲۳۶	۲۶۳	۰	۲	۲۵	۱۳۵۵۹	۹۶۳۳	۲۷
	سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹ء	۶۹۱	۸۵۲	۳۸	۲۰۳	۸۰۹	۲۳	۳۰۷	۰	۲	۸۲	۱۲۳۱۸	۱۲۹۲۳	۸۰
اوچین	سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء	۱۳۳۶	۱۶۵۸	۷۱	۷۱	۱۳۰۳	۳۳۶	۹۳	۱	۲۰	۰	۳۶۹۵۳	۳۰۲۹۹	۰
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۱۱۶۳	۱۵۵۵	۲۶۶	۳۹	۱۳۳۰	۴۲۰	۹۲	۱۳	۳	۳۱	۳۱۹۵۳	۲۳۹۳۸	۵۲
	سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹ء	۱۳۵۲	۱۴۹۰	۲۰۹	۲۲۳	۱۵۶۱	۲۹۹	۲۰۱	۷	۳	۳۲۳	۳۳۶۸۳	۲۸۹۱۲	۳۰۷
بیانہ	سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء	۱۹۳۳	۲۵۳۱	۰	۰	۱۹۳۳	۳۳۰	۰۸۹	۱	۵	۰	۵۲۶۰۱	۴۴۸۳۹	۰
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۱۶۶۲	۲۵۳۹	۱۰۹	۱۲۸	۱۸۰۲	۳۹۱	۹۱۳	۳۰	۱۳	۲۳	۳۶۸۰۰	۳۹۰۰۱	۵۰
	سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹ء	۱۸۵۴	۲۳۳۸	۹۸	۱۰۹	۱۹۹۲	۲۹۸	۷۲۵	۵۶	۱۵	۳۲۵	۴۸۸۹۲	۳۱۳۳۳	۳۵۰
بسادر	سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء	۲۰۹۸	۲۶۵۶	۳۳	۱۳	۲۱۳۰	۳۵۱	۳۱۰	۲۱	۳	۰	۶۹۳۶۷	۶۳۳۳۹	۰
	سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء	۱۹۰۵	۲۰۲۳	۲۹۳	۳۲۲	۲۲۳۹	۳۰۰	۵۳۰	۳۰	۲۲۲	۳۸	۶۶۲۶۳	۵۰۲۲۲	۳۴۳
	سنہ ۱۹۰۰-۱۸۹۹ء	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

دفعہ ۲۰- مختلف اقسام اراضی کی کمی بیشی-

ان تحصیلات مین اراضی کی وہی اقسام ہین - جو سال گذشتہ کی رپورٹ کے فقرہ (۱٦) مین بیان کیگئی ہین - لیکن اونسے دو اقسام زیادہ ہین - ایک تو چاہی سیراپی حال ہے - یعنی وہ اراضی جو بان گنگا یا بندات سے سیراب ہوئی ہو - و نیز چاہات سے آبپاش ہوئی ہو - دوسری چاہی سیراپی سابق یعنے جو دونون طرح آبپاش ہوسکتی ہو - لیکن سال حال مین کسی طرح آبپاش نہوئی ہو - یہ آخری قسم عملی طور پر کارآمد نہین ہے - کیونکہ تشخیص جدید مین اسکو چاہی سابق مین شامل کرلیا گیا ہے - ان تحصیلات مین قسم اول بہت مشہور ہے - اور اسپر علیحدہ پرتہ لگایا جائیگا - بندوبست سابق مین اقسام اراضی ایسی مکمل نہ تہین جیسا کہ بندوبست حال مین ہین - بڑی اقسام چاہی سیراپی اور بارانی کے سواہی کوئی اور صحیح تفصیل انسے ظاہر نہین ہوتی - اسلئے ہم اس بات پر ہی اکتفا کرتے ہین کہ ان بڑی اقسام اراضی کی میزانون کا ہی مقابلہ کیا جاوے - اس طرح اعداد پر غور کرنیسے پایا جاتا ہے کہ (۱) چاہی رقبہ کی بمقابلہ کل رقبہ کے باہمی نسبت تناسب مین ہی کمی نہین ہوئی بلکہ ان چار تحصیلات مین بمقابلہ بندوبست سابق چاہی رقبہ بہت کم ہوگیا ہے (۲) سیراپی رقبہ سوای تحصیل بیانہ کے جہان کہ وہ بدستور رہا ہے باقی تحصیلات مین بڑہ گیا ہے - اور اگر تحصیل بیانہ مین ۱۸۹۹-۱۹۰۰ء کے رقبہ پر لحاظ کیا جاوے - تو اسمین بہت بیشی پائی جاتی ہی - اور اسکی تحصیل بیانہ وبساور مین اسکی کل رقبہ سے نسبت مین بہی بیشی پائی جاتی ہی (۳) کل رقبہ بارانی بشمول بہور تحصیل روپباس مین بہت بڑہگیا ہے - اور تحصیل اوچین مین سیراپی کے زیادہ ہوجانیسے کسی قدر کم ہوگیا ہی - اور تحصیل بیانہ وبساور مین اس رقبہ اور اسکی نسبت مین بوجہ جدید بنجر شگافی و کمی چاہی کی بیشی ہوگئی ہی -

دفعہ ۲۱- چاہات ورقبہ چاہی-

نقشہ ذیل مین بندوبست سابق و حال کے چاہات و رقبہ چاہی و رقبہ دراصل آبپاش شدہ کے کوائف کا تفصیلوار مقابلہ کیا گیا ہی -

تحصیل	تفصیل سال	حیاہی				چاہی سیرابی			[illegible]	[illegible]	سیرابی				بارانی			میزان کل
		حال	سابق	[illegible]	میزان	حال	سابق	میزان			حال	سابق	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	میزان	
[illegible]	۹۱ ۱۸۹۲ء	۲۱	۹		۳۰				۳۰				۲۵	۲۵	۳۴	۱	۳۵	۱
	۹۸ ۱۸۹۹ء	۸	۶	۲	۱۶	۲		۲	۱۸	۱	۶	۱۳		۱۹	۵۲	۱	۶۲	۱
	۹۹ ۱۹ء	۸	۴	۳	۱۵	۴		۴	۱۹	۱	۱	۹		۱۹	۵۲	۹	۶۱	۱
[illegible]	۹۱ ۱۸۹۲ء	۳	۴		۳۷				۳۷				۱۸	۱۸	۴۵		۴۵	۱
	۹۸ ۱۸۹۹ء	۱۳	۶		۲	۵	۱	۶	۲۶		۲۶	۲		۲۸	۳۴	۲	۳۶	۱
	۹۹ ۱۹ء	۱۵	۴		۱۹	۱	۱	۱۱	۳	۱	۱۸	۱۳	۰	۳۱	۳۵	۳	۳۸	۱
[illegible]	۹۱-۱۸۹۲ء	۳۳	۶		۳۹				۳۹			۱۴		۱۴	۴۷		۴۷	۱
	۹۸ ۱۸۹۹ء	۲۵	۵	۱	۳۱	۲		۲	۳۳		۹	۲	۱	۱۳	۴۴	۱	۵۴	۱
	۸۹۹ ۹ء	۲۵	۴	۱	۳	۳		۴	۳۴	۱	۹	۲	۱	۲	۴۴	۱	۵۳	۱
[illegible]	۹۱-۱۸۹۲ء	۲۴	۹		۴۳				۴۳		۳	۱		۴	۵۴		۵۳	۱
	۹۸ ۱۸۹۹ء	۲۵	۸		۳۳	۱		۱	۳۴	۱	۴			۴	۵۱	۱	۶۱	۱
	۹۹ ۱۹ء	۲۴	۸	۱	۳۳	۲		۲	۳۵		۳	۱		۴	۵	۱	۶	۱

اوراس راستہ کے اب بہی میلون کے پتہرون - دست نماؤن اور مسجدون - سراؤن کے کہنڈرات سے نشانات پائے جاتے ہین - ایک اچھی کچی سڑک پساور سے ویرکو اور پہر بیانہ کو چلی جاتی ہے -

(ہ) آبادی کاشتکاران - کاشتکاران کی قومین بلحاظ شہرت حسب ذیل ترتیب وار ہین -

جاٹ جنکے پاس منجملہ ۹۴ محالات کے ۶۵ محال ہین یعنی سنسوار جاٹ ۱۲ و دیگر جاٹ ۵۳ - گوجر جنکے پاس ۲۸ - برہمن ½۱۹ - مینا ۱۱ - ڈاہکر ۶ - گدی جنکے ۷ - راجپوت ۲ - دیگر اقوام جنکے پاس ½۷ - راج جنکے پاس ۳ محالات ہین - انمین سے جاٹ - ڈاہکر - مینا - باگڑی - برہمن و مالی جنکے پاس ۵۷ محالات یا نصف رقبہ ہے - اول درجہ کے کاشتکار ہین اور باقی سب دوم درجہ کے کاشتکار ہین - الغرض بلحاظ آبادی کاشتکاران تحصیل کو خوش قسمت سمجھنا چاہیے - آخری ۵ سالونکی خشک سالیونکی وجہ سے زمینداران بیدل ہو گئے ہین - اور خاصکر سنہ ۹۶-۱۸۹۵ء و سنہ ۹۷-۱۸۹۶ء کے قحط نے اونکی ہمت کو توڑ دیا ہے ان سالونمین جنمین کہ راج نے پوری مالگذاری وصول کرنیکی کوشش کرکے بہت سے دیہات شکستہ حال - کثیر التعداد - مالکان و مزارعان کو مفرور کردیا - انمین سے بہت لوگون کو پہر اب آباد ہونیکی ترغیب دیگئی ہے اور ان کو اپنی آبائی واجدادی کل یا جزوی اراضی پر قبضہ دیا گیا ہے - پس اسطرح اگر چند ایک موسم اچھے رہے اور حکام مال کی طرف سے حفاظت اور ہمدردی ہوتی رہی - تو انکی پہر اصلی حالت پر آجانیکی جلد امید کیجاسکتی ہے -

دفعہ ۱۹ - اقسام اراضی بوقت بندوبست سابق وحال

ہر ایک تحصیل کے خاص حالات شاید بلاضرورت بہت مفصل بیان ہو چکے ہین اب ہم عام حالات بیان کرتے ہین - ہر ایک تحصیل کے مختلف اقسام زمین کے حالات وباہمی نسبت نقشہ ذیل سے واضح ہونگے - جسمین ہر قسم کے کل رقبہ سے (۱) بندوبست سابق مین (۲) سنہ ۹۹-۱۸۹۸ء مین جو سال کہ بنائے تشخیص جدید ہے (۳) بغرض مقابلہ سنہ ۹۰۰-۱۸۹۹ء مین جو ایک غیر معمولی سال تہا - نسبت دکھائی گئی ہے -

(ج) بارش باران تحصیل بساوہ مین بہی دراصل اُسی قدر بارش ہے جسقدر کہ تحصیل بیانہ مین ہے۔ اس تحصیل مین اندراج بارش کے دو مقام بساور اور ویر ہین۔ مقام اول الذکر کی اوسط بارش ۶۹ر۲۲۔ اور مقام آخر الذکر کی ۴۴ر۲۶۔ انچ ہے۔ موسم سرما کی بارش ۱۱ر۴ انچ ہے۔ لیکن منجملہ آخری ۱۴ سالون کے ۵ سالون مین جاڑونکی بارش نصف انچ سے بہی کم ہوئی ہے۔ یہی بڑی وجہ ہے کہ چنے اور سرسون الیسی اراضیات مین بہی بہت کم بوئے جاتے ہین جوانکے لئے بہت موافق ہے۔ آخری پانچ سالونکی بارش اوسط سے بہت کم یعنی بجاے ۲۶۔ انچ کے ۱۹۔ انچ بہی نہین ہوئی۔ اور وہ بہی ٹہیک اوقات پر نہین ہوئی۔ جیسا کہ منجملہ ۵ سالون کے ۴ سالون مین ماہ ستمبر کی بارش ایک انچ سے بہی کم اور سرما کی بارش نصف انچ سے بہی کم ہوئی۔ اور یہ موجودہ شکستہ حالی کا بڑا بہاری سبب ہے کیونکہ اس نے چاہات اور بندات پر الٹا اثر پیدا کیا ہے جنپر کہ اس تحصیل کی کاشت کی مرفہ الحالی کا زیادہ تر انحصار ہے۔

(د) آمدرفت۔ اس تحصیل مین دو مشہور قصبہ بساور اور ویر ہندون کے ریلوے سٹیشن سے ۱۶۔ اور ۱۴ میل علی الترتیب فاصلہ پر ہین۔ اور بساور کہیرلی سٹیشن ریاست الور سے صرف ۱۲ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ ندی بان گنگا بہی بیچ مین آتی ہے۔ اور اسکی چوڑی ریتیلی گذر اور اسکے کنارون پر کثرت ریت کی وجہ سے خشک موسم مین بہی بہاری تجارتی مال کے لئے سخت رکاوٹ ہوتی ہے۔ اور موسم برسات مین کئی دنون تک آمدرفت کا راستہ بند ہوجاتا ہے۔ آگرہ۔ جے پور کی پختہ سڑک جو ہلینہ مین سے ہوکر جاتی اور بساور کے قریب گذرتی ہے اس تحصیل مین سے ترچہی نکلجاتی ہے کبہی یہ ایک مشہور ڈاک کی سڑک تہی۔ اور اُس وقت اچہی حالت مین تہی۔ لیکن جبسے راجپوتانہ مالوہ ریلوے جاری ہوگئی اسکی شہرت جاتی رہی ہے۔ اور اب صرف ہلینہ تک اوسط درجہ کی حالت مین رکہی جاتی ہے۔ آگرہ سے جے پور تک پُرانا مغلیہ سلطنت کا شاہی راستہ اس تحصیل سے ہوکر گذرتا تہا۔

مصیبت آرہی ہے جو ایک یا دو سالونکی عمدہ بارش سے جس سے چاہات اور بندات بھر جائین گے دور ہو جائیگی محنت اور مرفہ الحالی کی ترتیب کے لحاظ سے اس علاقہ مین ڈاہکر گوجر۔ اور گدی مشہور مالکان ہین۔

(۴) پرگنہ بلب گڈھ۔ بلب گڈہ کا چھوٹا سا پرگنہ جو غایت جنوب مین واقع ہے۔ کل تحصیل بھر مین نہایت سرسبز اور اعلی درجہ کا مزروعہ ہے۔ تمام دیہات سوای ایک موضع تہاری کے فوجدار دیبی سنگہ صاحب ممبر کونسل کی جاگیر ہین جنکا ریاست سے واپسی قبضہ کا دعوی صاحب پولیٹکل ایجنٹ کے پیشگاہ مین دائر ہے۔ زمین دار قوم کے جاٹ اور مینا ہین جو غایت درجہ کے محنتی ہین۔ چاہی زراعت بہت عمدہ ہے۔ اور چاہات کا پانی شیرین اور زمین اعلی درجہ کی ہے جو قدرے سرخ نرم مٹیار ہے۔

بلب گڈہ بند کے ٹوٹنے سے پانی کی سطح نیچی ہو گئی۔ اور ذخیرہ کم ہو گیا ہے۔ اوسط سطح آب ۳۰-۹ اور اوسط عمق آب ۹ فٹ ہے۔ لیکن بند کی مرمت ہو جانیسے انمین ترقی ہو جائیگی۔ تمام علاقہ کا پانی گہرے نلون کے ذریعہ سے جنوب مغرب کی طرف ریاست بھرتپور مین چلا جاتا ہے

ہم یہان ذکر کرنا چاہتے ہین کہ جاگیر دار صاحب نے ان تمام محالات مین ملکیت کا دعوی کیا لیکن بعد تحقیقات کامل کے یہ امر ثابت ہو گیا کہ موجودہ مالکان جاگیر عطا ہونیسے بہت پہلے کے ہین اور زمینداران اپنے حقوق رہن و بیع کو آزادی کے ساتھہ عمل مین لاتے رہے ہین۔ اور چونکہ ریاست بھرتپور مین یہ ایک مسلمہ روایت ہے کہ جاگیر دار صرف جمع اراضی کا مستحق ہے زمین سے اسکو کچھہ واسطہ نہین ہے۔ اسلئے ہمنے یہ فیصلہ کر دیا کہ بلب گڈہ اور چھہ دیہات کے کچھہ لبسوات کے سواے جنکی نسبت تسلیم کیا گیا تھا۔ کہ یہ جاگیر دار کی وراثتا ملکیت مین ہین باقی ان تمام محالات مین زمینداران کو مثل خالصہ دیہات کے حقوق ملکیت حاصل ہین۔

کو کچھ پانی علاقہ بساور کے اٹاری بند سے ملتا ہے۔ لیکن جبسے کہ یہ منبع کارآمد نہین رہا۔ انکو زیادہ تر پانی ندی بان گنگا کے اس نلہ سے ملتا ہے جو موضع سہونڈہ سے گذرتا ہے۔ اس سے بہت فائدہ ہے۔ اور اس تحصیل مین عمدہ سے عمدہ سیرابی ان بندات پر پائی جاتی ہے۔ ان بندات مین بہت سا رقبہ جو ندی بان گنگا سے بہی سیراب ہوتا ہے بالفعل جنگل ہے۔ اور اسکے بہت سے حصہ مین بندہاے سرکاری ہین۔ سوای ۱۵۰۰ بیگہ زمین کے جو اغراض راج کیلئے رکہی گئی ہین۔ باقی اس کل رقبہ کے پٹہ جات اب بغرض کاشت عطا کر دیے گئے ہین۔ اگر آبپاشی ہو گئی تو یہ رقبہ بہت جلد مزروعہ ہو جائیگا۔ اس علاقہ کے نہایت جنوب مین جہج کے ارد گرد پہاڑونکی نکاس پانی کا نالہ جسمین کہ ۱۲ مربع میل چٹان دار زمین کا پانی آتا ہے بسمت غرب بلب گڈہ کی طرف بہتہ جاتا ہے۔ یہ پانی جہج مین ایک پختہ بند کے ذریعہ سے جو ۱۸۸۱ء مین بہ لاگت ۴۰۰۰۰ روپیہ تعمیر ہوا اتہارو کا جاتا تہا۔ یہ بند پہلے سخت برسات مین ٹوٹ گیا۔ اور اسی وجہ سے بلب گڈہ کا بند بہی جو تہوڑا سا آگے مغرب کی جانب واقع ہے ٹوٹ گیا۔ اس وقت سے لیکر یہ تمام قیمتی پانی راج جے پور کی طرف بیفائدہ چلا جاتا ہے۔ بلب گڈہ کے بند کی مرمت جاگیر کے خرچ سے منظور ہو گئی ہے۔ جیسا کہ بساور آم کے درختون کی وجہ سے مشہور ہے۔ ویسا ہی ویر جنگلی بیر دن کی پیداوار کی وجہ سے مشہور ہے۔ ان باغات کی زمین کی تشخیص آیندہ مثل سابق بارانی درجہ مین ہو گی۔ پالا بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ اور رقبہ ممکن الزراعت بہی زیادہ ہے۔ لیکن اگرچہ زمین باحتیاط کاشت کرنیسے عمدہ بارانی فصل پیدا کر سکتی ہے تاہم زمینداران چاہی اراضیات پر زیادہ محنت کرتے ہین۔ اور بارانی زمین کی طرف لاپرواہی ظاہر کیجاتی ہے۔

اس علاقہ مین زمین عمدہ چاہات۔ اور بندات آبپاشی بکثرت ہین۔ اور زمانہ ماضیہ مین جیسا کہ اسکا نام دلالت کرتا ہے۔ ریاست بہرت پور مین سب سے زیادہ زرخیز علاقہ تہا۔ اب اسپر سخت لیکن عارضی

اور ناقص ہے۔ اس علاقہ کے مالکان عموماً جاٹ۔ برہمن۔ ٹھاکر۔ اور گوجر ہین۔ یہ لوگ عمدہ کاشتکار ہین تحصیل بساور مین جنا یعنی مہندی بوئی جاتی ہے۔ خاصیت اور مرفع الحالی کے لحاظ سے محالات یکسان نہین ہین۔ وہ دیہات جہان کہ پانی شیرین اور بکثرت ہے سرسبز ہین۔ بہت سے دیہات تلخ چاہات۔ کمی پانی وغیرہ کی وجہ سے شکستہ حال ہوگئے ہین۔ اور حصہ داران کی مفروری کی وجہ سے بہت سا رقبہ غیر مزروعہ ہوگیا ہے۔

(۳) پرگنہ ویر۔ پرگنہ ویر اس تحصیل کے مشرق مین بہ سطح مرتفع قصبہ ویر سے ندی بان گنگا تک بجانب شمال بساور کے ملحقہ علاقہ کے مشابہ ہے۔ قصبہ ویر کے جنوبی جانب کا حصہ پہاڑی ہے اور چار محالات جہج۔ ہاتوولی۔ امرند و توہاری بالکل پہاڑون سے محدود ہین۔ پہاڑونکی طرف کی زمین نرم ہے۔ مگر جون جون شمال کی طرف چلتے جاؤ زمین سخت ہوتی چلی جاتی ہے۔ اور چونکہ زمین کا ڈہلاؤ ندی بان گنگا کی جانب ہے۔ اس لئے بارش اور پہاڑون کے نلون کا پانی جہان کہ اسکو آبپاشی کے بندون سے نہ روک لیا جاوے ندی کی طرف بہہ جاتا ہے۔ پس تقریباً ہر گانؤن کا اپنا بند موجود ہے۔ اور بعض دیہات مین ایک سے زیادہ بند ہین۔ مہاراجہ صاحب بہادر بیکنٹھہ باشی کے عہد مین یہان بھی مثل دیگر بندات کے مرمت کی طرف سے بہت کم توجہی ہی جس سے اراضی اور چاہات کو بہت نقصان ہوا۔ لیکن گذشتہ تین سالون مین راج نے عقلمندی سے ان بندات کی مرمت کی خاطر معقول رقم صرف کی۔ چونکہ موسم ناموافق رہے ہین۔ اس لئے صرف چند بندات یعنی موروادہ۔ کھوری۔ رانی والہ۔ (قصبہ ویر) اور راج گڑہ اچھی طرح سے بھرے ہین۔ چاہات کا جو عموماً شیرین ہین پانی بہت سے دیہات مین بہت نیچے ہی۔

اس علاقہ مین سب سے بڑا آبپاشی کا ذریعہ دال پور بند ہے۔ جیسکے معاون۔ جیبود۔ بنسی۔ لوہاسہ اجروندہ کے بند ہین۔ یہ سب بندات قصبہ ویر اور بان گنگا کے درمیان واقع ہین۔ ان بندات

کیا جائیگا کہ آخری رقم کو زمین پر تفریق کیا جاوے یا بطور محصول دہتان علیحدہ رکھا جاوے۔
اس قطعہ مین چاہات بیشمار ہین۔ لیکن شمال کی طرف قصبہ بساور اور ندی بان گنگا کے درمیان جہانکہ زمین سخت ہے دس یا بارہ دیہات مین پانی کھاری ہے۔ اوسط سطح آب ۳۰ فٹ اور عمق آب خام چاہات مین ۵۔ اور پختہ مین ۱۰ فٹ ہے۔
ندی بان گنگا کی جانب پانی بکثرت ہے۔ لیکن بساور کے اردگرد جنوب کی طرف کمی پانی کی عام شکایت ہے۔ اور اس کمی کو پورا کرنیکی خاطر گذشتہ دو سالونمین بہت سے خام چاہات بنائے گئے ہین گذشتہ سالونکی کمی بارش کے سوای پانی کی کمی کی اور وجہ یہ ہے کہ گمنہ کاروری کے مقام پر ریاست جیپور مین قصبہ بساور سے قریب ۵ میل مغرب کی جانب جوہی نلہ پر بند بنایا گیا ہے۔ یہ نالہ جسمین موسم برسات مین بہت کثرت سے پانی آیا کرتا تھا رندھیر گڈھ کے مقام پر اس تحصیل مین داخل ہوتا ہے۔ اور گڈھی۔ موسٰی پور۔ بارولی کے بندات کو پر کرکے آخرش اٹاری پور بند مین جو اس قطعہ کے شمال مشرق کی جانب ۳ میل طول ہے جا پڑتا تھا جان سے سخت برسات کے سالونمین عین مشرق کی جانب لالپور بند کی طرف جو ویر کے شمال مین ہے بہتا ہوا چلا جاتا تھا۔ سالہای حال مین ان بندات مین کوئی بھی پر نہین ہوا۔ کیونکہ جوہی نلہ مین سخت طغیانی نہین آئی۔ اس لئے چاہات مین پانی بہت کم ہوگیا ہے۔ اس امر کی کوشش کیگئی ہے۔ (دیکھو فقرہ ۷۔ ۱۸۱) کہ اوجھ کے مقام پر ندی بان گنگا سے ایک نالہ ۳ میل لمبا اٹاری بند تک کھدوا جاوے لیکن اس سے کامیابی نہین ہوئی ہے۔ اور تین میل آگے مشرق کی جانب موضع مالاہیرا سے ایک نالہ کھدوا گیا ہے۔ علاوہ بندات متذکرہ کے تحصیل بساور کے جنوبی دیہات مین کئی اور چھوٹے بند بھی ہین۔ جو پہاڑون کی بارشون کا پانی روکتے ہین۔ راج کی جانب سے حال مین ان بندات کی مرمت ہوگئی ہے۔ لیکن ابھی تک اچھی طرح سے نہین بھرتے۔ اور اس پرگنہ مین رقبہ سیراب کم

لگادیوے۔ لیکن جب مالک زمین دوسرا شخص ہو تو پیداوار آدہی مالک زمین کی اور آدہی مالک درخت کی ہوتی ہے۔ اس رعایت کا یہ نتیجہ ہوا ہے کہ قصبہ بساورین اور اسکے اردگرد آٹھ ہزار درختان آم لگائے جاچکے ہین۔ ان درختان مین سے بعض سو سو سال کے ہین۔ اور موضع ٹاونڈہ مین ایک درخت ہے جسکا میوہ ہرسال پچاس سے سو روپیہ تک فروخت ہوجاتا ہے۔ زیادہ قیمتی درخت اپنے خاص ناموں سے مشہور ہین۔ ان درختوں پر پہلے دنوں تک کئی طرح کے محصول منجانب راج عائد ہوتے رہے ہین۔ ۱۸۸۲ء تک ریاست پیداوار کی ایک تہائی لیتی رہی ہے ۱۸۸۳ء مین بلحاظ اندازہ مقدار و حیثیت پیداوار درختان کی ۳ قسمین کیگئی تہین اور (۱) جہان کہ زمین پر پیشتر سے جمع اراضی تجویز نہین ہوئی تہی وہان ۳ سے ۱۲ تک اور (۲) جہان جمع پہلے سے تجویز ہوچکی تہی وہان ۹ پائی سے ۳ تک فی درخت محصول لگایا گیا تہا۔ خالصہ اراضیات کے درختان سے باستثنای درختان و باغات ملکیت راج اوسط آمدنی راج کو بابت پنجسالہ ۹۵-۱۸۹۴ء [illegible] سالانہ تہی۔ ۱۸۹۶ء مین جب متفرق حبوب و محصول مسدود ہوئے آموں کا محصول لینا بہی ترک کردیا گیا۔ ہماری رای مین یہ غلطی تہی بندوبست سابق مین یہ خیال کرکے کہ آموں کے درختوں پر محصول بحال رہیگا یا تو ایسے درختوں کی اراضیات پر کوئی جمع تجویز ہی نہین ہوئی یا بہت نرم جمع باندہی گئی تہی۔ آم کے درخت قیمتی جائداد ہین جیسا کہ اس امر سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۲۹۵ درخت [illegible] روپیہ یا فی درخت [illegible] مین رہن ہین۔ راج کا اس آمدنی مین مثل دیگر پیداوار اراضی کے حق ہے اور ایسی صورتو نمین سرکار انگلشیہ نے بہی اضلاع ملتان و ڈیرہ جات مین کہجور کے درختوں پر محصول عائد کررکہا ہے۔ پس ہماری رای ہے کہ تشخیص جدید مین ان درختان کی پیداوار کو محالات متعلقہ کے زر لگاسی کا جزو سمجہا جاوے۔ اور شامل جمع کرکے مالگذاری اراضی و درختان آم کی علیحدہ علیحدہ تشریح کیجاوے۔ تب لوگوں سے دریافت

ندی بان گنگا یہاں خاص بلند سطح پر بہتی ہے۔ اور تیز اور تنگ ہو کے نشیب کی سمت میں
اور جگہ زمین سیراب کرتی ہے۔ جیسا کہ ضلع میں بیان ہو چکا ہے سخت طغیانی کے سال میں
اس ندی کا پانی اپنے کناروں کو توڑ کر نکل آتا ہے۔ اور ۱۸۹۴ء میں نانپور کے مقام پر جو
نہایت مغرب کی جانب واقع ہے۔ اور تلہور کے مقام پر جو پلینہ کے متصل واقع ہے اپنے کناروں
میں تنگ آکر شمال کی طرف بہہ نکلا۔ اور کل شمالی علاقہ سیراب ہو گیا۔ چھینڈا اور پلینہ کی نہریں
اسی مقام سے نکالی گئی ہیں۔ یہ چھینڈا کی نہر بھی بیکار ہے۔ لیکن پلینہ نہر سے موضع پلینہ
اور اسکے مشرقی دیہات میں جو نہر کے بیچ اور پہاڑ کے بیچ میں واقع ہیں جو پانی کے
بہنے کو روکتی ہے معقول طور پر آبپاشی ہو گیا ہے۔ اور اس نہر سے پیداوار کے باقی حصوں کی
نمایاں ترقی ظاہر ہوئی ہے۔ ان شمالی دیہات میں کوئی نالا نہیں ہے کیونکہ نباتات کیلئے کوئی
مناسب موقع نہیں ہے۔ لیکن ان پر ندی کے آبپاشی کے وسیع ہو جانے سے ان دیہات کو
بہت فائدہ پہونچ گیا۔ زمین عموماً ایسی ہیں جیسا کہ ہونا چاہئے جنوبی دیہات کے لحاظ
کی نسبت زیادہ پیداوار دستیاب ہیں۔

(۲) پرگنہ بساور۔ پرگنہ بساور کے شمالی حصہ کی زمین ندی بان گنگا کے آس پاس دیہات کے
مطابق ہے۔ یہ زمین نہایت عمدہ ہے۔ لیکن جوں جوں ہم جنوبی جانب پہاڑوں کی طرف چلتے
جاتے ہیں خراب ہوتی چلی جاتی ہے۔ اور اس میں پہاڑی ریت اور مٹی کے سرخ رنگ کی دورٹ
ہو جاتی ہے۔ یہ زمین جہاں کہ دیکھنے میں کچی اور سخت معلوم ہوتی ہے وہاں بھی اسکی طاقت
پیداوار بہت کم ہے۔ اور اسمیں پالا تک بھی نہیں ہوتا۔ قصبہ بساور کے ارد گرد سرخ رنگ کی
بہت ہو پائی جاتی ہے۔ جو آم اور مہوے کے درختان کے لئے بالخصوص مناسب ہے۔
یہ ایک عام رواج ہے کہ ہر شخص کو اختیار ہے کہ کسی دوسرے شخص کی زمین میں بھی آم کا درخت

گذرتی ہے۔ اس قطعہ کی زمین عموماً اچھی ہٹیار۔ چاہات بیشمار اور پانی عموماً شیرین ہے۔ گو کچھہ دیہات ندی بان گنگا کے متصل اور اس سے کچھہ فاصلہ پر مثلاً چوکرواره۔ کلن سلیم پور۔ جہان پور۔ بجواری کھیرلی۔ گوجرہ۔ بھور وغیرہ ایسے بھی ہین جہان کہ پانی بہت تلخ ہے۔ اور اس وجہ سے چاہات پرین نہین بوئی جاتی۔ بلکہ ربیعہ کی کاشت کے بعد ایک سال کیلئے زمین بدین غرض افتادہ چھوڑ دیجاتی ہے کہ اس عرصہ مین کھاری پانی کے نقصان رسان اثر زائل ہوجائین۔

تحصیل کے جنوبی یا پہاڑی حصہ کی زمین سوای علاقہ ویر کے بہت نرم ہے۔ اس حصہ مین پانی عموماً شیرین لیکن سطح سے فاصلہ پر ہے۔ اور سالہای حال کی خشک سالیونکی وجہ سے اب بہت نیچے ہوگیا ہے۔ کل تحصیل مین ۸۰ چاہات شیرین اور ۲۰ تلخ یا کھاری یا تیلیہ ہین۔ زراعت کیلئے آخری قسم کے چاہات بہت مہلک اثر رکھتے ہین۔

(ب) قدرتی اقسام۔ زمین قدرتاً چار بڑے بڑے حصونمین منقسم ہے۔ علاقہ شمالی یا آنروی دریای بان گنگا جسمین ۴۳ محالات ہین (۲) چھوٹا پرگنہ بلب گڑھ جسمین ۱۳ دیہات غایت جنوب کی جانب واقع ہین۔ اور ان ہر دو کے درمیان (۳) پرگنہ لبسا اور مغرب مین واقع ہے (۴) پرگنہ ویر جو مشرق مین واقع ہے۔

(۱) شمالی بان گنگا۔ ندی بان گنگا کے شمال کی جانب کے دیہات کی زمین عمدہ صاف ہموار ہے جسمین خریف کی بارانی فصلین پیدا ہوتی ہین۔ اور پالا بکثرت ہوتا ہے۔ ندی مذکور کے ساتھہ ساتھہ یہ اراضی ناہموار ریتیلی بیٹ زمین مین مبدل ہوکر بولا بکثرت پیدا کرتی ہے۔ قربت ندی کی وجہ سے سطح آب نزدیک ہے۔ یعنی پختہ چاہات مین ۲۶۔ اور خام مین ۲۳ فٹ پانی عموماً بکثرت یعنی پختہ چاہات مین ۱۳۔ اور خام مین ۸ فٹ۔ خاصیت آب مختلف ہے۔ اور گانونکی مرفع الحالی پانی کے میٹھا یا کڑوا پن پر منحصر ہے۔

یا ۹۰ء بندیل مہاڑ اور ۱۲ فیصدی دیگر ناممکن الزراعت ہے۔ افتادہ جدید ۲ فیصدی اور بنجر قدیم ۸ فیصدی سے غیر قابل کاشت ہے۔ پس مویشی زراعت کیلئے وسیع رقبہ موجود ہے لیکن مختلف وجوہات کے باعث جنکا ذکر بعد میں کیا جائیگا بندوبست سابق سے ایک مویشی ۲ فیصدی سے بھی کم ہوئی ہے رقبہ ناممکن الزراعت میں سے بہت سا گھنا گردہ ہے یعنی جنگل ہے۔ جو ندی بان گنگا کے کناروں کے ساتھ ساتھ واقع ہے۔ اسمین سرکنڈے وغیرہ بہت ہیں اس رقبہ کا توڑ کرنا ہلاگت اور محنت طلب ہے۔ اب اس رقبہ کی کاشت کیلئے مناسب شرائط پر پٹے جات دیئے جانیکا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ رقبہ ناممکن الزراعت کا کچھ حصہ زراعت بسوات کو ظاہر کرتا ہے جو پاس مالکان نے بوجہ قحط سالی یا سنگین جمع متروک کردیا۔ اور رفتہ رفتہ غیر مزروعہ ہو گیا۔ اس رقبہ کا انتظام اب اس طور پر کیا گیا ہے کہ یا تو پھر اسے مالکان کو واپس دیا گیا اور انکے انکار کرنیکی صورت میں دیگر کاشتکاران کو دیا گیا ہے۔ رقبہ ناممکن الزراعت میں سے کچھ زمین خصوصاً جنوب کی جانب دامن کوہ میں ایسی نرم بھوڑ ہے کہ بمشکل اخراجات کاشت ادا کر سکتی ہے۔

مجموعی رقبہ مزروعہ ۴۴ فیصدی چاہی۔ ۱ فیصدی چاہی سیرابی۔ ۱ فیصدی کماتی۔ ۲ فیصدی سیلابی اور ۲ فیصدی بارانی۔ اور ۱ فیصدی بھوڑ ہے۔ بھوڑ بارانی قطعاتی زمین جو ندی بان گنگا کے کناروں کے ساتھ ساتھ جہاں کہ ریت زیادہ ہے اور نیز بسوہلی اور دلب نڈو کے جنوب میں پہاڑوں کے نیچے پائی جاتی ہے۔ علاقہ دیرین دامن کوہ میں بھی رقبہ بھوڑ بہت کم ہے۔ کیونکہ یہ پہاڑ ننگے چٹانوں کے بنے ہوئے ہیں۔

جنوب کی جانب پہاڑی حصہ کو چھوڑ کر باقی تمام اراضی جو بسوہلی سے دیرتک کی ایک لائن کے شمال میں واقع ہے ایک خاصہ ہموار میدان ہے جسکا ڈھلاؤ آہستہ آہستہ بجانب شمال مشرق ہے۔ اسمین سے ندی بان گنگا جو اس تحصیل میں ۶ میل مسافت طے کرتی ہے۔ مغرب سے مشرق کو

محال ابتک خام ہے - اور ایک یعنی قطعہ سکندرہ جسمین پرانا قلعہ اور عمارات ہین - اور کوئی مزروعہ نہین ہے
ملکیت رواج ہے - الغرض تحصیل کی آبادی بہت سے ہے سرسبز کرنیوالے چاہات سیرابی رقبہ اور باریٹہ بند کی
آبپاشی سے مدد لیکر تحصیل کی حالت ان مصیبت اور کوشش کے سالونمین قائم رہی ہے -

تحصیل بساور

دفعہ ۱۸ - عام حالات و زمین

(۱) تحصیل بساور ریاست بھرت پور کی سب سے بڑی تحصیلات مین سے ہے اور سوائی تحصیل گوپال گڈہ کے جواب شکست ہوگئی ہے اسکی جمع سب سے زیادہ ہے - ریاست جی پور اس تحصیل کی غربی حد کی طرف واقع ہے - یہ تحصیل مشتمل بر تین پرگنات ہے - (۱) پرگنہ بساور (۲) پرگنہ ویر جو پہلے مہاراجہ سورج مل کے برادر خُرد وراجہ پرتاب سنگہ کی اولاد کے پاس بطور جاگیر تہا - لیکن گذشتہ صدی مین ضبط ہوگیا تھا (۳) چہوٹا پرگنہ یا جاگیر بلب گڈہ جو بالکل جنوب کی جانب واقع ہے - اور اسمین تین محالات ہین - یہ علاقہ ابتداً مین جے پور نے ۱۷۲۱ء مین چودہری رتی رام جاٹ سردار بلب گڈہ کو عطا کیا تھا - اور بحکم مہاراجگان بھرت پور بشرائط خدمات فوجی انکی اولاد کے پاس بحال رہا - اس علاقہ کو مہاراجہ صاحب بہادر بیکنٹہہ باشی نے ۱۸۸۰ء مین ادائگی قرضہ مین عارضی طور پر لیلیا - چونکہ موجودہ حالت مین یہ جاگیر خالصہ ہے اسلئے اسکی تشخیص بہی مثل دیہات خالصہ عمل مین لائی گئی ہے - لیکن اسکی جمع اس ضرورت کے رفع کرنیکی غرض سے علیحدہ دکہائی گئی ہے کہ جب یہ جاگیر فوجدار دیبی سنگہ صاحب ممبر کونسل جاگیردار کو واپس دیجاوے تو کام آوے -

اس تحصیل کا کل رقبہ ۲۳۴ مربع میل ہے جسمین سے ۱۳۰ مربع میل یا ۵۶ فیصدی مزروعہ ہے - رقبہ خالصہ ۲۰۰ مربع میل ہے جسمین سے ۴۵ فیصدی مزروعہ اور ۲۳ فیصدی غیر ممکن الزراعت یعنی ۱۲ فیصدی

دیسی فوج مین ملازم ہین- ان لوگون کے پاس مویشی بھیڑ بکری کے بہت سے ریوڑ ہین لیکن ناہرہ اور ڈانگ کے شیر اور چیتے مویشیون کو لیجاتے ہین اور دیگر جنگلی جانور زراعت کو بہت نقصان پہونچاتے ہین-

(ج) اوسط سالانہ بارش قصبہ بیانہ مین ۱۸۸۶ء سے لیکر ۲۶٫۸۳- انچ ہے جنمین سے ۲٫۱ انچ موسم سرما کی ششماہی مین ہوتی ہے- یہ میزان رُوپباس اور اوچین کی نسبت بڑی ہے- چونکہ صدر مقام تحصیل پہاڑون سے محدود ہے اسلئے اغلب ہے کہ شمالی میدانونکی نسبت یہان زیادہ بارش ہوتی ہے- پس ہماری رای ہے کہ کل تحصیلات کی اوسط بارش ۲۵- انچ سمجھی جاوے- ان ۱۴ سالونمین سے ۴ سالونکی بارش ۳۰- انچ سے زائد اور ۴ سالونکی ۲۰- انچ سے کم ہے ۱۸۹۶-۹۷ء و ۱۸۹۰-۹۱ء و ۱۸۹۷-۹۸ء مین ۳۰٫۱ و ۳۸٫۷ و ۳۴٫۱۰- انچ علی الترتیب بارش درج رجسٹر ہوئی- لیکن گذشتہ تین سالونمین گو اور جگہون کی طرح یہان بہی معمولی بارش ہوئی لیکن آخری ۲ سالونکی بارش کی تقسیم ایسی خراب تہی کہ ماہ ستمبر اور موسم برسات مین عملی طور پر کوئی بارش نہین ہوئی-

(د) آمدرفت- قصبہ بیانہ براستہ اوچین بہرت پور کے قریب تر ریلوے اسٹیشن سے ۲۴ میل ہے جہان سے کہ عمدہ موسمی کچی سڑک آتی ہے- چونکہ یہ سڑک وادی ہارگمیر و بان گنگا کو عبور کرتی ہے اسلئے موسم برسات مین کئی دنون تک آمدرفت بند ہوجاتی ہے- ڈانگ اور ناہرہ کے علاقہ بہی زیادہ دور ہین اور قدرتی صفات کے لحاظ سے یہ علاقہ آمدرفت کے واسطے بہت خراب ہین- اور گاڑیون کا گذر قریبًا ناممکن ہے اسلئے بہاری تجارتی اسباب بوجہہ لادنیوالے جانورون پر لیجاتے ہین-

(ه) آبادی کاشتکاران- مشہور کاشتکاران کی قومون کا ذکر ہوچکا ہے نصف رقبہ سے زاید یا منجملہ ۱۶۸ دیہات کے ۹ دیہات گوجران کی ملکیت ہین- برہمنون کے ۱۸- جاٹون کے ۱۲- سنسوار جاٹون کے ۸- ہندو راجپوتون کے ۸- مسلمان گدیون کے ۸- مینون کے ۷- داکرون کے ۵- شیخون سیدون وغیرہ کے ۵- مالیون اور کاچہیون کے ۵- اور دیگر قومون کے ۲ محالات ہین- ایک

اور لوگ پانی کی تلاش مین مفرور ہو گئے - تین دیہات کانی - اونچہ اور جلیسر کے بندات آبپاشی کی مرمت
نہونے کی وجہ سے یہ خرابی او پڑ گئی - انکی مرمت کا کام بوجہ نہونے گنجایش فنڈ کے اس سال جاری
نہین ہو سکا - لیکن صاحب ایگزکٹو انجنیر امید کرتے ہین کہ آیندہ موسم سرما مین یہ کام جاری کیا جایگا معمولی
سالو نمین چارہ بکثرت ہے - اور گوجران گہی - اُون وغیرہ کے فروخت سے بہت فائدہ اوٹھاتے ہین
اور یہ آمدنی انکی کفایت شعاری مین مطالبہ سرکار ادا کرنیکی غرض سے علیحدہ رکہتی ہین -
نیچے کی ڈانگ کا علاقہ جسمین ۳۳ دیہات ہین ایک پہاڑی سطح ہے جسکو کا کن ندی کا پانی آتا ہے -
یہ علاقہ اوپر کی ڈانگ سے لیکر پاریٹہ بند تک پہیلا ہوا ہے - اور مشہور پہاڑیونکی قطار اس علاقہ کو ناہرہ
سے جدا کرتی ہے - زمین عموماً پتہریلی لیکن بعض جگہہ ریتیلی ہے - مغربی جانب کے ۱۱ دیہات کو پاریٹہ بند سے فائدہ
پہونچتا ہے جو خریف مین بہت سا رقبہ غرق آب کر دیتا ہے - لیکن جون ہی پانی خشک ہو جاتا ہے
زمین کو عمدہ ربیع کی کاشت کے لایق کر دیتا ہے اور چاہات مین پانی کی سطح کو بڑہا دیتا ہے تاہم یہ بہی خالی
از نقص نہین ہے کیونکہ خام چاہات جو پہلے ۱۰ یا ۱۵ سال تک رہ سکتے تہے اب ایک دو سال مین شکست
ہو جاتے ہین - اس بند کی تعمیر سے بعض دیہات کو ابتک بجای فائدہ کے زیادہ نقصان ہوا ہے لیکن نالی اور غار
اب سالانہ بہل سے پر ہو گئے ہین - اور اگر پانی ایسے وقت تک بہہ جاوے کہ وہ معقول رقبہ کی کاشت
کر سکین تو کچھ عرصہ مین سب دیہات کو فائدہ پہونچیگا - اوپر کے ڈانگ کی طرح ان دیہات کو بہی خشک سالی
سے بہت صدمہ پہونچا ہے کیونکہ چاہات خشک ہو گئے ہین اور لوگ اب خستہ حال ہین - اوسط سطح آب
۳۳ فٹ اور عمق آب ۱۱ فٹ ہے - پاریٹہ بند کے علاوہ اس علاقہ مین ایک اور بند بہی ہے - یہ بند غایت
مشرق کی جانب موضع سنگہانہ مین واقع ہے جسمین سے کہار ندی تحصیل رو پہاس کی طرف گذرتی ہے - اب اس
بند کی مرمت ہو رہی ہے - بند بنانیکے اور بہی مناسب موقع ہین لیکن اگر اونکو تعمیر کیا جائے تو بند پاریٹہ کو نقصان
پہونچیگا - نیچے کی ڈانگ مین بہی تقریباً گوجر مالک ہین یہ لوگ مضبوط اور ہمت ور آدمی ہین - بہت سے

بست سے رقبہ مین پان کی کاشت ہوتی ہے - یہ دیہات اور بڑے مواضعات سکندرہ (جہان پوست کی کاشت ہوتی ہے) اور شیرگڈھ جو بیانہ کے متصل ہین اس علاقہ مین نہایت ہی مرفع الحال ہین - اس علاقہ کی قدرتی صورت ایسی ہے کہ جسمین بندات آبپاشی کا تعمیر کرنا بہت مشکل ہے - صرف دو بند ایک تو سکندرہ مین اور دوسرا بگراس مین ہین - ان دونون سے کچھہ فائدہ نہین -

پانی کی سطح نشیب اراضیات سے لیکر بلند اراضیات تک بہت ہی مختلف ہے - لیکن اوسط ۴۱ فٹ ہے اور اوسط عمق آب پختہ چاہات ۱۲ فٹ اور خام مین ۷ فٹ ہے - خام چاہات علاقہ مہیر مین بکثرت ہین خشک سالی کی وجہ سے پانی اب نیچے ہے - چاہی اراضیات مین بموسم ربیع زیرہ بکثرت بویا جاتا ہے بیانہ کے قریب چند دیہات مین مہندی بطور مخلوط جنس کے بوئی جاتی ہے - مالکان عموماً گوجر ہین جو قدرے وحشی اور جرایم پیشہ گروہ ہے - لیکن اگر انکے ساتھہ رعایت اور ہمدردی سے سلوک کیا جاوے تو کافی مطیع الفرمان ہین - یہ لوگ متوسط درجہ کے کاشتکار ہین اور چونکہ انکے پاس رقبہ چراگاہ بہت زیادہ ہے اسلئے اپنے کثیر التعداد مویشیون سے بہت فائدہ اوٹھاتے ہین -

(۳) نیچلے اور اوپر کی ڈانگ - علاقہ ڈانگ اور ناہر مین یہ فرق ہے کہ ڈانگ پہاڑیون کے درمیان ایک میدان ہے جسمین بہ نسبت ریت کے پتھر زیادہ ہین - یہ صفت اوپر کی ڈانگ مین بہت زیادہ پائی جاتی ہے جو ایک چوکھونٹی شکل جنوب کی طرف پھیلی ہوئی ہے اور مغرب کی جانب ٹرولی سے اور جنوب کی جانب دہولپور سے اور مشرق کی جانب ضلع آگرہ سے جس طرف اسکے پانی کا نکاس ہے محدود ہے - اس علاقہ مین ۸ دیہات کثیر الرقبہ ہین جنکے مالک صرف گوجر لوگ ہین - سطح ناہموار اور پتھریلی ہے - اور کاشت بہت سے ٹلون کی تہہ مین نشیب اراضیات مین ہوتی ہے - چاہات بہت ہین اور کم لاگت مین تیار ہو جاتے ہین - کیونکہ بیمدے اور بغیر تراشے ہوئے پتھرون سے بلا چونہ بنائے جاتے ہین لیکن پانی بہت کم اور رقبہ آبپاش شدہ بہت تھوڑا ہے - گذشتہ سال کی خشک سالی کی وجہ سے بہت سے چاہات بالکل خشک ہو گئے -

لیکن کل امورات کے لحاظ سے یہ علاقہ مرفع الحال اور جلد ترقی کر رہا ہے مشرق کی جانب بعض دیہات کو اب باریٹید سے آبپاشی ہوتی ہے۔ اور آبپاشی جلد گھمبیر تک پھیل جائیگی۔ کسی قدر نیشکر اور کثرت سے نیل کی کاشت ہوتی ہے لوگ کپاس کی کاشت کو پسند کرتے ہین۔ اور یہ جنس کامیابی کے ساتھہ پیدا ہوتی ہے اور چاہات پہ دو فصلی رقبہ بکثرت ہے۔ اس علاقہ مین حال کے قحط کے زمانہ مین مصیبت کے کوئی نشان نہین پائے گئے۔ اور لوگون نے کل جمع ادا کردی۔

(۲) ناہرہ۔ ناہرہ جسمین ۳۵ محالات ہین ایک ایسا علاقہ ہے۔ جو بیانہ کے جنوب مغرب کی طرف واقع ہے۔ اسکے جنوب مشرقی حد پر ایک پہاڑیونکی قطار واقع ہے جو میدانی ڈانگ کی مغربی حد ہے اس علاقہ کے شمالی حد پر ایک پہاڑیونکی بے ڈھنگی فراخ قطار ہے جو قصبہ بیانہ سے بلب گڈہ تحصیل بساور کو جاتی ہے۔ ان دونون قطار کے بیچ سے ندی گھمبیر شمال مشرقی جانب گذرتی ہے۔ اور دورویہ پہاڑیون کے پانی کی نکاس کی وجہ سے نرم ریتیلی زمین کٹ گئی ہے اور اسمین جالی دار نلہ بنگئے ہین۔ زمانہ ماضیہ مین قزاق اور رہزن گوجرون کیلئے یہ نلے پناہ لینے اور چھپنے کے واسطے عمدہ جگہہ تھی۔ اور ابتک بھی انکی وجہ سے کئی مجرم اس قابل ہین کہ پنجہ انصاف سے محفوظ رہین۔ عام علی درجہ کی کاشت یعنی بہت سی چاہی۔ سیرابی اور کہاتلی ندی گھمبیر اور اسکی تین شاخون قالرا۔ گہی کھور جو شمال کی طرف سے آتی ہین اور سیری نلے کے جو جنوب سے آتا ہے تہ یا کنارون پر پائی جاتی ہے۔ ان ندیون کے درمیانی علاقے عموماً ریتیلی اراضیات کے ہین جنپر جنگل بکثرت ہے اور انکو بیہڑ کہتے ہین۔ انمین کچہہ کچہہ خریف کی اجناس کاشت ہوتی ہین۔ اور کچہہ چاہات بھی پائے جاتے ہین لیکن ندی سے فاصلہ پر پانی بہت کم اور خراب ملتا ہے۔

صرف تین گانون کھریری۔ بگرائین۔ اور کنکہیرا اس سے مستثنی ہین۔ یہ گانون مغرب کی طرف دامن کوہ مین واقع ہین۔ اور پہاڑی پانی کی آمد کی وجہ سے زمین سرسبز چاہات بکثرت اور پانی شیرین ہے۔ اور

داخل ہوتی ہے اس روکے پانی روکنے اور تقسیم کرنیکی غرض سے نومرمت کیگئی ہے اور چولی بند کی بھی جو مشرق کی طرف واقع ہے مرمت کیگئی ہے۔ کاٹھیر کے جنوبی حصہ کی حد پر تھوڑی بہت مسلسل پائیان ہین جنکا پانی گھیہ ندی مین جا پڑتا ہے۔ اور اس پانی کو روکنے کی خاطر بندات کا ایک اچھا سلسلہ موجود ہے جس سے مقامی زراعت مین بہت ترقی ہے۔ ان سالونمین ریاست نے بہت بندات کی مرمت و توسیع کردی ہے۔ اور باقی بندات پر ابھی سرگرمی سے کام جاری ہے۔ اور موسم برسات سے پہلے یہ بھی مکمل ہوجائینگے۔

اس علاقہ کے شمالی دیہات کی جو بان گنگا کے قریب ہین زمین اکثر نرم لیکن عمدہ پیداوار کی ہے۔ اور جنوبی دیہات کی زمین جو پہاڑیون کی جانب ہین اکثر ریتلی یا پتھریلی اور ناہموار ہے جیسا کہ ملحقہ علاقہ ڈانگ ضلع ذاہر مین ہے۔ وسطی اور جنوبی دیہات مین جو بیانہ کی سڑک کے جنوب مین واقع ہین زمین پکی اور ہموار ٹیار ہے جو سب معمولی فصلی کی کاشت کیلئے موافق ہے۔ انمین سے بعض دیہات یعنے سالاباد حصہ نولی اور ننگلہ روہت وغیرہ مین پانی تلخ ہے۔ اور بعض بعض جگہ کلر کے نشان پائے جاتے ہین تاہم ہ چاہات شیرین ہین۔ پانی اوسطاً ۴ فٹ گہرائی پر پایا جاتا ہے۔ اور سوای ان دیہات کے جو بیانہ کے مغرب کی طرف پہاڑیون کے نیچے بساور کی جانب ہین جہان کہ بندات خراب ہوگئے تھے اور اب انکی مرمت ہوگئی ہے بکثرت ہے پختہ چاہات مین اوسط عمق ۱۹ فٹ اور خام چاہات مین ۱۰ فٹ ہے۔ کاٹھیر مین مالکان عموماً جاٹ اور ڈھاکر ہین جو اول درجہ کے کاشتکار ہین اور گوجر جو خاصہ کاشتکار ہین امر گدہی ہین۔ گدیونکی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ پنجاب کے کتیرلونکی اولاد ہین جنھون نے اورنگ زیب کے عہد مین اسلام اختیار کیا تھا۔ یہ لوگ جھگڑالو اور بدلیظ ہین اور بجائے زراعت کا خانہ جات یا دہی مین مزدوری کرکے گذارا کرنا پسند کرتے ہین۔ اگرچہ بان گنگا کی وجہ سے جو تبدیلیان ہوئین او نسے بعض دیہات ابتک خستہ حال ہین اور انکی جمع سخت ہے۔

ندیون کا بھی اثر ہے کہ اس علاقہ مین اعلیٰ درجہ کا سیراب اور کھاتلی رقبہ بہت سا ہے اور چاہی کاشت
سب پر سبقت لیگئی ہے۔ زمانہ ماضیہ مین بان گنگا ندی بہت غارتگر رہی ہے۔ اسکے راستہ مین پی در پے
تبدیلیان ہونیکی وجہ سے بہت سے دیہات تباہ ہوگئے انکی مزروعہ اراضیات مین ریت پڑ گئی چاہات
بھر گئے یا بہہ گئے۔ دیہات کی آبادی کی جگہون پر طغیانی کا پانی بھر گیا۔ اور عمدہ مزروعہ اراضیات
ریتیلی بنجر ہو گئین۔ یہ خرابی زیادہ تر ان دیہات مین پائی جاتی ہے۔ جو پرانے راستہ کے قریب ہین۔
مثلاً اوسو بر کھیرہ۔ رند ہیرہ۔ برعکس اسکے جو دیہات شمال او رجنوب کی طرف ہین انکو طغیانی کے اثر سے
بہت ہی فائدہ پہونچا ہے۔ کیونکہ طغیانی کا پانی ندی سے نکلنے کے تہوڑا سا ہی فاصلہ طی کرنیکے بعد
ہی شوریت پیدا کرنیوالی ریت کو آگے نہین لیجاتا۔ ندی بان گنگا کے شکم مین جو کھاتلی کاشت ہے
وہ بوجہ کثرت سے ہونے ریت کے ادنی قسم کی ہے اور ندی گھمیر کی کھاتلی عمدہ ہے۔ ندی گھمیر
بہ نسبت بان گنگا ندی زیادہ عرصہ بہتی ہے اور اسکے کنارون پر جہلارون کے ذریعہ سے بھی کچھ
آبپاشی ہوتی ہے۔ کاکند ندی یا وہ حصہ جو بارٹیہ بند سے بچ رہتا ہے اس علاقہ کے مشرقی حصہ مین سے
گذرتا ہے اس ندی اور ندی کے مقام اتصال موضع ندی گانون تک اسمین بلا تواتر سال بھر پانی بہتا
ہے اور اسکی تہ مین چند عمدہ کھاتلی اجناس ہوتی ہین۔ اور کنارون کے ارد گرد کے دیہات بذریعہ جہلار
باڑ ہینکلی اس سے آبپاشی کرتے ہین۔ جوگی ندی مغرب کی طرف تحصیل بساور سے آکر ندی بان گنگا کی متوازی
چلی جاتی ہے۔ اسمین دونون طرف سے پہاڑون کا پانی آتا ہے۔ اس کا نالہ عمیق لیکن تنگ ہے۔ اور برسات
مین پانی کی بہت بڑی رو آتی ہے۔ اسکی طغیانی بان گنگا کی رو سے ملکر جنوب کی طرف مواضعات اکاولی
اور جہلکا باڑا مین جو اوچین و بیانہ کی سڑک پر واقع ہین ایک بڑی ولدل بنا دیتی ہے۔ اور اس سے
ان دیہات کو جو سڑک سے مشرق کی جانب ہین بہت فائدہ پہونچتا ہے۔ آخرش یہ ندی کر کا کے مقام
پر گھمیر سے جا ملتی ہے۔ موضع کھنولی کے بڑے بند کی جہان کہ یہ ندی تحصیل ہذا مین مغرب کی جانب سے

(ب) قدرتی اقسام - جیسا کہ پہلے بیان ہوچکا ہے اس تحصیل میں تین بڑے قدرتی حصہ ہین -

(۱) کاٹھیر یا شمالی حصہ اسمین ۹۲ دیہات ہین - یہ علاقہ تحصیل مین نہایت ہی زرخیز اور اسکی کاشت نہایت عمدہ ہے -

(۲) علاقہ ناہر - یعنی بیانہ جنوب مغرب سے لیکر لساوا اور جے پور کی حد تک کی ناہموار پتھیلی اور پتھریلی زمین - اس علاقہ سے ندی گمبھیر گذرتی ہے - اور اسمین ۵۴ دیہات ہین -

(۳) ڈانگ - اسمین تمام پہاڑیان اور درمیانی وادیان شامل ہین جو باریٹھہ بند کے جنوب کی طرف واقع ہین - اور ریاست ہای دھولپور و قرولی کے اسی نام کے علاقہ مین چلی جاتی ہین - اس علاقہ مین ۱۴ گانون ہین جنمین سے جنوب کی طرف بلند سطح پر واقع ہین - جنکا ڈہلاو اور پانی کا نکاس ضلع آگرہ کی جانب ہے اور انکو اوپر کی ڈانگ بولتے ہین - اور باقی ۴ دیہات جو وادی کاکند مین پہاڑون کے دو سلسلون کے درمیان جنکا ذکر فقرہ ۱ مین ہوچکا ہے واقع ہین نیچے کی ڈانگ مین شامل ہین -

(۱) کاٹھیر - سوای چہوٹی چہوٹی پہاڑیون کے سلسلہ کے جو جنوب کی طرف ویر سے آکر سیدہی مشرق کی جانب ہمیل تک بان گنگا کے متوازی مع ایک موضع اکاولی کے شگاف کے جس سے بان گنگا کا پانی پہلے گذرتا تھا متوازی چلا جاتا ہے - باقی کل علاقہ کاٹھیر کی سطح صاف ہے اور اسکا ڈہلاو بتدریج شمال مشرق کی جانب ہے - ندی بان گنگا کا بڑا راستہ غرب سے مشرق کو اس علاقہ مین سے ہوکر گذرتا ہے - یہ ندی تحصیل لساوا سے تحصیل ہذا مین بمقام برکھیڑہ داخل ہوتی ہے - اور مشرقی پرانا راستہ چھوڑ کر نوسو سے آگے اوچین کی طرف شمال کی سمت مین چلی جاتی ہے - ندی گمبھیر کل علاقہ کو یکسان تقسیم کرتی ہوئی جنوب سے تقریباً شمال کی سیدہ مین چلی جاتی ہے - اور پھر تھوڑا مشرق کی طرف موڑ کر کمار تحصیل اوچین ندی بان گنگا کے پرانے راستہ مین جا ملتی ہے - یہان ہر دو

بہت غیر مساوی ہے۔ بہت سے دیہات ہین کہ جنمین سیرابی رقبہ زیادہ ہے جمع بہت نرم تجویز ہوئی اور انکو سالہای حال کی گرانی نرخ سے بہت فائدہ پہونچا۔ برعکس اسکے دیگر دیہات نے گرانی جمع سے تنگ ہوکر اوسکے اداکرنیکی کوشش کو چھوڑ دیا اور اس بات پر کمر باندہ لی کہ اونکے دیہات خام تحصیل ہوجاوین یا بقایا رکہنے کے عادی ہو گئے۔

تحصیل بیانہ

دفعہ ۱۷۔ عام بیان فوزمین

کل ریاست بہر مین بیانہ سب سے بڑی تحصیل ہے۔ اس کا کل رقبہ ۳۱۳ مربع میل ہے جسمین سے ۱۰۱ یا کم از ⅓ مزروعہ ہے۔ رقبہ غیر ممکن الزراعت کی تعداد ۱۵۰ مربع میل یا ۴۸ فیصدی ہے۔ اور اسمین سے ۱۰۰ مربع میل پہاڑون کا رقبہ ہے۔ خالصہ مین ۳۰ فیصدی مزروعہ ۵۲ فیصدی غیر ممکن الزراعت۔ ۲ فیصدی افتادہ اور ۱۶ فیصدی بنجر ہے۔ اس بنجر مین بہت سی زمین علاقہ ڈانگ ناہرہ مین ادنی ناہموار۔ ریتیلی۔ و پتھریلی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ دیگر تحصیلات کی نسبت رقبہ مزروعہ مین بہت کم بیشی بندوبست سابق سے لیکر صرف ۵،۵ فیصدی ہے۔ خاص خاص موسمون مین بھیڑ بکری و بڑے بڑے مویشی جنکے ریوند گوجران کے پاس بکثرت ہوتے ہین غیر ممکن الزراعت رقبہ مین عمدہ طرح چرتے ہین۔ مزروعہ مین سے ۳۱ فیصدی چاہی سوای تحصیل بہرت پور کے باقی تحصیلات کی نسبت زیادہ ہے۔ ۲۱ فیصدی چاہی سیرابی۔ سیرابی ۱۳ فیصدی۔ ۴۴ فیصدی عین بارانی۔ ۲ فیصدی بہوڑ ہے۔ اراضیات بارانی مین سے بہوڑ کا تخمینہ قدرے کم کیا گیا ہے۔ اور علاقہ ناہرہ کی بہت سی چاہی اراضیات بھی اس قسم کی متعلق ہین۔ علاقہ ناہرہ و ڈانگ کی بہوڑ عام طور پر بہت ہلکی ہے۔ اور اسمین صرف نہایت ادنی قسم کی اجناس خریف پیدا ہوتی ہین۔

سخت ہے۔ اسپر طرفہ یہ ہے کہ مالگذاری کی اقساط کی تفریق بہی بہت خراب ہے۔ جب موجودہ مطالبہ
مقرر ہوا تہا تو اوس وقت ان دیہات مین ربیعہ کی فصل زیادہ تہی اور ربیع کی قسط نسبتاً بہاری تہی۔ اب
انمین خریف کے اجناس زیادہ بوئے جاتے ہین۔ اور لوگ مطالبہ خریف پورا پورا ادا کرتے ہین۔
لیکن جب مطالبہ ربیع مانگا جاتا ہے تو یہ ظاہر کرتے ہین کہ اجناس ربیعہ بہت کم ہین یا بالکل نہین۔
محکمہ مال سے اس خرابی کی اصلاح اس طرحپر ہوسکتی تہی کہ بلحاظ پیداوار فصلین اقساط مقرر کردیجاتین
لیکن اسکو یہ آسان تجویز بہی نہ سوجہی۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ پچہلے سال تک بہت سا روپیہ بقایا مین
رہگیا جو بلحاظ پیداوار فصلین ناواجب طور پر باقی رہنا پایا جاتا ہے۔

(ہ) آمدرفت۔ آمدرفت کے لحاظ سے یہ تحصیل اچہی حالت مین ہے۔ اس تحصیل کے صدر مقام
سے سیوار و بہرت پور تک ایک عمدہ پختہ سڑک ہے۔ جو ۲ و ۱۰ میل کے فاصلہ پر علی الترتیب
واقع ہین۔ اوچین سے بیانہ تک ایک عمدہ اچہی سڑک ہے۔ لیکن موسم برسات مین بان گنگا
کی طغیانی کی وجہ سے اسپر چلنا بہت دشوار ہے۔ پرگنہ رداول ایسی اچہی حالت مین نہین ہے
کیونکہ اسکے اور بہرت پور ریلوے کے درمیان بان گنگا و گہمبیر ندیان واقع ہین۔ لیکن پہاڑپور
کی کانون سے بہرت پور تک سڑک بنجانیسے کچہہ آسانی ہوگئی ہے۔ خاص رداول بہرت پور سے
۲۰ میل کے فاصلہ پر ہے۔

(و) آبادی زراعت پیشہ۔ زراعت پیشہ آبادی مین زیادہ تر جاٹ ہین جنکے ۳۰ محالات ہین۔
سنسوار جاٹون کے ۱۲ محالات گوجرون کے ۱/۲ ۸ ابرہمنون کے ۱/۲ ۴۔ اور راجپوتون کے ۶ محالات
ہین۔ پس محنتی اقوام زیادہ ہین۔ ۲۰ محالات جو ملکیت سرکار دکہلائے گئے ہین۔ انمین سے ایک
قصبہ اوچین ہے جسمین کوئی خالصہ اراضی شامل نہین ہے۔ اور دوسری کورکا کی سرکاری روندہے
زراعت کی بیشی اور آبپاشی کی ترقی کے لحاظ سے موجودہ جمع سخت خیال نہین کیجاسکتی۔ لیکن

علاقہ تھا- اسکی مٹی سوائی بھوڑ کے جو جنوب مشرق کی طرف پہاڑیون کے دامن مین ہے عمدہ تھی
چاہات بیشمار اور شیرین تھے- زراعت جسمین بہت سا رقبہ نیشکر کا تھا ترقی پذیر تھی- اس علاقہ کے
قدرتی حالات ملحقہ روپہاس کے علاقہ وال کے مشابہ ہین- اور اس علاقہ کو اسی طرح چاہات کے
پانی کم ہوجانے اور کہیرہ- رداول- سروند- جراری وغیرہ بندات مین نکہ ٹر ہجانے کی وجہ سے
بہت صدمہ پہونچ گیا ہے- اس علاقہ کی مرفع الحالی دیہاتی بندات کی عمدہ حالت مین رہنے
اور پانی سے پُر ہونے پر منحصر ہے- اب انکی مرمت ہوگئی اور حالت سُدہر گئی ہے- چار جنوبی
مغربی دیہات یعنی بہون پور- جورہٹیہ- دمریا اور رداول مین زائد از تین ہزار بیگہ رقبہ کو بارٹیہ بند
کی ایک نہر مین سے آبپاشی ہوئی ہے- جب یہ آبپاشی کافی طور سے ہونے لگیگی تو اس سے اس
قطعہ کی مرفع الحالی کے بحال ہونے مین بہت مدد ملیگی- پانی کی سطح ۲۶ فٹ اور عمق ۱۰ تا ۱۲ فٹ ہے-

(ج) بارش باران- اوسط بارش قریبًا وہی ہے جو روپہاس مین ہے یعنی ۱۵ء۳۴ - انچ اسمین سے
۲ء۰۲- انچ موسم سرما کے ۶ ماہ مین ہوتی ہے- سب سے زیادہ بارش ۱۸۹۶ء مین ۲۳ء۳۳- انچ
اور سب سے کم ۵۰ء۱۲- انچ ۹۶-۱۸۹۵ء مین اور ۰۲ء۱۱- انچ ۹۷-۱۸۹۶ء مین ہوئی تھی منجملہ
۱۴ سالون کے ۳ سالونمین بارش ۲۰- انچ سے کم اور ۲ سالونمین ۳۰- انچون سے زیادہ ہوئی ہے-
۹۶-۱۸۹۵ء و ۹۷-۱۸۹۶ء کی کمی بارش کی وجہ سے زمینداران کی سخت مصیبت کا زمانہ شروع ہوا
اور اگرچہ آخری ۳ سالونکی بارش کی مقدار معمولی تھی لیکن آخری ۲ سالونکی بارش بوجہ اسکے کہ موسم خزان
و سرما مین بارش وقت پر نہ ہوئی بہت ناقص خیال کئے جاتے ہین- اور اسلئے تحصیل کو سرسبز ہونیکا
موقع نہین ملا- بخلاف اسکے آبپاشی کی ترقی سے بہت سے دیہات کو بیشمار فائدہ پہونچا ہے-

(د) لوگونکی عام حالت- موجودہ جمع بہت غیر مساوی ہے- بعض بعض نہری دیہات مین جمع بہت
نرم تجویز ہوئی ہے- اور مشرق کی جانب بعض بعض دیہات مین جنمین بان گنگا کی طغیانی کا پانی ہی نہین آتا بہت

(۲) نرواس - یہ علاقہ بھی بنام علاقہ نرواس تحصیل ریواس کے بالکل مشابہ ہے۔ قریباً سب
دیہات ندی بان گنگا و گمبھیر کی سیرابی سے مستفید ہوتے ہیں خواہ اگر طغیانی کے قدرتی بہاؤ سے
پانی ملتا ہے کہ جیسے بعض جگہ کھیت میں ریت پڑ جاتا ہے۔ اور ندی کے قریب کے چاہات بند ہو جاتے
ہیں۔ خواہ بھرت پور اسٹیٹ ریاست کی سڑک کے دو گاؤں کی نہر ان سے آبپاشی زرعی بیگھے جیسے زائد
موریوں کے پانی بندات میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ان بندات میں سے ایک بند کنوالسی ہے جو ایک
مرکز مشہور ہیں۔ ندی بان گنگا کا سابقہ راستہ اور گمبھیر کا مقام اتصال گرکا میں ہے جو اسی علاقہ
میں واقع ہے۔ اس مقام کے مشرقی جانب کی طغیانی اب بہت کم ہو گئی ہے کیونکہ بان گنگا کا پانی قدیم
یا مصنوعی ملوں کے ذریعہ غربی جانب خرچ ہو جاتا ہے۔ اور ندی گمبھیر کی طغیانی بمقابلہ اس وقت
کے کہ جب ندی کا نہر بند نہیں بنا تھا اب بہت کم ہو گئی ہے۔ اسلئے اُن کا مشرقی جانب کے
دیہات میں شاذ و نادر سیرابی ہوتی ہے۔ چاہات کو نقصان ہوتا ہے اور جن میں بہت بنایا جاتا ہے
کیونکہ سیرابی بالخصوص اراضیات خشک بالائی ہو گئی ہیں۔ ندی کے قریب و جوار کی اراضیات نم ریتیلی۔ لیکن
پانی خزینہ کیلئے بہت موافق ہیں۔ اور بھرت پور کی جانب اور شمال کی طرف آگے بڑھ کر زمین چکنی
ہے لیکن عام طور پر پانی میں مواضعات جواری۔ گوبرا۔ گوڑولی۔ بلارہ۔ کوبکا وغیرہ میں بہت نمکین ہے
اس علاقہ میں پانی سطح کے بالکل قریب ہے۔ اوسط عمق تاآب ۱۲ فٹ اور آب ۲۰ فٹ ہے۔
جہاں کہ طغیانی کا پانی بہ جاتا ہے وہاں سوائے خشک سالی یا موسم سرما کی عدم بارش کے چاہات
بہت کم جاری رہتے ہیں۔ اور ایسی صورتوں میں تمام چاہات بہت سے کھودے جاتے ہیں اس
قطعہ کی سیرابی زراعت اور میں کے چاروں طرف کل ریاست میں سب سے اچھی ہے۔ کہ اس خشک
سالی کے زمانہ میں بھی بحیثیت اجناس عمدہ تھیں۔

(۳) رادول پرگنہ - پرگنہ راول بجانب جنوب مشرق کسی زمانہ میں تحصیل بیر میں نہایت ہی سرسبز

(ب) قدرتی تقسیم - یہ تحصیل مثل پرگنہ پہاس ۳ وسیع قدرتی حصونمین منقسم ہے -

(۱) جہٹی - جسمین شمال مغرب کے فراخ میدان مین ۲۳ دیہات واقع ہین -

(۲) ندواس - یہ ۶۳ دیہات کا علاقہ وسط مین بان گنگا اور گمہیر ندیون کے ہردو طرف واقع ہے

(۳) پرگنہ رداول ہین جو پہلے علیحدہ تحصیل تہی - اسمین ۲۸ محالات جنوب مشرقی جانب واقع ہین -

(۱) جہٹی - اس نام کی وجہ تسمیہ یہ ہے - کہ اس علاقہ کے محالات کے مالکان عموماً جاٹ ہین یہ علاقہ بان گنگا ندی اور بہرت پور - اوچین وبیانہ کی سڑک کے شمال مین واقع ہے - اِنکے دیہات کی زمین عمدہ ہموار ہے - لیکن چاہات کا پانی خصوصاً بہرت پور وجے پور کی پختہ سڑک کے شمال کی طرف بالکل تلخ ہے - اسی وجہ سے کپاس بالکل نہین بوئی جاتی - اور باوجود اس کہ پانی بکثرت ہے - لیکن ربیعہ کے اجناس تاوقتیکہ بارش کی مدد نہ پہونچے ناقص ہوتے ہین - تاہم بان گنگا ندی کی نہر ہلینہ سے اس طرف کو کچہہ ترقی ہوگئی ہے - اس نہر کے بہاؤ سے زراعت زرخیز ہوتی ہے - اور چاہات کو مدد ملتی ہے - اوسط عمق تا آب ۲۲ فٹ و آب ۱۳ فٹ پختہ چاہات مین ہے - اور خام چاہات مین علی الترتیب ۸ و ۱۰ فٹ ہے - جنوب کی طرف کئی ایک دیہات مثلاً اہی - نگلہ ہی - علی پور - اٹاری - جہانگیر پور - اٹاری وغیرہ کو ندی بان گنگا کے سابق بہاؤ کے نلون کی طغیانی سے فائدہ پہونچتا ہے - ان دیہات کی زمین ندواس کی طرح نرم ہے جسمین کہ خریف مین باجرہ اور تل ہوتے ہین - اور ربیعہ مین سیراب شدہ رقبہ مین چنے بوئے جاتے ہین - اس قطعہ مین چند ایک بند ہین لیکن نہر ہلینہ کے وسیع ہوجانیسے اسکو بہت فائدہ پہونچیگا جیساکہ خیال کیا جاسکتا ہے - اس علاقہ کو بہی موجودہ قحط سے سخت صدمہ پہونچا ہے - لیکن بہت سے دیہات کے زمینداران مضبوط ہین - اور انکو بحال ہونیکے لئے صرف چند عمدہ موسمونکی ضرورت ہے

بندات اچھی حالت مین ہین- اور پانی بکثرت ہے- اور اسمین مرفع الحالی کی بہت سی چیزین ہین-

(ج) بارش- اس تحصیل مین بارش اچھی ہوتی ہے- اور گذشتہ ۴۳ سالونکی اوسط ۲۶٫۸۶- انچ ہے- لیکن اکتوبر سے مارچ تک کی ششماہی مین صرف ۱٫۴۵ ہی ہوتی ہے- بلکہ اسپر کوئی بھروسہ نہین ہے اسواسطے بارانی اراضیات مین ربیعہ شاذ ونادر بوئی جاتی ہے- پانچ سال مین بارش ۲۰- انچ سے کم ہوئی ہے- اور دو سال مین ۳۰- انچ سے بڑہگئی زیادہ سے زیادہ بارش ۹۲-۱۸۹۱ع مین ۴۳٫۳۵ انچ و کم سے کم ۹۷-۱۸۹۶ع مین ۱۰٫۳۵- انچ ہوئی- علاقہ کے قدرسے ڈہلاؤکی وجہ سے پانی کا میلان ندی بان گنگا کی طرف ہے- تاوقتی کہ اسکو بندات یا کھیتون کی مینڈون کے ذریعہ سے نہ روکا جائی-

(د) آمدورفت- روپباس جو تحصیل کے وسط مین اور اِس کا صدر مقام ہے- بھرت پور سے بخط مستقیم ۱۸ میل کے فاصلہ پر ہے لیکن راستہ کوئی سیدھا نہین ہے- اور آمدورفت کی گاڑیان فتحپور سیکری کے راستہ سے جاتی ہین جس سے کہ ۴۳ میل کا سفر ہوجاتا ہی بلکہ موسم برسات مین اکثر اوقات یہ راستہ ناقابل گذر ہوجاتا ہے- کیونکہ بہت سا راستہ نشیبی اور دلدلہ علاقہ سے گذرتا ہے- آمدرفت کا قریب ترین اور مشہور راستہ فتحپور سیکری کا ہے- اور وہان سے اچھنیرا ضلع آگرہ کے ریلوے اسٹیشن کو جو بھرت پور سے ۱۶ میل کے فاصلہ پر ہے پختہ سڑک ہے- صاحب ایگزیکٹو انجنیر بہرتپور نے آمدرفت کی خاطر بانسے پہاڑپور کی کانو نسے بھرت پور تک ایک عمدہ موسمی کچی سڑک بنائی ہے لیکن موسم برسات مین اکثر اسپر بہی کثرت سے آمدورفت نہین ہوسکتی- ایک اور کچی سڑک جسپر زیادہ آمدرفت ہے- فتحپور سیکری سے بیانہ کو جاتی ہے- یہ سڑک اِس تحصیل کے موضع خانوہ مین سے گذرتی ہے-

(ہ) آبادی کاشتکاران- راجپوت- جاٹ- برہمن- گوجر و مسلمان بہ ترتیب مالکان اراضی کے سب سے بڑی قومین ہین- اول الذکر قوم مالکان لاپرواہ کاشتکار اور نادہندی سے جمع ادا

نہر کے ذریعہ سے آبپاشی ہوتی ہے (دیکھو رپورٹ تحصیلات وسطی) پانی سطح کے قریب اور بکثرت
سے پختہ چاہات ہیں اوسط عمق آب ۲۰ فٹ، عمق آب ۴۴ فٹ اور تمام چاہات میں علی الترتیب ۳۰
فٹ و ۰ فٹ ہے۔ موضعات برانہ، لسوڑہ وغیرہ ایک اور دیہات میں جو شمالی و پچھمی آگرہ
سے ملحق ہیں پانی تلخ ہے۔ مگر باقی سب کا میٹھا ہے۔ ندی بان گنگا کی ترائی اعلیٰ درجہ کی قابل
کاشت ہوتی ہے۔ اور اسکے کنارون پر بہت سا قطعہ بنجر پڑا ہوا ہے جسکو مستعدی سے
درست کیا جاتا ہے۔ الغرض اسوقت میں بھی یہ علاقہ خوشحال ہے۔

(۳) پرگنہ فتحپور سیکری کے گاؤن میں تحصیل کا شرقی وسطی حصہ ہے۔ جو ضلع آگرہ میں بمساحت
جنوبی حصہ جو پہاڑیون کے گرد ہے تحت دوال کے مطابق ہے۔ اور شمالی حصہ جو بان گنگا
ندی کے کنارون کے ساتھ ساتھ ہے۔ ... اس کے مشابہ ہے۔ ان دونون کے
درمیان کھاری ندی گذرتی ہے جو بمقام سنگولی کمیر ندی کے قریب آ جاتی ہے۔ اور اسکی طغیانی
کا پانی اسمین آ جاتا ہے۔ اس مقام کے ہر دو جانب ندی کے بہت سے حصہ کو یہ ندی سیراب کرتی ہے
اور چونکہ بندات کے ذریعہ سے قریباً ہر ایک گاؤن میں ایک یا زیادہ میں پانی کا انتظام باقاعدہ ہوتا
ہے۔ اس سے بہت فائدہ پہونچتا ہے۔ اور سیرابی اراضیات کے بہت سے قطعہ میں عمدہ اجناس پیدا
ہوتی جاتی ہیں۔ زمین نرم مٹیار سے لیکر پکی ہوٹ تک مختلف پائی جاتی ہیں۔ اور رقبہ ممکن الزراعت
بھی زیادہ ہے۔ بعض بعض جگہ پتھر سطح کے بالکل قریب ہیں جو چاہی آبپاشی کے تعمیر میں بیشتر کے
واسطے روک ہے۔ پانی عام طور پر میٹھا اور سطح کے قریب ہے۔ اوسط پختہ چاہات میں تا آب ۲۲ فٹ
اور آب ۴۴ فٹ، تمام چاہات میں ۱۹ و ۹ فٹ علی الترتیب ہے۔ تمام چاہات بکثرت ہیں۔ بعض
مقامات مثلاً سنگولی میں پتھر کی خالی شدہ کانون میں پانی بھر دیا جاتا ہے۔ اور جھیلون کے ذریعہ سے
اس سے آبپاشی کیجاتی ہے۔ یہ علاقہ گو اب قدرے تنگ حال ہے لیکن ماسبق کی نسبت اچھا ہے

عمدہ سیرابی رقبہ دانہا جٹوالنسی وغیرہ مین ہوگیا ہے۔ اس قطعہ کے اصلی مالک پنوار راجپوت تھے جنکے کہ ابتک بالنسی پہاڑپور کے اردگرد پانچ چہ گانٔون ہین۔ لیکن باقی دیہات سے انکو جاٹون نے نکال دیا۔ ان لوگون کو پچھلے سالون کی خشک سالی سے جسکا اثر چکنوٹ اراضیات مین بہت ہی سخت صدمہ پہونچا ہے۔ لیکن افسران تحصیل کی لاپرواہی کی وجہ سے یہ لوگ جن دنون مین اداکرنیکے قابل بہی ہون مطالبہ باقی رکہنے کے عادی ہوگئے ہین۔ اگر بندات کی مرمت ہوجاویگی اور ایک دو سال اچہی بارش ہوئی تو یہ قطع پہر جلد مرفع الحال ہوجائیگا۔

(۲) ندواس۔ ندواس کا علاقہ تحصیل کے شمال کی جانب ہے جسمین ۴۲ دیہات ہین۔ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ گھمیر اور بان گنگا کی ملی ہوئی ندیون کا جو مغرب سے مشرق کو گذرتی ہین اس علاقہ مین کچہہ اثر پڑتا ہے۔ اور انسے تقریباً تمام دیہات کو براہ راست یا اور طرحپر فائدہ پہونچتا ہے۔ چھوٹی پہاڑیونکی ایک قطار بوکولی کے مقام پرندی سے شروع ہوکر کچہہ فاصلہ تک اسکے ساتھہ ساتھہ چلی جاتی ہے۔ ان پہاڑیون کی قطار کے تنگ نالون سے جیسا کہ پہلے بیان ہوچکا ہے۔ روپباس کے اردگرد وسطی میدانونمین طغیانی پہونچانے کی خاطر نالے کہودے گئے ہین۔ ان نالون سے ابتک بہت کامیابی نہین ہوئی۔ کیونکہ ندی کا کنارہ پر بند بنجانیکی وجہ سے سالہای حال مین بہت طغیانی نہین آئی۔ لیکن اب نالون کو صاف اور گہرا کردیا گیا ہے۔

اس علاقہ مین رقبہ سیراب بہت ہے۔ اور ریت کی وجہ سے زمین نرم ہے۔ لیکن اوسط درجہ کی بارش سے بہی پیداوار اچہی ہوتی ہے۔ اور اراضیات بہوڑ مین بہی اعلی درجہ کے باجرہ اور تل کی اجناس خریف پیدا ہوتی ہین۔ اور ایسی زمینونکی لگان اعلیٰ درجہ کی بارانی کے برابر ہین۔ ایک موضع (کہیڑہ) جو روپباس اور فتحپور سیکری کی سڑک پر واقع ہے دیگر دیہات سے علیحدہ ہوکر علاقہ غیر ضلع آگرہ مین جا پڑا ہے۔ غایت شمالی حد کے چند ایک گانٔون اجان بند کے ہر دو جانب واقع ہین۔ جنکو اس

(۱) وال - وال جیسا کہ یہ نام دلالت کرتا ہے - ایک وادی ہے جو پہاڑیوں کے درمیان یا
دامن میں واقع ہے - یہ خشک پہاڑیاں کم بلند ہیں - اور انپر کوئی سرسبزی نہیں ہے - بارش
میں ریت اوپر سے نہیں ڈھلکتی - اور اس قطعہ میں کوئی نم ہونے میں نہیں ہے - زمین سخت اور مٹی
سیاہی مائل ہے جسے یہاں کے لوگ چاٹر بولتے ہیں - اگر بارش بکثرت ہو تو یہ زمین عموماً
زرخیز اور عمدہ پیداوار کی ہے - مگر بعض بعض مقامات پر کنکر کی ملاوٹ بھی ہے - اور اس لئے
فصل ربیع کی بارانی اجناس چنوں اور سرسوں کیلئے ٹھیک نہیں ہے - عمدہ موسموں میں جوار -
روباس کے ارد گرد وسطی سطح میں اچھی ہوتی ہے - دامن کوہ میں ہلکی اراضیات میں باجرہ
بہت اچھا ہوتا ہے - چاہات کا پانی عموماً میٹھا ہے لیکن کم ہے - اور کئی چاہات عارضی طور پر
افتادہ ہو گئے ہیں - ایک وجہ یہ ہے کہ سطح زمین میں ۱۰ سے ۴۰ فٹ گہرائی تک اکثر تہہ کنکر کی
آجاتی ہے جو سطح کی نمی کو سوت تک جذب نہیں کرنے دیتی - دوسرا سبب یہ ہے کہ اس علاقہ
میں ہر ایک گاؤں میں بند ہے - جو دونوں طرف پہاڑوں کا اور وسیع رقبہ جنگل کا پانی روکتا ہے
اور چاہات میں پانی قایم رکھنے کی غرض سے ایسے بندات کا پُر ہونا ضروری ہے - یہ بندات
قابل مرمت ہو گئے ہیں یا پچھلے سالوں کی خشک سالی کی وجہ سے انمیں پانی نہیں بھرا - اس سے چاہات
پر اُلٹا اثر ہوتا ہے - سوت کا فاصلہ ۳۰ سے ۷۰ فٹ تک ہے - پختہ چاہات کیلئے اوسطاً ۴۴ فٹ
اور کچے چاہات کیلئے اوسطاً ۴۰ فٹ ہے - اور اوسطاً عمق آب ۹ - اور ۱۲ فٹ علی الترتیب ہے
ان بندات کی مرمت اور ترقی کا کام صاحب ایگزیکٹو انجنیر نے اس سال کیا - اور بہت سے بند وقت
پر موسم برسات کے پانی کو روکنے کیلئے مکمل ہو جائینگے -
اس علاقہ میں کھونڈی بیاٹہ کی جانب سے آتی ہے - جو عمیق کناروں کے درمیان بہتی ہے -
لیکن یہاں اسمیں طغیانی نہیں ہوتی - اس ندی میں بانسہ اور کیسرلی میں بند بنائے گئے ہیں - جہاں

تحصیل روپیاس

دفعہ ۱۵(۱) عام حالات وزمین۔ ان چار تحصیلات مین سے سب سے چھوٹی اور مشرقی تحصیل روپباس ہے۔ لیکن جب تحصیل ارچین شکست ہوجائیگی تو اسکے حدود مین وسعت ہوجائیگی اسکا موجودہ رقبہ ۱۱۴ مربع میل ہے جسمین سے ۸۵ میل یا ۵ء۷۴ فیصدی مزروعہ ہے۔ ۱۰۶ مربع میل خالصہ رقبہ مین سے ۴۹ فیصدی مزروعہ ۳۴ فیصدی ممکن الزراعت اور ۵ء۳ فیصدی افتادہ جدید اور ۵ء۱۳ فیصدی غیر ممکن الزراعت ہے۔ اگرچہ بندولست سابق کی نسبت کاشت مین بہت زیادہ بیشی ہوگئی ہے لیکن آیندہ بیشی کیلئے ابھی بہت وسیع رقبہ پڑا ہوا ہے۔ رقبہ مزروعہ مین سے ۱۶ فیصدی چاہی۔ ۲ فیصدی چاہی سیرابی۔ ۱۹ فیصدی سیرابہ۔ ۱ فیصدی کہاتلی اور ۶۲ فیصدی عین بارانی یعنی ۵۲ فیصدی بارانی اور ۱۰ فیصدی بہوڑ ہے۔ پچھلے سالونکی کم بارش اور ذرائعات آبپاشی کی عدم مرمت سے جو چاہات مین عمدہ پانی کی کثرت کیلئے ضروری ہین چاہی رقبہ بہت کم ہوگیا ہی اور اب بندولست سابق کی نسبت بہت ہی کم ہے ۸۰ فیصدی چاہات شیرین ۲۰ فیصدی تلخ۔ ململے یا تلیہ ہین۔ یہ چاہات وسطی سطح کے دیہاتو نمین بکثرت پائے جاتے ہین۔

(ب) قدرتی اقسام اس تحصیل کا ڈہلاؤ سدگرہ پہاڑ سے جو جنوبی حد پر ہے۔ عین شمال کی جانب ندی گہمیر و اجان بند تحصیل بھرت پور تک ہے۔ اسکے تین قدرتی حصہ ہین۔ (۱) ڈال یا جنوب مغربی حصہ جو قصبہ روپباس اور دو پہاڑونکی قطارون کے درمیان بشکل مثلث واقع ہے اسمین ۲۸ دیہات ہین (۲) ڈہیر یا وسطی و مشرقی حصہ جسمین سے کہاری ندی تحصیل بیانہ کے سنگہمانی بند سے آکر گذرتی ہے۔ اسمین ۲۶ دیہات ہین (۳) ندواس یا شمالی حصہ جسمین سے گہمیر ندی و پرانی ندی۔ بان گنگا گذرتی ہین۔ اسمین ۲۴ دیہات ہین۔

ریاست کا رقبہ ۱۹۹۲ مربع میل ہے جسمیں سے ۱۴ء۲ فیصدی زیر کاشت ہے۔ اسکی آبادی اس
مردم شماری کے لحاظ سے جو دوران بندوبست میں ہوئی (اگرچہ اس قدر مکمل نہیں ہے لیکن
۱۹۱۱ء کی مردم شماری کی نسبت زیادہ معتبر ہے) ۲۰۶۴۶۵ یا ۱۰۴ فی مربع میل یا ۷۴۱ فی
مربع میل زیر کاشت ہے۔ کل مطالبہ مع جاگیرات خام جمع بندوبست ہے جو مطالبہ خالصہ کرکے
۸۳۸۵۰ روپیہ یا قریباً ساڑھے تین روپیہ فی ایکڑ ۱۷ روپیہ فی مربع میل زیر کاشت یا پہلی مرتبہ
سے بندوبستمیں چار روپیہ فیصدی کی بیشی ہو جائیگی کیونکہ چار تحصیلات جنوبی کی تشخیص میں
ہوگئی ہے۔ کل مواضعات ۵۹۳ ہیں جنمیں سے ۱۲۰ خالصہ ہیں جو تحصیلات (یعنی چار مکان
دینے والے) ۵۰ استمرار اور ملکیت سرکار وغیرہ وغیرہ) ہیں۔ اور ۲۰ مواضعات معافی یافتہ
کے ہیں جو کل رقبہ کے ۲ء۰ رقبہ کے ہیں کے برابر ہیں۔ کل تعداد مواضعات میں اب بیشی
ہوجائیگی کیونکہ ہر ایک اراضیات بنجر زمین کاشت کیلئے تیار کرنے مواضعات بنائے گئے ہیں
چار تحصیلات جنکی اب تشخیص ہو رہی ہے کل رقبہ کا ۳/۴ اور رقبہ زیر کاشت کا ۱/۲ ہیں۔ یہ کل جمع سے
۸۶ فیصدی ۱۰۱ اکر تھے ہیں۔ باقی آبادی ۵۲۲۲ ہے پہاڑوں اور بن جنگلات وغیرہ وغیرہ
کے ساتھ ساتھ ریتیلے ٹیلوں کی وجہ سے صرف کل رقبہ کا ۱۴ فیصدی زیر کاشت ہے۔ آبادی
تحصیل بیانہ میں ۲۱ فی مربع میل سے لیکر تحصیل بساور میں ۹۶ فی مربع میل تک ہے۔ بلحاظ رقبہ
زیر کاشت تحصیل اوچین میں ۴۴۴ سے لیکر تحصیل بیانہ میں ۲۲۲ مربع میل تک ہے۔ اس کل
قطعہ کی اوسط ۱۵ فی مربع میل یا ۳۵ فی مربع میل زیر کاشت ہے جو موجودہ رقبہ ممکن الزراعت
کے لحاظ سے زیادہ خیال نہیں کی جا سکتی ۔ ہر ایک تحصیل کے خاص امورات پر جنکا کہ
پہلے ذکر نہیں ہوا اب بحث کیجاویگی۔

نام تحصیل	تفصیل	تعداد دیہات	رقبہ: کل رقبہ	رقبہ: مزروعہ	جمع	[illegible]	آبادی: کل	آبادی فی مربع میل: کل رقبہ	آبادی فی مربع میل: مزروعہ	پرتہ جمع: فی کس			پرتہ جمع: فی ایکڑ آبادی		
میزان	استمرار	۱	۳۱۴۴	۱۹۶۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	معافی	۹	۲۲۶۴۶	۱۶۳۶۷	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	ملکیت راج	۳	۱۰۰۱۴	۳۲۹۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	میزان	۱۴۹	۳۷۴۰۰۳	۲۰۷۶۴۴	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان تحصیلات جنوبی	خالصہ	۴۴۶ ۱/۲	۱۱۷۶۱۶۴	۵۳۴۷۲۰	۷۵۵۶۵۵	۸۳۱۲۷۶	۲۰۲۴۱۶	۲۵۱	۵۴۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	استمرار	۱	۳۱۴۴	۱۹۶۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	معافی	۳۶ ۳/۴	۸۸۳۰۸	۵۹۴۲۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	ملکیت راج	۷	۲۲۸۷۰	۳۲۹۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	میزان	۴۹۱	۱۲۹۰۴۷۶	۵۹۹۴۰۷	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان تحصیلات وسطی	خالصہ	۲۵۸ ۵/۶	۷۹۰۸۷۱	۴۹۳۱۷۵	۵۶۴۷۲۰	۰	۲۲۹۲۷۹	۳۹۱	۶۲۱	۰-۱۵-۲-۰-۰-۱۵-۲					
	چوتھہ	۱	۲۸۵۳	۱۲۶۴	۰	ایزاد کرو ۷-آنہ-۱۳-۰۰ روپیہ فیصدی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
	معافی	۶۲ ۱/۴	۱۲۵۲۲۷	۷۹۶۴۰		۱۶۴۱۰۰ جمع فرضی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	ملکیت راج	۱۴	۴۴۳۵۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	میزان	۴۳۶	۹۶۲۳۰۱	۵۷۴۰۶۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان تحصیلات شمالی	خالصہ	۴۰۳	۷۶۹۰۸۹	۵۴۰۲۳۸	۷۳۵۰۹۳	ایزاد کرو ۷-آنہ-۱۳-۰۰ روپیہ فیصدی	۱۸۸۹۵۰	۳۲۴	۴۶۰	۰-۴-۶-۰-۰-۳-۲					
	چوتھہ	۲۲	۵۸۹۲۹	۴۵۲۳۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	استمرار	۴	۱۵۶۰۰	۱۱۱۴	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	معافی	۲۵	۷۹۵۰۶	۶۴۳۹۱	۸۶۱۰۰ جمع فرضی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	ملکیت راج	۱۰	۱۰۵۴۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	میزان	۴۶۸	۹۳۳۶۷۲	۶۶۰۹۸۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان ریاست	۰	۱۳۹۵	۳۱۸۷۴۴۹	۱۸۳۴۴۵۷	۱۲۹۹۸۱۳ / ۷۵۵۶۵۵ / ۲۰۵۵۴۶۸	مشخصہ جو تشخیص ہوگا	۶۲۰۶۴۵	۳۱۲	۵۴۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰

حجم دار طبقے اور بد وضع چپٹے پتھرونکی سلین پائی جاتی ہین - جو معمولی طور پر سخت اور کثیف ہوتی ہین - اور انکو کبھی کبھی صاف کیا جاتا ہے اور انکا رنگ قدرے سرخ یا زرد ہوتا ہے بعض بعض جگہہ شفاف پتھرون اور بعض جگہہ چکنی مٹی کی موٹی بودی سلین پائی جاتی ہین - تانبا اور لوہا بھی پائے جاتے ہین لیکن ایسی مقدار مین نہین پائے جاتے کہ انکے نکالنے کے اخراجات پورے ہوسکین پتھر بھی تعمیرات یا اور چیزون کیلئے مفید نہین ہین -

عام طور سے سرخ پتھر سفید پتھر کی نسبت عمارتی کامون کیلئے بے ڈھنگی رنگت اور مرور زمانہ سے بعض اقسام کے پتھرون کے شکستہ ہوجانیکی وجہ سے ناقص خیال کیا جاتا ہے - سرخ پتھر اپنے بالکل متوازی طبقات کی وجہ سے مشہور ہے - اور اسی وجہ سے اسکی چھینیون کے ذریعہ سے حسب ضرورت موٹی سلین بنا سکتے ہین - پس یہ پتھر چھتون اور فرشون کیلئے مناسب ہین - سفید یا ہلدی رنگ کی قسم کے پتھر ساخت اور رنگ مین بالکل یکسان ہوتے ہین - اور اس لئے سنگ تراشی کے نہایت نفیس اور مکمل کامونکے لئے بہت مناسب ہین چونکہ انکے طبقے موٹے ہین انکی بڑی سلین نکلسکتی ہین - اور یہی وجہ ہے کہ عمارتی کامون مین یہ خصوصیت سے استعمال کئے جاتے ہین - جیساکہ دیگ کے محلات - گوردھن مین مہاراجہ صاحبان بھرت پور کی چھتریون اور متھرا اور بندرابن کے مندرون سے صداقت ہوتی ہے -

دفعہ ۱۴ - ان تحصیلات وکل ریاست کے کوائف کا خلاصہ

ہر ایک تحصیل کی مشہور باتون کا علیحدہ ذکر کیا جائیگا لیکن رقبہ - کاشت - آبادی اور جمع کے چند ضروری کوائف کا ذکر کرنا مناسب ہے - جیساکہ نقشہ ذیل مین لکھا گیا ہے - کل ریاست مین پیمانہ پیمایش بیگہ مروجہ راج ۱۳۲ فٹ لمبی جریب کا مربع ہے جو ⅖ ایکڑ کے برابر ہے - یا یون کہو کہ ۱۶۰۰ بیگہ کا ایک مربع میل ہے -

دفعہ ۱۲ - پہاڑ اس علاقہ کے پہاڑون کا مندرجہ ذیل بیان راجپوتانہ گزیٹیر جلد اول صفحہ ۱۳۴ سے اخذ کیا گیا ہے۔

"سُدگر پہاڑ کی قطار پرگنات روپباس وبیانہ - راج بھرت پور اور پرگنہ سرمتھری ضلع آگرہ کے درمیان جنوب مشرقی حد مین واقع ہے - اسکی عام سمت شمال مشرق سے جنوب مغرب کو ہے - اور اس کا طول ۳۰ میل ہے - اسکی سب سے اونچی چوٹی اسیر ۱۷۸۱ فٹ بلند ہے مشہور بالسنی پہاڑ پور کے پتھرونکی کانین اسی مین واقع ہین - بیانہ کے جنوبی حصہ مین یہ قطار بے ڈھنگی شاخون مین پھیل کر ایسا علاقہ بنانے مین مدد دیتی ہے جو بالکل نلون سے کٹا ہوا ہے - اور جہان پہونچنا بہت مشکل اور جنگل بکثرت اور سب سے اونچا حصہ بہ سطح مرتفع ہے - اِس علاقہ کو ڈانگ کہتے ہین - اِس قطار کے شمال مغرب کی جانب اور متوازی ایک اور غیر مسلسل قطار رود اول مین سے ہوکر بیانہ کے جنوب کو چلی جاتی ہے - اور جنوبی حد پر یہ بھی ڈانگ بنانے مین مدد دیتی ہے -

جنوب کے دوسرے پہاڑ دو بے ڈھنگی قطارین ہین - جو مع اپنی کئی ایک شاخون کے عام طور پر ایک دوسرے کی متوازی صورت مین شمال مغرب سے جنوب مشرق کو پرگنات ویر اور بیانہ مین سے ہوکر چلی جاتی ہین - سب سے اونچی چوٹی دمدمہ ۱۲۱۵ فٹ بلند ہے - ندی گھمیر ان پہاڑون کو سدگر پہاڑ سے جدا کرتی ہے"

ان پہاڑون کا گو بہت سا رقبہ خصوصاً تحصیل بیانہ و جنوبی حصہ تحصیل بساور مین ہے لیکن انکی بلندی کم ہے - اور سوای علاقہ ڈانگ کے انپر کوئی سبزی نہین ہے - چونکہ کوئی پہاڑ ملکیت راج نہین ہے اسلیئے انپر سرسبزی پیدا کرنیکی کوئی کوشش نہین کیگیئی -

دفعہ ۱۳ - علم طبقات الارض کی رو سے پہاڑونکی بناوٹ چونکہ ریاست بھرت پور دریای گنگ و جمن کے برآمدہ وادی کا حصہ ہے اسلیئے بہت چٹان ایسی برآمد شدہ

تحصیل بانہ کے ۷۰ دیہات مین ۱۹۲ ۶ بیگہ اور تحصیل اوچین کے ۴ دیہات مین ۱۳۶ ۱۳ بیگہ اور ۱۷۰۱ بیگہ رقبہ بند بھیتر کاشت ہوا۔ موریونکے زیادہ تر آبپاش رقبہ کو ۲ سے ۴ مرتبہ تک پانی ملا۔ اور جبکہ ہمنے ماہ مارچ مین دیکھا ربیع کے اجناس گیہون۔ جو۔ چنے سوای ایک دو دیہات کے جو نہرون کے اخیر پر تہے اول درجہ کے تہے۔ بند کی وسعت حسب ذیل ہے۔

لمبائی ۳/۴ میل بلندی زیادہ سے زیادہ ۵۵ فٹ تہ کی زیادہ سے زیادہ چوڑائی ۴ فٹ سطح ایکے سبب نیچے پانی کی مقدار ۵ اکرور مکعب فٹ۔ یہ بند پہاڑی زمین کے ۷۰ مربع میل مین پانی کو روک سکتا ہے۔ شروع سے ابتک اس بند پر دو لاکھ روپیہ لاگت آئی ہے۔ لیکن ہمارا تخمینہ ہے کہ اس کے اول سال کے ۰۰۰ ۱ بیگہ آبپاش شدہ رقبہ کی پیداوار کی قیمت اس خرچ سے زیادہ ہے۔ اس سال مین بہی دو نکالون کے وقت پر تیار نہ ہونیکی وجہ سے نصف پانی سے زاید آبپاشی مین صرف نہین ہوا۔ اور آیندہ کیلئے ہم صحیح اندازہ لگا سکتے ہین کہ اوسط درجہ کے سال مین ۲۵ ہزار بیگہ کو آبپاشی ہوا کریگی جسمین سے ۲/۳ تو رو داول کے قریب تحصیل اوچین مین ہوگی اور ۱/۳ تحصیل بانہ مین شمال اور مغرب کی جانب آبپاشی کی حدبندی گھیر ہوگی۔ بند کے نیچے کے دیہات کو جو براہ راست موریونکی آبپاشی کا فائدہ ہے۔ اسکے علاوہ بہت سے دیہات کو جو بند کے نزدیک ہین۔ پانی کے ذخیرہ کی قربت کی وجہ سے پانی کے سطح کے بڑہنے اور چاہات مین پانی کے شیرین اور بکثرت ہونیکا فائدہ ہے۔ بخلاف اسکے ۴ دیہات کو جو غرق آب رقبہ مین واقع ہین سخت نقصان پہونچا ہے۔ انکی آبادی کے موقع تبدیل ہوگئے ہین۔ چاہات گر گئے یا بھل سے بھر گئے ہین۔ اور بہت سا رقبہ جو بارہ مہینون پانی کے نیچے رہتا ہے غیر ممکن الزراعت ہوگیا ہے۔ انتظام راج کے لئے یہ امر قابل تحسین نہین ہے کہ ایسے لوگون کو جنکو مفاد عامہ کی خاطر نقصان پہونچا معاوضہ نہین دیا گیا۔ ہم ایسے نقصان کی جو ان لوگون کو پہونچا ہے تحقیقات کر رہے ہین۔ اور تجویز

درمیان کہین کہین حد بنجاتی ہے اور مشرق کی طرف اور چل کر یہ ندی سنگھولی کے مقام پر کھاری نلہ مین جاپڑتی ہے - یہ نلہ تحصیل بیانہ سے جنوب مغرب کی طرف تحصیل روپباس مین آکر اس تحصیل کی کل چوڑائی مین سے گذرتا ہوا تحصیل کی غایت مشرقی حد پر بان گنگا ندی سے جاملتا ہے - جو تحصیل روپباس کا زیادہ تر پانی لاتی ہے - اس نلہ کی رو تحصیل روپباس کے مشرقی دیہات کو سیراب و زرخیز کرتی ہے - اس نلہ کے راستہ کی تحصیل روپباس کو چھوڑکر ضلع آگرہ مین داخل ہونیکے بعد کا ذکر پہلے ہو چکا ہے -

یہ ندی تحصیلات بیانہ و اوچین سے گذر کر مقام کرکا تک ندی بان گنگا کے پرانے گذر مین شامل ہونیسے پہلے ۳۵ میل علیحدہ راستہ طی کرتی ہے اور کرکا سے آگے تحصیل روپباس کو مقام مورولی پر آخری مرتبہ چھوڑنیسے پہلے ۲۵ میل سفر کرتی ہے - اس سے واضح ہوتا ہے کہ اِن تحصیلات مین اس ندی کا بہت وسیع اور مفید اثر ہے - اور اصلی ندی بان گنگا کی آوارہ لہرین اکثر قطعی تباہ کرنے والی ہین - ندی گھمبیر پر تاحال کوئی کام آبپاشی کا تعمیر ہونا جاری نہین ہوا - لیکن صاحب ایکزکٹو انجنیر کسی مناسب موقع کی تلاش مین ہین -

دفعہ ۹ - کاکند ندی جن معاون ندیون کا پہلے ذکر آچکا ہے - اُنمین سب سے بڑی کاکند ندی ہے - یہ باریٹھہ بند کے تعمیر ہونیسے پہلے سب سے بڑی تہی - اِس ندی کا منبع کیلادیوی کے مندر مین قرولی کے پہاڑونمین واقع ہے - جو تحصیل بیانہ کی جنوبی حد سے ۱۰ میل کے فاصلہ پر ہے جہان کہ یہ ندی ڈانگ کے پہاڑوون مین گوردہا کے مقام پر اس حد مین داخل ہوتی ہے - اِس موقع تک اسکا راستہ پہاڑی سطح پر ہے - اور اس سطح سے گوردہا کے مقام پر جھالون کے سلسلہ سے رگر کر پہاڑون کے متوازی سلسلہ کے درمیان ۸ میل باریٹھہ کے نگلہ تک چلی جاتی ہے جہان کہ پہاڑیان قریب ہین - اور اب ایک عالیشان پختہ بند کے ذریعہ سے ملادیگئی ہین - یہ بند اب

اور گومتی کو نامان اور ٹانگ کے نالہ تو نا بیسری نالہ کے ذریعہ سے لیتی ہوئی چلی جاتی ہے سکندرہ
سے آگے یہ ندی تحصیل بیانہ کو کہ جہاں سیلانی نالہ بیانہ کی پہاڑیوں کا پانی لاکر اس سے ملتا
ہے جنوب شمال کی سیدھ میں چلی جاتی ہے۔ سکندرہ سے ۱۴ میل وضع ندی کا نون پور اس کا
ڈانگ دائرہ کے اس حد سمت وصل ہوا ہے جس حد پر بڑی بند سے کی ساڑھے پانچ میل
مشرق کی جانب عمدا راست انتہا کے ۱۰ میل چل کر مقام کوٹلہ پر تحصیل ویر ہنڈون
ندی بان گنگا کے ساتھ مل جاتی ہے۔ اس مقام تک طغیانی قریب ہنڈون سے
زمین میں سبتی تک اندر بہتی سیراب۔ اور کمالی اضیات ایسی عمدہ فصلیں پیدا کرتی ہیں جیسا
کہ باستیں اور اضیات پیدا کرتی ہیں۔ مقام کوٹلہ سے یہ ندی سیدھی مشرق کا رخ
کرتی ہے۔ اور چونکہ اس کا نام بان گنگا کے ساتھ مل جانے کی وجہ سے کم
عمیق ہے اور کنارہ کرا ہیں۔ یہ ندی بھی بان گنگا ندی کی سی طغیانات تباہ کرتی ہے۔
اور اسکی طغیانیاں تحصیل ہنڈون کے وضع بھیسینہ سے ہوکر اس ندی کی جانب تحصیل ویر
کے وضعات چنڈاول۔ کمانڈو۔ اور چند دیگر دیہات میں سے ہو کر دست شمال ضلع آگرہ
کی طرف پھیل جاتی ہیں۔ اور جنوب کی طرف واجناہ اور بکولی کے مقامات پر اسکا پانی
راستوں کے ذریعہ سے نکال کر اور پہاڑ نہیں سے کسانوں کے ذریعہ بیگار کرندات میں
بھر دیا جاتا ہے۔ اور تحصیل روپباس کے وسط میں آبپاشی کیجاتی ہے۔ گمبکا سے مشرق
جانب اپنے راستہ میں یہ ندی کثرت سے ریت ڈالتی ہے اور زمین گو بظاہر نرم ہے لیکن بہت
پیدا کرنیوالی ہے۔ اور خریف میں تل اور باجرہ کی فصلیں آتی ہیں بہت عمدہ ہوتی ہیں۔ گمبکا
سے ۲ میل مشرق کی جانب مقام اندیل جاٹ پر یہ ندی (جو دراصل اب گمبھیری ندی ہے
لیکن ابتک اپنے پرانے نام بان گنگا سے ہی مشہور ہے) ضلع آگرہ اور راج بھرتپور کے

تقسیم مین ترقی کرنے مین مصروف ہین۔

(۳) موجود رقبہ آبپاشی شدہ

ندی بان گنگا سے سال گذشتہ مین قریب ۶۰ ہزار بیگہ یعنی ۲۵ ہزار بیگہ تحصیل بھرت پور اور ۳۵ ہزار بیگہ تحصیلات بسا ور و اوچین مین آبپاشی ہوئی جب وہ تجاویز جو آب زیر تعمیر ہین مکمل تیار ہو جائینگی اور سیراب شدہ رقبہ ممکن الزراعت کا انتظام پایہ تکمیل کو پہونچ جائیگا و تعمیرات کیلئے کافی رقم دیجائیگی اور حکام مال کا دلی اتفاق رہیگا تو ندی بان گنگا کی طغیانی سے ایک لاکھ سے سوالاکھ بیگہ یا ۴۰ سے ۵۰ ہزار ایکڑ عمدہ رقبہ مزروعہ کی آبپاشی ہوگی۔ اور روپارل ندی سے بھی زیادہ یہ ندی راج کے لئے ذریعہ آمدنی ہوگی۔ اسلئے اگر اس ندی پر کوئی بند علاقہ غیر مین بغرض روکنے پانی کے باندہا جاوے جیسا کہ تالاب رام گڈہ بنایا گیا ہے۔ تو بنظر فوائد راج بھرت پور اوسکی روک اور بندش کے واسطے ریاست کی طرف سے پورے طور پر کوشش ہونی چاہیے۔ کیونکہ اب اسمین کوئی شبہ نہین ہے کہ راج بھرت پور بین طغیانیون کا پانی پورے طور پر کام مین آسکتا ہے۔

دفعہ ۸ گمبھیر ندی

ندی بان گنگا کا کل پانی قدرتی نکاس اور مصنوعی نہرون کے ذریعہ سے ندی گمبھیر کے جای انصال تک پہونچنے سے پہلے ہی عملی طور پر کھینچ لیا جاتا ہے اور اتصال کے مشرق کیجانب جو سیرابی ہوتی ہے وہ سب ندی گمبھیر کی ہے۔ ندی بان گنگا اور ندی گمبھیر مین اس قدر فرق ہے کہ ندی گمبھیر کے پانی کا گذر زیادہ قابو مین ہے۔ اور کنارہ اندر سے چوڑے اور ایسے اچھے ہین جو شاذونادر کبھی ٹوٹتے ہون۔ اور یہ ندی بہت زرخیز کرنیوالی بھل ڈالتی ہے۔ ندی گمبھیر موضع کھیرہ راج جے پور سے نکلکر اور ۴۰ میل کا راستہ لیکر تحصیل بیانہ کی جنوب مشرقی حد مین پہونچتی ہے۔ اور چند میلون تک راج جے پور و بھرت پور کی درمیانی حد پر ہوکر پھر دس میل عین شرق کی جانب موضع سکندرہ تک علاقہ نہرہ کا پانی تالرا

(۵) نہر اوجین - شمالی کنارہ - تہ ۵.۰ فٹ ہے - یہ نہر سڑک سیور - اوجین کے کنارہ کنارہ سات میل کی لمبائی تک چلی گئی ہے - اور سڑک مذکور کو اس غرض سے مستحکم اور بلند کیا گیا ہے کہ پانی کو ساتھ ساتھ لیجا کر کنارہ کا کام دیوے - سال گذشتہ مین اس سے اور ان امدادی ذخیرات کے پانی سے جو سڑک کے نیچے کی موریون سے پہونچتی ہین - آٹھ ہزار بیگہ زراعت کل تقریباً اوجین مین آبپاشی ہوئی تھی - یہ رقبہ دس ہزار بیگہ تک بڑھ سکتا ہے - اور اس نہر سے تحصیل بہتوپین سیور بند کو پانی پہونچتا ہے جس سے تین ہزار بیگہ مین آبپاشی ہوتی ہے -

(۶) اسی طرح سے بان گنگا کی قدرتی رو بڑے سرکاری ذریعہ سے سڑک اوجین وبیانہ کے ذریعہ سے جداگانہ کر دیا گیا ہے اور کنارہ کی طرح تعمیر کر کے اسمین پانی کے نکاس کی موریان اور ریگولیٹر بنا دیئے گئے ہین - تاکہ بین رکی جاتی ہے - اور اس سے فائدہ اوٹھایا جاتا ہے - سال گذشتہ مین اس سے ۴۰۰۰ بیگہ زمین تحصیل اوجین مین آبپاشی ہوئی تھی - اور جب تعمیر مکمل ہو جائیگی تو دو سالون مین اس نہر سے دس ہزار بیگہ زمین آبپاشی ہوگی -

(۷) تحصیل بہرت پور مین اجان بند کو بھی جسکا ذکر سال گذشتہ کی رپورٹ فقرہ ۷ مین ہو چکا ہے - بان گنگا سے پانی آتا ہے - اس بند کی ترقی ریاست کیلئے نہایت ہی فائدہ بخش ہے ان دیہات کا جو پہلے کل ریاست مین سب سے زیادہ مصیبت زدہ وتنگ حال تھے - رقبہ مزروعہ ۹۷-۱۸۹۶ء مین ۵ ہزار بیگہ سے لیکر سال گذشتہ مین ۲۰ ہزار بیگہ تک بڑھ گیا ہے - ان بڑے بڑے کامون کے علاوہ جنکا انحصار مصنوعی نہرون پر ہے اور بھی اچھی اچھی روشین ہیں جنکی نسبت مسٹر ڈیونش صاحب تحریر کرتے ہین -

بندات کی تعمیر اور پہاڑونکی کٹائی کے ذریعہ سے ان رواہی کا پانی بھی لیا جاتا ہے - اور اس سے فائدہ اوٹھایا جاتا ہے - پچھلے پانچ سالون سے ہم پانی کا ذخیرہ رکھنے اور اوس کی

۵۔ندی بان گنگا کے مشہور آبپاشی کے کام	ندی بان گنگا کی طغیانیون سے جن مشہور نہرون کو اب پانی ملتا ہے یا ملیگا حسب ذیل ہین۔

(۱) نہر تجھینہ۔ شمالی کنارہ زیر تعمیر ہے۔ تہ کی چوڑائی ۳۰ فٹ ہے۔ بعد مین یہ چوڑائی ۵۰ فٹ تک بڑہائی جاوے گی تخمینہ کیا گیا ہے۔ کہ اس سے ۱۰۰۰ بیگہ زیادہ ترا کھے گڈہ مین آب پاشی ہوگی۔

(۲) نہر الوپورہ۔ کنارہ جنوبی۔ چوڑائی تہ ۲۰ فٹ ہے۔ یہ پُرانی نہر تحصیل بساور مین اُباری بند پُر کرنے کی خاطر ہے۔ لیکن اِس کا منبع خراب جگہہ واقع ہے۔ اور ابھی تک اچھی طرح سے پانی نہین آتا۔ ندی کے نیچے اوتر کر مقام مالاہیرہ پر اسکے لئے جدید منبع تجویز کیا گیا ہے۔ جہان سے ۳۰ فٹ چوڑی نہر کھودی گئی ہے۔ اس سے ۲۰۰۰ بیگہ آبپاشی کا تخمینہ کیا گیا ہے۔

(۳) نہر ہلینہ۔ کنارہ شمالی۔ تہ کی چوڑائی ۵۰ فٹ ہے۔ یہ نہر تلچھی کے مقام سے پُرانے روکی جگہہ پر ندی سے نکالی گئی ہے۔ اب اسکی آبپاشی تحصیلات بساور وادچین مین ۴۰۰۰ بیگہ ہے۔ اور جب مکمل ہوجاویگی۔ تو اس سے اِن تحصیلات و نیز تحصیل کمہیر مین ۲۰ سے ۴۰ ہزار بیگہ تک آبپاشی ہوگی۔

(۴) نہر لالپور۔ کنارہ جنوبی۔ تہ کی چوڑائی ۵۰ فٹ ہے۔ اس نہر کی لمبائی ۴ میل ہے اور اس سے تحصیل بساور مین لالپور بند کو اور بذریعہ موریون کے جیود۔ لوہہ۔ جٹ پورہ۔ واجروند کے امدادی بندون کو پانی ملتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سال گذشتہ مین النسی ۴۰۰ بیگہ آبپاشی ہوئی۔ جب سیرابی شدہ رقبہ کی پورے طور سے بنجر شگافی ہوکر کاشت ہوجائیگی تو آبپاشی کے رقبہ کی تعداد ۱۰۰۰ بیگہ تک ہوجائیگی۔

ممالک مغربی وشمالی نے بذریعہ چٹھی نمبری ۱۲ ۵۵ مورخہ ۷۔ اگست ۱۸۹۵ء تجاویز بالا کو ملتوی کیا۔ مضمون چٹھی حسب ذیل تھا۔

"دربار بھرت پور کی جانب سے ندی بان گنگا کی پرزور طغیانی ہار کی تیزی کو کم کرنیکی تجاویز ہو رہی ہین۔ اور انجنیران راج بھرت پور جو خاکہ جات تیار کرینگے۔ اونکی بابت گورنمنٹ ہذا سے مشورہ لیا جاوے گا"

یہ بھی درج چٹھی مذکور کیا گیا کہ "راج جسے پور مین اس ندی کے کچھہ پانی کے ذخیرہ رکھنے کی سکیم کا اجرا ازحد مناسب معلوم ہوتا ہے"

اس سکیم یعنے تالاب رام گڈھ کے اجرا کا ذکر آچکا ہے۔

د۔ طغیانیون کا آبپاشی کی غرض سے استعمال

بعد ۱۸۹۵ء کے ضلع آگرہ مین ندی بان گنگا کی طغیانیون کے نقصان کی کوئی اور شکایت نہین ہوئی۔ اسکی کچھہ وجہ یہ ہے کہ سالہای حال کی بارشین اوسط درجہ کی تھین۔ مگر زیادہ تر وجہ یہ ہے کہ پانی کی مناسب تقسیم کی غرض سے جو آبپاشی کے کام مسٹر ڈیونش صاحب ایکزیکٹو انجنیر نے تعمیر کرائے انسے ریاست بھرت پور مین طغیانیون کا پانی پورا پورا استعمال ہونیکے قابل ہو گیا ہے۔ اور یہ طغیانیان اب بجای زحمت کے رحمت مین تبدیل ہو گئی ہین۔ مسٹر ڈیونش صاحب تحریر کرتے ہین۔ "اب یہ حالت ہے۔ کہ ہم ندی بان گنگا کی اگر کل نہین۔ تو تقریبًا کل طغیانیون کو استعمال مین لاتے ہین۔ یہ ممکن ہے کہ خاص سخت طغیانی کی صورت مین کچھہ پانی حدود ریاست سے باہر چلا جاتا ہے۔ لیکن ہم متوسط اور ہلکی طغیانیون کا کل پانی یقینًا آبپاشی کے صرف مین لاسکتے ہین۔ پرانے کامونکی مرمت اور جدید پانی کے راستون اور کنارونکی تعمیر سے اس پانی کو استعمال مین لایا گیا ہے۔

۸۰ فیصدی سے بہی زیادہ جمع مین تخفیف کی گئی۔

ج - طغیانیون سے کم کرنے کی تجاویز

ضلع آگرہ کو ظاہرا اوس حالت مین نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہے کہ جب ندی بان گنگا کی طغیانی (جو سوای اُس روکے جو مقام خوش فہم پر جنوب کی طرف ہے۔ باقی تمام نلہ کے شمالی نشیب اراضیات کی طرف نکڈالتے ہین) کھارانڈی سے جاملے۔ یہ ندی راج بھرت پور کے مشرقی جانب کی دلدلی اراضیات کے پانی کا بہاؤ ضلع آگرہ کی تحصیل کراولی کو لیجاتی ہے۔ اور زیادہ بارش کے ہونے پر اس تحصیل کے بہت سے حصہ کو غرق آب کر دیتی ہے۔ اس ضرورت کو رفع کرنے کی غرض سے یہ تجویز کیگئی تہی کہ مقام خوش فہم پر جنوب کی روکے راستہ کو عمیق کر دیا جاوے۔ تاکہ بان گنگا کے پانی کو واپس کر کے پرانے مقام اتصال پر گہمبر ندی سے ملا دیا جاوے جسمین ہمکو طغیانیون کا پانی دریای جمن تک پہونچنے کے لئے راستہ کافی ہے۔ بھرت پور دربار نے ان وجوہات سے اس تجویز پر اعتراض کیا کہ (۱) ندی بان گنگا کی طغیانیان کم ہوجاوینگی جن سے اگرچہ کبہی کبہی بعض دیہات کو بہت نقصان پہونچتا ہے لیکن بہ ہیئت مجموعی ریاست کو بہت فائدہ ہے (۲) ندی گہمبر کے بہاؤ مین جو زرخیز کرنیوالے اثر ہین۔ اون کو ندی بان گنگا کی اراضی کی طاقت پیداوار زائل کرنیوالی ریت کے ملجانیسے صدمہ پہونچتا ہے۔ ماہ مارچ ۱۸۹۴ء مین اس معاملہ کی کرنل ہملٹن صاحب محکمہ پبلک ورکس کی شاخ نہر کے سکرٹری گورنمنٹ صوبجات ممالک مغربی و شمالی و مسٹر وائٹ صاحب سکرٹری پبلک ورکس راجپوتانہ و وسط ہند نے بہت چہان بین کی۔ ان ہردو صاحبان نے اس رقبہ کا دورہ کیا جسمین بان گنگا کا اثر پہونچتا تہا۔

راج بھرت پور کے اعتراض واجب خیال کئے گئے۔ اور چونکہ دربار نے اس اثناء مین ریاست کے حدود کے اندر طغیانیون کو قابو مین رکہنے کی غرض سے ایک انجنیر مقرر کر دیا تہا۔ گورنمنٹ

۳۰ نومبر ۱۸۹۲ء کے ایک نوٹ میں مسٹر اپر صاحب نے شورکون اور اونکی تاریخ کی نسبت
"پرانے دہانہ پر (جہان کہ یہ ندی گمبیر ندی سے ملتی ہے) چند ایک روکون کی وجہ سے (شاید
ندی گمبیر کی سخت طغیانی ہوگی) پہلے پانی کی روک لی اور پھر وہان تہ بلیان اتنی ہونے کی وجہ
سے خرابی ہوگئی ہے اور موضع [illegible] سے پانی کی روک کا راستہ پیدا ہوگیا اور بہرہ چڑھنا شروع ہوگیا۔
اور ۱۸۸۱ء میں تمام فرسو کے قریب ایک وہ بہا گئی۔ اب فرسوا اور پیرن کی وہن جہان یہ بہی پڑ
بگیڑ ہو۔ اور کمیرل کے درمیان ایک [illegible] تنگ پڑی ہے اور یہان آکر ختم ہوجاتی ہے۔ یہ وہ مقام
ہے کہ اب یہان [illegible] ہیں۔ فرسو سے چین اوپر کی طرف پہاڑیون کے درمیان جنوب کی جانب
ایک شگاف ہے۔ اور ایک بڑی رو اونپر [illegible] خوش نہرین سے ہوکر جنوب کو جاتی ہے۔
اس [illegible] کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ اور اسی وجہ سے یہ صاف رہتی ہے۔ یہ رو
سیدہی گمبیر ندی کی طرف چلی جاتی ہے۔ یہ ندی ندی بان گنگا کے خشک ہوجانیکے چار پانچ
ماہ بعد تک جاری رہتی ہے۔ اور اس ریت کو جو وہ آتی ہے آہستہ آہستہ دور کرتی ہوئی"
مسٹر اپر صاحب پھر ان طغیانیون کے نتائج کا ذکر کرتے ہیں۔ اونہون نے ۱۸۸۱ء
و ۱۸۸۲ء کی طغیانیون کا کہ جنسے نہ صرف راج بھرت پور ہی مین نقصان ہوا بلکہ تحصیل کراولی
ضلع آگرہ میں بہی جہان کہ قریب [illegible] دیہات مین فصل خریف غرق ہوگئی۔ اور بہت کم زر معین
معافی یا التوا دینی پڑی۔

اس حصہ مین جہان اس طرح ندی بان گنگا کی طغیانی ہوتی ہے اور دریا کا زراعت کے تباہ ہونیکے
نشان پائے جاتے ہین جنگل کے رقبہ مین بیشی اور آبادی مین کمی ہورہی ہے اور لگان اس قدر
کم ہوگئی ہین کہ یہ لازم آیا کہ بہت سے محالات مین زمینداروں کو ایسی بڑی تباہی سے کہ جو اسپر پہلے
کبھی نازل نہین ہوئی تہی بچانیکے لئے جمع مین کمی کرنی پڑی۔ اور بہت سے محالات مین

کم او نیچے ہین - اور اُن پر دو دو تین تین میل تک کثرت سے جنگلی گھاس جسکو سرکنڈہ یا کانس بولتے ہین - اور جھاڑیان جنکو جھاؤ بولتے ہین پیدا ہوتی ہین - یہ سب چیزین ریت مین جو موسمی طغیانیون کے بعد رہجاتی ہین - بکثرت اُگتی ہین -

ب - اسکی طغیانی جس زمانہ مین ان طغیانیون پر کوئی قابو نہین تہا - اُن سے صرف راج بھرت پور کو ہی نہین - بلکہ ضلع آگرہ کو بھی بہت نقصان پہونچتا تھا - لیکن ان طغیانیون سے فائدہ اوٹھانے کی خاطر مسٹر ڈیونش صاحب اسٹیٹ انجینیر نے جو تجاویز کین - انسے یہ ان تحصیلات کی مرفع الحالی کا بڑا بھاری ذریعہ ہوگئی ہین - مسٹر پام صاحب ایگزیکٹو انجینیر ممالک مغربی و شمالی جو ان طغیانیون کے کم کرنے کی تجاویز کی رپورٹ کرنے کے خاص کام پر تعینات کئے گئے تہے - اپنے نوٹ مورخہ ۲۸ - فروری ۱۸۹۳ء مین حسب ذیل تحریر کرتے ہین -

طغیانیون کے پانی کی آمد کا موقع بالکل ڈھلاؤ دار پہاڑون کے درمیان واقع ہے - اور ندی کا گذر نہایت ہی ڈھلاؤ دار ہے - اور اسی وجہ سے طغیانیون مین بہت ہی زیادہ تیزی ہوجاتی ہے - جو اپنے زیادہ تر سفر مین کم و بیش توقف سے بہت سی ریت لیجاتی ہے - جون جون طغیانی چٹی زمین پر پہونچتی جاتی ہے تیزی کم ہوتی جاتی ہے - اور بھل ڈالنا شروع کردیتے ہین - اگر تیزی یکایک کم ہوجاوے - تو یہ جس قدر بھل کہ آگے ڈہکیل سکتے ہین - اُس سے زیادہ ڈالتی چلی جاتی ہے - اور اس طرح اپنا راستہ سکڑا کردیتی ہے - ندی بان گنگا مین یہ ایک اصلی نقص ہے - اور اب اسکی ایسی حالت ہے - کہ موضع دھرسونی - یا تلچھی یا غازی پور یا خانپور کے اوپر اسمین نکہ بڑھ سکتا ہے - اور یہ بھی ممکن ہوسکتا ہے کہ یکے بعد دیگرے سب مقامات پر نکہ بڑھجاوین -

راج الوجینا آمیانی کا قصبہ ۱۴ مربع میل اور راج جے پور مین ۵۰۰۱ اور کل ۲۶۳ مربع میل ہے
مین شرق کی سیدھ مین ۶۰ میل چل کر یہ ندی بان گنگا کے موضع کمال پور کے مقام پر تحصیل بساور
راج بھرت پور مین داخل ہوتی ہے۔ اور بساور کی جنوب مین پہاڑیون کے درمیان اسکی
آمیانی کا قصبہ ۴۰ مربع میل ہے۔ اس مقام سے بھی ابھی تک یہ ندی سمت شرق جانب ۳۰ میل
تک تحصیلات بساور و بیانہ۔ اچھنیرہ سے ہوکر مقام گرنا تحصیل اچھنیرہ کو چلی جاتی ہے جہان کہ
پہلی جنوب کی طرف سے گمبھیر ندی آکر ملجاتی تھی۔ یہ دونون ملی ہوئی ندیان جو اب اصل گمبھیر
ندی ہی ہے کیونکہ بان گنگا ندی مقام اتصال تک پہونچنے سے پہلے ہی اپنا پانی شمال
کی طرف سیرابی مین صرف کر دیتی ہے۔ ۵۶ میل تک سمت مشرق کی جانب تحصیلات اچھنیرہ
و بیانہ سے گذر کر اور کسی ایک مقام پہ راج بھرت پور اور ضلع آگرہ کے باہمی حدود پر گزر کر اول
ضلع آگرہ کو چلی جاتی ہین۔ اور قریب ۸۰ میل ضلع آگرہ کی تحصیلات کراولی کھیراگڈہ و فتح آباد
ہوکر بلوچپورہ مین فتح آباد سے ۸ میل شمال کی جانب شرقی کنارہ پر پناہٹ سے ۵ یا ۶ میل کے
فاصلہ پر ملتی ہے۔ بان گنگا یعنی تیر گنگ کے نام کی وجہ تسمیہ کی ایک روایت بیان کیجاتی ہے
کہ پانچون پانڈو بھائیون کے صحرا نوردی کے زمانہ مین ارجن نے پانی نہ ہونے پر ارجن نے تیر انداز
نے زمین مین ایک تیر مارا۔ اور اس مقام سے ایک چشمہ نکلا۔ جو اس ندی کا منبع ہے جب
یکایک ایسی کثرت آب کو پایاب کرنے مین سخت مشکلات پیش آتی ہین تو اس وجہ سے اس کو
گھوڑا پچھاڑ یعنی گھوڑون پر غالب آنے والی ندی بھی کہتے ہین۔ ندی بان گنگا ان تحصیلات
مین کل لمبائی ندی گمبھیر کے اتصال کے مقام کو ملا کر ۲۰۰ میل ہے۔ اور اس مقام اتصال سے
۰۰ میل تک جہان کہ یہ راج بھرت پور کو چھوڑ کر ضلع آگرہ مین داخل ہوتی ہے۔ ۵۰ میل سے
زیادہ تر اس ندی کا راستہ چوڑا کم عمیق اور ریتیلا ہے۔ اس ندی کے کنارے معمولاً کنارہ و شمالی

دفعہ۔ ندی بان گنگا۔
ندی بان گنگا جسکو اُدبنگن ندی بھی کہتے ہین۔ صرف اس وجہ سے ہی مشہور نہین ہے کہ ریاست بھرت پور کی زراعت پر اسکا اثر ہوتا ہے۔ بلکہ اُسکے مشہور ہونے کی ایک یہ بھی وجہ ہے۔ کہ ریاست جے پور کے ساتھ جہان سے یہ ندی نکلتی ہے اور ضلع آگرہ کے ساتھ جہان کہ یہ جاتی ہے اسکی وجہ سے مدت تک بہت تنازعہ رہا ہے۔ اس ندی کا نکاس راج جے پور کے پہاڑون سے ہے جو شہر جے پور کے شمال مین ۳۰ میل کے فاصلہ پر ہے۔

الف۔ اس ندی کا راستہ۔
یہ ندی جنوب مشرق کی جانب قریب ۳۰ میل تک موضع رام گڈھ جمواکو جو شہر جے پور سے ۱۵ میل کے فاصلہ پر ہے جاتی ہے۔

اسکے پانی کی آمد کا رقبہ اس مقام تک ۳۴۲ مربع میل ہے۔ دربار جے پور کی مدت تک یہ خواہش رہی کہ رام گڈھ مین ایک آبپاشی کا بند تعمیر کردیا جاوے جس سے کہ اس مقام تک کل پانی آبپاشی مین صرف ہوجاوے۔ لیکن دربار بھرت پور نے اس تجویز کو اس وجہ سے نامنظور کیا کہ اس علاقہ مین ندی بان گنگا کا سیرابی رقبہ بہت کم ہوجاوے گا۔ آخرش ۱۸۹۷ء مین یہ قرار دیا گیا کہ راج جے پور کو اس شرط پر ایک تالاب بنوانے کی اجازت دیجاوے کہ دربار بھرت پور اس امر کا مستحق ہوگا کہ اس تعمیر سے اسکو اگر کوئی واقعی نقصان ہو تو اسکے عوضانہ کا دعویٰ صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کی خدمت مین فیصلہ ثالثی کی غرض سے پیش کرے۔

ہم یقین کرتے ہین کہ یہ بند ابھی تک زیر تعمیر ہے۔ لیکن اس وجہ سے ابھی تک ریاست بھرت پور مین ندی بان گنگا کے پانی کی آمد پر اس کا اثر پورا پورا محسوس نہین ہوا۔

ندی بان گنگا رام گڈھ سے راج جے پور کے وسطی میدانون اور راج الور کے جنوب کے پہاڑی قطعون کے نالون کا پانی لیتی ہوئی عین شرق کو چلی جاتی ہے۔ رام گڈھ بند کے مشرق کیجانب

اس تحصیل کا وسطی و شمالی حصہ کاٹھیر کہلاتا ہے۔ اس علاقہ کی سطح ہموار ہے۔ اور اسمین سے صرف ایک پہاڑیون کا تنگ سلسلہ مشرق سے مغرب کو گذرتا ہے جسکی بلندی کم ہے۔ اور ندی گھمیر اور بان گنگا بھی گذرتی ہین جنکی سیرابی سے یہ علاقہ مستفید ہوتا ہے۔ زمین یہان کی زرخیز اور پانی بکثرت اور عام طور پر بٹیا ہے اور شاید کل ریاست بھر مین اس علاقہ کی چاہی سب سے عمدہ ہے۔

دفعہ ۶۔ مشہور ندیون کا عام بیان کوائف بالا سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ قدرتی طور پر ندی ہای گھمیر بان گنگا اور رکاکند اور اونکی شاخون کا زراعت پر بہت ہی اثر ہے۔ یہ سب برساتی ندیان ہین جو ریاستہای متصلہ سے نکلتی ہین۔ انمین سالانہ بارشون کا پانی آتا ہے اور اوس موسم مین بہت بڑے بڑے بھل سے بھرے ہوئے بہاؤ ایسی تیزی سے آتے ہین کہ اکثر دونون طرف علاقہ کو میلون تک سیراب کر دیتے ہین۔ اور کئی دن تک آمدرفت کے راستے بند ہوجاتے ہین۔ بارش کے بعد یہ ندیان بالکل خشک ہوجاتی ہین۔ لیکن جو اراضیات کہ انسے سیراب ہوتی ہین۔ اُنمین اعلیٰ درجہ کی ربیع فصل پیدا ہوتی ہے بشرطیکہ ریت کے جمع ہوجانے سے خراب نہ ہوگئی ہون۔ انکے کنارے کنارے چاہات مین سطح آب بلند ہوکر پانی میٹھا اور بکثرت ہوجانے کا فائدہ پہونچتا ہے۔ اور ان ندیون کے ریتیلے شکم مین خصوصًا ندی گھمیر کے گذر پر خاکستری کہات کی پتلی سی تہ ڈال کر گیہون۔ جو۔ خربوزہ۔ اور ترکاریون کی تخم ریزی کرتے ہین۔ ایسی فصلون کو چوہون سے یعنی ریت مین گڑھے کھود کر آبپاش کیا جاتا ہے۔ انمین سے دستی محنت سے پانی کے گھڑے بھر کر کھیتون مین ڈالتے ہین جو جلدی بھر جاتے ہین۔ ان اعلیٰ درجہ کی کھاتلی اور آبپاش شدہ چھوٹے چھوٹے قطعات کی پیداوار اکثر بہت ہی زیادہ ہوتی ہے۔

مشرق سے مغرب کو گذرتی ہے اور اسکی سطح ہموار اور زمین عمدہ ہٹیار ہے۔ جسکا ڈہلاؤ آہستہ آہستہ بجانب شمال ہے۔ باستثنای چند دیہات کے جو شمالی حد کی طرف واقع ہین جہان کہ وسطی تحصیلات کا کھاری یا تلخ پانی پہر آجاتا ہے۔ باقی دیہات مین چاہات کا پانی شیرین اور چاہی کاشت عمدہ ہے۔

بیانہ کی بڑی تحصیل ریاست کی غایت جنوبی حد پر واقع ہے۔ اور مشرق سے مغرب کی جانب ضلع آگرہ و ریاست ہای دہولپور۔ قرولی اور جے پور کے ساتہہ ساتہہ چلی جاتی ہے۔ جنوب مشرقی قطعہ مین چہوٹی چہوٹی پہاڑیان ہین۔ جنپر اکثر ادنی اقسام کا گہنا جنگل ہوتا ہے۔ لیکن اکثر اوقات ان پہاڑیون پر گنجان جنگل پیدا ہو جاتا ہے کہ جس سے زرخیز گہاٹیان محدود ہوتی ہین اور جنمین بہدّے گوجر باشندگان اپنے مویشی رکہتے ہین۔ اور بہت سے چاہات کے ذریعہ اچہی طرح سے کاشت کرتے ہین۔ ندی کاکند جنوب سے آکر اس قطعہ مین سے گذرتی ہے۔ اور بہت سی نالی پہاڑون سے آکر اسمین ملجاتے ہین۔ یہ ندی سید ہا شمال کا راستہ لیکر گھمبیر ندی مین جا ملتی ہے۔

جنوب مشرقی علاقہ جسکو ناہرہ بہی کہتے ہین۔ ایک جنگلی اور ناہموار قطعہ ہے۔ اس قطعہ مین نوبت بہ نوبت تیبلی پہاڑیان اور ریت کے ٹیلے ہین جنکو کہ پہاڑی نالون نے بہت سے مقامات پر کاٹ کر ناقابل گذر بنا دیا ہے۔ قصبہ بیانہ کے متصل مقام دمدمہ پر پہاڑیونکی بلندی ۱۲۱۲ فٹ ہے۔ اور ان پہاڑیونکی چوٹی پر سات میل محیطی قلعہ و فصیل ہے جنکو خاندان لودھی نے اُس وقت تعمیر کیا تہا جبکہ انہون نے بیانہ کے مشہور راجپوتون کے قلعہ کی جگہہ پر اپنی دارالسلطنت قایم کی تہی۔ ندی گھمبیر اور اُسکی بہت سی شاخین اس علاقہ مین سے جنوب مغرب سے جنوب مشرق کی جانب گذرتی ہین۔

کی حد پر واقع ہے۔ اسکی جنوبی حد ضلع آگرہ سے ایک سلسلہ کوہستانی قطار سے جدا ہوتی ہے
جسکے سب سے اونچی چوٹی سطح بحر سے ۷۰۰ فٹ بلند ہے اور چند خفیف پہاڑیاں تحصیل
بیانہ سے آکر بجانب غرب تحصیل ہذا میں داخل ہوتی ہیں۔ باقی تحصیل چکنوٹ سیاہی مائل
اراضیات کی سطح مرتفع ہے۔ جنوبی پہاڑیوں سے بجانب ندی گمبھیر تک ہے جو اس
تحصیل میں مغرب سے مشرق کو گذرتی ہے۔ ندی مذکور کے ہر دو کنارہ ان پر زمین اسکے شمال
کی بھی نرم مگر زرخیز ہے۔ باستثنای چند ایک پہاڑیوں کے جو بجانب جنوب شرق واقع
ہیں۔ تحصیل اوچین کا علاقہ بہ سطح مرتفع ہے۔ چاروں طرف سے تحصیل ریاست بھرتپور
سے محدود ہے۔ بشکل اسکی بے ڈھنگی ہے۔ ندیہای بان گنگا و گمبھیر کی سالانہ طغیانیوں
کا اس علاقہ میں بہت اثر ہے۔ یہ ندیاں اس تحصیل میں گرکر کے تمام ہو جاتی ہیں۔
سوای ان ندیوں کے قرب وجوار میں جہاں کہ ریت کے جمع ہونے کی وجہ سے قدرتی
حیثیت اراضی تبدیل نہیں ہوئی۔ باقی میں چکنوٹ و زرخیز ہے۔ بالخصوص بجانب
جنوب شرق متصل روپ باس۔ اور عمدہ سیرابی کا اثر بارش سے فصل اعلیٰ پیدا ہوتی ہے
لیکن شمالی دیہات میں جو تحصیل بھرتپور و اکھی گڈھ کے متصل ہیں۔ چاہات کا پانی اکثر
کھاری ہے۔

تحصیل بساور مغرب کی طرف واقع ہے۔ جو بشمول علاقہ نعمتی نفصیلہ جاگیر بلب گڈھ بجانب
مغرب وجنوب ریاست جے پور سے ملتی ہے۔ اور اس تحصیل کو جنوب کی جانب تحصیل
بیانہ سے ایک کوہستانی سلسلہ جدا کرتا ہے جو چوڑا ہے لیکن بلند کم ہے۔ اور اس طرف کی
زمین پتھریلی اور ناہموار ہے اور پہاڑی نالوں نے بہت کٹی ہوئی ہے۔ ویر کے ارد گرد بجانب
جنوب مشرق کئی ایک اور پہاڑیاں بھی ہیں۔ اس تحصیل کے شمالی حصہ میں ندی بان گنگا

کے سوای باقی کل دیہات کا باحتیاط معائنہ کیا۔

تحصیل بیانہ مین ہمکو قریب پچاس محالات کا معائنہ خریف آیندہ تک ملتوی کرنا پڑا۔ کیونکہ شروع بارح مین ہی فصلین بوجہ خشک سالی درہ ہو چکی تہین۔ اور دورہ کی بہی تکلیف تہی لیکن ہمارا ارادہ ہے کہ ان دیہات کا معائنہ قبل از اعلان جمع کیا جاوے۔ اثنای دورہ مین ہمنے اُن تمام واقعات اور حالات کی تصدیق کرنیکی کوشش کی جو ہر محال و بہ ہیئت مجموعی کل تحصیل کی تشخیص کے متعلق تہے۔ جن دیہات مین کہ جہان جمع ٹوٹ رہی تہی یا جو مالکان کی مفروری یا انکے دست بردار ہونیکی وجہ سے زیر انتظام خام تحصیل تہی اُنکین خاص طور پر توجہ کی گئی۔ بہت سی صورتونمین منجملہ تقایا بہت سی رقم خارج اور مطالبہ کی تفریق کا بطریق مناسب انتظام کرکے اور واجبی تقاوی دیکر پُرانے مالکان کو پہر آباد ہونے اور کاشت کرنیکی جرأت دلائی گئی۔ اس قحط سالی مین اور تشخیص جدید کے عین وقت پر یہہ کارروائی نہایت ہی حوصلہ افزائی کا نشان ہے۔ اور تحصیل لساور مین جہان کہ ایسے واقعات بکثرت ہین اس کامیابی کی تحسین کے مستحق زیادہ تر منشی ہیرا سنگہ ڈپٹی کلکٹر ہین کہ جنہون نے ہوشیاری۔ ہمدردی اور سرگرمی سے اس کام کو کیا۔ کہ جس سے لوگون کو اطمینان ہوا۔

دفعہ ۵۔ چار جنوبی تحصیلات کا موقعہ و حدود اربعہ۔

نقشہ مشمولہ کے ملاخطہ سے ان تحصیلات کے حدود اربعہ و جای وقوع کے بیان کرنے مین مدد ملتی ہے۔ سوای تحصیل اوچین کے دیگر سب تحصیلات علاقہ غیر سے ملتی ہین۔ اور جملہ تحصیلات مین بان گنگا اور گمبیر دو بڑی طغیانی ندیون اور انکی شاخون کا اثر پڑتا ہے۔

سب سے شرقی تحصیل روپباس بہ شکل مثلث ہے۔ یہ تحصیل ضلع آگرہ مین جا گستی ہے۔ جو اسکی ہر دو ساقین کے ساتہہ ساتہہ چلا جاتا ہے۔ اور اس کا قاعدہ یعنی ضلع غربی تحصیل اوچین

کیا ہے۔ اُس سے ہماری رای مین صاف ثابت ہوتا ہے کہ یہ تشخیص مناسب اور متوسط ہے۔

موجودہ رپورٹ بابت چار جنوبی تحصیلات کے ہے جو بلحاظ قدرتی موقع کے نہایت عمدہ اور ریاست مین سب سے زیادہ مرفع الحال ہین۔

دفعہ ۴۔ طریقۂ کارروائی۔ ان تحصیلات مین بہی طریقہ کارروائی وہی ہے جسکا بیان سال گذشتہ کی رپورٹ کی فقرہ (۲) مین ہوچکا ہے۔ تحصیل بساور کا چارج منشی ہیرا سنگہ کے سپرد ہے جسنے پہلے چار تحصیلات کا کام بندوبست کیا ہے۔ اور تحصیلات روپباس۔ بیانہ۔ اوجین مسٹر اے۔ ایچ۔ بالیسٹر صاحب کے چارج مین ہین۔ ان تحصیلات مین باقاعدہ کام بندوبست ماہ اکتوبر ۱۸۹۸ء مین شروع ہوا۔ اقسام اراضی کی چک بندی کیگئی۔ نقشہ جات تاحال مکمل کئے گئے اور صحیح مثلہ حقیت کی تیاری کا کام کہ جنمین واقعات ۹۸-۱۸۹۹ء درج کئے گئے ہین شروع ہوا۔ چونکہ پیشتر سے کوئی بندوبست قانونی نہین ہوا تھا اور جس قدر کاغذات دستیاب ہوسکے وہ نامکمل یا ناقابل اعتبار تھے۔ اِس لئے اِس کام مین بہت سی مشکلات پیش آئین۔ تیاری و مقامی تصدیق کاغذات کے وقت سرکل افسران نے ہر ایک محال کا معائنہ کیا اور نوٹ ہا تشخیص تحریر کئے اور اُن مشکلات کو رفع کیا و تنازعات کو فیصل کیا جو تیاری کاغذات مین سدّ راہ تھے۔ جب مصالح تشخیص پایۂ تکمیل کو پہنچا تو ہمنے ہر تحصیل مین دیہہ وار دورہ کیا۔ یعنی تحصیلات بساور۔ روپباس و اوجین کا دورہ بماہ نومبر و دسمبر ۱۸۹۹ء و تحصیل بیانہ کا دورہ بماہ مارچ ۱۹۰۰ء ہوا۔ ان ایام مین ہمنے تحصیلات روپباس و اوجین کے ہر محال و تحصیل بساور کے دو محالات

ان آٹھہ تحصیلات مین کہ جنمین اب تک ہمارا کام بندوبست جاری تھا۔ رقوم خالصہ مین (چار دیہات یعنی منڈل۔ کمہیر۔ بہرت پور اور سری نگرہ چھوڑکر) ابتدای بیشی ۱۰۴۳۴۱ روپیہ یا ۱۱٫۵ فیصدی کی ہوگئی ہے۔ اور آخری بیشی یعنی جو تشخیص جدید سے ۷ سال بعد ہوگی۔ اُسکی تعداد ۲۰۷ ۵۱۰ روپیہ یا ۲۳ فیصدی ہے۔ علاوہ ازین اسمین وہ مطالبہ شامل نہین ہے کہ جو اراضیات بنجر ملکیت راج یا زمینداران پر جداگانہ انتظام ہوکر قایم کیا گیا ہے۔

ایک ایسی ریاست مین جسکو مرفع الحال نہین کہا جاسکتا۔ یہ بیشی زیادہ معلوم ہوتی ہے مگر بخلاف اسکے (۱) بقایا ماقبل ۱۸۹۰ء تخمیناً ۳۳ لاکھہ روپیہ معاف کردیئے گئے ہین۔ اور بقایا مابعد ۱۸۹۰ء تخمیناً تین لاکھہ روپیہ سے قریب دو لاکھہ روپیہ کے خارج کردیئے گئے۔ اور ان باقیات کی وجہ سے جو اقساط بقایا مقرر تھین اب کالعدم ہوگئی ہین (۲) بہت سے زاید جبوب اور فضول لاگین جو اب تک لی جاتی رہی ہین اب منسوخ ہوگئی ہین (۳) اراضیات سیرابی کا آبیانہ سوای تحصیل نگر و چند خام محالات کے شامل جمع جدید کردیا گیا ہے (۴) جمع جدید کی تفریق دیہہ وار مناسب طور پر کی گئی۔ اور ہر محال مین کھاتہ وار باچھہ بہت احتیاط سے کیگئی ہے (۵) طغیانی یا صحرائی مویشیان سے جو نقصان ہوتے رہے۔ اب ترقی انتظام کی وجہ سے مسدود ہوگئے ہین (۶) ناقص سالونمین زر مطالبہ مین سے مناسب رقم بطور تھام دیے جانیکا قاعدہ جاری کیا گیا ہے۔ اِن سب واقعات پر نگاہ کرنیسے کچھہ زیادہ بیشی مطالبہ مین نہین ہوئی تھی۔ اور جس مستعدی سے لوگون نے نہ صرف دیہات خالصہ مین بلکہ دیہات معافی مین بھی جہان کہ انکو طریقہ سابق پر عملدرآمد کرنے کا اختیار دیا گیا تھا تشخیص جدید کو منظور

نام تحصیل	[illegible]	[illegible]	کل جمع اعلان شدہ — خالصہ ابتدائی	کل جمع اعلان شدہ — خالصہ آخری	کل جمع اعلان شدہ — جاگیر	بیشی خالصہ — ابتدائی	بیشی خالصہ — آخری	بقایا — تا ۱۸۹۰ع	بقایا بعد سنہ ۱۸۹۰ع — کل	بقایا بعد سنہ ۱۸۹۰ع — معاف	بقایا بعد سنہ ۱۸۹۰ع — جو وصول کیا جائے گا	کیفیت
گوپال گڈھ	۲۴۳۰۴۰	۲۸۰۰۰۰	۲۸۲۹۲۵		۳۶۲۷	۳۹۸۸۵		۴۷۹۴۱۱	۵۸۴۰	۲۱۳	۵۶۲۷	
پہاڑی	۱۲۳۷۱۷	۱۳۸۰۰۰	۱۳۸۶۰۵ (الف)		۲۷۲۲	۱۴۸۸۸		۱۱۵۳۴۵	۱۱۳۸۱	۴۶۹۱	۶۶۹۰	(الف) باستثنای منڈل پہاڑی خام
کانہہ	۱۳۸۲۶۴	۱۵۷۰۰۰	۱۵۷۴۰۰		۱۴۹۶۴	۱۹۱۳۸		۱۶۸۴۱۵	۵۵۸۱	۲۷۶۵	۲۸۱۶	
دیگ	۱۳۵۳۰۴	۱۵۳۰۰۰	۱۵۶۱۶۳ (ب)		۶۴۷۸۷	۲۰۸۵۹		۳۲۲۷۵۱	۱۴۵۷۵	۵۳۷۵	۹۲۰۰	(ب) ڈھر کوہ کے سوای جسکا علحدہ پٹہ دیا گیا ہے۔
میران شمالی	۶۴۰۳۲۵	۷۲۸۰۰۰	۷۲۵۰۹۳		۸۶۱۰۰	۹۴۷۶۸		۱۰۹۶۱۲۲	۳۷۳۷۷	۱۳۰۴۴	۲۴۳۳۳	
نگر	۸۹۶۶۸	۱۰۵۰۰۰	۱۰۴۳۹۲	۱۰۶۷۸۵	۲۷۷۵	۱۴۸۲۴	۱۷۱۱۷	۳۵۱۰۷۱	۱۵۶۹	۹۸۹	۵۸۰	(ج) پٹہ جات قصبہ کمہیر شامل نہین ہین جو خام ہے اور آمدنی ۵۰۰۰ سے ۵۵۰۰ روپیہ تک ہے۔
اکی گڈھ	۱۳۵۵۷۴	۱۳۸۰۰۰	۱۴۰۴۸۳	۱۴۲۷۳۸	۲۱۶۴۶	۳۹۰۹	۷۲۰۹	۲۶۳۰۰۲	۷۰۳۴۰	۳۴۲۷۴	۲۷۵۹۳	
کمہیر	۱۳۵۷۴۳	۱۵۰۰۰۰	۱۴۷۵۰۹ (ج)	۱۵۱۵۵۹ (ج)	۱۰۹۰۴ تا ۴۱۱۸۵	۱۱۷۶۶ (ج)	۱۵۸۱۶ (ج)	۳۹۶۲۸۰	۳۴۴۸۱	۲۰۴۲۷	۲۱۰۲۱	(د) پٹہ جات بھرت پور و سرنگر خام شامل نہین ہین جسکی آمدنی ۹۰۰۰ سے ۹۵۰۰ تک ہے۔
بھرت پور	۱۳۱۳۴۷	۱۶۰۰۰۰	۱۵۵۲۶۸ (د)	۱۴۳۵۹۳ (د)	۳۲۴۶۰ تا ۳۴۸۱۰	۷۸۳۷ (د)	۱۶۱۶۲ (د)	۱۳۶۹۳۶۳	۱۴۰۷۲۰	۱۱۲۰۵۸	۲۸۶۶۲	

تمت